جملہ حقوق محفوظ ہیں

صرف رجسٹرڈ حکیموں ویدوں اور ڈاکٹروں کے لئے



عرف

طبی انسائیکلوپیڈیا جلد دوم

مؤلفہ

ڈاکٹر حکیم بھگت رادھے شیام صاحب مؤلف

متعدد کتب طبیہ ایڈیٹر مرشد کامل دہلی

ملنے کے پتے

۱- پنجاب کمرشل سروس پلول (ہریانہ پرانت)

۲- رتن اینڈ کو تاجران کتب دریبہ کلاں دہلی ۶

پہلا ایڈیشن ۱۹۷۱ء

اسی مؤلف کی دیگر مقبول عام کتب

(۱) طبی انسائیکلوپیڈیا
(۲) طبی فارماکوپیا
(۳) طبی جواہرات
(۴) سینیاسی فارماکوپیا
(۵) آسان فارماکوپیا
(۶) شاہی طبیبوں کے مجربات
(۷) ایلوپیتھک پیٹنٹ میڈیسنز فارماکوپیا
(۸) دہلی کے مجربات
(۹) مشرقی فارماکوپیا
(۱۰) ایلوپیتھک انسائیکلوپیڈیا
(۱۱) میڈیکل گائیڈ
(۱۲) انڈسٹریل انسائیکلوپیڈیا وغیرہ وغیرہ

شائع ہو کر

دھڑا دھڑ فروخت ہو رہی ہیں

انھیں طلب فرما کر ضرور فائدہ اٹھائیں

عامل مر جاتے ہیں مگر عمل زندہ رہتے ہیں

"ایمرسن"

دیباچہ

لِلّٰہ الحمد ہر آں چیز کہ خاطر میخواست
آخر آمد ز پس پردۂ تقدیر پدید

خدائے بزرگ و برتر کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ آج میں طبی انسائیکلوپیڈیا جلد دہم ناظرین کرام کی خدمت میں پیش کرنے کا فخر حاصل کر رہا ہوں جو طبیبوں اور غیر طبیبوں کے لیے نہایت مفید ثابت ہو گی ؎

ایں سعادت بزور بازو نیست تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

اس سے قبل طبی انسائیکلوپیڈیا کی نو مختلف جلدیں شائع ہو کر نہایت مقبول ہوئی ہیں اور ان کے کئی ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو چکے ہیں بھارت و پاکستان کے طبیہ کالجوں کے پرنسپلوں پروفیسروں اور نامور حکیموں وئیدوں و ڈاکٹروں نے انھیں بیحد پسند فرما کر سینکڑوں تعریفی خطوط ارسال کئے ہیں اور طبی اخبارات و رسائل نے ان پر شاندار ریویو کئے ہیں بھارت کے علاوہ یہ کتب امریکہ انگلینڈ افریقہ ملایا برما اور مشرقی و مغربی پاکستان میں بھی نہایت مقبول ہوئی ہیں

اس کتاب کو میں نے بہت محنت اور دماغ سوزی سے لکھا ہے اس میں بھارت و پاکستان کے نامور حکیموں ماہر فن وئیدوں شہرۂ عالم ایلوپیتھک ڈاکٹروں بین الاقوامی شہرت کے ہومیوپیتھک ڈاکٹروں باکمال سنیاسیوں درویشوں اور غیر طبیب عطائیوں کے اکسیری و اسراری تجربات نہایت فراخدلی سے پیش کئے ہیں جن کی نظیر طبی دنیا میں چراغ لے کر ڈھونڈنے سے بھی نہیں مل سکتی مجھے کامل امید ہے کہ آپ اس کتاب سے فائدہ اٹھا کر مجھے دعائے خیر سے یاد فرمائیں گے۔

ماڈل ٹاؤن
پھول

رادھے شیام

پہلا باب

نامور حکیموں کے جگر پارے

مسیح الملک حکیم محمد اجمل خاں صاحب

حب جدوار

نسخہ۔ جدوار ۷ ماشہ درونج عقربی ۷ ماشہ۔ دارچینی ۷ ماشہ قرنفل ۷ ماشہ طباشیر ۷ ماشہ مومیائی ۷ ماشہ زعفران ۳ ماشہ جاوتری ۳ ماشہ مصطگی ۳ ماشہ افیون ۳ ماشہ اجوائن خراسانی ۳ ماشہ مشک خالص ۱ ۳/۴ ماشہ جندبیدستر ۱ ۳/۴ ماشہ۔ سب کو کوٹ چھان کر عرق گلاب یا سادہ پانی میں گوندھ کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں اور ایک گولی ہمراہ بدرقہ مناسب استعمال کریں
فوائد کھانسی۔ نزلہ بارد اور سانس پھولنے کے لئے مفید ہے اور مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔

حبّ جریان جدواری

نسخہ۔ مسلم ناریل لے کر چھیلیں جس سے اوپر کا چھلکا دور ہو جائے اور باقی

سفید حصہ رہ جائے پھر چاقو سے ایک پیسہ کے برابر اس طرح تراش کر سوراخ کریں کہ ایک ٹکڑا نکل آئے اور وہی ٹکڑا اس سوراخ کو بند کر سکے پھر افیون خالص ۵ تولہ جدوار خطائی ۹ ماشہ زعفران ۴ ½ ماشہ جدوار اور زعفران کو ایک ساتھ کوٹ کر اور افیون ملا کر مذکورہ ناریل کے اندر داخل کر کے اسی ٹکڑے سے بند کر دیں۔ پھر ماش کا آٹا گوندھ کر ناریل کے اوپر اس طرح لگائیں کہ ناریل پوشیدہ ہو جائے اور آٹے کی دبازت تقریباً ایک انگل ہو۔ پھر ناریل کو گائے کے دس سیر دودھ میں اس قدر جوش دیں کہ خوب گاڑھا ہو جائے پھر ناریل کو دودھ سے نکال کر اتنے گھی میں بھونیں کہ گھی ناریل کے اوپر دو انگل ہو جب ناریل کے اوپر کا آٹا سرخ ہو جائے تو ناریل کو گھی سے نکال کر ٹھنڈا ہونے پر اوپر کے آٹے کو آہستگی سے علیحدہ کر دیں اور ناریل مع دواؤں کے اس قدر گھوٹیں کہ مرہم کے مانند ہو جائے پھر اس سے ساڑھے سات تولہ لیں۔ اور عنبر روغن بلساں ہر ایک ۲ ماشہ جوز بوا۔ اجوائن خراسانی صمغ عربی ہر ایک ۲ ½ ماشہ۔ جاوتری۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ مایہ شتر اعرابی (اگر یہ نہ ملے تو اس کے ہموزن جند بید ستر شامل کریں) بادرنجبویہ خولنجان ہر ایک ۴ ½ ماشے نبات سفید ایک تولہ کوٹ چھان کر مذکور ساڑھے سات تولہ کٹی ہوئی دوا میں ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں اور گولیوں کے اوپر حسب منشا سونے یا چاندی کے ورق چڑھائیں

ترکیب استعمال صبح کو یا رات کو سوتے وقت ایک سے دو گولی تک حسب برداشت دودھ کے ہمراہ اور امساک کے لئے وقت خاص سے تین گھنٹہ پیشتر دو گولی دودھ سے کھلائیں۔

فوائد ضعف باہ اور جریان کے لئے دل و دماغ کو قوت دیتی ہے

امساک کے لئے خاص دوا ہے۔ اس کے استعمال سے کھانسی اور نزلے کی شکایت دور ہو جاتی ہے۔

حبّ عنبر مومیائی

نسخہ۔ مومیائی ۶ ماشہ مصطگی ۶ ماشہ۔ مروارید ۶ ماشہ طباشیر ۶ ماشہ لبابہ چھ ماشہ جوزبوا ۶ ماشہ بہمن سرخ ۶ ماشہ بہمن سفید ۶ ماشہ دارچینی ۶ ماشہ شقاقل مصری ۶ ماشہ زنجبیل ۶ ماشہ درونج عقربی ۶ ماشہ ثعلب مصری ۶ ماشہ جدوار خطائی ۶ ماشہ عنبر ا ماشہ مشک ا ماشہ روغن پستہ بقدر حاجت ورق طلا ۵ عدد بطریق معروف مونگ کے برابر گولیاں بنالیں اور ایک ایک گولی صبح شام بالائی شیر سے دیں۔

فوائد۔ اعضا رئیسہ کو طاقت دیتی ہیں۔ قوت باہ بڑھاتی ہیں اور بدن میں چستی و چالاکی پیدا کرتی ہیں۔

طلائے مجلوق

نسخہ۔ مغز جمال گوٹہ ۱۲ عدد سیم الفار ۲ ماشہ عروسک ۳ تولہ الگ الگ باریک پیس کر مسکہ گاؤ میں چار پہر کھرل کریں اور ڈبیہ میں بحفاظت رکھیں۔

ترکیب استعمال۔ بوقت ضرورت اسرخ حشفہ اور سیون چھوڑ کر مالش کریں۔ اور اوپر سے برگ پان یا اونڈ کا پتہ باندھیں۔

فوائد

مجلوق کے لئے نہایت مفید ہے۔

مسیح الملک ثانی حکیم محمد جمیل خان صاحب دہلوی

حب ممسک

نسخہ۔ شنگرف۔ جوزبوا۔ عقرقرحا۔ افیون۔ شہد۔ ہر ایک مساوی الوزن لے کر مونگ کے دانے کے برابر گولیاں بنالیں۔ جماع سے ایک گھنٹہ پہلے ایک گولی پاؤ بھر گائے کے دودھ سے کھائیں۔ مبہی و ممسک ہیں۔ نیز سرعت انزال کو دفع کرتی ہیں۔

حب ممسک خاص

نسخہ۔ مشک خالص ۸ سرخ افیون ۷ سرخ زعفران ۴ سرخ شنگرف خالص ۸ سرخ دارچینی ۸ سرخ مازو ۴ سرخ ریگ ماہی ۸ سرخ نک چھکنی ۳ سرخ کابچھل ۳ سرخ لونگ ۲ سرخ ورق نقرہ ۴ سرخ ورق طلاء ۴ سرخ کوفتہ بیختہ دانہ نخود کے برابر حب بنالیں۔ ایک گولی ہمراہ تازہ دودھ کھائیں اور دو گھڑی کے بعد مشغول جماع ہوں۔

حاذق الملک حکیم عبد المجید خاں دہلوی

برائے ذیابیطس۔

نسخہ۔ تخم جامن ایک تولہ۔ افیون ایک ماشہ ہر دو کو پانی میں گھس کر

۳۲ گولیاں بنائیں۔ اور صبح و شام دو دو گولیاں کھائیں۔

شفاء الملک حکیم دلبر حسن خانصاحب بھٹی
صدر آل انڈیا یونانی طبی کانفرنس دہلی

مرہم سرخ

یہ مرہم ہر قسم کے پھوڑے پھنسیوں کے لئے نہایت عمدہ ہے۔

نسخہ۔ ڈال۔ سہاگہ ہر ایک ایک چھٹانک گیرو نصف چھٹانک سب کو نہایت باریک کر کے قدرے روغن سرشف میں رگڑیں جب روغن جذب ہو جائے تھوڑا سا پانی ڈال کر رگڑیں۔ جب پانی جذب ہو جائے تیل ڈال لیں۔ اسی طرح یکے بعد دیگرے تیل اور پانی شامل کرتے رہیں۔ جب یہ مرکب پانی کو جذب نہ کرے تو سمجھ لینا چاہیئے کہ مرہم تیار ہے۔ حسب قاعدہ استعمال کریں۔

مرہم سیاہ

نسخہ۔ روغن کنجد ۱۲ تولہ سفیدہ کاشغری ۲ تولہ نیلا تھوتھا ایک رتی سب کو کڑاہی آہنی میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب قوام ہو جائے ایک قطرہ پانی میں ڈال کر دیکھیں اگر سیاہ ہوا اور پانی پر نہ پھیلے تو بس مرہم تیار ہے۔ حسب ضرورت استعمال کریں۔

مرہم سبز

پیپ والے زخموں کے لئے نہایت مفید ہے۔

نسخہ۔ رال سفید ۲ تولہ سہاگہ۔ نیلا تھوتھا ہر ایک ایک تولہ روغن کنجد ۲ تولہ سب کو روغن میں حل کر کے پانی سے دھولیں۔

چنبل کی بے مثل دوا

یورپ کے کرکٹ کے ایک مشہور کھلاڑی کو چنبل کی شکایت ہو گئی جس کا اُس نے بڑے بڑے ڈاکٹروں سے علاج کرایا مگر رتی بھر فائدہ نہ ہوا۔ مگر اس دوا کے چند روزہ استعمال سے اس کی تکلیف دور ہو گئی اور وہ طب یونانی کی عظمت کا قائل ہو گیا۔

نسخہ۔ تخم ڈھاک حسب ضرورت لے کر کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں اور بوقت ضرورت ترش دہی یا چھاچھ میں گھوٹ کر صبح و شام لیپ کر دیا کریں۔

جناب شفاء الملک حکیم فقیر محمد صاحب چشتی نظامی لاہور

رعاف مہلک

ایسی نکسیر اکثر ورم کلیہ مزمن (برائیٹس ڈزیز) کے علامات مندرہ میں سے ہے جو کسی دوا سے بھی بند نہیں ہوتی اور مریض کو ہلاک کر ڈالتی ہے اعلےٰ

تدابیر بہترین نسخے سب دھرے کے دھرے رہ جاتے ہیں اور بدنصیب مریض اس قدر لہولہان ہوتا ہے کہ آخر کو جان دے کے موت سے سرخروئی حاصل کرنی پڑتی ہے۔ میں نے اس نسخہ کو رعاف مہلک۔ یا مشکل سے بند ہونے والی نکسیر میں اکسیر پایا ہے۔

نسخہ۔ گدھے کی تازہ اور سبز لید کا پانی نچوڑلیں اگر ایک ماشہ یہ پانی ہو تو اس میں ۲ رتی کافور اور ایک مسور کی دال کے برابر افیون حل کرکے قطور استعمال کریں۔ ازاں بعد پوست بیضہ مرغ کو جلا کر راکھ بنا کے نہایت باریک پیس کر نفوخ کریں۔

بُطلان قوّتِ شامّہ

کے لئے یہ نسخہ میرے معمولات میں سے ہے ایسے اگر تنقیہ دماغ کے بعد استعمال کیا جائے تو بیّن طور پر فائدہ کرتا ہے۔

نسخہ۔ شونیز (کلونجی) ۲ تولہ لے کر چقندر کے پانی میں بھگو دیں اور سایہ میں خشک کرکے سرمہ کی مانند باریک پیس کر ہلاس لے لیا کریں اور بعد میں تلسی کے سبز پتے سونگھا کریں۔

برائے طحال

نسخہ تخم لیموں کاغذی تین ماشہ پانی میں پیس کر پلائیں بہت مفید ہے۔

خنازیر

کے واسطے یہ مختصر نسخہ کبھی ناکام ہوتے نہیں دیکھا

نسخہ۔ خردل ایک تولہ عقرقرحا چھ ماشہ تخم ترب ایک تولہ سم الفار نصف ماشہ سب دوائیں سرکہ میں پیس کر ضماد کردیا کریں۔

فالج

میں مسہلات اور تنقیہ کے بعد جب مقویات اور تدہین شروع کرائی جائے۔ تو اس روٹی کا سر پر بندھوانا معمولات مستعملہ کے اثر کو بہت کچھ بڑھا دیتا ہے۔ کہ جس سے ازالہ مرض بہت جلد ہوتا ہے۔

نسخہ۔ مونگ کا آٹا۔ آک (مدار) کی جڑ کا چھلکا باریک پیس کر دونوں ہموزن لے کر پانی میں گوندھ کر کچی پکی روٹی جسے پنجاب میں اکواسی روٹی کہتے ہیں پکائیں کچی طرف روغن قسط سے چپڑ کر سر پر اس جانب بندھوائیں کہ جس جانب فالج ہے۔

درد رحم

بچہ پیدا ہونے کے بعد بعض مرتبہ زچہ عورت کو درد رحم کی بہت تکلیف ہوتی ہے اس کے لئے ذیل کا نسخہ اکسیر صفت ہے۔

نسخہ۔ بادیان اتولہ زنجبیل اتولہ۔ کشنیز خشک اتولہ پوست بیخ انجیر مثنی تولہ ایک سیر پانی میں جوش دیں۔ جب نصف پاؤ رہ جائے تو چھان کر نیم گرم زچہ کو پلائیں۔

جناب شفاء الملک بہادر حکیم عبدالرشید صاحب سیکریٹری مدرسہ تکمیل الطب لکھنؤ

طلاء لاثانی ملذ مجرب

نسخہ۔ عطر گلاب عطر حنا عطر مولسری۔ عطر کیوڑہ ہر ایک ایک ماشہ مشک تین رتی زعفران ۱ ماشہ بیربہوٹی ۱ ماشہ خراطین ۱ ماشہ افیون ۲ ماشہ اسگند ناگوری ۱ ماشہ جائفل ۱ ماشہ چرس ۱ ماشہ شہد ۱ تولہ جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر عطریات میں ملا کر شہد شامل کر کے بحفاظت رکھیں اور بوقت ضرورت طلا کریں۔

علاج داد و چنبل

نسخہ۔ بکری کے سینگ کو روغن کنجد میں جلا کر بطور مرہم زخموں پر لگائیں بے حد مفید ہے۔

برائے آتشک

نسخہ۔ توتیائے سبز یک دام ہلیلہ سیاہ دو دام ہر دو کو اسی قدر لیموں کے عرق میں کھرل کریں اور جب بقدر کنار دشتی بنائیں ایک گولی دہی میں لپیٹ کر علی الصباح کھائیں اس کے بعد کسی قدر دہی نوش فرمائیں

علاوہ بریں حب مذکور کو آب لیموں میں گھس کر زخموں پر ضماد کریں

شفاء الملک حکیم محمد حبیب اللہ خاں صاحب اجمیری

حبوب تریاق مجلوق

مجلوق کی جملہ قسم کی شکایات رفع کرنے کے علاوہ ہر قسم کی نامردی کے لئے تریاق ہیں جن کا اثر زود زوال معلوم ہوتا ہے۔

نسخہ۔ سافٹ پل فاسفورس ا تولہ ایکسٹریکٹ ڈامیانہ چھ ماشہ ایکسٹریکٹ کو کا چھ ماشہ جوہر فولاد ۳ ماشہ ایکسٹریکٹ نکس وامیکا ۳ ماشہ جملہ ادویہ کو یکجا شامل کر کے کھرل کریں اور بحفاظت بند رکھیں

(۲) دوسری کھرل میں مشک خالص ا ماشہ۔ عنبر اشہب ا ماشہ مومیائی خالص ا ماشہ ورق نقرہ ۳ ماشہ ورق طلا ا ماشہ زعفران خالص ۳ ماشہ جندبیدستر ا ماشہ مایہ شتر اعرابی اصلی ۳ ماشہ کرم شاہ دیمک ۳ عدد (اگر دستیاب ہوسکیں) بیر بہوٹی جدید ۳۔ ننگ ابابیل خالص ۳ ماشہ ست ثعلب مصری ۳ ماشہ مغز ہندی کنجشک خانگی ۳ ماشہ برادہ قضیب ریچھ (اگر ہوسکے) ۳ ماشہ ریگ ماہی ۳ ماشہ۔ خراطین مصفّا ۳ ماشہ ماہی روبیاں ۳ ماشہ جملہ اجزاء یکجا کرکے خوب کھرل کریں کہ نہایت باریک ہو جائیں اور ورقوں کا نشان باقی نہ رہے بعدہ اس کو نمبر ایک کی کھرل میں شامل کرکے محفوظ رکھیں۔

۳۔ خولنجان ۳ ماشہ بہمن سرخ وسفید چھ ماشہ عود صلیب ۳ ماشہ۔

جدوار خطائی اصلی ۱/۲ ماشہ جوزبوا ۳ ماشہ جاوتری ۳ ماشہ مغز بادام شیریں ۳ ماشہ مغز پستہ ۳ ماشہ درونج عقربی ۳ ماشہ مصطگی رومی ۳ ماشہ شقاقل مصری ۳ ماشہ زنجبیل ۳ ماشہ عود خام اصلی ۳ ماشہ جملہ ادویہ کو یکجا باریک کرکے اس کھرل میں شامل کریں۔

(۴) مروارید ناسفتہ ۱ ماشہ یاقوت سرخ ۱ ماشہ زمرد سبز ۱ ماشہ مرجان ۳ ماشہ یشب سبز ۳ ماشہ صدف صادق ۳ ماشہ طباشیر کبود ۳ ماشہ یکجا عرق کیوڑہ و گلاب میں کامل ایک یوم کھرل کریں اسے کھرل ۱/۲ کی ادویہ میں شامل کرکے خوب باریک کریں کہ یکساں ہو جاوے اگر یہ قوام تیار شدہ سخت ہونے کی وجہ سے گولیاں بنانے کے لائق نہ ہو تو حسب ضرورت شہد ملاکر قوام کو لائق حبوب کرلیں۔ بعدہٗ بقدر نخود حبوب تیار کرلیں اور اگر خوبصورت بنانا درکار ہو تو گولیوں پر ورق نقرہ یا طلا چڑھا دیں اس سے دیرپا بھی ہو جائیں گی۔ صبح و شام ایک گولی شیرگاؤ کے ہمراہ استعمال کریں اور وقت نامرغن کھا دیں پندرہ یوم تک ۳۰ گولی استعمال کریں پھر ترک کردیں اگر کچھ شکایت باقی رہ جائے تو ایک ہفتے کے بعد پھر ۳۰ گولی استعمال کریں ترشی جـ ... سے پرہیز کریں۔

شفاء الملک حکیم مولوی احمد سعید صاحب کلکتہ

حب نجالہ برائے طفل شیرخواران !!!

نسخہ۔ تلسی۔ الائچی خورد۔ ست گلو ہر ایک ۲ - ۲ ماشہ پانی میں پیس کر

بقدر مونگ گولی بنا کر ایک حب صبح شیر مادر میں گھس کر چٹائیں اور اسی طرح شام کو چٹائیں۔ نہایت مجرب نسخہ ہے۔

برائے کھانسی خشک و بخار طفل شیرخوار وغیرہ

نسخہ۔ گل بنفشہ کشمیری ۱ تولہ اسپستان۔ عناب ہر واحد ۵ عدد مغز خیار شنبر ۵ تولہ مویز منقے ۵ تولہ رات کو آدھ سیر پانی میں بھگو کر صبح کو جوش دیں جب آدھ پاؤ جل جائے تو اتار کر مل کر چھان کر ڈیڑھ پاؤ مصری ڈال کر قوام تیار کریں۔ آخر میں ۲ تولہ ست گلو آمیز کر دیں دن بھر میں بقدر ۹ ماشہ چند مرتبہ چٹائیں نہایت مجرب دوا ہے۔

برائے قوت باہ

نسخہ۔ لعاب مصری۔ شقاقل۔ بہمنین۔ تودرین۔ موصلین۔ اسارون مصطگی رومی ہر ایک ۶ ماشہ تخم قرنجشک تولہ دارچینی تولہ مغز فندق مغز اخروٹ مغز چلغوزہ ہر ایک ۴ تولہ مغز بادام۔ تا معجون تیار کریں اور ایک تولہ صبح ایک تولہ شام استعمال کریں۔

طلاء دافع سستی

نسخہ۔ غوک صحرائی خشک ایک عدد انگوزہ ۱ تولہ بیربہوٹی ۲ تولہ تخم ہنگن ۲ تولہ ہمراہ روغن زیت کھرل کر کے گولی بنا کر بطریق مشہور تیل تیار کر کے بوقت ضرورت عمل میں لائیں۔

حبّ بخار مجرّب

نسخہ۔ کشتہ ابرک سفید، تیس، ست گلو طباشیر کبود۔ دانہ الائچی سفید کونین سلفیٹ ہر ایک چھ ماشہ صمغ عربی کے لعاب میں حب بقدر مٹر تیار کریں۔ صبح دوپہر اور شام کو ایک ایک حب استعمال کریں۔

شفاء الملک حکیم عبد العزیز صاحب بلند شہر

حبّ کمال

نزلہ۔ زکام، کھانسی، عرق النساء، نمونیا، تپ بخار و بلغمی بخار کے لئے بہت مفید۔

نسخہ۔ فلفل دراز، مرچ سیاہ، سونٹھ، سفوف کچلہ مدبر ہر دوا ۲ تولہ چینی ۴ تولہ پیس کر نخود کی گولیاں بنائیں اور ایک ایک گولی صبح و شام گرم پانی یا چائے کے ساتھ دیں۔

اکسیر درد

درد کی بہترین اکسیر ہے جس سے اشتہار باز ہزاروں روپیہ کما رہے ہیں اس سے پانچ منٹ میں درد بند ہو جاتا ہے۔ اگر پہلی خوراک سے بند نہ ہو تو دو گھنٹہ کے بعد دوسری خوراک دے دیں۔

نسخہ ۔ اسپرین ایک تولہ کیفین ا تولہ انٹی فائبرین ½ تولہ فنسیٹین ۱ تولہ سب کو باہم ملالیں ۔ دوا تیار ہے خوراک ۶ گرین سرد پانی سے دیں ۔

شفاء الملک حکیم عبد الحکیم صاحب ملتان

قرص یشب

نسخہ ۔ سنگ یشب ا تولہ ۔ پوست بیرون پستہ ا تولہ مصطگی رومی ا تولہ ابریشم مقرض ا تولہ دانہ الائچی خورد ا تولہ لبد سوختہ ۸ ماشہ طباشیر ا تولہ ۸ ماشہ ورق نقرہ ۵۶ عدد تین گھنٹے خوب کھرل کریں اور آب بہی اور آب سیب کشمیری سے گوندھ کر ایک ایک ماشہ کے قرص بنائیں اور ایک ایک گھنٹے کے بعد ایک ایک قرص ہمراہ بدرقہ مناسب استعمال کریں ۔ یا کم از کم ۵ مرتبہ دن میں خورانیدیں ۔ جمیع اقسام اسہالی مزمنہ مایوسہ کے لئے مفید ہیں ۔

شفاء الملک حکیم محمد یوسف صاحب منڈی چشتیاں بہاولپور

دافع اسقاط و سیلان الرحم

نسخہ ۔ گل سپاری ۔ گل پستہ گوند ڈھاک ہر ایک ۱ تولہ اندر جو شیریں ۔ اسگندھ

ناگوری ہر ایک ۲ تولہ موصلی سفید و سیاہ ہر ایک ایک تولہ کشتہ قلعی ۳ ماشہ کشتہ مرجان ۳ ماشہ کشتہ عقیق ۱/۲ ۱ ماشہ نبات سفید ۱۰ تولہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور ۲ ماشہ سفوف شیر گاؤ کے ہمراہ صبح و شام کھلائیں۔

عورتوں کی عام کمزوری

سینہ کی جلن اور قبض وغیرہ میں یہ شربت بہت معمول ہے
نسخہ۔ گل بنفشہ چھ ماشہ بادیان کوفتہ ۷ ماشہ مویز منقےٰ ۹ دانہ گاؤزبان ۵ ماشہ بیخ کاسنی کوفتہ ۷ ماشہ۔ تخم کاسنی کوفتہ ۵ ماشہ۔ گل نیلوفر ۷ ماشہ۔ برگ سناء مکی ۷ ماشہ کھانڈ حسب ضرورت سب کو رات پانی میں بھگو کر صبح مل چھان کر کھانڈ ملا کر شربت بنائیں اور مناسب مقدار میں دن میں تین وقت نوش کریں۔ انشاء اللہ تعالےٰ فائدہ ہوگا۔

لقمان الملک حکیم غلام حسن صاحب شیرازی

سعوط دردسر

نسخہ۔ نک چھکنی۔ کاپھل تخم سرس ہر ایک ۵ تولہ۔ گل لونگ۔ کافور برگ نیم۔ بالچھڑ۔ الائچی خورد ریٹھہ۔ مرچ سیاہ۔ نوشادر۔ سوڈا بائیکارب ایک ایک تولہ۔ جائفل ۶ ماشہ پرمنگنیٹ آف پوٹاس ۳ ماشہ۔
سب کو باریک پیس کر سفوف بنالیں۔ عندالضرورت ایک سرخ

بطور نسوار سعوط کریں

فوائد۔ ہر قسم کے درد سر۔ امراض چشم۔ نزلہ اور بگڑے ہوئے زکام انفلوئنزا اور سرسام وغیرہ کے لئے مفید ہے۔

برائے صداع نزلی

نسخہ۔ جدوار۔ عود صلیب ایک ایک ماشہ۔ افیون ½ رتی اطریفل کشنیز ۷ ماشہ میں ملا کر صبح کو کھائیں اوپر سے ریشہ خطمی ۶ ماشہ اصل السوس ۳ ماشہ بہدانہ ۲ ماشہ رب کو عرق مکوہ ۱۲ تولہ میں لعاب نکال کر شربت عناب ۲ تولہ سے میٹھا کر کے پلائیں رات کو سوتے وقت اطریفل زمانی کھلائیں۔

حب فولاد عنبری

نسخہ۔ جوہر سم الفار ا ماشہ سلاجیت ۶ ماشہ کشتہ فولاد ۶ ماشہ عنبر اشہب ۳ ماشہ عرق گاؤ زبان میں کھرل کر کے حبوب بقدر مرچ سیاہ بنائیں خوراک ایک گولی صبح ایک رات کو سوتے وقت کھلایا کریں۔

فوائد۔ پرانے نزلہ و زکام کے لئے جو کسی دوا سے اچھا نہ ہوتا ہو بارہا کی مفید و مجرب ہیں۔

آئی لوشن

نسخہ۔ پھٹکری سفید۔ فیرائی سلفاس ہر ایک ایک ماشہ افیون ۴ رتی زعفران ۴ رتی۔ آب کشنیز سبز اگندل ۳ تولہ۔ ان سب چیزوں کو اچھی طرح

کھرل کر کے عرق گلاب خالص ایک بوتل میں ملا کر محفوظ رکھیں بوقت ضرورت ایک دو قطرے دکھتی آنکھوں میں ڈالا کریں۔
فوائد۔ رمد و آشوب چشم کے لئے مفید ہے مسکن درد ہے روتا آئے ہنستا جائے کی مثال اس پر صادق آتی ہے۔

چورن ہاضم

نسخہ۔ نوشادر۔ شورہ قلمی۔ سونف۔ مرچ سیاہ ہر ایک ۳ تولہ دار فلفل گندھک آملہ سار مدبّر بہ شیر گاؤ۔ ست لیموں ہر یک تین ماشہ سفید نمک سیاہ نمک سانبھر سوڈا بائیکارب۔ سہاگہ بریاں۔ جوکھار۔ دانہ الائچی کلاں دانہ الائچی خورد۔ دارچینی۔ لونگ۔ زیرہ سیاہ لونگ نگ مدار ہر ایک ایک تولہ ست اجوائن ۳ ماشہ سب کو باریک پیس کر سفوف بنالیں خوراک ۲ ماشہ تک بعد از غذا استعمال کریں نہایت لذیذ خوش ذائقہ ہاضم طعام اور مقوی معدہ ہے۔

دوائے بواسیر

نسخہ۔ مگل سرخ۔ سرمہ سیاہ۔ لوٹکھار۔ ماسخورہ۔ ہر ایک ایک تولہ ریوند چینی ۲ تولہ سم الفار سفید ۶ ماشہ مغز جمالگوٹہ ۶ دانہ سب کو باریک پیس کر سفوف بنائیں صبح و شام مسوں پر یہ دوا لگائیں اگر درد زیادہ ہونے لگے تو مرچ سیاہ ۲ تولہ مشک کافور ۱ تولہ ملا کر قدرے مکھن کے ساتھ لگایا کریں جب مسے ساقط ہوں تو زخموں پر کوئی مرہم لگائیں۔

فوائد - یہ اسیر کے مسّوں کو تین چار دن کے اندر اندر گرا دیتی ہے۔

مسیح الہند حاذق الملک حکیم محمود علی خاں صاحب ماہر اکبر آبادی ثم دہلوی

سفوف ماہر

نسخہ - صندل سفید ا تولہ گل سرخ ا تولہ برگ گاؤ زبان ا تولہ آملہ خشک ۲ تولہ منقے ۲ تولہ کشنیز خشک مقشر ۴ تولہ سب کو کوٹ چھان کر شکر ہائیدہ ۹۰ تولہ ملا کر سفوف بنائیں مقدار خوراک ۷ ماشہ تک۔

فوائد و منافع - مقوی دماغ اور اکثر امراض دماغی و قلبی میں مفید ہے۔ دافع دوران سر دافع تبخیر اور دافع اختلاج قلب ہے۔ نیز اختناق الرحم کے لئے بھی مفید ہے۔

حب ماہر

فوائد و منافع - مادرزاد نامردی کے علاوہ ہر قسم کی نامردی کی شکایت کو دور کرتی۔ تمام اعضائے رئیسہ و شریفہ کو طاقت دیتی بھوک بڑھاتی جوڑوں کے درد اور قولنج کو آرام کرتی ہے۔

نسخہ - سم الفار چار تولہ کی ڈلی لے کر ریشم کے کپڑے کی پوٹلی میں باندھ کر بھورے رنگ کی بھینس کا تازہ گوبر لے کر تانبے کے بڑے پتیلے میں ڈال کر اس میں پانچ سیر پانی ملا کر گھول دیں اور پوٹلی مذکور کو اس میں معلق لٹکا دیں۔ اور پتیلے کو چولھے پر رکھ کر اس کے نیچے بیری کی لکڑی کی آگ چار گھنٹہ تک جلائیں اور پھر پوٹلی مذکور کو سرخ رنگ کی گائے کے ۴ سیر دودھ میں معلق

لٹکا کر چار گھنٹے تک بیری کی لکڑی کی آگ جلائیں اب پوٹلی میں سے سم الفار نکال کر اس میں قرنفل کلاں ۴ تولہ مرچ سیاہ ۴ تولہ دانہ الائچی کلاں ۴ تولہ پیپل خورد ۴ تولہ ملا کر آب ادرک ۵ سیر ملا کر خوب کھرل کر کے ماش کے دانے کے برابر گولیاں بنالیں اور ایک گولی صبح دودھ میٹھا کر کے اس کے ہمراہ کھائیں۔

معجون ماہر

دورانِ سر کے لئے مفید دل کی دھڑکن کو آرام کرتی ہے ضعف معدہ اور ضعف جگر کو رفع کرتی ہے۔ تبخیر کے دفعیہ کے لئے اکسیر ہے نسخہ۔ آب انار شیریں تازہ ایک سیر آب انار ترش تازہ ایک سیر آب پودینہ سبز تازہ ۷ تولہ عرق گلاب ۷ تولہ سفید کھانڈ ایک سیر سب کو ملا کر قوام پکائیں جب قوام تیار ہو جائے تو مندرجہ ذیل ادویہ کوٹ چھان کر ملا دیں۔ سنبل الطیب ۳ ماشہ مصطگی رومی ۳ ماشہ دانہ الائچی خورد ۳ ماشہ دانہ الائچی کلاں ۳ ماشہ پوست بیخ بیرون پستہ ۳ ماشہ پوست ترنج خشک ۳ ماشہ ورق نقرہ ۲۵ عدد مقدار خوراک سات ماشہ سے ۱ تولہ تک

شربت ماہر

مالیخولیا مراقی کے لئے مفید دل کی دھڑکن کو آرام کرتا۔ کابوس اور اختناق الرحم کو اچھا کرتا ہے۔ مقوی ارواح ہے اور طبیعت کو فرحت دیتا ہے۔

نسخہ۔ عود صلیب ½۱ تولہ اسطخودوس ½۱ تولہ بادرنجبویہ ۳ تولہ۔ گاؤزبان

۶ تولہ پانی ایک سیر جوش دیں جب پانی تقریباً نصف رہ جائے اچھی طرح مل چھانکر مصری آدھ سیر ڈال کر شربت کا قوام پکالیں جب تیار ہو جائے تو عنبر اشہب ۲ ماشہ باریک کر کے ملالیں خوراک ۲ تولہ سے ۴ تولہ تک ۔

سرمہ ماہر

عینک کی عادت کو چھڑاتا ہے اور بے حد مقوی بصر ہے نیز ابتدائی موتیا بند کے لئے مفید ہے ۔ دھند رفع کرتا ہے اور آشوب چشم کو زائل کرتا ہے ۔

نسخہ ۔ سرمہ سیاہ ۲ تولہ جست ۸ ماشہ پیسہ شاہی ایک عدد طلا خالص ۱ ماشہ ان سب کو کٹھالی میں ڈال کر چرخ دیں اور لوہے کی سیخ سے علاوہ سرمہ کے سب کو حرکت دیتے رہیں جب اچھی طرح چرخ کھا جائے تو اتار کر معہ سرمہ کے خوب کھرل کر کے محفوظ رکھیں اور چاندی یا سونے کی سلائی سے آنکھوں میں لگائیں ۔

کُحلُ الجواہر ماہر

مقوی بصر ابتدائی نزول الماء کے لئے اکسیر اور اکثر امراض چشم میں مفید ثابت ہوا ہے ۔

نسخہ ۔ مروارید ناسفتہ ۲ ماشہ یاقوت سرخ ۲ ماشہ لاجورد مغسول ۲ ماشہ بسد احمر ۲ ماشہ مشک خالص ۲ ماشہ اقلیمیائے ذہب ۴ ماشہ اقلیمیائے فضہ ۴ ماشہ سنگ بصری ۴ ماشہ سرمہ سفید ۴ ماشہ سرمہ سیاہ ۴ ماشہ مامیران چینی ۶ ماشہ مغز تخم بہیڑہ ۶ ماشہ سنکھ سوختہ ۴ ماشہ کف دریا

۴ ماشہ رسونت ۶ ماشہ اصل السوس مقشر ۶ ماشہ دار فلفل ۶ ماشہ خوب کھرل کر کے سرمہ تیار کر کے آنکھوں میں لگائیں۔

جواہر مہرہ ماہر

مقوی اعضائے رئیسہ و شریفہ دوامں مفرح بے نظیر زیادہ کنداشتہائے طعام۔ مقوی البصر مقوی باہ۔ اکثر امراض مثل سل و دق اور سلم کو مفید ہے۔ زائل کند اسہال ہر قسم محافظ بدن و قوت نسخہ یاقوت رمانی ۱/۲ ۳ ماشہ زبرجد سبز ۱/۲ ۱ ماشہ عقیق سرخ ۳ ماشہ مروارید ناسفتہ ۳ ماشہ مرجان ۳ ماشہ زہر مہرہ خطائی ۳ ماشہ نارجیل دریائی ۶ ماشہ فادزہر معدنی ۲ ماشہ کشتہ یشب احمر ۳ ماشہ کشتہ شاخ گوزن ۶ ماشہ فادزہر حیوانی ۳ ماشہ دارچینی ۳ ماشہ بسباسہ ۳ ماشہ زعفران ۳ ماشہ عنبر اشہب ۱/۲ ۱ ماشہ مشک خالص ۱/۲ ۱ ماشہ ورق طلا ۱/۲ ۱ ماشہ ورق نقرہ ۵۰ عدد عرق کیوڑہ ایک سیر عرق گلاب ایک سیر اچھی طرح کھرل کر کے رکھیں۔
مقدار خوراک۔ ۴ رتی تک ہے لیکن عام طور پر ۲ رتی پر اکتفا کرتے ہیں۔

حاذق الہند حکیم سید ظفریاب علی دہلوی

معالج کا یہی کمال ہے کہ جب ایک مفرد دوا سے علاج کر سکے تو مرکبات کو معمول نہ بنائے۔ میں چند ایسے ہی چٹکلے پیش کرتا ہوں۔

تقویت اعضائے رئیسہ

خصوصاً تقویت دماغ و رفع نسیان وغیرہ میں مجرب و آزمودہ ہے

نسخہ۔ برہمی ۶ ماشہ فلفل سیاہ ۵ دانہ مغز بادام ۵ دانہ سب کو روزانہ صبح پانی میں پیس کر پئیں ایک ہفتے میں فائدہ ہوگا۔

برائے ذیابطیس شکری

نسخہ۔ گڑمار بوٹی چھ ماشہ گلو سبز ۶ ماشہ کو پانی میں پیس کر صبح و شام پئیں انشاءاللہ تعالےٰ ۵ اروز میں فائدہ ہوگا۔

برائے استسقاء سوء القنیہ کلائی جگر وطحال وغیرہ

نسخہ۔ افسنتین ایک تولہ نوشادر ایک ماشہ کو پانی میں پیس پھر آگ پر رکھیں جب جوش آکر پھٹ جائے تو پانی کو چھان کر پلائیں دو ہفتہ میں تمام عوارضات دور ہو جائیں گے۔

برائے بواسیر خونی و استحاضہ

نسخہ۔ گل گنیدہ ایک تولہ فلفل سیاہ ۵ دانے پانی میں پیس کر دو تین دن پلادیں کیسا ہی کثیر مقدار میں خون آرہا ہو انشاءاللہ آرام ہو جائے گا۔

برائے بواسیر خونی کثرت طمث و خونی پیچش

نسخہ۔ پوست اخروٹ جلا کر کوئلہ کرلیں۔ پھر باریک پیس کر صبح و شام ۲-۳ ماشہ دہی کی لسی یا پانی سے پھنکا دیں۔ ایک ہفتہ میں کوئی شکایت باقی نہ رہے گی۔

موسمی بخار کو پسینہ لا کر اُتارنے والی مجرب دوا

نسخہ۔ گیرو ۵ تولہ کو کیلہ کے پتوں کے پانی میں خوب حل کریں یہاں تک کہ خشک ہو جائے۔ غرضیکہ تین مرتبہ اسی طرح حل کر کے خشک کرتے رہیں پھر جب بالکل خشک ہو جائے تو ۶ ماشہ سفوف کو پانی سے پھنکا دیں۔ تنقیہ کے بعد بخار رد کرنے میں سریع الاثر ہے۔

برائے جریان و سوزاک کہنہ

نسخہ۔ برگ بڑ کد ایک تولہ فلفل سیاہ ۵۰ دانے کو پانی میں پیس کر روزانہ صبح پئیں اکیس روز متواتر استعمال کرنے سے انشاءاللہ تعالےٰ فائدہ ہوگا۔

برائے مرض اُمّ الصبیان

اگر بچّہ کو پیدائش کے روز مسور مسلّم کے پانی میں جوش دے کر غسل کرائیں تو تمام عمر یہ مرض نہ ہوگا۔

سیلان دم کا مجرّب علاج

نسخہ۔ گلِ ملتانی دو تولہ کو پیس کر پاؤ بھر پانی میں بھگو دیں اور ہر چار گھنٹے کے بعد اس کا زلال پیتے رہیں۔

برائے قرحہ سوزاک مجرّب

نسخہ۔ آہک آب نارسیدہ ۱ سیر۔ سنگ جراحت ۱/۴ سیر گیرو ایک سیر کتھ آدھ پاؤ

ان تمام ادویہ کو کوفتہ کر کے ایک کورے گھڑے میں پانی سے بھر دیں صبح و شام جب پیاس لگے یہی پانی پیتے رہیں۔ ایک ہفتہ تک یہ پانی کارآمد ہو گا۔ اگر ایک ہفتہ میں آرام نہ ہو تو دوسرا نسخہ تیار کر لیں۔

شفاء الہند حکیم سید اکبر علی زیدی فاضل الطب والجراحت سیالکوٹ

تریاق نزلہ

نسخہ۔ جدوار خطائی ۴ ماشہ مومیائی اصلی ۴ ماشہ اجوائن خراسانی ۸ ماشہ افیون ۸ ماشہ کشتہ مرجان ۸ ماشہ کشتہ ابرک ۸ ماشہ سب کو پیس کر مسور برابر گولیاں بنائیں اور ایک گولی ہمراہ عرق گاؤزبان ۵ تولہ استعمال کریں۔

فوائد و منافع۔ نزلہ زکام درد سر ضعف دماغ اور جمیع امراض بلغمیہ میں مفید ہیں۔

اکسیر کیمیائی

نسخہ۔ برادہ فولاد یا ڈھر نوشادر یا ڈھر سرکہ ولایتی ۸ چھٹانک سب کو ایک تام چینی کے برتن میں بھر کر سرپوش سے منہ بند کر کے چالیس روز زمین میں دفن کریں بعدہٗ نکال کر پیس کر محفوظ رکھیں۔

فوائد و منافع امراض طحال کبد اور قلت الدم کے لئے بہت

مفید ہے۔
ترکیب استعمال۔ نصف رتی سے ایک رتی تک مکھن میں ملا کر دیں۔

ارسطوئے زماں رئیس الاطباء حکیم خواجہ غلام جیلانی امرتسری

ضعف باہ بوجہ اختلاج قلب

نسخہ۔ مرجان ۲ تولہ سفوف کنول گٹہ ۱۰ تولہ۔ مرجان کو کنول گٹے کے سفوف میں رکھ کر آگ دیں اور ایک رتی مسکہ گاؤ میں رکھ کر کھلائیں۔

دیگر کشتہ عقیق

نسخہ۔ عقیق سرخ لے کر اس کے ارد گرد تخم سرس کوٹ کر اور قدرے پانی کی نم دے کر گولا بنا لیں اور پانچ سیر اپلوں کی آنچ دیں۔
ترکیب استعمال۔ ایک رتی مسکہ گاؤ یا حلوہ میں رکھ کر کھلائیں۔
فوائد۔ دونوں نسخہ مندرجہ بالا شکایت کے دور کرنے میں بے مثل ہیں اور قلب کے علاوہ ضعف مثانہ کے لئے بھی بہت مفید ثابت ہوئے

حب ممسک لاجواب

نسخہ۔ شنگرف ایک تولہ افیون ۱ تولہ عقر قرحا ۱ تولہ قرنفل ۲ تولہ

گیری ا تولہ جدوار بید ستر ا تولہ مغز تخم اسپند ا تولہ عنبر ۲ ماشہ سب کو باریک پیس کر شہد بقدر حاجت میں حب نخودی بنالیں اور مقاربت سے دو گھنٹے پیشتر ایک گولی دودھ سے کھائیں روزانہ استعمال سے سرعت انزال اور احتلام کو وہ نفع پہونچتا ہے جو کسی اور دوا سے ممکن نہیں نہایت لاجواب مجرب اور بے ضرر نسخہ ہے۔

معجون ممسک

نسخہ۔ زعفران ۶ ماشہ کستوری ۶ ماشہ عقر قرحا ۳ تولہ زنجبیل ۳ تولہ بہمن سفید ۳ تولہ زردی بیضۂ مرغ ۲۰ عدد شہد خالص ۱/۲ سیر بطریق معروف معجون بنائیں اور بقدر ایک تولہ صبح اور ایک تولہ شام کو کھائیں فوائد۔ امساک اور قوت باہ کے لئے نادر روزگار نسخہ ہے۔

حکیم محمد شمس الحق خاں پرنسپل پاکستان طبیہ کالج لاہور

سفوف سوزاک نمبر ا

نسخہ۔ کباب چینی ایک تولہ دارچینی ایک تولہ بنسلوچن ایک تولہ ست گلو ایک تولہ الائچی خورد ایک تولہ لوبان کوڑیہ ۹ ماشہ سلاجیت ۲ تولہ کشتہ قلعی ایک تولہ طباشیر ۹ ماشہ جوکھار ۹ ماشہ ست بہروزہ ۹ ماشہ سب کو باریک پیس کر یک جان کر کے حفاظت سے رکھیں اور ۳۔۳ ماشہ صبح و شام شربت

فالسہ یا شربت بزوری سے دیں۔

سفوف سوزاک نمبر ۲

نسخہ۔ ست لوبان۔ ریوند چینی۔ شورہ قلمی کتھہ سفید۔ سنگجراحت۔ ست بروزہ دیسی ہموزن سب کو باریک پیس کر سفوف بنائیں۔
ترکیب استعمال۔ تین تین ماشہ صبح و شام کھا کر اوپر سے گائے کا آدھ پاؤ دودھ پانی ملا کر پئیں۔

سُرمہ مجرّب

نسخہ۔ قلمی شورہ ۲ تولہ ہلدی ۲ تولہ برگ نیم نورستہ ۲ تولہ سرمہ اصفہانی ۲½ تولہ۔ صدف سوختہ ½ ۱ تولہ سب کو باریک پیس کر آب لیموں ۱۲ تولہ عرق گلاب پاؤ سیر میں یکے بعد دیگرے کھرل کر کے سرمہ تیار کریں اور رات کو آنکھوں میں لگایا کریں۔
فوائد۔ پڑبال۔ ضعف بصر۔ خارش۔ سبل۔ ککرے اور دیگر امراض چشم کے لئے بے حد مفید ہے۔

اکسیر شمسی

نسخہ۔ مغز تخم تمر ہندی۔ مغز بنبہ دانہ۔ قلمی شورہ دانہ الائچی خورد وکلاں۔ ہلیلہ زرد۔ کہربا۔ زرد مہرہ۔ طباشیر۔ مغز کمون گٹہ۔ مغز کشنیز۔ کشتہ قلعی ہموزن۔
کوٹ پیس چھان کر سفوف بنائیں اور دو۔ دو ماشہ صبح و دوپہر

شام شیر بز سے دیں
فوائد۔ کمزوری۔ رقت۔ سرعت۔ کثرت احتلام سب کے لئے نہایت مفید ہے

حکیم محمد اصغر شہید شیروانی پرنسپل بھوپندر الطبیہ کالج پٹیالہ

دوائے محلل

نسخہ۔ پودینہ خشک۔ مصطگی رومی۔ انیسوں۔ بادیان۔ کچور۔ اذخر مکی ہر ایک ایک تولہ عود خام چھ ماشہ ساذج ہندی ۶ ماشہ سب کو کوٹ کر پوٹلی میں باندھیں۔ اور عرق گلاب ایک سیر میں جوش دیں۔ نصف رہنے پر پوٹلی نچوڑ کر پھینک دیں۔ اور روغن بید انجیر ۲ تولہ شامل کر کے قلعی دار دیگچی میں ڈال کر دیگچی کا منہ رکابی سے ڈھانپ کر آٹا لگا دیں اور آگ پر رکھیں جب عرق جل کر تیل رہ جائے تو اتار لیں پس تیار ہے یہ معدہ اور جگر کی سختی ورم و درد قولنج کا مسکن ہے۔ معدہ و جگر کے ریاح کو تحلیل کرتا ہے پیٹ پر ملیں۔ دافع قبض بھی ہے اگر ان دواؤں کا خشک سفوف بقدر ایک تولہ رات کو سوتے وقت ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ گلقند ۲ تولہ ترنجبین ۲ تولہ پکا کر چھان کر ہمراہ پیویں تو اور بھی مفید ہے۔

سفوف مسکن و مغلظ

نسخہ۔ ست گلو ۳ ماشہ طباشیر ۲ ماشہ دانہ الائچی خورد ۳ ماشہ سبوس اسپغول

چھ ماشہ۔ مغز بادام شیریں مقشر ۶ ماشہ۔ کشنیز خشک ۶ ماشہ۔ تخم کاہو مقشر ۶ ماشہ۔ تخم خرفہ سیاہ ۶ ماشہ اندر جو شیریں ۶ ماشہ بیج بند ۶ ماشہ۔ تخم سرداتی چھ ماشہ برگ فرنجمشک ۶ ماشہ مغز تخم تمر ہندی ۶ ماشہ۔ تخم بھنڈی ۶ ماشہ ستاور ۶ ماشہ شقاقل مصری ۶ ماشہ بہمن سفید ۶ ماشہ بہمن سرخ ۶ ماشہ موصلی سیاہ ۶ ماشہ موصلی سفید ۶ ماشہ تخم اٹنگن ۶ ماشہ تودری سفید ۶ ماشہ تودری زرد ۶ ماشہ ثعلب مصری ۳ ماشہ۔ نبات سفید ۱۰ تولہ سفوف بنائیں۔ خوراک ۹ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ۔ اکثر نوجوانوں کو امتلاءِ منی اور حدت وکثرت مادہ وتجرد کی حالت میں احتلام کی کثرت ہوجاتی ہے ان کے لئے سریع الاثر ہے

دوائے جریان

نسخہ۔ بیج بند۔ موصلی سیاہ موصلی سفید۔ تالمکھانہ سمندر سوکھ۔ تخم سریالہ پوست درخت سنبل۔ صمغ عربی۔ پوست بیخ مولسری۔ تخم اٹنگن۔ بسپستان۔ برہم ڈنڈی بیج۔ میدہ لکڑی ہر ایک ایک تولہ پھلی درخت ببول گوکھرو ہر ایک ۶ ماشہ نبات سفید (چینی) ہموزن جملہ ادویہ شامل کرکے بقدر ۶ ماشہ صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں جریان منی کے لئے لاجواب دوا ہے۔

اصغر ٹانک پلز

نسخہ۔ زعفران۔ دارچینی جوز ۱ تولہ افیون۔ مشک خالص عنبر قرحا شنگرف مدبر یاقوتی۔ قرنفل ہر ایک ایک تولہ روغن ہم الفار ۲ ماشہ ہمراہ

شہد بقدر نخود گولیاں بنائیں۔
ازحد مقوی باہ و محرک ہے بوقت خواب ایک گولی ہمراہ شیر دیں۔

حکیم مولوی خورشید الاسلام صاحب پرنسپل طبیہ کالج ڈھاکہ

برائے سعال بلغمی و درد سینہ

نسخہ۔ کشتہ بارہ سنگھا چھ ماشہ۔ ست پودینہ ۱ ماشہ کاکڑا سنگی چھ ماشہ موم خام چھ ماشہ۔ قرنفل گلدار ۲ ماشہ برگ بانسہ کے پانی میں پیس کر نخودی گولیاں بنالیں صبح و شام ایک ایک گولی شہد کے ساتھ کھائیں۔

برائے پائیوریا

نسخہ۔ کات سفید ایک تولہ ریٹھہ چھ ماشہ۔ پھٹکری سفید ایک تولہ اسپغول ۱ تولہ عقرقرحا ۱ تولہ کف دریا ۱ تولہ سفوف کرکے منجن تیار کریں اور صبح و شام دانتوں پر ملیں۔

برائے تقویت باہ

نسخہ۔ کشتہ شنگرف چھ ماشہ ثعلب پنجہ ۱ تولہ کچلہ مدبر ایک تولہ زنجبیل ایک تولہ بیر بہوٹی ایک تولہ مالکنگنی ایک تولہ۔ برگ کے دودھ میں پیس کر نخودی گولیاں

بنالیں اور ۲۔۲ گولی صبح و شام دودھ کے ساتھ کھائیں۔

برائے کثرت احتلام

نسخہ۔ کنڈر ایک تولہ حفت بلوط ا تولہ اجوائن خراسانی ایک تولہ تخم دھتورہ چھ ماشہ مازو سبز ا تولہ پانی میں پیس کر نخودی گولیاں تیار کریں بوقت شام دو گولی پانی سے کھائیں۔

برائے حمیٰ اجامیہ

نسخہ۔ مغز کرنجوہ ۲ تولہ فلفل دراز چھ ماشہ تخم دھتورہ چھ ماشہ زنجبیل چھ ماشہ ریوند چینی ایک تولہ پھٹکری سفید ۶ ماشہ آب گلوئے تازہ میں پیس کر نخودی گولیاں بنائیں اور صبح و شام دو دو گولی پانی کے ساتھ کھائیں

ہاضم طعام

نسخہ۔ نانخواہ ۲ تولہ نوشادر ایک تولہ حلتیت خالص ایک تولہ نمک سیاہ ایک تولہ زنجبیل ایک تولہ فلفل سیاہ ایک تولہ فلفل دراز ایک تولہ سفوف کرلیں اور غذا کے بعد ۶ ماشہ پانی سے کھائیں۔

حکیم حافظ مولوی جلیل احمد صاحب پرنسپل طبیہ کالج لاہور

حب برائے نزلہ و زکام

نسخہ۔ جند بید ستر ۱/۲ ۴ ماشہ زعفران خالص ۱/۲ ۴ ماشہ رب السوس ۹ ماشہ

دار چینی ۱/۲ ۱۳ ماشہ افیون ۱/۲ ۱۳ ماشہ صمغ عربی ۱/۲ ۲۲ ماشہ کتیرا ۱/۲ ۲۲ ماشہ نشاستہ ۱/۲ ۲۲ ماشہ سب کو باریک کر کے آب خالص سے بقدر فلفل گولیاں بنالیں۔ خوراک ۲ حب ہمراہ عرق گاؤزبان یا آب تازہ۔

منافع۔ نزلہ اور زکام کے لئے مجرب ہے چند روز کے استعمال سے ہمیشہ کے لئے شکایت دور ہو جاتی ہے۔

قیروطی برائے اوجاع صدر

نسخہ۔ صبر زرد زبان خالص مصطگی رومی ہر ایک ۳ ماشہ اکلیل الملک پوست خشخاش آرد جو ہر ایک ۴ ماشہ موم سفید ۲ تولہ روغن گل ۷ تولہ علاوہ موم اور روغن گل کے باقی تمام ادویہ کو مثل غبار باریک کریں اور موم کو روغن گل میں پگھلا کر ملا دیں۔ قیروطی تیار ہو جائے گی۔ بوقت ضرورت گرم کر کے موضع ماؤف پر مالش کریں اور پرانی روئی باندھ دیں۔

حبوب جریان واحتلام مجرب

نسخہ۔ بیج بند۔ تخم کسوں تخم دھتورہ۔ افیون خالص تخم تمر ہندی مقشر ریشہ برگد۔ کافور خالص کشتہ قلعی ہموزن لے کر باریک کریں اور آب آملہ مشوی میں ملا کر بقدر نخود گولیاں بنالیں خوراک ایک گولی رات کو سوتے وقت دودھ سے کھائیں۔

حب عنبر

نسخہ۔ مایۂ شتر اعرابی ۳ ماشہ مشک خالص ایک ماشہ مصطگی رومی ۱ ماشہ

قرنفل ایک ماشہ عنبر اشہب ۲ ماشہ خصیۃ الثعلب ۲ ماشہ خولنجان ۲ ماشہ سب کو کوٹ کر لعاب در قندق گولیاں بنالیں۔

خوراک۔ ایک حب روزانہ ہمراہ شیر تازہ یا آب نخود خام۔

فوائد۔ نعوذ پیدا کرنے کے لئے مجرب ہے۔ کھانے کے چھ گھنٹے بعد نعوذ لاتی ہے آب سرد سے دھونا اس کا مزیل ہے اگر منہ میں رکھیں تو منہ کو خوشبودار کرتی ہے مقوی دماغ و دیگر اعضاء رئیسہ ہے۔

حکیم دوست محمد صابر پرنسپل شاہدہ طبیہ کالج لاہور

نزلہ و زکام کے لئے اکسیری بھجیا

نسخہ۔ آلو ایک چھٹانک ادرک ۶ ماشہ لہسن تین ماشہ گھی حسب ضرورت بھجیا تیار کریں۔

فوائد۔ ہر قسم کے نزلہ و زکام کا شرطیہ اور اکسیری علاج ہے لطف یہ ہے کہ پہلی خوراک کھاسکتے ہی مرض دور ہو جاتا ہے نیا نزلہ زکام ایک دو یا زیادہ سے زیادہ تین دن میں رفع ہو جاتا ہے پرانے کے لئے ہفتہ عشرہ تک روزانہ استعمال کرنا نہایت ضروری ہے۔ اس بھجیا کو ایک وقت یا دونوں وقت غذا کے ساتھ کھائیں کوئی خاص پرہیز نہیں۔

عمدۃ الحکماء حکیم مرزا محمد شفیع صاحب
پرنسپل طبیہ کالج بہاول پور

اکسیر سوزاک

نسخہ۔ پوست بندق ہندی یا ریٹھ کو باریک کرکے اس میں مساوی وزن شکر سفید ملائیں اور نصف سے ایک ماشہ تک سفوف مذکور دودھ میں پانی اور موسم گرما میں برف شامل کرکے اس سے نگلوادیں صبح وشام دوبار ایسا ہی کریں بعض طبائع میں اس سے متلی پیدا ہو جاتی ہے اس کی پرواہ نہ کریں تین روز میں بالعموم سوزاک دور ہوجاتا ہے۔

حب ملین

نسخہ۔ سنا مکی خالص چھ تولہ زنجبیل سودہ اتولہ ہردو کو باریک کرکے شہد ملا کر گولیاں بنالیں اور رات کو ایک گولی بوقت خواب پانی کے ساتھ کھائیں۔ صبح ایک اجابت ہو جایا کرے گی۔ چند روز کے بعد ایک دن ناغہ کردیا کریں۔ حتےٰ کہ گولی کھانے کے سوا اجابت با فراغت ہونی شروع ہو جائے گی اور تمام شکایات جو اس نامراد قبض سے پیدا شدہ ہوں گی۔ کافور ہو جائیں گی۔ یاد رکھیں کہ اگر

سناء کے پتوں کے ساتھ ڈنڈیاں بھی ڈال دی جائیں گی تو پیچش پیدا ہوگی جس کی ذمہ داری نہ تو سناء کے سر ہوگی اور نہ میرے بلکہ اس کے ذمہ دار آپ ہوں گے۔ سناء کو خوب صاف کر کے صرف برگ ہی ڈالنے چاہئیں۔

حکیم حافظ محمد شفیع اللہ خان شاہجہانی
پرنسپل اجمل طبیہ کالج راولپنڈی

نسخہ طلاءِ خاص

جو بہت نایاب اور کمیاب ہے یہ عضو کو فربہ اور طویل کرتا ہے امراء اور شاہوں کے استعمال کی چیز ہے مگر غریبوں کی منفعت کے لئے تحریر کر دیا گیا ہے۔

نسخہ۔ پرانی سوختنی لکڑی کو جب پھاڑو تو اس میں سے اکثر موٹے موٹے سفید کچھ سبز سے رنگ کے کیڑے چھوٹے بڑے نکلتے ہیں ان کو جمع کر کے اگر زندہ رہیں تو بہتر ہے اور اگر مر جائیں تب بھی کوئی ہرج نہیں کم سے کم دس ہوں ریعں اس میں لونگ ایک تولہ اور بیر بہوٹی ۳ عدد انولہ کوٹ کر آتشی شیشی میں یا تال جنتر سے تیل نکال لیں اس تیل میں حنا کا تیل اصلی چھ ماشہ ملا کر بطور طلا استعمال کریں بیحد مجرب و آزمودہ ہے

نسخہ ممسک خاص

نسخہ۔ ولایتی نکسوامیکا ایک تولہ، ولایتی ڈامیانہ ایک تولہ لونگ چھ ماشہ عقرقرحا چھ ماشہ عنبر ۳ ماشہ مشک ۳ ماشہ زعفران خالص چھ ماشہ افیون ۶ ماشہ سب کو کھرل کر کے حب بقدر ماش بنا کر اوپر سے سونے کے ورق لگا کر سکھائیں مجامعت سے گھنٹہ ڈیڑھ گھنٹہ پہلے ایک گولی دودھ سے کھائیں بعد میں اگر حاجت ہو تو دودھ پئیں بہت مجرب ہے۔

نسخہ مجرب معجون جریان

بلغمی اور سوداوی مزاج والے کے لئے نافع نہیں صفراوی ودموی مزاج والے کے لئے بہت مفید ہے منی کو گاڑھا کرنے میں خاص کام کرتا ہے۔

نسخہ۔ تخم بالنگا۔ تخم ریحاں۔ سمندر سوکھ۔ گوند کتیرا۔ دارچینی۔ خولنجان ہموزن لیکر خوب باریک کوٹ کر سفوف بنالیں اس سفوف سے چارگنا شہد میں معجون بنائیں بعدہٗ چھلکا اسبغول نسخہ کے وزن کا سولھواں حصہ ملا کر زعفران ۱ تولہ کھرل کر کے ملائیں ورق نقرہ اور ورق طلاء چھ چھ ماشہ بھی ملالیں نسخہ تیار ہے۔ مریض کو شوق سے کھلائیں۔

مقدار خوراک چھ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزباں یا عرق بادیان عرق گلاب سے دیں۔

حکیم عبداللطیف فلسفی وائس پرنسپل طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڑھ

قوت مردمی کی اکسیر گولیاں

نسخہ۔ شنگرف رومی ۴ رتی عود غرقی سونے کے ورق ایک ایک ماشہ ہر دوا کو باریک کر کے عرق گلاب میں ۴۲ گھنٹے تک کھرل کریں اور چنے کے برابر گولیاں تیار کریں اور ایک گولی صبح کے وقت دودھ کے ساتھ کھائیں۔

حکیم کلب علی صاحب پروفیسر منبع الطب کالج لکھنؤ

روحی

نسخہ۔ عرق بادیان ۵ تولہ عرق پودینہ ۵ تولہ عرق گلاب خالص تند تیز ۵ تولہ عرق نانخواہ ۵ تولہ عرق دارچینی ۵ تولہ عرق الائچی خورد ۵ تولہ عرق صعتر فارسی ۵ تولہ پیپرمنٹ آئل ۳ ماشہ اینیشل آئل ۳ ماشہ فرائی ایٹ ایمونیا سائٹراٹک ½۲ تولہ ان سب کو

بوتل میں بار بار دھوپ میں رکھ کر ہلاتے رہیں۔ بوتل کا کارک بہت مضبوط ہونا چاہیئے۔

اگر عرق بہت نفیس اور قابل اعتماد نہ مل سکیں تو مذکورہ الصدر سات چیزیں جن کا عرق ۱۰-۵ تولہ درکار ہے پانچ پانچ تولہ لے کر نیم کوب کریں اور رات کو دو سیر پانی میں بھگو کر صبح نرم آنچ پر سوا سیر عرق کشید کریں۔ فرع انبیق کا اوپر کا پانی بار بار بدلتے رہیں زیادہ گرم نہ ہونے دیں کیونکہ اس سے ادویہ کے اجزائے لطیف حاصل نہ ہو سکیں گے۔

مقدار خوراک تین ماشہ سے ایک تولہ تک انتہائی ضرورتوں میں ۲½ تولہ تک بھی برتا جا سکتا ہے۔

فوائد و منافع۔ (۱) جن لوگوں کو ضعف ہضم کی بناء پر اختلاج قلب کی شکایت رہتی ہو انھیں ایک ایک چائے کے چمچے کے بعد طعام میں دینا چاہیئے۔

(۲) کمی خون کے مریضوں کو آپ جگر یہ کے ہمراہ استعمال کرائیں نیز حب محلل آب سنگترہ آب انار آب سیب کے ہمراہ دیں۔

۳۔ کثرت ریاح کے مریضوں کو قبل اور بعد طعام یہ دوا استعمال کرانے سے وہ تخمیر و تعفین نہ ہونے پاتی جو ریاحی عوارض کا بنیادی نقطہ ہے۔

۴۔ جن عوارض کو اطباء تبخیر کے نام سے پکارتے ہیں۔ ادویہ ان عوارض کے لئے اس طرح برتیں کہ ۳ ماشہ دوا ۹ تولہ پانی میں ملا کر قرص سہیلی ۳ عدد کے ہمراہ دن میں تین مرتبہ دیں۔

نسخہ قرص ہیل

دانہ الائچی خورد ۲ تولہ سوڈا بائیکارب ا تولہ شکر سفید ۳ تولہ ایک ایک ماشہ کے قرص بنا لیں

(۵) دوران حمل کی متلی خرابی ہضم بعد از غذا سینہ کا جلنا اور گھبراہٹ وغیرہ کے لئے تنہا روحی یا اس کے ہمراہ قرص ہیل (ان عوارض کے لئے جو دوران حمل میں ہوتے ہیں) مفید اور زود اثر ہے۔

(۶) ہیضہ کے زمانے میں بطور تدبیر حفظ ماتقدم بعد از غذا روحی کا استعمال بہت مناسب ہے ہیضہ کے مریض کو تنہا یا مناسب بدرقات کے ساتھ روحی استعمال کرانا بہت مفید ہے۔

(۷) سوء ہضمی شدید اور معمولی نیز تخمہ کے لئے روحی زود اثر اور کامیاب دوا ہے۔

(۸) سوء ہضمی۔ ضعف معدہ۔ ضعف جگر کے باعث جو مختلف بیماریاں پیدا ہوتی ہیں اور جنھیں مختلف ناموں سے یاد کیا جاتا ہے ان تمام امراض کے لئے روحی زود اثر اور کامیاب دوا ہے۔

(۹) حمی اجامیہ (ملیریا) سے محفوظ رہنے اور اس مرض کے رفع ہو جانے کے بعد کی نقاہت کے لئے روحی بھروسہ کی دوا ہے۔

(۱۰) وہ حمیات جن کا سبب اعضاء سے ہو ان بخاروں میں تنہا یا چکیدہ کاسنی اور دوسرے بدرقات کے ہمراہ روحی سود مند ہے۔

(۱۱) حمی محرقہ اور دوسرے نازک اور میعادی بخاروں کے علاوہ روحی تمام اقسام حمیات میں اس طرح استعمال کریں کہ ایک دو تولہ روحی میں

دس تولہ پانی اور رقی خوراک ایک ایک ماشہ سوڈا بائیکارب ملا کر تین چار مرتبہ روزانہ یہ مرکب دیں اکثر حمیات میں آپ اس کے فوائد اور نجار ناتانی کی زود اثری دیکھ کر ششدر رہ جائیں گے۔

(۱۲) بچوں کی بدہضمی دودھ ڈالنا قے ابکائی کمزوری میں مفید ہے دانت آسانی سے نکلنے اور ریوزالاسنان کے ناگوار عوارض سے محفوظ رہنے کے لئے پانچ تولہ آب آہک میں ایک تولہ روحی اور ۲½ تولہ عرق گلاب ملا کر لقدر ضرورت دن میں دو تین مرتبہ استعمال کرانا نفع بخش ہے۔

اس مرکب کی مقدار حسب محل خود تجویز کریں۔ روحی چونکہ دافع تخمیر و تعفین ہے اور تجوید ہضم اور تقویت احشا کے لئے مفید ہے اس لئے آپ غور کرتے جائیں اور اپنے مطب کے بیشتر مریضوں پر برت کر دیکھیں

جدیدی

نسخہ ٹنکچر سٹیل ۲½ تولہ ٹنکچر نکس وامیکا ۲½ تولہ تیزاب گندھک مخفف ۲½ تولہ نوشادر دیسی ۲½ تولہ سوڈا بائی کارب ۵ تولہ عرق بادیان ایک بوتل

پہلے نوشادر دیسی اور سوڈا بائیکارب کو کھرل کریں پھر اس میں ٹنکچر سٹیل اور ٹنکچر نکس وامیکا ملا کر پیسیں۔ اس کے بعد تھوڑا تھوڑا تیزاب گندھک مخفف ملاتے جائیں اور چلاتے جائیں۔ کھرل بہت فراخ ہونا چاہیئے کیونکہ کیمیاوی عمل سے اس میں جوش پیدا ہوتا ہے۔ آخر میں عرق بادیان ڈال کر لٹھے کے موٹے کپڑے میں چھان لیں۔

ترکیب استعمال تین ماشہ سے ا تولہ تک بعد طعام خلط سے معدہ پر اس کے استعمال کی جرأت نہ کریں۔
فوائد و منافع۔ سوء القنیہ یا فقر الدم مہلک ضعف معدہ و جگر کمی اشتہا مزمن سوء ہضمی اور بدن کی رنگت زرد رہنا ماش کی دال یا مرغن اغذیہ کے استعمال سے تکلیف ہو جائے تو ان مواقع پر استعمال کریں۔ یہ مرکب محمر خون مقوی اور محرک ہے اس کے محلات استعمال کیطرف اس کے اجزا آپ کی راہبری کریں گے۔

سفوف مغص

نسخہ۔ ہلیلہ سیاہ عمدہ ایک پاؤ گھی عمدہ ۵ تولہ ہلیلہ کو گھی میں اس قدر بریاں کریں کہ ہر دانہ فربہ ہو جائے اور رنگت سفید سی ہو نے لگے اس کو کوٹ پیس کر رکھ لیں اور اس میں شکر سرخ جسے گڑ کی شکر کہتے ہیں ہموزن ملا لیں اور تین ماشہ سے ۶ ماشہ تک دن میں ۳-۴ مرتبہ سادہ پانی کے ہمراہ دیں۔
فوائد و منافع۔ مروڑ اور اینٹھن کا خواہ کوئی سبب ہو۔ جب مریض یہ بیان کرے کہ پاخانہ مروڑ کے ساتھ ہوتا ہے تو آپ یہ سفوف آنکھیں بند کر کے استعمال کرا سکتے ہیں۔ خواہ آؤں خون اور پیچش کی منزل میں ہو

سفوف حابس الدم قوی

نسخہ۔ کارک سوختہ ایک تولہ (یہ ضروری نہیں کہ کارک نئے ہوں آپ

اپنے دواخانے کے خراب اور ناکارہ کارک اس ذیل میں برت سکتے ہیں کارک دہکتے ہوئے انگاروں میں جلا جلا کر بند برتن میں کوئلوں کی طرح بجھالیں۔ چوب انگور سوختہ ایک تولہ انہیں عمدہ ایک تولہ کہربائے شمعی چھ ماشہ سحق بلیغ کر لیں۔ خوراک ۴ رتی سے تین ماشہ تک دن میں ۳-۴ مرتبہ دیں۔

فوائد و منافع۔ زحیر دموی۔ کثرت حیض و نفاس۔ بواسیری دموی قے الدم۔ نفث الدم۔ سل شدید مختصر یہ کہ خون جس مقام سے نکل آرہا ہو حسب المحل مناسب بدرقہ یا سادہ پانی کے ساتھ استعمال کرائیں یہ مرکب خون بند کرنے کے لئے نہایت لاجواب ثابت ہوا ہے۔ اس مرکب کا ہر جزو اپنی منفرد صورت میں بھی حابس دم قوی ہے بالخصوص کارک سوختہ اور انہیں۔

خونین

نسخہ۔ زعفران خالص ایک تولہ۔ سلاجیت خالص ۲ تولہ۔ ٹنکچر نکسوامیکا ۲ تولہ عرق کیوڑہ اصلی ۸ اتولہ شہد خالص ۸ اتولہ خون بز منجمد سفوف ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری۔ تندرست و جوان بکرے کا خون مٹی کی کوری ہانڈی میں لے کر رکھیں تین چار گھنٹوں کے بعد اس میں جو پانی نظر آئے اسے نتھار کر پھینک دیں۔ اور نرم آنچ پر پکائیں اور لکڑی سے ہلاتے جائیں تھوڑی دیر میں اس کی رنگت سیاہ سی ہو جائے گی۔ ٹھنڈا ہونے پر چھان لیں۔

پہلے زعفران کو باریک پیس لیں پھر شلاجیت کھرل میں ڈال کر عرق کیوڑہ تھوڑا تھوڑا ڈالتے اور کھرل کرتے جائیں جب شلاجیت کا محلول تیار ہو جائے تو اس میں زعفران مسفوف اور خون بز منجمد مسفوف تھوڑا تھوڑا ڈالتے اور کھرل کرتے جائیں آخر میں ٹنکچر نکس وامیکا ملا کر کچھ دیر تک کھرل کر لیں۔ تاکہ یک ذات اور یک جان ہو جائے۔

مقدار خوراک و ترکیب استعمال حسب موقع و محل ۱ ماشہ سے ۴ ماشہ تک کھانا کھانے کے بعد۔

فوائد و منافع ۔خون کی کمی دودھ کی کمی۔ بستر علالت سے اٹھے ہوئے مریضوں کی نقاہت کے لئے دودھ کے ہمراہ بعد از طعام۔

تقویت اعصاب عامہ کے لئے اور ضعف باہ کے مریضوں کو زردی بیضۂ مرغ نیم برشت کے ساتھ دیں اگر اس کے ہمراہ آب گذر تازہ پانچ تولہ استعمال کیا جائے تو خون کی کمی میں حیرت انگیز فوائد مرتب ہوتے ہیں۔ سرخ ذرات خون کی کمی سے جو امراض پیدا ہوتے ہیں۔ ان سب میں یہ مرکب اعتماد سے برتا جاتا ہے۔ ضعف عامہ کے لئے نعمت ہے۔ دمہ۔ نزلہ مزمن اور دیگر امراض میں اصل علاج کے ساتھ اگر بعد طعام خونین کا استعمال کرایا جائے تو قوت بڑھنے کی وجہ سے اصل علاج میں بہت جلد کامیابی ہو جاتی ہے۔

دوائے قلت الدم

نسخہ ۔ گٹھلی خورد معہ برگ و بیخ و تخم مکمل درخت سایہ میں خشک کر کے کوٹ چھان کر شہد خالص میں مثل معجون بنا لیں۔

مقدار خوراک و ترکیب استعمال - تین ماشہ سے ۶ ماشہ تک آب تازہ یا شیر گاؤ کے ہمراہ صبح و شام دیں۔
فوائد و منافع - قلت الدم عام اور بالخصوص خون بواسیر زیادہ نکل جانے سے جو کمزوری واقع ہوتی ہے اس میں تو بہت ہی موثر ہے آپ یہ دوا حقیر سمجھ کر نظر انداز نہ فرمائیں بلکہ اس کے فوائد سے فائدہ اٹھائیں۔

حکیم آغا رشید احمد خاں صاحب شیدا پروفیسر اجمل طبیہ کالج امرتسر

حب ممسک

نسخہ - شنگرف رومی ایک تولہ سم الفار چھ ماشہ برانڈی قسم اول ایک پاؤ میں خوب کھرل کریں بعدہ ذیل کی اشیاء ملا کر پھر دوبارہ کھرل کریں اکسٹریکٹ نکس وامیکا یا کچلہ ہر ایک ماشہ افیون تین ماشہ زردی بیضہ مرغ ۷ عدد دارچینی قرنفل جانفل لیباسہ ہر ایک ۱½ تولہ ریگ ماہی ۲ تولہ مروارید ۲ ماشہ مشک ۱ ماشہ عنبر اشہب ۱ ماشہ گولیاں بمقدار مرچ سیاہ بنا دیں اور ایک گولی رات کو سوتے وقت ہمراہ شیر استعمال کریں۔
فوائد - اعلیٰ درجہ کی مقوی باہ ہے۔ قوت باہ کو برانگیختہ کرنے میں اپنی مثال آپ ہے۔

ملذذ بے عدیل

نسخہ۔ خانہ زنبور مسفوف ایک تولہ عقرقرحا تین ماشہ دارچینی تین ماشہ گیئولوچن تین ماشہ بیر بہوٹی ۶ ماشہ کافور ۲ رتی سہاگہ سفید ۲½ رتی کچولہ تین رتی۔ سب ادویہ کو بالکل غبار کی مانند باریک کر کے عطر اگر کہنہ میں ملا کر طلا کی طرح بنائیں اور بوقت ضرورت استعمال کریں اعلےٰ درجہ کا ملذذ طلا ہے۔

زبدۃ الحکماء حکیم رشید احمد صاحب پروفیسر طبیہ کالج لاہور

حب مشکی

نسخہ۔ شنگرف رومی مدبر ایک تولہ بچھناگ مدبر ایک تولہ زعفران کشمیری ایک تولہ سونٹھ چھ ماشہ فلفل سیاہ چھ ماشہ پیپل خورد چھ ماشہ مشک خالص تین ماشہ آب ادرک دس تولہ پہلے ترکٹا یعنی مرچ سیاہ سونٹھ اور مگھاں کو باریک کر کے کپڑ چھان کریں اور آب ادرک سے کھرل کریں جب خشک ہونے لگے تو شنگرف ملا کر کھرل کریں بعد ازاں بچھناگ ملائیں اور پھر زعفران جب گولیاں بنانے کے قابل ہو جاوے تو مشک کا اضافہ کریں اور گولی بقدر موٹھ بنا دیں اور بعض گولیاں دانہ باجرہ کے برابر بنائیں ترکیب استعمال۔ ذات الجنبیہ کے لئے اڑھائی اڑھائی گھنٹے کے بعد

ایک ایک گولی مطبوخ زنجبیل چھ ماشہ کے ساتھ یا عرق منڈی کے ہمراہ دیں
فوائد۔ ذات الجنب۔ سرسام ہیضہ اور ڈبہ اطفال کے لئے ازحد مفید و
مجرب ہیں۔

حب زکام و کھانسی

نسخہ۔ سنکھیا سفید مدبر ۳ ماشہ کچلہ بریاں در روغن زرد ۲ تولہ فلفل سفید
۲ تولہ تخم جوز ماثل ایک تولہ آب ادرک دس تولہ آب جوز ماثل دس تولہ
جملہ ادویہ کو آب ادرک اور آب دھتورہ میں کھرل کر کے نخودی گولیاں
باندھ لیں اور محفوظ رکھیں۔
مقدار خوراک و ترکیب استعمال۔ صبح و شام ایک گولی سادہ پانی
کے ساتھ استعمال کریں۔
فوائد۔ نزلہ زکام اور بلغمی کھانسی کے لئے ازحد مفید و مجرب ہیں۔

حب جریان

نسخہ۔ تخم جوز ماثل ا ماشہ اجوائن خراسانی ایک تولہ تخم تمرہندی خورد
مقشر ا تولہ افیون خام چھ ماشہ۔ تمام ادویہ کو عرق گلاب میں خوب
کھرل کر کے مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنائیں۔
ترکیب استعمال۔ دو گولیاں روزانہ مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال
کرائیں۔
فوائد۔ جریان کے لئے مجرب اور ازحد مفید ہیں۔

حکیم قاضی عظیم اللہ صاحب پروفیسر طبیہ کالج لاہور

حب سم الفار یہ نسخہ خاص

نسخہ۔ سنکھیا سفید بلوری ۵ ماشہ شیشہ بہاک ۵ تولہ شیر مدار ۲ تولہ میں کشتہ کرلیں اس کے بعد اس میں فلفل گردہ ۳ تولہ فلفل دراز ۳ تولہ تخم کرفس ۳ تولہ اجوائن دیسی تین تولہ اجوائن خراسانی تین تولہ باریک پیس کر ملائیں اور آب لیموں میں کھرل کرکے دانہ خشخاش سے دانہ مونگ تک کی گولیاں بنا کر رکھ لیں۔ ذیل کا مسہل دینے کے بعد ایک ایک گولی حب عمر و حالات مریض صبح و شام بعد از طعام کھلائیں۔

نسخہ مسہل

نسخہ عشبہ دس تولہ شاہترہ ۵ تولہ بیخ اندرائن ۵ تولہ سب کو ۵ سیر پانی میں شبانہ روز بھگو رکھیں بعد ازاں یہاں تک جوش دیں کہ صرف نصف سیر پانی رہ جائے اب اتار کر چھان لیں اور اس پانی میں ۶۰ تولہ روغن بیدانجیر عمدہ قسم کا ملا کر پھر پکائیں جب پانی خشک ہو جائے تو تیل میں سبزی مائل رنگ کا تیل حاصل ہوگا اس میں سے بقدر ۳ تولہ عرق بادیان ۵ تولہ میں ملا کر پلا دیا کریں۔

فوائد۔ اوجاع مفاصل مزمن آتشک اور اکثر قسم کے مزمن جلدی امراض میں نافع ہے۔ بہتر ہے مصفے اخون ہے۔

اکسیر جرب تر

ہر قسم کی تر خارش جلدی پھنسیوں وغیرہ میں نہایت مفید دوا ہے۔

نسخہ گندھک آملہ سار۔ پارہ۔ مردار سنگ۔ لال مشک کافور کبیلہ۔ زنگار۔ فلفل سیاہ ہر یک ادویہ ہموزن۔

گندھک اور پارے کی کجلی کریں اور بعدہٗ مندرجہ ترتیب کے مطابق یکے بعد دیگرے ایک ایک دوا ملاکر باریک کھرل کرتے جائیں۔ جب تمام دوائیں نہایت باریک دیکجان ہو جائیں تو محفوظ رکھیں بوقت حاجت روغن کنجد یا مسکہ میں ملا کر خارش کے زخموں اور پھنسیوں پر لگا دیا کریں۔ لگانے کے بعد یہ دوا زخموں پر کسی قدر لگتی ہے مگر تھوڑی دیر بعد آرام آجاتا ہے۔ اس دوا کے دو تین روز کے استعمال سے ہی بالکل آرام ہو جاتا ہے۔

حکیم عطاء اللہ (علیگ) پروفیسر طبیہ کالج لاہور

حب بخار

نسخہ مغز کرنجوہ ۲ تولہ گھاں ایک کے پتے زیرہ سفید پھٹکری سفید ہر ایک ۲ ۱/۲ تولہ کشتہ ہڑتال گؤدنتی ۱/۲ ۱ تولہ پیس کر گوندکیکر کے لعاب میں

چنے کے برابر گولیاں بنالیں طلبہ یا بخار میں قبض دور کر کے دو گولیاں سادہ پانی سے دیں ہر قسم کے بخاروں کے لیے تریاق ہے

حب قبض کشا

نسخہ۔ دانہ الائچی سبز ۲ تولہ سونٹھ چاول سونف ایک ایک تولہ سقمونیا ۲ ماشہ گلقند ۶ ماشہ باریک کر کے گلقند میں ملا کر گولیاں بنا لیں۔ خوراک ایک گولی تا ۲ گولی رات کو نیم گرم دودھ یا پانی سے دیں دائمی قبض کو دور کرتی ہے ہاضمہ درست رکھتی ہے اور پرانی قبض کو نیست و نابود کر دیتی ہے۔

زبدۃ الحکماء حکیم فضل الٰہی پرنسپل طبیہ کالج لاہور

برائے بخار نوبتی

نسخہ۔ اقاقیا۔ مرچ سیاہ تخم دھتورہ سیاہ۔ افیون برابر وزن کوٹ کر چنے برابر گولیاں بنالیں۔ ایک گولی باری سے ۲ گھنٹے پہلے گرم پانی سے دیں۔ تین دنوں میں باری کا بخار بالکل ختم ہو جائے گا۔

سفوف حقانی دافع سرعت انزال

نسخہ۔ ست اسپغول۔ ست سلاجیت۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ تودری سرخ تودری سفید۔ موصلی سرخ موصلی سفید۔ شقاقل۔ ستاور۔ تالمکھانہ۔ بکھان بید خارخسک۔ دارچینی۔ ثعلب مصری۔ کندر۔ جفت بلوط۔ گلنار۔ تخم بھنگ مصطگی رومی۔ دانہ الائچی خورد۔ بیج بند گجراتی۔ چھال جھربیری اندر جو شیریں ہر ایک ایک تولہ۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ قلعی بھنگ والا۔ کشتہ فولاد۔ آب جامن والا۔ ہر ایک ۹ ماشہ۔ ورق نقرہ ۶ ماشہ۔ پوٹاسیم برومائیڈ ۲ تولہ۔ کشتہ صدف ½ ۱ تولہ۔ کوفتنی ادویات کو کوٹ کر مثل غبار باریک کرلیں اور بعد میں کشتہ جات و ورقیات کا اضافہ کرکے پانچ تولہ شکر بھی ملالیں اور محفوظ رکھیں اور بقدر تین ماشہ صبح تین ماشہ دوپہر اور تین ماشہ شام دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

فوائد۔ سرعت انزال (قبل از وقت منزل ہونا) جریان منی (منی کا بہنا) احتلام (نیند میں منی کا خارج ہونا) جریان مذی (بے ارادہ مذی کا بہنا) رقت منی (منی کا رقیق ہوجانا) وغیرہ امراض کا چند روز میں قلع قمع کر دیتا ہے۔

حب برائے قوت باہ

نسخہ۔ جند بیدستر۔ زعفران۔ مایہ شتر اعرابی ہر ایک چھ ماشہ۔ جدوار۔

کشتہ فولاد۔ کونین سلفیٹ۔ ایکسٹریکٹ ڈامیانہ۔ ایکسٹریکٹ نکس وامیکا۔ ہر ایک ۶ ماشہ برانڈی ۲½ تولہ عنبر اشہب کستوری خالص ہر ایک تین ماشہ افیون ۴ ماشہ۔ پہلے ایکسٹریکٹ ڈامیانہ اور افیون کو برانڈی میں حل کریں بعد میں دیگر ادویات خوب باریک مثل غبار کرکے شامل کریں اور کھرل کرکے گولیاں دانہ نخود کے برابر بناکر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال۔ ایک گولی صبح کو چائے یا دودھ کے ساتھ اور ایک ہی رات کو سوتے وقت دودھ کے ساتھ نگل لیں۔

فوائد۔ ممسک ہے تقویت باہ پیدا کرتی ہے دوران خون کو تیز کرتی ہے بدن میں نیا خون نئی روح اور نئی طاقت پیدا کرتی ہے۔

جناب استاذ الاطباء حکیم محمد عالم صاحب امرتسر

سرمہ برائے سرخی چشم

نسخہ۔ جست شگفتہ ۱ تولہ کف دریا چھ ماشہ شورہ قلمی چھ ماشہ شب یمانی ۲ ماشہ توتیا ۱ ماشہ فلفل سفید ۱ ماشہ باریک نمودہ در عرق گلاب عمدہ ۲ تولہ کھرل نمودہ بوقت خواب استعمال کنند۔

ملیریا کے لئے

نسخہ۔ صدف صادق سوختہ ۱ تولہ شب یمانی بریاں ۱ تولہ کونین ۴ ماشہ مصفوف

کر کے ۲ رتی خوراک بدرقہ مناسب سے کھائیں۔

ہیضہ وبائی و امتلائی کے لئے

نسخہ۔ حلتیت تولہ ست پودینہ تولہ کافور تولہ زعفران تولہ گوند ناگوری ½ اتولہ بیش ½ اتولہ مرمکی ۲ تولہ تخم جوز ماثل ۳ تولہ مصطگی ۳ تولہ پپنہ ۴ تولہ نارجیل دریائی ۴ تولہ زنجبیل ۵ تولہ فلفل سیاہ ۵ تولہ فلفل دراز ۵ تولہ عقرقرحا ۵ تولہ اجوائن خراسانی ۵ تولہ صبر زرد چھ تولہ تخم لیموں کاغذی چھ تولہ نخود کے برابر گولیاں بنالیں ہر استفراغ کے بعد ایک گولی گلاب یا سکنجبین کے ہمراہ کھلائیں۔

رئیس الاطباء حکیم محبوب عالم صاحب رئیس امرتسر

سفوف نابتہ

نسخہ۔ مغز کرنجوہ مسحوق۔ رُب ریوند۔ مساوی وزن خوراک ایک ایک ماشہ پانی یا شربت بنفشہ کے ساتھ بخار سے دو گھنٹہ پہلے اگر دو پڑیاں نفاسد قبل از بخار دی جائیں تو زیادہ مؤثر ہے۔

ترکیب رُب ریوند۔ ریوند خطائی لے کر باریک کر کے گرم پانی میں ملائیں اور دو تین دن تک دھوپ میں رکھیں پھر کپڑے میں چھان کر خشک کر لیں

سفوف مفرح

اختلاج القلب اور ضعف قلب کے لئے فائدہ بخش ہے۔

نسخہ کشتہ مرجان ایک رتی صدف سائیدہ ایک رتی یشب سائیدہ ایک رتی زہر مہرہ سادہ ۲ رتی یہ ایک خوراک ہے مربہ گذریا مربہ آملہ ۲ تولہ میں رکھ کر کھائیں سادہ اوپر سے عرق گاؤزباں ۴ تولہ عرق بید مشک ۴ تولہ شربت صندل ۲ تولہ ملا کر پئیں۔

سفوف بواسیر

نسخہ۔ مصبر مغز تخم نیم مساوی الوزن ہاون دستہ میں اس قدر کوٹیں کہ اس سے روغن نمودار ہو گیس تیار ہے۔ خوراک ایک ماشہ ہمراہ زلال ہو تنت تین ماشہ جو رات کو تین تولہ پانی میں زیر شبنم بھگو رکھی ہو۔ خون اور درد اکثر حالات میں پہلے ہی روز جاتا رہتا ہے ترشی اور تیل کی بنی ہوئی چیزوں سے پرہیز ضروری ہے۔

دوائے سرفہ

کھانسی کے لئے بہت مفید ہے۔

نسخہ۔ افیون خام ۴½ ماشہ قلمی شورہ ۹ ماشہ پوست درخت عشر خشک ایک تولہ ان تمام کو اس قدر کوٹیں کہ ان میں لسنگی آجائے دو تین چاول بھر بالائی میں لپیٹ کر کھائیں بالائی میں اچھی طرح لپیٹ لیں ورنہ آواز میں ناشتی و لسنگی آجاتی ہے۔

دوائے ضیق

تنفس میں آسانی اور بلغم میں روانی پیدا کرتی ہے۔ افیون۔ غاریقون مساوی الوزن لے کر دونوں کو آمیز کر کے شہد میں معجون بنائیں۔
خوراک تین ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۵ تولہ غاریقون کو پہلے چھلنی میں نکال لینا چاہیئے۔

برائے پرانا بند نزلہ

پرانے بند نزلہ کو جاری کرنے میں مؤثر ہے۔
نسخہ۔ ثمر بندال کپڑے کی پوٹلی میں باندھ کر اور آگ سے گرم کر کے ناک قریب لا کر زور سے سونگھیں۔ اگر نزلہ کے جاری ہونے سے ناک کے اِرد گرد آماس ہو جائے تو مکھن تازہ لگائیں۔ تھوڑا سونگھنا ہی کافی ہوتا ہے

فاضل طب حکیم حاجی محمد علی امرتسری

برائے زحیر صادق

نسخہ۔ گندھک آملہ سار ۱ تولہ سیماب ۱ تولہ دونوں کو کجلی کر کے حسب ذیل اشیاء کا سفوف ڈال کر خوب کھرل کریں۔ موچرس ۱ تولہ۔ ناگرموتھا ۱ تولہ گل دھاوا ۱ تولہ بیلگری ۱ تولہ اندر جو شیریں ۱ تولہ افیون ۱ تولہ یہ سیاہ رنگ کا

سفوف تیار ہوتا ہے خوراک ۲ رتی سے ۴ رتی تک ہمراہ پیچ چاول یا دہی کا ادھ رڑ کا۔

اکسیر وجع المفاصل

جب ترش مادہ (یورک ایسڈ) جوڑوں میں بیٹھ جاتا ہے تو وہاں درد شروع ہو جاتا ہے۔ یہ گولیاں اس مرض کے لئے نہایت مفید ہیں ان سے تمام مواد بدن بذریعہ اسہال خارج ہو کر صحت ہو جاتی ہے۔

نسخہ ۔ صبر زرد۔ غاریقون۔ سورنجان شیریں۔ مقل ازرق۔ تربد۔ شحم حنظل۔ حب النیل۔ بالبونہ۔ جملہ ادویہ ہموزن سب کو کوٹ چھان کر بذریعہ گودہ گھیکوار گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال ۔ ایک ماشہ صبح ایک ماشہ شام ہمراہ شربت بزوری تین تولہ عرق مکو ۱۲ تولہ دیں۔

سفوف ریوند

نسخہ ۔ ریوند چینی۔ قلمی شورہ نوشادر ہموزن سب کو باریک پیس کر سفوف بنا کر محفوظ رکھیں اور ایک سے دو ماشہ تک یرقان کے لئے آب ترب سبز مروق ۱۰ تولہ شکر سرخ ۲ تولہ کے ساتھ۔ سدہ جگر کے لئے عرق مکو کے ساتھ ادرار حیض کے لئے عرق بادیان کے ساتھ دیں۔

فوائد ۔ یرقان۔ سدہ جگر۔ عظم جگر۔ سوء القنیہ۔ ادرار حیض اور حمیات مرکبہ کے لئے بے حد مفید ہے۔

سفوف ریوند

نسخہ۔ ریوند چینی، قلمی شورہ۔ نوشادر ہموزن سب کو باریک پیس کر سفوف بنا کر محفوظ رکھیں اور ایک سے دو ماشہ تک یرقان کے لئے آب ترب سبز مروق۔ اتولہ شکر سرخ ۲ تولہ کے ساتھ سدۂ جگر کے لئے عرق مکو کے ساتھ۔ اور احتباس حیض کے لئے عرق بادیان کے ساتھ اور حمیات مرکبہ کیلئے شربت بنفشہ و عرق بادیان کے ساتھ دیں۔

فوائد۔ یرقان۔ سدۂ جگر۔ عظم جگر سوء القنیہ اور احتباس حیض اور حمیات مرکبہ کے لئے بیحد مفید ہے۔

برائے کثرت الطمث

نسخہ۔ خردل سیاہ (تارامیرا) سنگ جراحت مساوی الوزن لے کر باریک پیس کر سفوف بنائیں اور ۳۔ ۳ ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت انجبار دیں۔

فوائد۔ کثرت طمث۔ خونی بواسیر اور نفث الدم وغیرہ کے لئے بیحد مفید ہے۔

کشتہ قرن الایل

نسخہ۔ قرن الایل کو آگ میں جلالیں۔

قرن الایل سوختہ اتولہ سنکھیا سفید تین ماشہ دونوں کو آب ادرک یا آگ کے پتوں کے پانی میں دو روز متواتر کھرل کریں پھر گل حکمت کرکے پانچ

سر اُپلوں کی آنچ دیں اور پیس کر محفوظ رکھیں۔
ترکیب استعمال۔ کوئی مرغن غذا کھانے کے بعد نصف رتی دوا مذکور بالائی یا مکھن یا خمیرہ گاؤزبان میں ملا کر کھلائیں اور اوپر سے دودھ پی لیں۔
فوائد۔ پُرانے سے پرانے دردوں کے لئے مفید ہے

دوائے خنازیر

نسخہ لیپ۔ جدوار ا ماشہ۔ ان بجھا چونا ۲ ماشہ سرخ۔ دونوں کو پیس کر شہد بقدر حاجت اور قدرے گلیسرین ملائیں جس سے لیئی کسی بن جائے۔ لیپ کر دیں۔
نسخہ خوردنی۔ جدوار ۲ سرخ سفوف کر کے ہمراہ عرق مرکب مصفی خون استعمال کریں۔
فوائد۔ خنازیر کا کامیاب اور مجرب علاج ہے۔

حکیم ابوظفر محمد عبدالخالق صاحب امرتسری

برائے ضیق النفس

نسخہ۔ اجوائن دیسی نمک لاہوری ہر ایک بیس تولہ لے کر دونوں کا سفوف تیار کریں ایک کوزہ گلی میں قدرے بچھا کر اوپر بیس عدد برگ مدار رکھ دیں پھر ایک تہہ سفوف کی ان پتوں پر بچھا دیں اس کے اوپر

۵ عدد برگ بانسہ رکھ کر پھر ایک تہہ سفوف بچھا دیں۔ پھر چالیس عدد برگ دھتورہ رکھ کر باقیماندہ سفوف بچھا کر گل حکمت کر دیں اور گڑھے میں ۱۲ سیر جنگلی اپلوں کی آگ دیں (ہوا سے محفوظ مکان میں) سرد ہونے پر پیس کر محفوظ رکھیں۔ خوراک ایک یا دو سرخ ہمراہ مسکہ یا بالائی۔

ککرہ لوشن

نسخہ۔ شب یمانی ایک ماشہ سہاگہ سفید ایک ماشہ توتیائے سبز ۱ رتی افیون نصف رتی عرق گلاب خالص ۵ تولہ علیحدہ علیحدہ باریک کر کے عرق گلاب میں حل کر کے محفوظ رکھیں اور آنکھوں میں ڈالیں ککروں کے لئے بہترین دوا ہے۔

استادِ دوراں حکیم مفتی سلیم اللہ خاں صاحب لاہور

حب مقوی باہ

نسخہ۔ افیون ایک تولہ شنگرف ۱ تولہ لوبان کوڑیہ ۱ تولہ کافور ۱ تولہ جاوتری ۱ تولہ قرنفل ۲ تولہ جائفل ۲ تولہ دارچینی ۲ ماشہ زعفران ۳ ماشہ سب کو خوب کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنا لیں اور ایک گولی

صبح ا گولی شام گائے کے دودھ کے ہمراہ دیں۔
فوائد۔ بے حد مقوی باہ ہے۔

سفوف جریان

نسخہ۔ تالمکھانا ۲ تولہ طباشیر ۲ تولہ کشتہ قلعی ۲ ماشہ دانہ الائچی خورد ۶ ماشہ سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنا لیں اور ۳۔۳ ماشہ صبح و شام گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔
فوائد۔ جریان اور کثرت احتلام کے لئے بہت مفید ہے۔

طلائے خاص

نسخہ۔ روغن دارچینی ولایتی ایک تولہ روغن لونگ لائتی ایک تولہ روغن جالگوٹہ ولایتی ایک تولہ روغن گری ۸ تولہ سب کو ملا کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔
ترکیب استعمال۔ عام طلاؤں کی طرح استعمال کریں اس کے استعمال سے خشخاش کی مانند دانے نکل آتے ہیں۔ اور مریض تندرست ہو جاتا ہے
فوائد۔ لاغری کوتاہی اور ضعف باہ کے لئے خاص چیز ہے۔

رئیس الاطباء حکیم سید عالم شاہ صاحب لاہور

کشتہ نقرہ

برادہ نقرہ کو آب کھوہر میں کھرل کریں پھر آب گلاب بہاری میں

پھر آب بوٹی دودھک میں پھر آب برگ مغیلاں میں۔ ہر ایک میں بقدر چار پہر کھرل کریں پھر معمولی آگ میں جلائیں شگفتہ ہوگی۔ امساک خفقان تقویت اعضائے رئیسہ سوزاک وغیرہ کے لئے ہمراہ بدرقہ مناسبہ استعمال کریں۔

کشتہ ہڑتال گئودنتی

گئودنتی عمدہ چمکدار لے کر اس کے چند ٹکڑے کرلیں نمک طعام پسا ہوا لے کر اس کے درمیان رکھ کر جلائیں سفید شگفتہ ہو جائے گی پھر پیس کر آب برگ نیم میں چار پہر کھرل کریں بعد میں ایک غلولہ بنا کر اور خشک کریں اور ایک برتن گلی میں ڈال کر گل حکمت کریں اور تیز آنچ میں جلائیں نہایت عمدہ شگفتہ ہوگی بقدر ۲ رتی بدرقہ مناسبہ سے کھائیں۔ یہ تریاق سالدم ہے اور ہر عضو سے جریان خون کو بند کرتا ہے

سُرمہ ضیاءالبصر

نسخہ۔ مامیرہ ۳ ماشہ بورہ ارمنی ۳ ماشہ سفیدہ کاشغری چھ ماشہ افیون خام چھ ماشہ نوشادر چھ ماشہ شورہ قلمی چھ ماشہ سمندر پھاگ چھ ماشہ چینی اصلی چھ ماشہ نیلا تھوتھا چھ ماشہ صدف سوختہ چھ ماشہ پھٹکری سوختہ چھ ماشہ۔ ان تمام ادویات کو صاف کریں اور سوختنی ادویہ کو سوختہ کرلیں اور بکمال احتیاط علیحدہ علیحدہ وزن کر کے ملائیں اور آب لیموں میں سنگ سماق کے کھرل میں صلایہ کریں یہاں تک کہ کہیں لیموں کا پانی جذب ہو جائے تو پارچہ بیز کرلیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں سلائی کے ساتھ آنکھ میں رات کو سوتے وقت لگائیں۔ جملہ حالات

چشم مزمنہ میں جبکہ انجام ضعف بصر ہو مفید ہے۔ اگر حرقت و حدت پیدا کرے تو ہم چند سرمہ سیاہ میں ملا کر لگائیں۔ بیاض سلاق اور دیگر جملہ مرطوب امراض چشم میں اکسیر ہے۔

علامہ حکیم نیر واسطی صاحب صدر آل پاکستان طبی کانفرنس لاہور

برائے زخم سوزاک

نسخہ سونٹ صاف ۵ تولے ایک سیر پانی میں جوش دے کر پھر چھان کر رکھیں اور حسب ضرورت پیشاب کی نالی میں پچکاری کریں برسوں کا قرحہ دور ہو جائے گا۔

حکیم عبد المجید عنقی نائب صدر پنجاب طبی کانفرنس لاہور

اکسیر صداع و شقیقہ

نسخہ پوست ریٹھہ ایک عدد اسطخودوس چھ ماشہ بابچھڑ چھ ماشہ کشمیر ۲½ تولہ کشنیز ۴ ماشہ نک چھکنی چھ ماشہ بنفشہ ۹ ماشہ تخم پیاز چھ ماشہ جملہ ادویہ را کوفتہ بیختہ سفوف سازند در شیشی بدارند بوقت حاجت بکار برند۔

برائے تھکیں ضعف جگر انیمیا

نسخہ۔ ہلیلہ ۵ تولہ آملہ ۵ تولہ بہیڑہ ۵ تولہ فلفل دراز ۵ تولہ مجیٹھ ۵ تولہ دوچون ۵ تولہ کوزہ مصری ۱۰ تولہ ایک تربوز کلاں لے کر اس میں چھید کر کے سب اشیا کو فتہ اس میں ڈال دیں اور چار ہفتہ بحفاظت تمام پڑے رہنے دیں بعدہٗ اس میں سے پانی صاف کر کے شیشی میں ڈالیں اور دو گھونٹ صبح پئیں۔ پرہیز تیل۔ ترش اشیاء۔

حب بنفشہ

لاہور کے ایک مشہور دواخانے کی کامیاب کارآمد دوا ہے۔ جو بطور تلیین و مسہل مستعمل ہے۔

نسخہ۔ گل بنفشہ ۷ ماشہ رب حنظل ۱۴ ماشہ سقمونیا ۲ تولہ رب السوس ۷ ماشہ زنجبیل ۳ ماشہ نشاستہ ۶ ماشہ صمغ عربی ۷ ماشہ تمام ادویہ باریک کر کے ۲۔ ۲ رتی کی گولیاں تیار کریں اور شب کو گرم پانی کے ساتھ استعمال دیں۔

برائے بواسیر خونی

نسخہ۔ مغز تخم نیب۔ مغز تخم بکائن۔ تخم گندنا۔ مقل ازرق حجفن مکی مصفٰے ہر ایک ایک تولہ باریک پیس لیں۔ اور ۱۰ تولہ جوارش آملہ میں شامل کر کے ۵ ماشہ روزانہ کھائیں۔

فوائد۔ خونی بواسیر۔ ریح البواسیر ہائی بلڈ پریشر اور تصفیہ خون کے لئے معمول و مجرب ہے۔

معجون مفرح

نسخہ - کشتہ شاخ مرجان کشتہ عقیق کشتہ یشب کشتہ نقرہ ہر واحد تین ماشہ مربہ گذر مربہ سیب مربہ بہی مربہ آملہ مربہ پیٹھا ہر واحد ایک چھٹانک - مربہ جات کو کوٹ کر معجون کی شکل بنا لیں اور کشتہ جات مذکور ملا کر مفرح تیار کریں۔ خوراک ۲ تولہ عقب ہیں کوئی مفرح شربت یا شیر گاؤ نوش کریں۔ غذا مقوی کھائیں۔ ترش اور حار اشیاء سے پرہیز۔ تمام اعضائے رئیسہ کو طاقت بخشتا ہے

حبوب ممسک

نسخہ - افیون خالص ۲ ماشہ جائفل کلاں ۱ عدد ثمر دھتورہ ایک عدد گول بینگن ایک عدد جائفل میں خلا کر کے افیون بھر دیں اور برادہ سے جائفل کا منہ اچھی طرح بند کر دیں جائفل مذکور کو ثمر دھتورہ میں اور ثمر دھتورہ کو بینگن میں ملفوف کر کے خفیف گل حکمت کر دینے کے بعد دو سیر صحرائی اُپلوں کے انگاروں میں دفن کریں۔ جب راکھ بالکل سرد ہو جائے تو نکالیں جائفل اور افیون کو کھرل میں ڈال کر یک جان کریں اور قدرے شہد ملا کر بقدر دانہ موٹھ گولیاں بنائیں بوقت ضرورت ایک گولی ایک گھنٹہ پیشتر استعمال کریں۔ زبردست ممسک اور مقوی باہ ہے۔

حکیم شہزادہ غلام محمد!

زنحیر البواسیر اور پیٹ کی ریاحی امراض کی لاجواب دوا

نسخہ۔ ریوند خطائی۔ سونٹھ۔ میٹھا سوڈا یعنی سوڈا بائیکارب برابر لے کر ہر ایک دوا علیحدہ علیحدہ کوٹ پیس کر آپس میں ملا لیں اور ایک سے دو ماشہ تازہ پانی کے ساتھ دیں۔

فوائد۔ پیٹ کی تمام ریاحی امراض پیٹ درد زنحیر البواسیر بھوک کی کمی وغیرہ کے لئے اکسیر صفت ہے۔

حکیم سید محمد اسد علی صاحب ایم' آر' اے' ایس (لندن)
ایف ٹی ایس آنریری مجسٹریٹ جودھپور

حب اکسیر سینہ

نسخہ۔ سونٹھ ۶ ماشہ مرچ سیاہ ۶ ماشہ پیپل خورد ۶ ماشہ ملیٹھی مقشر ۶ ماشہ کاکڑا سنگی ۶ ماشہ جوا کھار اصلی ۶ ماشہ گوند ببول ۶ ماشہ جاوتری ۶ ماشہ سہاگہ چوکیہ بریاں ۶ ماشہ لونگ ۶ ماشہ شنگرف سے نکالا ہوا پارہ اور گندھک آملہ سار کی کجلی ا تولہ بچھناک مصفے ا ایک تولہ منسل ا ایک تولہ عنبر اشہب

۶ ماشہ ان سب دواؤں کو سرمہ کی طرح پیس لیں۔ پھر جوار کے دانے کے برابر گولیاں بنالیں اور ایک یا دو گولیاں پان میں رکھ کر کھلائیں یا شہد اور ادرک کے پانی میں ملا کر چٹائیں۔
فوائد۔ یہ گولیاں ہر قسم کی کھانسی کے لئے اکسیر ہیں۔ ضیق النفس کو جڑ سے دور کرتی ہیں۔ دمہ اور کھانسی چاہے کتنی ہی مدت کی ہو اس کے استعمال سے بیخ و بن سے جاتی رہتی ہے

اکسیر ناصور

نسخہ۔ رال ۲ تولہ سفیدہ کاشغری ۴ ماشہ موم سفید ۴ تولہ سیندور ۴ ماشہ روغن کنجد ۵ تولہ کمیلا ۶ ماشہ مردار سنگ ۶ ماشہ شراب عمدہ ۵ تولہ پہلے روغن کنجد کو گرم کر کے جھاگ دور کریں۔ پھر اس میں موم کو پگھلائیں اور ساتھ ہی رال کو ڈال کر ملائیں اس کے بعد سب دواؤں کو خوب باریک پیس کر تیل میں ڈال دیں اور ہلکی آنچ دے کر اتار لیں اور تھوڑی تھوڑی شراب اس میں ڈال کر نیم کے ڈنڈے سے ملاتے جائیں بس دوا تیار ہے حسب ضرورت لگائیں۔
فوائد۔ ہر قسم کا ناصور خواہ کسی جگہ ہو اس دوا کے استعمال سے جاتا رہتا ہے۔

قاطع ذیابیطس

نسخہ۔ پوست بیضۂ مرغ ۱۰ عدد اور شنگرف رومی ایک تولہ لے کر کھرل کریں اور ٹکیاں بنا کر سنج کی کلیا میں رکھیں پھر عمل حکمت

کر کے ۲۵ سیر کنڈوں کی آنچ دیں۔ جب آگ ٹھنڈی ہو جائے تو دوا کو نکال کر باریک پیس لیں۔ پھر اس میں اقاقیا ایک تولہ کشتہ سہ دھاتا ۶ ماشہ۔ کشتہ فولاد خالص ۶ ماشہ طباشیر کبود ۱۱ ماشہ تخم حماض ۹ ماشہ ملا کر محفوظ رکھیں اور ہر روز صبح و شام دو تین رتی یہ دوا ہمراہ مکھن و شیرہ مغز بادام ۷ دانہ استعمال کریں۔

فوائد۔ یہ دوا ہر قسم کے ذیابطیس کے لئے بہت مفید ہے نوے فیصدی مریضوں کو اس سے فائدہ ہوا ہے۔

جناب حکیم اکبر حسین صاحب الہ آبادی

حب بواسیر خاص

بواسیر کا بہترین علاج ہے جو صاحب اس امر کے شاکی ہیں کہ بواسیر جاتی نہیں وہ ضرور اس نسخہ کو بنا کر تجربہ کریں۔ انشاء اللہ ہمیشہ کے لئے اس موذی مرض سے نجات ملے گی۔

نسخہ۔ گندھک آملہ سار مصفے اسوت مصفے امغز ریٹھ جوا کھار ہر ایک ایک تولہ مغز تخم نیب مغز تخم بکائن ہر ایک ڈیڑھ تولہ کشتہ سونا مکھی ۹ ماشہ سب دواؤں کو باریک کر کے ڈیڑھ پاؤ مولی کے پانی اور پاؤ بھر گوکھرو بند کے پانی میں کھرل کر کے ۵۔۵ رتی کی گولیاں بنالیں اور ہر روز ایک ایک گولی علی الصباح ایک چھٹانک مکھن میں رکھ کر نگل جائیں۔

فوائد - یہ دوا ہر قسم کی بواسیر کے لئے اکسیر ہے چالیس دن کے استعمال سے پورا فائدہ ہوجاتا ہے۔

دوائے خنازیر

نسخہ - مردار سنگ - مائیں - مازو - لونگ - سرمہ سیاہ - افیون - زنجبیل - جائفل - زعفران - سب دوائیں ہموزن لے کر باریک کرلیں پھر چھواروں کی گٹھلیاں نکال کر ان میں یہ دوا بھر دیں اور دھاگہ سے مضبوط باندھ کر چھواروں کو گھی میں بھونیں پھر چھواروں میں سے دوا کو نکال کر شیشی میں رکھیں خوراک دو رتی سے چار رتی تک مکھن میں ملا کر صبح و شام مریض کو کھلائیں
فوائد - اس اکسیری دوا کے استعمال سے خنازیر جیسی ہٹیلی اور نامراد مرض شرطیہ دور ہوجاتی ہے۔

اکسیر سل ودق

نسخہ - کہربا شمعی تین تولہ سنگ جراحت ۲ تولہ سرمہ سفید ۱ تولہ تینوں چیزوں کو سوا پاؤ گدھی کے دودھ میں کھرل کرکے قرص بنالیں - اور انھیں سکورہ میں رکھ کر گل حکمت کریں اور پانچ سیر اپلوں کی آگ دیں اس کے بعد ٹکیوں کو نکال کر سوا پاؤ گدھی کے دودھ میں کھرل کرکے آگ دیں یہ عمل چھ بار کرنا چاہیئے پھر دوا کو برگ بانسہ کے پانی میں کھرل کرکے اپلوں کی آگ دیں یہ عمل کرنا چاہیئے اس کے بعد دوا کو نکال کر اس میں کافور تین تولہ مازو تین تولہ کاچنی دھڑیا مٹی ½ ۱ تولہ پیس کر شامل کردیں اور چار رتی یہ دوا شربت اعجاز میں ملا کر صبح دوپہر اور شام کے وقت مریض کو چٹائیں اگر مریض

کمزور ہو تو ایک خوراک میں دو چاول مروارید سائیدہ شامل کر دینے چاہئیں
فوائد۔ سل کا مریض اگر سیروں بھی خون تھوک رہا ہو تو اس دوا کی دو تین خوراکیں ہی اس کو روک دیتی ہیں چند دن میں پھیپھڑے کی حالت درست ہو جاتی ہے۔ بخار بھی جلد رفع ہو جاتا ہے۔ میرے معمولات میں سے ہے دوا کا استعمال مریض کو مہینہ سوا مہینے تک مسلسل کرانا چاہیئے۔

حب مقوی باہ

نسخہ۔ کشتہ نقرہ ایک تولہ کشتہ فولاد دو تولہ کشتہ قلعی دو تولہ کچلہ مدبر سائیدہ ۲ تولہ سم الفار سفید خام آدھی رتی جائفل ایک تولہ جاوتری ۱½ تولہ زعفران ۶ ماشہ عنبر اشہب ۳ ماشہ مشک خالص ۲ ماشہ۔ سب دواؤں کو خوب باریک کر کے شہد میں چنے کے برابر گولیاں بنا لیں اور ایک گولی صبح ایک گولی شام گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔
فوائد۔ جلق کے لئے خاص چیز ہے جب مسکن اور مغلظ دوائیں دے کر مادہ کی اصلاح کر لی گئی ہو تو اس نسخہ کا استعمال زیادہ مفید ہوتا ہے۔

اکسیر باہ

نسخہ۔ سم الفار ایک تولہ شنگرف رومی ایک تولہ زعفران خالص ایک تولہ زردی بیضہ مرغ ۲۷ عدد سب دواؤں کو خوب کھرل کر کے ایک ایک زردی بیضہ مرغ اس میں شامل کریں پھر سب دواؤں کو پانچ سیر گائے کے دودھ میں حل کر کے آگ پر پکائیں۔ جب دودھ جل کر

ایک حصہ باقی ہو تو دودھ کو آگ پر سے اتار کر ٹھنڈا کر لیں اور دو تولہ فانسفورس ملا کر رکھیں پھر جنامن دے کر شام کو بند کر دیں اور صبح بلو کر روغن حاصل کریں اور فی تولہ روغن میں دو رتی مشک حل کریں۔ خوراک ۳ سے ۶ قطرے تک مکھن میں ملا کر۔

فوائد۔ اس اکسیر کا اگر دو ہفتے بھی استعمال کر لیا جائے تو خاطر خواہ نتیجے برآمد ہوتے ہیں۔ عام جسمانی تقویت کے مادہ باہ کو قوت دینے میں عجیب و غریب ہے۔

معجون مقوی بادشاہی

نسخہ۔ شقاقل مصری ثعلب مصری ہر ایک دو تولہ تخم شلغم۔ تخم پیاز۔ تخم گندنا۔ تودری زرد۔ تودری سفید بہمن سفید بہمن سرخ موصلی سیاہ موصلی سفید۔ موصلی سیمبل دارچینی زنجبیل بے ریشہ۔ کلیجن۔ ستاور تخم ہالون تخم گزر ہر ایک ایک تولہ بیج بند، تالمکھانا۔ گوند ڈھاک ہر ایک ۹ ماشہ سب چیزوں کو کوٹ چھان کر خوب باریک کریں۔ مغز۔ بادام شیریں مغز۔ اخروٹ مغز۔ فندق۔ کنجد سفید مقشر ہر ایک ۵ تولہ مغز۔ چلغوزہ مغز۔ پستہ ہر ایک ۲ تولہ۔ مغزیات کو خشک پیس لیں پھر سب چیزوں کو تین پاؤ شکر خالص کے قوام میں ملا کر رکھیں اور ایک ایک تولہ صبح و شام دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

فوائد۔ اس معجون سے نامرد مرد بن جاتا ہے۔ جملوق و سست میں بھی از سر نو جان پڑ جاتی ہے۔ تندرست اگر چند روز استعمال کر لے تو زندگی کا لطف دوبالا ہو جاتا ہے۔ نواب صاحب اودھ کی بیاض کا نسخہ ہے۔

طلائے نایاب

نسخہ۔ کچلہ۔ نک چھکنی۔ عقرقرحا۔ بیٹھا تیلیہ۔ گھونگچی سفید۔ تخم دھتورہ سیاہ دارچینی۔ لونگ۔ جائفل۔ زعفران۔ جاوتری۔ سونٹھ ہر ایک ۱½ ماشہ سم الفار سفید ایک تولہ۔ پوست بیخ کنیر سفید ۳ تولہ ۹ ماشہ۔ سب دواؤں کو باریک کرکے گائے کے چھ سیر دودھ میں جوش دے کر جمادیں اور صبح بلو کر مکھن نکالیں اور گھی بنا کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

فوائد۔ یہ طلا نہایت مجرب ہے۔ شائقین اس کو ضرور آزمائیں۔

حکیم سید علی اکبر آزاد۔ چاندپور۔

مقوی معدہ و جگر

پرانی آبادی کے نشانات میں اکثر جھانوے ملا کرتے ہیں یہ چیز اینٹ اور پتھر کی درمیانی شے ہے یعنی نہ پتھر ہے نہ اینٹ بلکہ ایک چیز اینٹ سے زیادہ سخت اور پتھر سے نرم ہے اس کو ہمارے یہاں جھانوہ کہتے ہیں۔ جھانوہ مذکور جس قدر بھی ہو کل اولاً سرکہ خالص میں سو مرتبہ بجھا دیں۔ پھر گائے کے پیشاب میں سو مرتبہ بجھائیں اور تین دن تک کسی حوض یا تالاب میں ڈال دیں بعدہ سکھا کر باریک پیس لیں دوا تیار ہے۔ رنگ ہینی ضعف معدہ۔ ضعف جگر یرقان وجبرہ میں دو ماشہ

صبح دو ماشہ شام دہی یا چھاچھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

برائے جریان

نسخہ۔ جنگلی کبوتر کی بیٹ ۔۔ مارکا کوٹلہ تیار کریں اور دو سیر پانی میں اچھی طرح تین چار جوش دیں اور پانی پھینک دیں۔ دوبارہ پھر جوش دیں۔ غرض تین مرتبہ یہ عمل کریں۔ پھر سایہ میں خشک کر کے باریک پیس کر رکھ لیں۔ خوراک تین ماشہ ہمراہ آب تازہ جریان کے لئے اکسیر ہے۔

ضماد مقوی باہ

نسخہ۔ ہینگ خالص آب ادرک میں حل کر کے عضو مخصوص پر ضماد کریں اور اوپر بکری کے گوشت کا قیمہ نیم گرم باندھیں صبح کھول دیں مقوی اعصاب مسمن و مصلب ہے۔

حکیم سید علی کوثر صاحب سند و تمغہ یافتہ آصفیہ میڈیکل کالج بھوپال

برائے موتی جھرہ

نسخہ۔ دارچینی۔ قرنفل۔ لباسہ زعفران مساوی لے کر سنکھاہولی (مشہور بوٹی ہے) کے پانی میں ہلیلہ کلاں سے گھس کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں

دن میں تین گولیاں دو دو گھنٹے کے بعد عرق گاؤزبان کے ہمراہ دیں۔ مریض کیسی ہی مایوس حالت تک کیوں نہ پہونچ چکا ہو۔ ایک ہی دن میں رُو بہ افاقہ ہو جاتا ہے۔

برائے امراض چشم

نسخہ۔ نیلا تھوتھا ۶ ماشہ کاٹ سفید ۶ ماشہ ہلیلہ سیاہ ا تولہ باریک پیس کر عرق لیموں کاغذی ۱۴ عدد میں کھرل کریں اور شیاف یا گولیاں بنا کر محفوظ رکھیں بوقت ضرورت سرد پانی میں گھس کر آنکھوں میں لگائیں جملہ امراض چشم کے لئے بہترین دوا ہے۔

حکیم خواجہ عبد القادر صاحب شفادار الصحت مخزن الشفا حیدرآباد دکن

طلاء قطب شاہی

نسخہ۔ روغن زیتون ۵ تولہ روغن کنجد ۵ تولہ لونگ ۲ تولہ دارچینی ۲ تولہ خراطین صاف شدہ ۲ تولہ آلائش شکم۔ کیکڑا ایک عدد ان سب کو ایک دن اور ایک شب ہر دو روغن میں ڈال کر رکھیں اور دوسرے روز گرم کریں تاکہ سرخ ہو جائے اس وقت اتار کر چھان کر شیشی میں محفوظ رکھیں اور بوقت ضرورت تھوڑا سا لے کر حشفہ و سیون چھوڑ کر طلا کریں تاکہ جذب ہو جائے اور صبح و شام ایک ہفتہ لگاتے رہیں ترش و بادی اشیاء و جماع سے پرہیز کریں نہایت لاجواب طلا ہے کئی بار آزمایا گیا ہے۔

فاضل الاطباء حکیم محمد مسیح الزماں صاحب انصاری (جامعی)

حبِ جُند

نسخہ۔ جند بیدستر۔ کندر۔ صبر زرد ہر ایک مساوی باریک کرکے رابطہ شہد سے دانہ خشخاش سی گولیاں تیار کریں۔
استعمال۔ ننھے بچوں کو ایک گولی شیر مرضعہ کے ساتھ دیں اور بڑے دن کو ۲۔۳ گولیاں ماء العسل یا آب تازہ کے ہمراہ دیں۔ صرع۔ ام الصبیان برودت اعصاب تشنج اور بلغمی امراض کے لئے لاجواب اثر رکھتی ہیں۔

سفوف کرشمہ

نسخہ۔ پھٹکری سرخ بریاں۔ مغز تخم لیموں مساوی آب کریلہ سبز میں آٹھ پہر کھرل کرکے سرمہ بنالیں۔
استعمال۔ صرع کے مریضوں کو بطور نفوخ انف الغزہ میں آب گرم کے ساتھ ایک ایک ماشہ کی چند خوراکیں دیں نیز بخاروں میں بطور سرمہ لگائیں۔ نیز دھند۔ غبار اور سرخی کو بھی زائل کرنے میں ازبس مفید ہے۔

حبِ مسیحی

نسخہ۔ جدوار خطائی۔ صبر سقوطری پپینہ ولائتی ہموزن باریک

پیس کر قرنفلی گولیاں بنالیں
استعمال ۔ ۲-۲ گولی صبح شام اور دوپہر کو دیں ذات الریہ اور ڈبہ اطفال میں مجرب و معمول ہے ۔ نیز ملیریا ۔ طاعون ۔ میعادی بخار غرض تمام قسم کے بخاروں میں بھی فائدہ مند ہے ۔ بڑی خوبی یہ ہے کہ اگر حالت بخار میں ایک ایک گھنٹے کے دقفہ سے ۲-۲ گولیاں دیں تو بخار بھی اتر جاتا ہے اور قلب بھی متاثر نہیں ہوتا

حب سیمیں

نسخہ ۔ ورق نقرہ طباشیر کبود ۔ ست گلو دانہ الائچی خورد زہر مہرہ خطائی ہر ایک ایک تولہ عرق گلاب دو آتشہ کے ساتھ چار پہر کھرل کر کے ایک ایک رتی کی گولیاں بنالیں ۔
استعمال ۔ تپ دق اور جملہ حمیات میں مناسب بدرقہ کے ساتھ دیں ضعف قلب ضعف جگر اور خریان میں بھی نافع ہے ۔

حَبّ دمہ

نسخہ ۔ زنجبیل بے ریشہ فلفل سیاہ ۔ دار فلفل ۔ نوشادر نمک لاہوری ہر ایک ۳ تولہ حلتیت ½ تولہ سب کو باریک پیس کر نخودی گولیاں بنالیں
استعمال ۔ روزانہ ایک ایک گولی صبح و شام کھلائیں ۔ شفا بخشی میں اعتماد کی چیز ہے ۔

عرق مفرح خاص

نسخہ ۔ گل سرخ مصفےٰ ۔ گاؤزباں ہر ایک ۲۰ تولہ ۔ قرنفل ۔ گل گاؤزباں

ہر ایک ۲ تولہ برگ تنبول سبز ۱۰۰ عدد عرق گلاب ½ ۱ سیر مشک خالص ۲ ماشہ بدستور عرق کشید کریں۔

استعمال - تقویت اعضائے رئیسہ و شریفہ اور تفریح کے لئے بے مثل ہے جنون وسواس اور مالیخولیا کے لئے خاص شئے ہے مقدار خوراک صرف ایک تولہ

اکسیر ہاضم

نسخہ - زنجبیل ۲ تولہ اجوائن دیسی فلفل سیاہ سوڈا خوردنی ہر ایک ۲ تولہ ناگرموتھا۔ نمک لاہوری۔ قشر لیموں ہر ایک ۵ تولہ دار فلفل۔ لونگ ہر ایک ۶ ماشہ بدستور سفوف تیار کریں۔

استعمال - نظام انہضام کے تمام امراض حتےٰ کہ تخمہ و ہیضہ میں بھی ۳ ماشہ تک دیں اکسیر صفت اور مجرب دوا ہے۔

تریاق ہچکی

نسخہ - پوست ہلیلہ زرد۔ دار فلفل کلاں ہموزن باریک پیس کر رکھیں۔

استعمال - ایک ایک ماشہ کی صرف چھ خوراکیں آب سرد کے ساتھ دیں بڑی عجیب شئے ہے۔ ہر قسم کی ہچکی اس کے استعمال سے دفع ہو جاتی ہے خوبی یہ کہ صرف ایک روز کے دینے سے مریض تندرست ہو جاتا ہے اور کسی اور دوا کے استعمال کرانے کی حاجت نہیں رہتی۔

حبوب کالی کھانسی

نسخہ۔ افیون خالص رب السوس گوندکیکر نشاستہ گندم برابر وزن لے کر پانی کے ذریعہ موٹھ کے برابر گولیاں بنائیں اور ایک سال سے دو سال کے بچے کو ایک گولی اگر خوب طاقتور ہو تو دو گولی صبح و شام اور دو سال سے چار سال کے بچے کو دو گولی سے تین گولی صبح و شام چار سال سے آٹھ سال کے بچے کو تین سے چار گولی پانی سے صبح و شام دینا چاہیئے۔

حبّ طحال

یہ گولیاں پرانے سے پرانے طحال کو بھی بہت جلد دور کر دیتی ہیں اس کی خوبی اور فائدہ اس کے اجزاء سے ہی بخوبی عیاں ہے انشاء اللہ جو آزمائے گا خوش ہو جائے گا۔ خاص صدری نسخہ ہے۔

نسخہ۔ نوشادر ا تولہ پھٹکڑی ا تولہ سہاگہ ا تولہ توتیا سبز ا تولہ نائٹرک ایسڈ یعنی شورہ کا تیزاب ۲ تولہ شورہ ا تولہ پہلے تمام ادویہ کو جدا جدا باریک پیس کر کسی مٹی کے برتن میں ڈال دیں۔ اور ادویات پر چھاچھ غلیظ یعنی گاڑھی لسی ڈیڑھ سیر ڈال دیں اور پھر تیزاب ڈال کر نظر کریں تمام دوا خوب پکنے لگے گی اوپر کوئی ڈھکن وغیرہ دے کر مکان کی چھت پر رکھ دیں اور پورے اکیس روز کے بعد جو کچھ برتن میں سے نکلے نے کر

خوب ملاکر پیسیں اور جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں خوراک ایک گولی بوقت
صبح تازہ کنوئیں کے پانی سے دیں انشاء اللہ چند روز میں پورا پورا فائدہ ہوجائیگا

برقین

جو کہ قوت باہ کو بڑھانے اور امساک طبعی پیدا کرنے میں مسلمہ تریاق ہے
نسخہ۔ سیماب مصفے ۱ تولہ ورق نقرہ ۶ ماشہ ورق طلا ۶ ماشہ افیون خالص
۱ تولہ سم الفار ۱ تولہ شنگرف مصفے ۱ تولہ سفوف مروارید خالص ۱ تولہ
پہلے سیماب کو پختہ عمدہ نہ گھسنے والے کھرل میں ڈال کر ایک ایک ورق باری
باری سے ڈالتے اور کھرل کرتے جائیں حتےٰ کہ تمام ورق نقرہ و طلا ختم
ہوجائیں بعدہ سفوف مروارید ملاکر چھ گھنٹہ کھرل کریں۔ پھر سفوف
شنگرف مصفے شامل کرلیں۔ پھر سفوف شنگرف مصفے شامل کریں اور
ایک یوم سالم کھرل کریں بعدازاں سفوف سم الفار ملاکر ایک دن کھرل
کریں آخر میں افیون ملائیں اور اس سارے مرکب کو پندرہ دن متواتر
کھرل کریں پس بجلی کا سا اثر رکھنے والی اکسیر تیار ہے۔ کسی نہایت صاف
و شفاف عمدہ شیشی میں ڈال کر احتیاط سے رکھیں محنت زیادہ ضرور کرنی
پڑتی ہے مگر چیز ہے عجیب۔

ترکیب استعمال۔ ایک چاول سے ۲ چاول تک ہمراہ مکھن۔ ملائی
یا معجون فلاسفہ دیا کریں۔

فوائد پہلے جریان احتلام کا علاج کرکے اس دوا کا استعمال کرنا بے حد
مقوی باہ ثابت ہوتا ہے۔ مقوی باہ ہونے کے باوجود ممسک بہت ہے
ذیابیطس کے لئے اکسیر سے کم نہیں مگر اس کے ساتھ دودھ گھی کا زیادہ استعمال

کرنا چاہیئے۔ نیز اس دوا کو محض موسم سرما میں ہی استعمال کرنا چاہیئے موسم گرما میں اس کا استعمال نقصان دہ ثابت ہوگا۔

حکیم شیخ غلام محمد صاحب چشتی نظامی راولپنڈی (پاکستان)

اکسیر العین

نسخہ۔ کوڑیاں سفید خوردہ ۵ تولہ کسی پتھر یا مٹی کے برتن میں ڈال کر اوپر آتنا رس لیموں کا ڈال کر جو کہ کوڑیوں سے دو انگشت اوپر رہے برتن کا منہ کپڑے سے بند کر دیں تاکہ گرد و غبار سے محفوظ رہے دو ہفتے کامل دھوپ میں رکھ کر ہر روز لکڑی سے ہلا دیا کریں کوڑیاں عرق لیموں میں حل ہو کر مل جائینگی بعدازاں چینی سپچی ۲ تولہ سیپی سفید (جو کہ ہاتھ کے دبانے سے باریک ہو جاتی ہے) ۲ تولہ سرمہ سفید ۲ تولہ سرمہ سیاہ ۲ تولہ شاخ مرجان اتولہ قلمی شورہ اتولہ نمک شیشہ اتولہ آب زہرہ بز ۲ عدد سمندر جھاگ اتولہ فلفل دراز ۱۰ ماشہ کوڑیاں زرد سوختہ اتولہ جملہ ادویہ کو آب زہرہ در رس لیموں (جس میں کوڑیاں شامل ہیں) کھرل میں ڈال کر کھرل کریں جب وہ پانی خشک ہو جائے تو ایک پاؤ عرق کھنگل بوٹی اور ایک پاؤ آب درخت سرس خشک کریں پس سرمہ تیار ہے شیشی میں محفوظ رکھیں اور دو دو سلائیاں ہر روز آنکھ میں لگائیں اکثر امراض چشم کے لئے مفید و مجرب ہے۔

اکسیر بخار

نسخہ ۔ کبرد انولہ نوشادر ۲ تولہ نلمی شورہ ۲ تولہ مغز کرنجوہ ۸ تولہ جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں اور بند شیشی میں محفوظ رکھیں بوقت ضرورت ارتی سے ۴ رتی تک مناسب بدرقہ کے ساتھ کھلانے سے اگر بخار چڑھنے سے پہلے کھلادیں تو نوبت کو روک دے گا۔ اور اگر بخار کی حالت میں دیں تو پسینہ لاکر بخار کو اتار دے گا انشاء اللہ تعالےٰ۔

اکسیر باہ

نسخہ شنگرف رومی اتولہ آب پیاز ۱۰ تولہ میں کھرل کریں اور گولی بناکر ایک کنجشک نر صاف شدہ کے پیٹ میں ڈالکر سی دیں ایک پاؤ گھی خالص میں سُرخ کریں۔ بعدازاں ہاون دستہ میں شنگرف مع گوشت خوب باریک پیس لیں اور ایک چھٹانک آب پیاز اور خشک کریں جب خشک ہونے پر آئے تو مندرجہ ذیل ادویہ شامل کریں اور قدرے شہد ملاکر چار چار رتی کی گولیاں بنالیں بوقت ضرورت حسب طاقت برداشت مریض ایک گولی سے چار گولی تک ہمراہ شیر گاؤ کھلائیں اور قدرت الٰہی کا مشاہدہ کریں۔ زعفران عمدہ ایک تولہ جاوتری اتولہ جائفل ۵ دانے ستاور ایک تولہ موصلیس ۲ تولہ افیون خالص اماشہ کشتہ سم الفار سفید اماشہ

حکیم محمد فضل الٰہی صاحب اکمل صدیقی سیالکوٹ

کحل معمول

آنکھوں کی تمام امراض مثلاً ضعف بصر۔ غبار۔ دھند جالا اور رمد چشم کا شافی علاج ہے۔

نسخہ۔ کشتہ جست ۴ تولہ شب یمانی شگفتہ ۲ تولہ سرمہ سیاہ ۲۵ تولہ مرجان سوختہ ۱ تولہ صدف کلاں سوختہ ۱ تولہ نبات سفید کشمیری ۱ تولہ ورق نقرہ ۲۲۰ عدد عرق گلاب و عرق بادیاں عمدہ حسب ضرورت میں خوب کھرل کھرل کر کے مثل غبار کر لیں اور محفوظ رکھیں ایک دو سلائی صبح و سلائی صبح و شام استعمال کریں۔

ضعف بصر اگر دماغی کمزوری کی وجہ سے ہو تو اس سرمہ کے ساتھ مقویات دماغ مثلاً اطریفل اسطوخودوس خمیرہ گاؤزبان عنبری کشتہ مرجان جواہر والا کا متواتر استعمال کریں۔

اکسیر قلب

تبخیر اور اس سے لاحق شدہ عوارضات کے لئے مجرب اور زود اثر دوا ہے۔ ضعف قلب تبخیری کے لئے خاص طور پر مفید ہے دور حاضرہ کے نئے مرض ہائی بلڈ پریشر جو تہذیب جدید کے گرویدہ حضرات اور امیر طبقہ کے لئے وبال جان بنا ہوا ہے کے لئے لاثانی اور تیر بہدف دوا

نسخہ۔ آملہ مقشر ۸ تولہ کشنیز خشک ۸ تولہ گاؤزباں ۸ تولہ صندل سفید ۴ تولہ گل سرخ ۴ تولہ گل سرخ ۴ تولہ بہمن سفید ۴ تولہ دانہ الائچی خورد ۲ تولہ طباشیر ۲ تولہ زہر مہرہ خطائی ۲ تولہ پوست نارنج ۱ تولہ قند سفید ہموزن ادویہ
ترکیب استعمال۔ ایک ماشہ سے ۳ ماشہ تک عرق گاؤزباں یا عرق کیوڑہ یا آب سادہ سے استعمال کریں۔

دوائے سنگ

سنگ گردہ و مثانہ اور سوزش بول کے لئے اکسیر الاثر پایا گیا ہے
نسخہ۔ سنگ سرماہی ۱ تولہ سنگ یہود ۱ تولہ کباب چینی ۱ تولہ شورہ قلمی ایک تولہ جوکھار ۱ تولہ دانہ الائچی خورد ۱ تولہ قند سفید ۳ تولہ کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔
ترکیب استعمال۔ تین ماشہ کی مقدار میں شربت بزوری یا لسی اور مدر یدرقہ سے استعمال کریں۔

سفوف جریانت

مغلظ و مقوی ہے جریان کو زائل کرتا ہے درد کمر کو مفید ہے
نسخہ۔ اسگندھ ناگوری ۲ تولہ موصلی سفید ۲ تولہ خارخسک ۲ تولہ نخود بریاں ۲ تولہ قند سفید ۸ تولہ باریک کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں اور ۷ ماشہ سے ۱ تولہ تک روزانہ ہمراہ شیر بادہ گاؤ استعمال کریں۔

دوسرا باب

ماہر فن ویدوں کے اکسیری تجربات

راج وید پروفیسر شیو شرما آیورویداچاریہ سابق پریذیڈنٹ آل انڈیا وید مہا سمیلن

حب استسقاء

نسخہ تخم سہانجنہ خوب باریک پیس کر شیر زقوم میں تر کرکے کھرل کریں اور حب بقدر نخود بنائیں خوراک ایک سے دو گولی ہمراہ عرق مکو۔
فوائد جلودھر کے لئے اکسیر نسخہ ہے۔
نوٹ۔ نمک بند رکھیں پانی کی بجائے عرق مکو وغیرہ پلائیں
غذا۔ صرف دودھ گائے۔

پتر داتا

نسخہ۔ میور پنکھ کی ایک چوٹی کو کتر کر چودہ ماشہ دانہ دار کھانڈ کے ہمراہ باریک پیس لیں اور پھر اس تمام دوا کی سات پڑیاں بنالیں۔

طریقہ استعمال۔ حمل ٹھہرنے کے دوسرے تیسرے ماہ کے درمیان سات دن مذکورہ پڑیاں گائے کے دودھ کے ہمراہ استعمال کرائیں شرطیہ لڑکا ہوگا۔

ویدبھوشن بھشک کیسری پنڈت گوردھن شرما چھانگانی

سابق صدر اکھل بھارت ورشیہ ویدسمیلن

دمہ ناشک

یہ دمہ کی نہایت مجرب دوا ہے۔ اجزاء بالکل معمولی لیکن فوائد میں بے نظیر ہے کم خرچ بالانشیں کی مثال اس پر صادق آتی ہے۔ کئی بار بنا کر آزمائش کی ہر مرتبہ امید سے بڑھ کر فائدہ ہوا کئی ویدوں نے پچاسوں مریضوں پر آزمانے کے بعد اس کی تصدیق کی۔ غرضیکہ یہ ایک قابل قدر اور مایۂ ناز نسخہ ہے۔

نسخہ۔ پوست ہیڑہ عمدہ ایک پاؤ دو تولہ نوشادر۔ دیسی بریاں ایک تولہ

سونا گیرو ۱۰ ماشہ یہ ان تینوں دواؤں کا سفوف بنا دیں اور باریک کپڑچھان کر کے محفوظ رکھیں پس دوا تیار ہے

مقدار خوراک و ترکیب استعمال تین تین ماشہ کی مقدار میں اسے خالص شہد میں ملا کر صبح و شام مریض کو چٹائیں یہ دوائی کچھ دن استعمال کرنے سے دمہ و کھانسی کے مریض بلاشک و شبہ پرماتما کی کرپا سے بالکل صحیاب ہو جاتے ہیں۔

نوٹ۔ اس کے استعمال سے پیشتر مریض کو کسی مناسب دوا سے ضرور قے و دست کرا دینے چاہئیں تاکہ ہوائی نالیوں کی غلیظ بلغم اور انتڑیوں کا غلیظ مواد پیٹ کی صفائی کا ضرور خیال رکھنا چاہیئے۔

پران آچاریہ وئیدرتن کویراج پرتاپ سنگھ آیور وئید مارتنڈ

سابق صدر آل انڈیا آیوروید کانفرنس

کشٹ روگ دکوڑھ کیلئے مجرب نسخہ

نسخہ۔ گندھک آملہ سار۔ پارہ۔ ہڑتال ورقیہ۔ مینسل۔ سنکھیا سفید دار چکنا۔ رسکپور ہر ایک ۱ تولہ اول پارہ و گندھک کو خوب کھرل کر کے کاجل کی مانند بنائیں اور بقیہ پانچوں اشیا کو نہایت باریک پیس کر کجلی میں ملائیں اور گھیکوار کے رس میں خوب کھرل کر کے اکی ساگولیاں بنائیں

اور اُن کو سایے میں خشک کرکے ایک زندہ کالے ناگ میں جس کا زہر خارج نہ کیا گیا ہو کسی سپیرے سے بھروا ئیں اور اُسے زندہ حالت میں ہی کپڑ مٹی کی ہوئی ہانڈی میں مضبوطی سے بند کرکے چولہے پر چڑھائیں اور برابر آٹھ پہر یعنی ۲۴ گھنٹے تیز آگ جلاتے رہیں بعد ازاں ٹھنڈا ہونے پر ہانڈی کو کھول کر نہایت احتیاط سے بھسم نکال لیں اور کسی عمدہ شیشی میں محفوظ رکھیں مقدار خوراک ایک چاول مکھن میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ واضح رہے کہ یہ دوا استعمال کرانے سے پیشتر مریض کو منضج و مسہل کرا دیں سات دن دوا استعمال کرانے کے بعد روگی کو اچھا بھیدی رس کا جلاب دیں۔ اس طرح پورے ۴۰ دن عمل کریں۔ مریض کو نمک بالکل بند کرا دیں اور جہاں تک ممکن ہو سکے صرف دودھ چاول بطور غذا دیتے رہیں چاولوں میں گھی خوب ملانا چاہیئے اس دوا سے یقیناً ہی گلنت کشٹھ روگی کو لابھ ہوتا ہے۔

پنڈت بھاگیرتھ سوامی آیوروید آچاریہ سائنشاسٹری

کام کلا چورن

نسخہ۔ ثعلب مصری۔ ستاور۔ موصلی سفید۔ گوکھرو۔ تالمکھانہ مغز۔ تخم کونچ۔ جائفل۔ مداری قند۔ چوب چینی۔ تودری سرخ۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید تودری سفید۔ تخم گاجر۔ تخم شلغم۔ جاوتری۔ کلیجن۔ بج۔ بترج۔ الائچی۔

سونٹھ ۔ مرچ سیاہ ۔ پیپل ۔ عقر قرحا ہر ایک چھ ماشہ ۔ بھانگ شدھ ہر تولہ ورق چاندی ۔ کیسر ۔ کشتہ مونگا ۔ کشتہ فولاد ۔ کشتہ قلعی اس سندھو ہر ایک ایک تولہ کستوری ۳ ماشہ تمام دواؤں کو باریک کوٹ کر چھان لیں ۔ پھر کستوری اور کشتہ جات ملا دیں ۔ خوراک ڈیڑھ سے تین ماشہ ہمراہ دودھ بوقت صبح و شام تمام امراض منی کے لئے نہایت مفید ہے ۔ جریان ۔ احتلام ۔ جریان الرحم ۔ کمزوری وغیرہ کو دور کرتا ہے منی کو گاڑھا کرتا ہے ۔

پردر ریو

نسخہ ۔ ببول کے سوکھے پھول ۔ پھٹکری بھنی ہوئی ۔ مازو پھل سبز رنگ کا اشوک کی چھال ۔ ملتانی مٹی کشتہ فولاد اعلےٰ لاجونتی کے سوکھے پتے جامن کی گٹھلی ۔ دارو ہلدی ۔ صاف کی ہوئی عمدہ رسونت کشتہ سونا مکھی ہر ایک دو تولہ جنگلی کبوتر کی بیٹ ۵ تولہ گلو کا گھن (گلو کا جوشاندہ تیار کر کے چھان لیں پھر اس کو ہلکی آگ پر اٹا کر گاڑھا کر لیں) سب دواؤں کے برابر یعنی ۷۰ تولہ ۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر کھرل میں ڈال کر کشتہ جات ملا دیں پھر گلو کے رس میں گھوٹ کر ایک ایک رتی کی گولیاں بنا کر سایہ میں خشک کر لیں خوراک ایک سے دو گولی تک چاول کے دھوئے ہوئے پانی کے ساتھ دیں اس کے استعمال سے رکت پردر حمل کا گرنا وغیرہ دور ہو جاتے ہیں جسم کے کسی حصے سے خون بہتا ہو تو فوراً بند ہو جاتا ہے ۔ سینکڑوں دفعہ کی آزمودہ دوا ہے ۔

کویراج پنڈت ہری رنجن صاحب موجمدار ایم اے بھشگاآچاریہ وائس پرنسپل طبیہ کالج دہلی ناظم اعلیٰ شعبۂ آیورویدک انچارج آیورویدک میونسپل ڈسپنسری

چنتر مکھ رس

نسخہ۔ پارہ ایک تولہ کشتہ فولاد ایک تولہ کشتہ ابرک ایک تولہ کشتہ سونا ۳ ماشہ اول پارہ وگندھک کی کجلی کریں۔ پھر مذکورہ کشتہ جات اس میں شامل کریں۔ بعدازاں گھیکوار کے رس میں اس قدر کھرل کریں کہ گولی بندھ سکے پھر ایک ایک رتی کی گولیاں بنالیں خوراک ایک گولی ہمراہ برگ تلسی بچوں کو اس کا تیسرا حصہ ہمراہ شیر مادر۔
فوائد۔ دماغی وعصبی امراض میں میرا معمول ومجرب ہے بچوں کی ہچکی میں دینا بھی بے حد مفید ہے۔ بچے کانپتے ہیں بدن اکڑ جاتا ہے دن میں کئی کئی دفعہ اس مرض کے دورے پڑتے ہیں اس مرض کے لئے یہ دوا اکسیر سے کم نہیں

رسدھ بران ایشور رس

نسخہ۔ گندھک ا تولہ پارہ ا تولہ ابرک ا تولہ ہینجی کھار ۳ ماشہ سہاگہ ۳ ماشہ

جواکھار ۳ ماشہ پانچوں نمک ۱۵ ماشہ ترپھلہ ۹ ماشہ ترکٹا ۹ ماشہ اندرجو تلخ ۳ ماشہ کالا زیرہ ۳ ماشہ چیتا ۳ ماشہ اجوائن ۳ ماشہ ہینگ ۳ ماشہ باؤبڑنگ ۳ ماشہ سویا ۳ ماشہ۔ جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر پانی میں کھرل کر کے چار چار رتی کی گولیاں بنالیں۔

فوائد۔ امراض ہیضہ اسہال جبکہ بخار بھی ساتھ ہو۔ قئے وغیرہ کے لئے بے حد مفید اور نافع ہے۔

ترکیب استعمال۔ بخار میں اسہال جاری ہوں تو زیرہ سفید بریاں پیس کر شہد کے ہمراہ اس گولی کے ساتھ چٹائیں۔ اگر قئے ہوتی ہو تو کچے چاولوں کے ایک چھٹانک پانی کے ساتھ گولی مذکور کھلانا قئے سے نجات دیتا ہے اگر اسہال کی رکاوٹ کے بعد شدید قبض ہو تو پان کے عرق کے ساتھ گولی مذکور کھلا کر اوپر سے دو گھونٹ گرم پانی پلانے سے قبض رفع ہو کر ہضم درست ہو جاتا ہے۔

سروتو بھدر رس

نسخہ۔ ابرک ۲ تولہ گندھک ۱ تولہ پارہ ۶ ماشہ کافور ۶ ماشہ ناگ کیسر ۶ ماشہ جٹا مانسی ۶ ماشہ تیزپات ۶ ماشہ لونگ ۶ ماشہ جاوتری ۶ ماشہ جائفل ۶ ماشہ الائچی خورد ۶ ماشہ گج پیپل ۶ ماشہ کوٹھ ۶ ماشہ تالیس پتر ۶ ماشہ دھائے کے پھول ۶ ماشہ دارچینی ۶ ماشہ ناگرموتھا ۶ ماشہ ہلیلہ کلاں ۶ ماشہ مرچ سیاہ ۶ ماشہ سونٹھ چھ ماشہ بلیلہ ۶ ماشہ آملہ چھ ماشہ پیپل ۶ ماشہ جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر پانی میں کھرل کریں اور دو دو رتی کی گولیاں بنالیں

فوائد۔ امراض پھیپھڑے۔ دق۔ پرانے بخار۔ کالی کھانسی وغیرہ میں

دینا بے حد مفید ہے۔ کھانسی اگر شدید ہو تو کشتہ مونگا یستو پلادی چٹنی کے ساتھ دینا فوری فائدہ کرتا ہے۔

پنچ امرت پربہٹی

نسخہ۔ گندھک ۸ تولہ پارہ ۴ تولہ کشتہ فولاد ۲ تولہ ابرک ایک تولہ کشتہ تانبا ۶ ماشہ سب سے اول گندھک اور پارے کی کجلی کر لیں اور پھر ایک آہنی کڑھچھی گھی سے چپڑ کر آگ پر رکھیں۔ کجلی مذکور اس میں ڈالیں پگھل جانے پر باقی اجزاء بھی اس میں داخل کریں

احتیاط۔ گوبر پر کیلے کے پتے بچھا کر کڑھچھی والی دوا کو اس پر پھیلا دیں کیلے کا ایک دوسرا پتہ اس کے اوپر رکھ کر کسی بیلنے سے اس قدر بیلیں کہ پپڑی سی بن جائے

ترکیب استعمال۔ خوراک ایک رتی کچے دودھ یا چھاچھ یا آب انار ۲ تولہ کے ہمراہ مریض کو کھلا دیں۔

فوائد۔ سنگرہنی۔ اسہال الدم۔ آنتوں کے ورم وغیرہ کی انتہائی حالتوں میں بے حد مفید ہے۔

پنڈت

آیورویدر ہسپتی ساہتیہ آچاریہ ویدراج پنڈت ٹھاکر دت جی

سیتارام بازار دہلی

اشمری یعنی پتھری ہر قسم کے لئے مجرب نسخہ

نسخہ۔ کلتھی ۶ ماشہ گوکھرو ۶ ماشہ کاکنج ۳ ماشہ ہر سہ کو جوکوب کرکے ڈیڑھ پاؤ

پانی میں جوش دیں اور نصف رہ جانے پر چھان کر اس کے تین حصے کر لیں صبح دوپہر شام کو پی لیں یعنی دن میں تین دفعہ کچھ عرصہ متواتر استعمال کرنے سے گردہ و مثانہ کی پتھری نیز جسم کے کسی بھی حصے کی پتھری ریزہ ریزہ ہو کر نکل جاتی ہے

مدھو میہہ یعنی ذیابیطس شکری کے لئے

مجرب نسخہ

اصلی شدھ سلاجیت سورج تاپی بقدر ۴ رتی تا ۱ ماشہ روزانہ دو وقت صبح و شام ہمراہ شال سار آدی کواتھ استعمال کرنے سے مدھو میہہ رفع ہو جاتا ہے۔ انسولین اور مینکبریے مین وغیرہ جہاں فیل ہو جاتی ہیں سلاجیت استعمال کر کے کرشمۂ قدرت دیکھیں۔

وید راج پرکاش ناتھ جی تیواڑی پردھان پنجاب پرانتیہ آیوروید منڈل جالندھر شہر

گذشتہ دنوں آپکے پاس ایک امل پت کا مریض برائے علاج حاضر ہوا جس کی عمر قریب ۲۰ سال تھی اور یہ مرض اُسے اڑھائی تین سال سے تھا اس کی حالت مندرجہ ذیل تھی خوراک کھانے کے کچھ ہی دیر بعد اسے ابکائیاں شروع ہو جاتیں اور پھر قیئیں اس انداز سے آتیں کہ وہ قیئوں کی

تکلیف سے بے کل ہو کر بے ہوش ہو جاتا تھا۔ قیئوں کا دورہ بیہوشی میں بھی ختم نہ ہوتا تھا۔ تقریباً ایک گھنٹہ تک وہ بے ہوشی کی حالت میں ہی رہتا تھا۔ اس کا پیٹ پتھر کی مانند سخت تھا اس دورہ کے بعد ۲۴ گھنٹہ تک کچھ بھی نہیں کھا پی سکتا تھا اس کے بعد ایک دو روز اس حالت میں کچھ افاقہ رہتا اور پھر تیسرے چوتھے روز وہی شکایت ہو جاتی تھی یہ مریض کبھی کبھی ۱۲ گھنٹے یا اس سے بھی زیادہ عرصہ تک بے ہوش پڑا رہتا تھا مریض کے لواحق کئی ڈاکٹروں اور وئیدوں کا علاج کرا کر مایوس ہو چکے تھے اور وہ اسے کلکتہ وغیرہ کسی بڑے ہسپتال میں لے جانے کی بابت سوچ رہے تھے۔

انھوں نے بیمار کا بغور معائنہ کیا اس کے جگر و تلی کی بھی نہایت غور و خوض سے پریکشا کی مگر کوئی خاص مرض سمجھ میں نہ آئی۔ پیٹ کے پتھر جیسے کڑا پن کے سوائے کوئی خاص چیز نظر نہ آئی مریض کو قبض کی سخت شکایت رہتی تھی پیٹ کے نچلے حصے خصوصاً انتڑیوں میں خاص طور پر کڑا پن دیکھ کر یہ نتیجہ کیا کہ مریض کی انتڑیوں میں مواد کے اجتماع سے یہ اصل پیٹ روگ پیدا ہوا ہے دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ اس سے پیشتر مریض کو بہت طرح کی مسہلہ ادویہ دی جا چکی ہیں۔ مگر ان مسہلہ ادویہ کو غور کر آپ نے سمجھا کہ وہ بالکل غلط تھیں لہٰذا مندرجہ ذیل علاج شروع کیا گیا۔

شروع میں ایک دن نربھیلا کے جوشاندہ میں کیسٹر آئل ملا کر انیما کیا گیا۔ اگلے روز نیم گرم پانی میں تیل ارنڈ ملا کر انیما کرایا گیا مگر ایک ہفتہ تک یہ عمل جاری رکھنے پر بھی کوئی افاقہ نہ ہوا۔ دوسرے ہفتہ تیل ارنڈ نصف سیر میں نمک سینڈھا تروی اور نربھلا ایک ایک تولہ نہایت باریک پیس کر ملایا گیا اور اس سے انیما کیا گیا اس سے مریض کے اندر سے بکری کی

مینگنیوں کی مانند سدّے خارج ہوئے۔ ایک دن کے وقفہ سے دوبارہ یہی عمل کیا گیا۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ قیئوں وابکائیوں کی شکایت میں کافی افاقہ ہوگیا پھر دو دن کے وقفہ سے یہی انیما دیا گیا اس سے اس کا پیٹ بالکل نرم ہوگیا اور صرف ۱۸ دن کے علاج سے مریض کو کافی آرام ہوگیا چونکہ مریض کے اندر کوئی بھی دوا کھلائی یا پلائی جانے سے نہیں ٹھہرتی تھی اس لئے ایک ہفتہ قیئوں کا زور کم ہوا تو گڑوچی آدی کواتھ۔ گلو۔ سرخ چترا کی چھال پٹول پتران کا جوشاندہ حسب دستور تیار کر کے شہد ملا کر پلانے سے ابکائیاں قیئیں اور اہل پیت دور ہو گئے۔

دوسرا تجربہ شدہ علاج

آپ کو پتھری کے مریض بہت ملیں گے آپ اُن کو صرف سادہ یوگ راج گوگل اور آروگیہ وردھنی گٹکا استعمال کرا کر کرشمۂ قدرت دیکھیں تھوڑے ہی عرصے میں پتھری ریزہ ریزہ ہو کر پیشاب کے ہمراہ باہر نکل جاوے گی۔

شری دُھرپنڈت ماباد ھاری جی شاستری آیوروید آچاریہ
پرنسپل پنج ند آیورویدک کالج اُمرتسر

سرمہ عینک توڑ

نسخہ۔ ورق سونا۔ سچے موتی۔ سرمہ شدھ۔ سر دیپیا۔ سونا مکھی شدھ۔ جست شدھ

سکہ شدھ ہر ایک ایک تولہ چ وسمہ ۳ تولہ تین بوتل سرس کے پانی میں کھرل کر کے سرمہ بنالیں اس کی ایک سلائی صبح اور ایک شام کو لگائیں متواتر لگاتے رہنے سے آنکھوں کی تمام بیماریاں دور ہو کر نظر تیز ہو جاتی ہے اور عینک کی عادت چھوٹ جاتی ہے۔

نسخہ دافع چنبل

ایک دولت مند کو اس دوا سے آرام ہوا وہ مُصر ہوا کہ نسخہ بتلادوں مگر نسخہ اس لئے نہ دیا گیا کہ بقول سعدی مرحوم علم جاہلوں کو نہیں دینا چاہیئے کیونکہ اس سے بجائے فائدے کے نقصان ہوتا ہے۔ اب آپ کی خدمت میں بلا بخل پیش کیا جا رہا ہے۔ اس نسخہ کی قیمت پانچ ہزار روپے بھی کم ہے نسخہ۔ پارہ ۲ تولہ گندھک آملہ سار ۲ تولہ مردار سنگ ۶ تولہ بابچی ۵ تولہ کتھہ ۵ تولہ انبہ ہلدی ۲ تولہ نیلا تھوتھا ۱ تولہ تیل سرسوں حسب ضرورت اول پارہ وگندھک کی کجلی بنا کر باقی ادویہ اور سرسوں کا تیل شامل کر کے پھر نیم کے ڈنڈے سے جس کے سرے پر تانبے کا پیسہ لگا ہوا ہو خوب گھوٹیں ۲۱ روز تک گھونٹنے کے بعد اکسیر مرہم تیار ہے پہلے چنبل کے مقام کو تولئے سے رگڑ کر بعد میں اس کا پتلا لیپ کریں سرسوں کا تیل زیادہ بھی ملایا جا سکتا ہے دوسرے روز نیم کے کاڑھے سے دھو کر دوبارہ لیپ کریں اس طرح لیپ کرنے سے پرانی سے پرانی چنبل دور ہو گی۔

لاہوری پھوڑے کا بغیر اپریشن علاج

نسخہ۔ جمال گوٹہ۔ ماش کی دال دھلی ہوئی۔ چڑیا کی بیٹ صاف دیسی

ہر ایک ۵۔۵ تولہ ۱۰ اتولہ باریک کرلیں۔ تھوڑا سا پانی ملا کر اس کی کاغذی بنا کر پھوڑے پر لگائیں۔ کاغذی کو اتاریں نہیں بلکہ جتنا حصہ اترتا جائے اسے کاٹتے رہیں ایک ہی کاغذی سے آرام ہوگا۔ اگر آرام نہ ہو تو دوسری لگائیں

برائے ملیریا بخار

نسخہ۔ نوشادر۔ قلعی چونا ۱۰-۱۰ تولہ۔ سرکہ گنا ۲ تولہ ملا دیں جب جوش پیدا ہو تو دو سیر عرق سونف ملا دیں اور نچلا صاف پانی لے کر رکھیں یہ پانی بمقدار دو ڈرام بخار سے پہلے دیں تو بخار نہیں ہوگا۔

حیض جاری

یہ نہایت کامیاب اور مجرب دوا ہے جب حیض نہ آتا ہو یا سیاہ خون آتا ہو۔ تب جونک کے کر دونوں اطراف سے کاٹ کر درمیانی حصہ گرم راکھ میں بھون لیں پھر اس کی تین خوراکیں بنا کر ایک خوراک گرم پانی سے دیں

دھاتو پشٹ

نسخہ۔ کیکر کی پھلیاں جن میں دانہ نہ ہو ۱۰ تولہ استاذرہ ۵ تولہ گوند کیکر چھلکا اسپغول ۳۔۳ تولہ مصری ۲۰ تولہ سب کو کوٹ کر سفوف بنا دیں۔ خوراک ۶ ماشہ ہمراہ دودھ صبح و شام دیں۔ کھٹائی تیل اچار اور جماع سے پرہیز کریں پانی جیسی پتلی دھات دہی کی طرح گاڑھی ہو جائے گی اور دھات یعنی ویرج کے جملہ نقائص رفع ہوں گے

پنڈت ہری پال جی وئید پرنسپل جی پانند آیورویدک کالج

ہچکی کے لئے رام بان

نسخہ۔ کشتہ سیسہ۔ کشتہ ابرک سیاہ۔ کشتہ مروارید۔ کشتہ تانبا۔ کشتہ فولاد ہر ایک ارتی ایک تولہ شہد میں ملا کر چٹائیں اور اوپر سے بجورا نمبو کا رس بقدر ۴ تولہ پلائیں۔ ہچکی خواہ کیسی ہی سخت کیوں نہ ہو فوراً رفع ہو جائے گی لیکن اگر اس تریاق سے ہچکی بند نہ ہو تو قابل وئید کو چاہیے کہ مزید کوشش نہ کرے اور ہچکی کو لاعلاج تصور کرے۔

کوبراج اوپندر ناتھ داس پروفیسر طبیہ کالج دہلی

پنسون پرکاش

نسخہ۔ ہاتھی دانت کا برادہ ۴ ماشہ چھوٹی الائچی کا سفوف ۲ ماشہ دیسی کھانڈ ۴ ماشہ سب کو اچھی طرح ملا کر ۴ پڑیہ بنا لیں حمل [illegible] عت کے بعد جب ڈیڑھ ماہ ہو جائے تو ایک پڑیہ صبح اور ایک شام ۶ گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں جس کا بچھڑا ہو۔ ہر ایک ہفتہ میں ۱۲ پڑیہ ختم کر دیں جن کے ہاں پہلے لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں ان کے ہاں لڑکا پیدا ہوگا

حمل کے پہلے دو مہینے کے اندر ہی یہ دوائی استعمال کی جاسکتی ہے اس کے بعد استعمال کرنے کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ کھانے کے لئے دودھ گھی مٹھائی اور پکے ہوئے پھل دیں۔ کھٹائی۔ گڑ اور گرم اشیاء سے پرہیز لازم ہے۔

پنڈت چندر شیکھر آنند ویدشاستری پروفیسر آیورویدک کالج دہلی

اجیرن انتک چورن

نسخہ۔ ہینگ بریاں۔ نمک سیاہ۔ اجوائن دیسی۔ جو کھار۔ ہڑ خورد۔ سیندھا نمک ہموزن کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔ مقدار خوراک ایک ماشہ ہمراہ آب گرم یا عرق بادیان۔

فوائد۔ پیٹ کی گڑگڑاہٹ بدہضمی اور بڑ ڈو وغیرہ کے لئے نہایت مفید ہے۔

دنت منجن

نسخہ۔ رومی مصطگی۔ لونگ بریاں ہر ایک ۵ تولہ پوست درخت مولسری گیرو ہر ایک ۱ تولہ۔ پھٹکڑی بریاں۔ کتھا سفید الائچی خورد ہر ایک چھ ماشہ کافور۔ سپاری سوختہ۔ مرچ سیاہ۔ دارچینی ہر ایک ۲ تولہ سب کا سفوف بنا کر ہر روز دانتوں پر ملیں اور ملنے کے بعد گرم پانی سے کلی کرلیں اس کے استعمال سے دانتوں کی کوئی بیماری پاس نہیں آتی۔

امل پت آتنک

نسخہ۔ سونف ایک تولہ چھوٹی ہرڑ ۴ تولہ نمک سیاہ ۲ تولہ اجوائن دیسی ۲ تولہ سفوف تیار کر لیں اور بقدر ایک ماشہ گرم دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔ اس کے استعمال سے گلے کی جلن کھٹی ڈکار آنا چھاتی کا بھاری رہنا وغیرہ بیماریاں دور ہو جاتی ہیں۔

کوبراج چھوٹے لال جین آیورویدآچاریہ

اکسیر ذیابیطس

نسخہ۔ گڑمار بوٹی ۸ا تولہ سونٹھ ۸ا تولہ برگ ببول ۸ا تولہ خستہ جامن ۸ا تولہ سلاجیت ۴ تولہ کشتہ مرجان ۸ا تولہ رس سیندور ۳ تولہ کشتہ فولاد ۲ تولہ کشتہ ابرک ۳ تولہ کشتہ سکہ ا تولہ گولر کا چھلکا خشک کیا ہوا ۵ تولہ جامن کا چھلکا خشک ۵ تولہ کونپل بیل خشک ۵ تولہ سفوف کرکے آب گھیکوار پھول کیسو۔ گڑمار گولر کے دودھ کی بیات سات بھاؤنا دیں (گل کیسو گڑمار کا جوشاندہ بنالیں) اور دو دو رتی کی گولیاں بنالیں

خوراک۔ صبح و شام ایک ایک گولی ہمراہ بدرقہ مناسبہ دہی یا دودھ کے ساتھ دیں۔

ذیابیطس کا لاجواب نسخہ

نسخہ - چندر پربھا وٹی ایک گولی، خستہ جامن دو رتی، کشتہ ابرک سفید نصف رتی، کشتہ فولاد دو چاول، کشتہ زمرد دو چاول، کشتہ بیضہ مرغ نصف رتی - سلاجیت ایک رتی، افیون نصف چاول، تمام ادویہ کو ملا کر بدرقہ شہد اسے دیں - یہ ایک خوراک کا وزن ہے -

کویراج کرشن پرشاد ترویدی بی اے آیوروید آچاریہ

کھجلی ناشک

نسخہ - ہلدی ۱ ماشہ، کالی جیری ۱ ماشہ، کالی مرچ ۱ ماشہ، پارہ ۲ ماشہ، گندھک ۴ ماشہ، دار چینی ۱ ماشہ، منسل ۴ ماشہ، ایلیٹہ کراؤنی سوفینک ۶ ماشہ، ویزلین ۸ تولہ۔ پارہ گندھک کی کجلی بنالیں اور باقی ادویہ کا بہت باریک سفوف بنا کر سب کو ویزلین میں ملا دیں۔ سب سے بعد ایلیٹہ کراؤنی سوفینک ملا دیں دوا تیار ہے۔ اسے کھجلی پر لگا کر تین گھنٹے بعد گرم پانی سے دھو ڈالیں۔ کھجلی کے لئے نہایت بہترین دوا ہے۔

راج وید کرشن دیال وید شاستری امرتسر

ہر قسم کی بواسیر کا مجرّب نسخہ

عمدہ بڑی ہرڑ کا چھلکا دس سیر پختہ منقیٰ ۵ سیر پختہ داوڑنگ ایک سیر پختہ گل مہوا ایک سیر ان ادویہ کو اڑھائی من پختہ پانی میں ڈال کر شبانہ روز بھگو دیں اور بعد ازاں کڑاہی میں ڈال کر نرم نرم آگ پر پکائیں۔ جب پانی چوتھائی حصہ رہ جاوے تو خوب مل کر چھان لیں اور عمدہ چکنے مٹی کے برتن میں ڈال دیں اور اس میں دس سیر پختہ ایک سالہ پرانا گڑ گھول دیں اور مندرجہ ذیل ادویہ کا سفوف ڈال کر زمین میں دفن کر دیں۔

گوکھرو۔ ترید سفید۔ دھنیا۔ گل دھاوا۔ اندرائن کی جڑ۔ پیلا مول کر سونٹھ۔ بیخ جانگوڑہ۔ سونف۔ موچرس ہر ایک ۱۰ تولہ خوب کوٹ پیس کر اول الذکر دوائی والے برتن میں ڈال دیں اور برتن کا منہ بند کر کے موسم گرما میں پندرہ روز کے بعد اور موسم سرما میں ایکماہ کے بعد برتن کا منہ کھول دیں اگر شیشے کے مانند ہو گیا ہو تو چھان کر بوتلوں میں بھر لیں۔ یہ مبارک دوا جہاں بواسیر کو بیخ و بن سے اکھاڑ دیتی ہے۔ ساتھ ہی دائمی قبض کی حکمی دوا ہے۔ مقدار خوراک ½ تولہ سے ۲ تولہ تک برابر وزن پانی یا عرق سونف ملا کر صبح و شام دونوں وقت کھانا کھانے کے نصف گھنٹے بعد استعمال کریں۔ ہر قسم کی بواسیر کے لئے رام بان اوشدھی ہے۔

بواسیر کے مسے دور کرنے والا لاثانی نسخہ

سنبل ۲ تولہ ریٹھے کا چھلکا ۲ تولہ ہلدی ۲ تولہ ہیرا ہیس ۲ تولہ نیلا تھوتھا ۳ تولہ سب کو گگروندے کے رس میں برابر تین چار روز تک کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں تیار کریں اور خشک ہونے پر محفوظ رکھیں حسب ضرورت باسی پانی یا گگروندے کے رس میں گھس کر مسوں پر لیپ کرنے سے چند روز میں مسے رفع دفع ہو جاتے ہیں۔

پتھری کے لئے مجرب نسخہ

ایک عمدہ کانچ کا ٹکڑا الف رر ۵ تولہ لے کر اس کو متواتر کئیس روز تک سبز کچالو بھید کے رس میں کھرل کریں۔ پھر اس کی ایک ٹکیہ بنا کر خشک ہونے پر مٹی کے سکورے میں بند کر کے بیس سیر اپلوں کی آگ میں پھونک دیں۔ اور یہ عمل تین مرتبہ کریں پھر اس میں سے بقدر نصف رتی تا ایک رتی ہم تولہ کلتھی کے جوشاندہ کے ہمراہ استعمال کرائیں مرض پتھری کے دفعیہ کے لئے اکسیر اعظم ہے

برائے درد گردہ

نسخہ۔ کنکھجورے کو برسات میں لے کر خشک کر لیں اور باریک پیس کر شیشی میں رکھ لیں ضرورت پڑنے پر چار رتی سفوف کو ایک ماشہ گڑ میں ملا کر کھلائیں فوراً ہی گردہ کا درد بند ہو جاوے گا۔

گنٹھ مالا کے لئے مجرب نسخہ

پوست درخت کچنار ایک پاؤ کچلہ۔ پوست ہرڑ ۴ تولہ پوست بہیڑہ ۴ تولہ آملہ ۴ تولہ سونٹھ۔ فلفل دراز۔ مرچ سیاہ ہر ایک ۲ تولہ پوست درخت برنا ۲ تولہ الائچی خورد۔ دارچینی۔ تیج پتر ہر ایک ۶ ماشہ سب کو علیحدہ علیحدہ نہایت باریک پیس لیں اور یکجا کر کے سارے سفوف کے برابر وزن عمدہ گوگل لے کر اس کو ہاون دستہ میں اس قدر کوٹیں کہ لیٹی کے مانند ہو جائے پھر اس میں تھوڑا تھوڑا سفوف آمیز کر کے کوٹنا شروع کریں حتی کہ کل سفوف ختم ہو جائے اور گولیاں بنانے کے قابل ہو جائے اس میں سے بقدر ایک ماشہ تا تین ماشہ۔ دو تولہ گل منڈی یا ۲ تولہ پوست درخت کچنار کے جوشاندہ کے ہمراہ استعمال سے مرض خنازیر بیخ و بن سے اڑ جاتا ہے۔

ہیضہ کا کامیاب نسخہ

پارہ مصفیٰ گندھک مصفیٰ ہر ایک ایک تولہ میٹھا تیلیہ مصفیٰ ۲ تولہ سہاگہ سفید ۹ تولہ مرچ سیاہ ۶ تولہ فلفل دراز ۱ تولہ زعفران کشمیری ۱ تولہ لونگ ۱ تولہ سونٹھ ۱ تولہ۔ اول پارہ اور گندھک کو خوب کھرل کر کے کاجل کی مانند بنائیں بعد ازاں میٹھا تیلیہ اور سہاگہ سفید ہر دو کو پانچ چھ گھنٹے خشک ہی کھرل کریں اور باقی اشیاء کو نہایت باریک پیس کر سب کو باہم ملا لیں اور برابر چھ گھنٹے تک برگ ارنڈ کے رس میں کھرل کریں اس کے بعد آگ کے پتوں کے رس میں بھی چھ گھنٹے کھرل کر کے بقدر ایک رتی گولیاں تیار کریں یہ مبارک دوا ہیضہ کی سب حالتوں میں یکساں فائدہ بخشتی ہے۔ مقدار خوراک

۲ گولی گرم پانی کے ہمراہ گھنٹہ گھنٹہ یا دو دو گھنٹہ کے وقفہ سے مریض کی حالت کے مطابق استعمال کرنے سے ہیضہ یقیناً رفع دفع ہو جاتا ہے مجرب المجرب ہے۔

تپ دق کے لیے بیش بہا اکسیری دوا

نسخہ۔ پنجا نمک میں پانی کر خوب حل ڈالیں۔ پھر اس سے سولہ گنا پانی شامل کر کے لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر ایک دن رات بھگو چھوڑیں پھر کڑاہی کو آگ پر رکھیں اور ہلکی ہلکی آگ جلائیں یہاں تک کہ پانی جل کر چوتھا حصہ باقی رہے یعنی سولہ سیر کا پانی کا چار سیر باقی رہے تو مل کر چھان لیں اور پھر دوبارہ چولہے پر چڑھا دیں اور دھیمی دھیمی آگ پر پکا دیں جب قوام افیون کے مانند غلیظ ہو جائے تو اتار لیں اور اس میں فی تولہ ۹ ماشہ کشتہ ابرک اسپاد اور ۹ ماشہ رت گھو خانہ ساز ہر سہ ادویات کو ملا کر پیس لیں اور دو دو رتی کی گولیاں بنالیں اور دو گولی سے ۴ گولی بکری کے دودھ سے صبح و شام دیا کریں۔

فوائد۔ یہ دوا تپ دق کے مریضوں کے لئے آبحیات ثابت ہوتی ہے کچھ عرصہ متواتر استعمال سے کھانسی۔ بلغم میں خون آنا۔ ہاتھ پاؤں کا جلنا کمزوری نقاہت وغیرہ شکایتیں دور ہو جاتی ہیں۔

برائے زیادتی پیشاب

نسخہ۔ جائفل۔ جاوتری۔ لونگ۔ کیسر۔ دھنیہ ہرے کے بیج۔ افیم۔ سب دوائیں ہموزن لے کر کوٹ چھان لیں اور اس پاؤڈر کے برابر شدہ سلاجیت اور

اس سے آدھی مقدار میں کشتہ فولاد ملا کر ایک سے دو رتی تک کی گولیاں بنالیں۔ صبح و شام ایک گولی گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ پہلی گولی ہی گلے سے اترکر اثر دکھلائے گی۔

ہسٹیریا کا لاجواب نسخہ

سہاگہ بریاں نصف رتی کشتہ مروارید نصف رتی کشتہ مرجان ۲ رتی کشتہ سونا ½ رتی۔ ان سب کو باہم ملا کر معجون منضج ایسی آمیز کر کے مریض کو کھلائیں اور اوپر سے مندرجہ ذیل طریق سے تیار کیا ہوا دودھ پلائیں اس کے چند روز استعمال کرنے سے ہسٹیریا کی بیماری ہمیشہ کے لئے رفع ہو جاتی ہے خصوصاً کمزوری کے باعث پیدا ہونے والا ہسٹیریا تو اس سے یقیناً دور ہو جاتا ہے دودھ ایک پاؤ پختہ پانی ایک پاؤ پختہ سفوف اسگندھ ناگوری ۶ ماشہ سفوف ستاور ۶ ماشہ سب کو باہم ملا کر نرم آنچ پر پکائیں جب پانی بالکل جل جائے اور صرف دودھ باقی رہ جائے تو اس کو چھان کر بقدر ضرورت مصری ملا کر مریض کو پلائیں اس سے ہسٹیریا دور ہو جاتا ہے۔

جلائے بودی روگ

نسخہ۔ دھائے کے پھول پانچ تولہ برگ کنول سرمہ سیاہ ملٹھی گٹھلی آم گٹھلی جامن ایسبغول دودھ تھاخ پھٹکڑی سفید۔ پوست درخت انار گولرے پھول ہر ایک ½ تولہ ان سب کو ½ سیر بکری کے پیشاب میں پیس کر لغدہ بنائیں اور اس میں ایک سیر سیاہ تلوں کا تیل اور ½ سیر گائے کا دودھ ملا کر کسی قلعی دار برتن میں ڈالیں اور نرم نرم آگ پر پکائیں جب صرف

تیل رہ جائے تو اس کو چھان لیں اس تیل میں پھایہ تر کر کے اندام نہانی میں رکھیں یا اس سے پچکاری کرائیں اس سے امراض اندام نہانی دور ہوتے ہیں۔

بانجھ پن کیلئے عجیب الاثر دوائی

نسخہ۔ مجیٹھ۔ ملیٹھی۔ کٹھ تلخ۔ پوست ہرڑ۔ پوست ہرڑ پوست بہیڑہ آملہ کھرینٹی ہر ایک ایک تولہ ستاور ۲ تولہ اسگندھ ۴ تولہ اجمود۔ ہلدی دارہلدی پھول پرینگو۔ کٹکی۔ گل کنول ببول چھال۔ مویز منقےا۔ کالونجی۔ کھیر کاکولی صندل سفید۔ صندل سرخ ہر ایک ایک تولہ ان سب کو خوب باریک پیس کر پانی کے ہمراہ گھوٹ کر نغدہ سا بنالیں اور ایک سیر پختہ گائے کا گھی ۵ سیر پختہ ستاور کا رس ۵ سیر پختہ گائے کا دودھ ان سب اشیاء کو ایک عمدہ قلعی دار برتن میں ڈال کر نرم نرم آگ پر پکائیں۔ حتےٰ کہ تمام پانی و دودھ خشک ہو جائے اور صرف گھی باقی رہ جائے اس کو نتھار کر چھان لیں مقدار خوراک ۶ ماشہ تا ۲ تولہ دونوں وقت صبح و شام گائے کے نیم گرم دودھ کے ہمراہ استعمال کریں اس کے استعمال سے مرض بانجھ پن دور ہو کر عورات یقیناً اولاد نرینہ پیدا کرنے کے قابل ہو جاتی ہے نیز اس کے استعمال سے استقاطِ حمل یا بچوں کا چھوٹی عمر میں ہی مر جانا وغیرہ عوارض رفع دفع ہو جاتے ہیں۔ مجرب المجرب ہے۔

وئید راج شری ہری دت گوتم شاستری بنگلی گھر مراد آباد

۱۹۰۹ء میں جب میں لاہور میں تھا وہاں پر نہ صرف مجھے تپ دق

ہی ہوا بلکہ ساتھ میں سل کی بیماری بھی ہو گئی ہر تیسرے دن کھانسی کے ساتھ ایک کٹوری خالص خون بھی الٹی ہو کر آ جاتا تھا اور تپ دق تیسرے درجہ کی آخری حالت میں پہونچ گیا تھا اور دونوں طرف کے پھیپھڑے خراب ہو چکے تھے۔ ڈاکٹر چرنجیو بھاردواج۔ ڈاکٹر ہیرالال اور ڈاکٹر بیلی رام وغیرہ کا علاج ہوتا رہا۔ ڈاکٹروں کی رائے تھی کہ میں ۱۵۔ ۲۰ دن یا ایک ماہ سے زیادہ زندہ نہیں رہ سکوں گا۔ یہ ۱۹۱۱ء کا سال تھا جب میں نے ڈاکٹری علاج چھوڑ کر ملک فتح چند کے مشورہ سے حکیم درگا پرشاد دہلوی کا علاج کرانا شروع کیا۔ ان کے علاج سے میری حالت سدھرنے لگی۔ اس سے پہلے لالہ روشن لال جی بیرسٹر پردھان آریہ سماج لاہور کی دھرم پتنی کا تپ دق کا علاج بھی حکیم درگا پرشاد جی نے کیا تھا۔ کیونکہ میری ماہوار تنخواہ بہت ہی کم تھی اس لئے حکیم درگا پرشاد جی نے مجھے وہ شربت جو وہ خود تیار کر کے دیا کرتے تھے لکھوا دیا جس کے لگاتار استعمال سے میری صحت ٹھیک ہو گئی اور دسمبر ۱۹۱۱ء کے آخر میں آخری دفعہ مجھے خون آیا اس کے بعد پھر کبھی نہیں آیا اگرچہ اس کے ساتھ میں نے پرہیز بہت ہی زیادہ کیا اور چار سال تک برہمچریہ کا پالن کیا اور پرانایام و ہون بھی روز کرتا رہا اور روزانہ ایک گھنٹے تک سوریہ کی کرنیں چھاتی پر لیتا رہا۔

یہاں مراد آباد میں ۱۹۱۱ء سے آکر قریباً تین صد بوتل اس شربت کی بنا کر مختلف مریضوں کو دیتا رہا ہوں اور اس سے مریضوں کو بہت فائدہ ہوا ہے اس میں پوست وہ ڈالنا ہے جس میں سے افیون نہ نکالی گئی ہو اور شربت تیار کرتے وقت اس بات کا بھی خیال

دیکھنا چاہیئے کہ کھانسی میں بلغم زیادہ آتا ہے یا کم زیادہ کی حالت میں تمام ادویات کو رس نکالتے وقت زیادہ ملنا ہوگا اور کمی کی حالت میں بہت کم اس شربت سے پرانی سے پرانی کھانسی اور نزلہ زکام بھی دور ہو جاتا ہے کیونکہ مجھے سل لگی تھی اس لئے ایک تولہ مونگے کی جڑ کے کشتہ میں ایک تولہ گوند کتیرا ملا کر اور اس کی ۸۴ پوڑیہ بنا کر ایک پوڑیہ صبح اور ایک پوڑیہ شام کو شربت کے ساتھ ملا کر چاٹ لیا کرتا تھا۔

نسخہ شربت تپ دق، سل، پرانی کھانسی، بخار، نزلہ، زکام،

نسخہ: گاؤزبان ۲ تولہ برادہ صندل سفید ۲ تولہ عود صلیب ۲ تولہ پرسیاؤشان (ہنسراج) ۲ تولہ ملیٹھی ایک تولہ سونف ایک تولہ تخم خطمی ایک تولہ گل عیوق ایک تولہ دانہ خشخاش ۲ تولہ پوست خشخاش ۲۵ عدد دانہ منقیٰ ۲۰ عدد مصری ایک سیر عود صلیب اور ملیٹھی کو جو کوب کر کے اور پوست خشخاش کو بھی دو ٹکڑے کر کے باقی سب ادویات کو مصری کو چھوڑ کر ایک سیر پانی میں قلعی شدہ برتن میں رات کو بھگو دیں اور دوسرے دن صبح کو نرم نرم آنچ پر پکائیں جب دو چار ابال آجائیں تب اتار کر رکھ دیں اور ٹھنڈا ہونے دیں اس کے بعد اس کو خوب مل کر نچوڑ لیں اور پھوک کو پھینک دیں بعد ازاں اس پانی میں مصری ملا کر قلعی شدہ پتیلے میں نرم نرم آگ پر پکا دیں جب سوا پاؤ کے قریب شربت رہ جائے تو اتار کر ٹھنڈا کر کے بوتل میں بھر لیں۔

بچوں کی کالی کھانسی کا مجرب المجرب نسخہ

ڈاکٹر لوگ کہتے ہیں کہ کالی کھانسی کا علاج ان کے پاس نہیں ہے یہ مرض جب ایک بچہ کو ہو جاتا ہے تو اس سے اس کے ساتھ رہنے والے سب بچوں کو ہو جاتا ہے۔ عام طور پر یہ کہا جاتا ہے کہ یہ مرض چالیس دن سے پہلے دور نہیں ہوتا لیکن جو نسخہ میں لکھ رہا ہوں آپ اسے بنا کر کالی کھانسی والے بچوں کو دیں آپ حیران ہوں گے کہ کتنی جلدی یہ دوائی کالی کھانسی کو دور کر دیتی ہے۔ ۳۰-۳۵ سال سے میں اسی کا استعمال کرا رہا ہوں۔

نسخہ۔ نوشادر۔ سہاگہ سفید چوکھار۔ نمک سونچل ہر ایک ایک تولہ اجوائن خراسانی ۲ تولہ پھل کٹائی خورد (ممولیاں) ۱۲ تولہ سب کو باریک کر کے ایک کوزہ گلی میں بند کر کے چار پانچ سیر پختہ اپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر باریک پیس لیں خوراک دو رتی سے تین رتی عرق بادیان وگاؤزبان سے دیں یا شہد میں ڈال کر لعوق بنا کر چٹا دیں اور دن میں تین چار بار دیتے رہیں پرہیز ماں بھی کرے چند دنوں میں بالکل آرام آ جائے گا۔

چنبل کا بے نظیر مجرب نسخہ

آملہ سار گندھک اور طوطیا دونوں برابر وزن لے کر دردرا کر لیں اور ایک کڑاہی میں ڈال کر سرسوں کا تیل اتنا ڈالیں کہ وہ گاڑھا ہو جائے پھر کاغذ کی ایک نلکی بنا کر اس میں اس کو بھر دیں یہ نلکی کاغذ کی کئی تہوں کی ہونی چاہئے بانس کے کاغذ کی اچھی رہے گی۔ دونوں کناروں کو

بٹ دبے کر بند کر دیں۔ سرسوں کے تیل کا ایک ہٹی کا دیا جلا کر اس کی لَو کے اوپر اس نلکی کو آہستہ آہستہ گھماتے رہیں۔ ۵۔ ۷ منٹ کے بعد ایک سرے کو ذرا اچھ کا کرا وپر گھماتے رہیں اس کے نیچے ایک کٹوری رکھ دیں اس نلکی میں سے ایک ایک بوند کر کے تیل گرتا جائے گا اس تیل کو پھر ایک شیشی میں رکھ دیں اور چنبیل پر ایک پھریری سے لگا دیا کریں۔ پانی کا رِسنا تو ایک دو دن میں ہی بند ہو جائے گا۔ کسی طرح کی تکلیف نہیں ہو گی اور بہت جلد آرام ہو جائے گا۔

بچوں کے سر کے بلکہ تمام جسم میں پھوڑے پھنسیوں کو دور کرنے والی اکسیری جڑی بوٹی

برہم ڈنڈی کے پتوں کو لے کر سایہ میں خشک کر کے بوتل میں بھر رکھیں اس میں سے نصف ماشہ سے دو ماشہ تک بچوں کی عمر کے مطابق لے کر اس میں ایک سے دو تین نمک کالی مرچ ملا کر ایک دو چمچ پانی میں پیس کر بچہ کو اس کی ناک پکڑ کر پلا دیں کیونکہ یہ کڑوی بہت ہوتی ہے ورنہ بچہ الٹی کر کے نکال دے گا۔ آپ یہ دیکھ کر حیران ہوں گے کہ یہ معمولی سی مفرد دوائی تمام جسم کے پھوڑے پھنسیوں کو خواہ سر کے اوپر کتنے بھی بڑے بڑے گم پھوڑے کیوں نہ ہوں ایک ہفتہ کے اندر صبح و شام دو وقت پلانے سے سب بیٹھ جاتے ہیں اور خشک ہو جاتے ہیں اور نہ ہی نئے پھوڑے نکلتے ہیں اس کے استعمال سے آپ ڈاکٹروں کی فیس اور انجکشنوں کے خرچ سے بچ جائیں گے اور ایک پیسہ خرچ نہیں ہو گا۔ یہ

بوٹی ہر جگہ مل جاتی ہے

اسہال کا مجرب نسخہ

میرے پرتھم گورو شری پنڈت ٹھاکر دت جی شرما موجد امرت دھارا جنھوں نے اپنے سپتاہک دیش اپکارک دوارا آیورویدک اور میری روچی دلائی) کے بکم مارچ ۱۹۲۰ء کے دیش اپکارک میں مندرجہ ذیل نسخہ اسہال کے لئے پنڈت کھیم چند آیورویدشاستری ایکر کا نکلا تھا جس کو میں نے کئی دفعہ بنایا ہے ہر جگہ اس سے فائدہ ہوا ہے۔ جسے میں اپنے پریمیوں کی سیوا میں بھینٹ کرتا ہوں۔

نسخہ۔ جائفل چھوہارہ افیون تینوں کو تین تین ماشے لے کر کھرل میں ڈال کر ناگر پان کا رس ملا کر گھوٹیں جس قدر پان کا رس خشک کیا جاوے گا گولیاں اسی قدر اچھی تیار ہوں گی۔ جب ادویات خوب گھٹ جائیں تب اڑد کے دانے کے برابر گولیاں بنالیں۔

پتلے دست آتے ہوں تو ایک ایک گولی دو یا تین دفعہ گائے کے دہی کے مٹھے کے ساتھ دیں کھانے کو ہلکا زود ہضم کھانا دیں پانی کم دیں۔ بہت جلد چمتکارک فائدہ نظر آوے گا۔

پنڈت شمبھو ناتھ ویدشاستری کرنل گنج کانپور (یوپی)

سفوف سیلان الرحم

نسخہ مع تج قلمی۔ ممید چوب موچرس ناگ کیسر ایک ایک پاؤ مصری آدھ سیر

سب کو کوٹ پیس کر سفوف بنالیں اور بقدر ۶-۶ ماشہ صبح و شام گائے یا بکری کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ گڑ۔ تیل کھٹائی اور سرخ مرچ سے پرہیز لازم ہے۔

شربت سیلان الرحم

نسخہ۔ گوکھرو ایک پاؤ کوٹ کر ڈیڑھ سیر پانی میں ۲۴ گھنٹے بھگو دیں بعد میں جوشاندہ بنا کر آدھ سیر پانی رہنے پر چھان لیں پھر پانچ چھٹانک کھانڈ ڈال کر چاشنی بنا لیں اور بوتل میں محفوظ رکھیں کھانا کھانے کے بعد ایک ایک چمچہ پلا دیں۔ مرض سیلان الرحم کے لئے نہایت مفید ہے۔

سورن بھوشن اولیہ

نسخہ۔ املتاس کا گودا ایک پاؤ۔ عرق گلاب آدھ سیر میں بھگو دیں ۲۴ گھنٹوں کے بعد قلعی دار برتن میں مسل کر تین پاؤ مصری ملا کر چاشنی تیار کریں۔ پھر الائچی چھوٹی ایک تولہ کیسر ۳ ماشہ پیس کر ملا دیں۔ صبح و شام ایک ایک چھٹانک عرق سونف کے ساتھ پلا دیں۔ قبض کے لئے مفید دوا ہے۔

کویراج پنڈت پریاگ دت شاستری راوت پاڑہ آگرہ

اکسیر یرقان

نسخہ۔ سفید پھٹکری ۶ ماشہ باریک پیس کر رکھ لیں آدھ پاؤ دہی میں ایک پاؤ

پانی ملا کر میٹھا بناویں پھر اس میں چینی ملا کر پھٹکری پھانک کر اوپر سے میٹھا پی لیں اس کے تین روز کے استعمال سے یرقان دور ہو جاتا ہے مرض کے دور ہونے پر لوہ آسو استعمال کریں اس سے سرخ خون پیدا ہوگا۔

برائے گنٹھیا ورتج

نسخہ ماجوائن خراسانی اور نمک سیاہ ہموزن لے کر کوٹ چھان لیں اور پھر کوڑ تمہ کے اس میں تین بھاؤنا دے کر کھرل کریں اور دھوپ میں خشک کریں۔ مقدار خوراک ۴ ماشہ صبح و شام ہمراہ آب تازہ۔ اس سے دو چار دست ہوں گے۔ پیٹ صاف اور مرض دور ہو جائیگا اگر اس سے دست نہ ہوں تو مقدار بڑھا کر دوگنی کر لیں۔ گنٹھیا درد جوڑ اور ریاح میں مفید ہے

شوتھ ناشک

نسخہ۔ مدھومنڈور ۱ تولہ سفید پھٹکری ۲ تولہ دونوں کو ملا کر رکھ لیں مقدار خوراک بقدر ایک ماشہ ہمراہ آدھ پاؤ گئو موتر دن میں تین بار دیں ایک ہفتے میں مرض دور ہو جائے گا۔

پنڈت رام سروپ بیدشاستری فیروز آباد ضلع آگرہ یوپی

برائے سوکھا روگ

نسخہ جنگلی پیاز کی جڑ ۵ تولہ لے کر ایک پاؤ تل کے تیل میں دیسی آگ پر

پکاویں۔ جب پک جاوے تو چھان لیں۔ گردن کا حصہ چھوڑ کر سارے بدن پر مالش کریں کچھ ہی دنوں میں سوکھا روگ دور ہو جائے گا۔ یہ تیل کان درد خصیوں کی سوجن گنٹھیا درد۔ جوڑا اور پھوڑا پھنسی میں بھی مفید ہے۔

دافع پھوڑا پھنسی

نسخہ۔ پارہ۔ گندھک مردار سنگ کمیلا۔ اندرجو۔ اجوائن خراسانی پیاری کی راکھ کچلہ سوختہ ایک ایک چھٹانک طوطیا ایک تولہ سب کو کوٹ چھان کر سرسوں کے تیل میں شامل کر کے گاڑھی مرہم بنا دیں اور نیم کی پتی کے جوشاندہ سے صاف کر کے یہ مرہم دن میں دو تین بار لگائیں پھوڑا پھنسیوں کے لئے لاجواب مرہم ہے۔

پنڈت رام چندر ویدشاستری علی گڑھ

اکسیر جگر و تلی

نسخہ۔ آک کے پختہ زرد رنگ کے پتے ۱۵ عدد۔ پانچوں نمک ۱۰ تولہ۔ دونوں کو پہلے پتوں کو جو کوب کر کے اوپر ان پر پسے ہوئے نمک کو چھڑک کر ہانڈی میں بند کر کے اور گل حکمت کر کے سر کنڈوں کی آگ میں پھونک دیں پھر ہانڈی سے نکال کر کھرل کر کے اس میں ۵ تولہ پاپڑ نمک ملا کر محفوظ رکھیں مقدار خوراک ایک ماشہ صبح و شام ایک چھٹانک عرق مکو

یا جھاؤ کے عرق کے ساتھ دیں اکیس دن کے استعمال سے جگر و تلی کے امراض دور ہو جاتے ہیں مجرب اور آزمودہ ہے۔

سفوف کرن مہتاب

نسخہ۔ برادہ صندل سفید ناگ کیسر۔ دھنیا۔ مجرا نبیھو دبڑی الائچی کے دانے۔ کتیرا۔ سرد چینی سب ادویات ہموزن لے کر ان سے آدھی مصری ملا دیں۔ مقدار خوراک بقدر ½۱ ماشہ ایک چھٹانک پانی کے ساتھ دن میں تین بار دیں خوراک گائے کے دہی میں چاول ملا کر استعمال کریں ان میں شکر بھی شامل کر سکتے ہیں۔

فوائد۔ خونی بواسیر نکسیر قی خون حیض خونی اسہال اور چھپاکی میں نہایت مفید ہے۔

کویراج رماکانت بھاردواج شاستری آیورویدوشارد پروفیسر رگھوناتھ سنسکرت کالج جموں کشمیر

داد کے لئے لیپ

نسخہ۔ پارہ۔ گندھک ہر دو ۱-۱ ماشہ کی کجلی کر لیں اس کے ساتھ مندرجہ ذیل اشیا کوٹ کر ملا لیں سہاگہ ڈال سفید باکچی مازو ہر ایک ۴-۴ ماشہ

اس کو رس لیموں میں رگڑ کر گولیاں بنا کر خشک کر لیں داد کی جگہ کو ذرا ناخن سے رگڑ کر اور ایک گولی کو پانی میں پتھر پر گھس کر لیپ کریں۔

اکسیر دافع کمزوری

نسخہ مگند ھک آملہ سار شدہ ۲ تولہ پارہ شدہ ۱ تولہ کجلی کر لیں اس کو ۹ تولہ بڑھ کے دودھ میں اس قدر کھرل کریں کہ دودھ کا پانی کا حصہ بالکل خشک ہو جائے ایک لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر نیچے مدھم آنچ (معمولی تھوڑی سی آگ) جلائیں۔ جب کڑاہی میں پڑی ہوئی کجلی تک گرمی پہونچ جائے تو ایک بڑھ کے ڈنڈے سے اس کو ہلانا شروع کریں اور تب تک ہلاتے جائیں۔ جب تک دھواں نکلنا بند نہ ہو اس کے بعد کجلی کو اتار کر کھرل میں خوب باریک کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔ اس دوا کو ہر کمزوری کی حالت میں ۲ رتی تک دینے سے کمزوری فوراً رفع ہوگی جن حالتوں میں وید لوگ تامر بھسم یا مکردھج یا ڈاکٹر لوگ برانڈی وغیرہ دے کر کمزوری میں طاقت پیدا کرتے ہیں ان سب حالتوں میں یہ دوائی نہایت اچھی ثابت ہوئی ہے اس کے علاوہ یہ دوائی سنگرہنی میں دہی کے ساتھ دینے سے سورن پر پٹی کی طرح کام کرتی ہے۔

کوبراج موہن لال شاستری وید واچسپتی گولڈ میڈلسٹ
انچارج دواسازی ڈیپارٹمنٹ پنجاب آیورویدک فارمیسی امرتسر

سدھ مکردھج رسائن

آیورویدک معالجہ کے وسیع میدان میں ہر ایک دوا کی اپنی جگہ خاص اہمیت ہے اور ہر ایک رس رسائن کو مختلف طریقوں و مختلف بدرقہ جات سے مختلف حالات میں استعمال کیا جا سکتا ہے اور یہی تجربہ کی کسوٹی پر کسے جانے سے معالجات کی دنیا میں ایک معالج یا حکیم حاذق کو عزت و حرمت دلانے میں مددگار ثابت ہوتا ہے آج میں آپ کو آیورویدک طریق علاج کی ایک جہاں گن دایک ادشدھی و رسائن ادویہ کی سرتاج یعنی آیورویدک ادویہ میں شہنشاہ سدھ مکردھج کے متعلق اپنے دیرینہ تجربات سے روشناس کراتا ہوا۔ سدھ مکردھج کی تیاری میں تین بنیادی چیزیں ہیں (۱) شنگرف سے نکالا شدھ پارہ جسے شاستری طریق سے سنسکار کر کے وبھوکشت کیا گیا ہو ۸ تولہ (۲) شدھ آملہ سار گندھک ۱۶ تولہ (۳) باطریقہ شدھ کئے ہوئے سونے کے ورق ۱ تولہ اول پارہ و سونے کو کھرل میں ڈال کر اس قدر کھرل کریں کہ سونا پارے میں بالکل جذب ہو جائے پھر گندھک تھوڑی تھوڑی ڈال کر پورے ۱۲ گھنٹے کھرل کریں جب سب گندھک مل جائے اور سونا پارہ و گندھک کھرل کرتے کرتے کاجل کی مانند ہو جائیں تو سمپٹ

کی ہوئی آتشی شیشی میں ڈال کر بالو کا بتر میں رکھیں اور بھٹی پر چڑھا کر متواتر تین دن رات مدھم تیز اور تیز تر آگ جلائیں جب گندھک جل جائے تو شیشی کا منہ مضبوطی سے بند کر دیں اور آگ جلانا بند کر دیں جب خود بخود بالو کا بتر اور شیشی سرد ہو جائے تو احتیاط سے شیشی کو سمیٹ سے صاف کر کے توڑ کر شیشی کے گلے میں شنگرفی رنگ کی لگی ہوئی چیز کو اتار کر شیشی میں محفوظ رکھیں یہی مکردھج ہے اور شیشی کے نچلے حصے میں پڑا ہوا سونا استعمال لیں اگر اس مکردھج کو مزید عمدہ و مفید بنانا ہو تو دوبارہ سہ بارہ اس شنگرفی رنگ کی چیز میں سونا و گندھک ملا کر آتشی شیشی میں ڈال کر پکائیں اس کو سدھ مکردھج کہتے ہیں اور یہ فوائد کے لحاظ سے ایک لاثانی چیز ہے شیشی کے پیندے میں سے احتیاط کے ساتھ سونا لے کر اس کی باقاعدہ گندھک و پارے کے میل سے بھسم بنا لیں اور تیار شدہ سدھ مکردھج میں ملا کر کھرل کر کے دونوں کو یکجان کر لیں یہ ہے حقیقی سدھ مکردھج جس کی تعریف میں آیور وید شاستر رطب اللسان ہے در اصل سدھ مکردھج کے اندر سونا ہی خاص فوائد کا حامل بنتا ہے یہ اعلیٰ درجہ کا مقوی باہ و مقوی اعضائے رئیسہ ہے اس کے باقاعدہ استعمال سے برباد شدہ قوت مردمی دوبارہ بحال ہو جاتی ہے۔

سدھ مکردھج مناسب بدرقہ جات سے استعمال کیا ہوا جمیع امراض جسمانی کا قلع قمع کرتا ہے۔ شریر کے ساتوں دھاتوؤں دل دماغ و قوت منویہ کو خاص طاقت بخشتا ہے مالنک و بادھوؤں کے لئے بایک لاثانی چیز ہے یہ رسائن ادویہ کا سرتاج ہے لگاتار ایک سال تک بلا ناغہ استعمال کرنے سے ستھاور و جنگم کسی قسم کے زہر کا جسم پر اثر نہیں ہوتا جس

طرح مرتیو نجے مہامنتر کے جاپ سے موت پر قابو پایا جا سکتا ہے۔ اسی طرح
سدھ مکردھج کے باقاعدہ استعمال کرنے والا بڑھاپے اور موت کے خوف
و خطرات سے نجات حاصل کر لیتا ہے۔ بسورن کے ملاپ سے تیار کیا ہوا
سدھ مکردھج رسائن جسم کی پرورش کرنے والے ٹشوز کو امر کر دیتا ہے
سدھ مکردھج کے استعمال کرنے سے متعدی امراض کے پیدا کرنے والے
جراثیم ناش ہو جاتے ہیں مرض تپ دق میں جب کہ بلغم کے ساتھ خون آتا
ہو ست گلو اور ستو پلادی چورن کے ہمراہ یا لنسا دلیہ میں ملا کر سدھ
مکردھج استعمال کیا جائے تو یقینی فائدہ کرتا ہے۔ مرض نمونیا اور اس کے
بعد ہونے والی پلورسی کو رفع کرنے کے لیے سدھ مکردھج خاص فائدہ
بخشتا ہے۔ عمر کے مطابق جب جسمانی ترقی نہ ہو رہی ہو تو سدھ مکردھج کے
استعمال سے از سر نو طاقت و توانائی آ جاتی ہے۔ غرضیکہ کسی بھی وجہ سے پیدا
ہونے والی جسمانی کمزوری کو رفع کرنے کے لیے یہ ایک بے نظیر رسائن ہے
اب ہم یہاں سدھ مکردھج رسائن استعمال کرنے کے لیے مختلف انوپان
(بدرقہ جات) درج کرتے ہیں

(۱) مانسک روگوں میں سدھ مکردھج کو ورچ چورن برہمی اور شنکھ پشپی کے سفوف
میں ملا کر شہد و گھی کے ہمراہ استعمال کریں ورچ چورن ۲ رتی برہمی و شنکھ پشپی
.... ہر دو ہر رتی گائے کا گھی ۶ ماشہ
شہد ا تولہ سدھ مکردھج ۱/۲ رتی یہ ایک جوان آدمی کی خوراک ہے صبح و شام
ایسی دو خوراک دیں اور اوپر سے خالص دودھ گائے حسب ضرورت استعمال کریں
(۲) قوت باہ و قوت مردمی کے لیے اسگندھ ناگوری ۱ ماشہ ستاور ۱ ماشہ
شقاقل ۱ ماشہ مصری ۳ ماشہ سدھ مکردھج ۱/۲ رتی سے ۱ رتی تک دن میں دو مرتبہ

دودھ گائے کے ہمراہ۔

(۳) بڑھاپے و عام کمزوری میں سدھ مکردھج ۱ رتی کشتہ فولاد شنگرفی ½ رتی شدھ کچلہ کا سفوف ½ رتی ہمراہ شہد صبح و شام۔

(۴) ہر قسم کی امراض وایو کو دور کرنے کے لئے سدھ مکردھج ½ رتی سے ۱ رتی تک روغن مالکنگنی بقدر ۱ ماشہ کے ہمراہ دن میں دو مرتبہ۔

(۵) قوت دماغی کے لئے سدھ مکردھج ¼ رتی سے ½ رتی تک مغز بادام ۴ عدد برہمی بوٹی ۱ ماشہ ہر دو کو خوب پیس کر ½ ۲ تولہ مکھن ۱ تولہ مصری میں ملا کر استعمال کرنے سے خاص فائدہ ہوتا ہے۔

(۶) ہر قسم کی بیماری کے بعد پیدا ہونے والی کمزوری دور کرنے کے لئے سدھ مکردھج ¼ رتی تا ½ رتی خالص شہد کے ہمراہ دیں۔

(۷) قوت بینائی کے لئے سدھ مکردھج ¼ رتی تا ½ رتی دودھ گائے میں بادام روغن ۶ ماشہ ملا کر روزانہ دینے سے بے حد فائدہ ہوتا ہے۔

کویراج آنند سین ویدواچسپتی منیجر پنجاب آیورویدک فارمیسی

امرتسر

آیوروید کی چمتکاری اوشدھی ارگیہ وردھنی گٹکا!

مہرشی واگ بھٹ نے اپنے گرنتھ رس رتن سمچے میں اس دوا کا مرض

کوڑھ (جذام) میں بیان کیا ہے یہ دوا سب سے پہلے بودھ بھکشو شری ناگ ارجن جی مہاراج نے جملہ امراض کے دفعیہ کے لئے تیار کی تھی نسخہ حسب ذیل ہے۔

شدھ پارہ، شدھ گندھک، آملہ سار، کشتہ فولاد، سنگرفی کشتہ ابرک سیاہ، سونا مکھی، کشتہ تانبا عمدہ ہر ایک ۱ تولہ، ترپھلا (ہرڑ، بہیڑہ، آملہ) ۱۰ تولہ، شدھ سلاجیت سورج تاپی ۱۵ تولہ، شدھ گوگل بھینسیہ ۲۰ تولہ، بیج چترہ ۲۰ تولہ، کشتی ۶۰ تولہ۔ اول پارہ و گندھک کو ۶ گھنٹے برابر کھرل کرکے کاجل کی مانند بنائیں۔ بقیہ کوٹنے پیسنے والی ادویہ نہایت باریک سفوف بنائیں اور کشتہ جات کو بھی شامل کرکے سب کو ایک جا کھرل میں ڈال کر برگ نیم کے تازہ رس میں خوب کھرل کرکے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔

اوصاف و خواص

یہ گٹکا آیورویدک ادویہ میں خاص مقام رکھتا ہے ویسے تو جسم کا ہر ایک عضو اپنا اپنا خاص کام کرتا ہے مگر تندرستی جسم میں یکرت یعنی جگر کا کام سب سے زیادہ ضروری ہے یہ جگر ہی ہماری کھائی ہوئی غذا سے پاچک پت (حرارت ہاضمہ) جسم میں نئے خون کا بنانا اور خون کے اندر سرخ ذرات کے ذریعے اس کی سرخی کو قائم رکھنے کا کام سرانجام دیتا ہے اور گیہ وردھی گٹکا جگر کے کام کو آہستہ آہستہ ٹھیک کرکے شریر کو تندرست رکھنے میں مددگار ثابت ہوتی ہے اور یہ دوا جگر کی خرابی سے پیدا ہونے والی جملہ امراض کو رفع کر دیتی ہے۔ شوتھ (سوجن)، یا جگر میں

خون کا جماؤ جگر کا بڑھ جانا یا اس میں سب جن ہو جانا پانڈو کا ملایعنی یرقان وغیرہ امراض میں تیر بہدف ثابت ہوئی ہے۔ ہاتھ پاؤں پیٹ کی سوجن۔ بواسیر تلی اور اس کے باعث ہونے والا انجار اس کے استعمال سے رفع ہوتے ہیں۔ پیٹ میں پیدا ہونے والے ریاح اور قبض کو بھی دور کرتی ہے اس کے ۴۵ دنوں تک بلا ناغہ استعمال کرنے سے مرض کوڑھ دور ہو جاتا ہے۔

اس کے متعلق میرا خیال ہے کہ اگر اس میں پڑنے والی ادویہ کے خواص وافعال پر غور کیا جائے تو بالکل ٹھیک ہی ہے اور آروگیہ وردھنی کے جس قدر اوصاف بیان کئے گئے ہیں وہ سب سچائی پر مبنی ہیں۔ یہ اکسیر بیان کردہ تمام اوصاف سے متصف ہے ناظرین آؤ ذرا غور کریں۔

آروگیہ وردھنی کی تیاری میں مستعمل ہونے والی اشیاء کی حقیقی چھان بین آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔

(۱) اس کے اجزا میں پارہ و گندھک کا کام جسم کی ازشکتی کو قائم رکھنا اور گرہنی کلا یا حرارت ہاضمہ کے کام کو ٹھیک طور پر چالو رکھنا ہے نیز جگر گردے قلب دماغ وغیرہ اعضا رئیسہ شریفہ کی حالت کو درست رکھنا اور چھوٹی آنت و بڑی آنت کی خرابی کو دور کرنا ہے۔

ہمارے متقدمین نے اس دوا کا بیان مرض کوڑھ میں کیا ہے اگر سرسری طور پر غور کیا جائے تو اس سے مختلف معلوم دیتا ہے لیکن ذرا مرض کوڑھ کی پیدائش کو بغور سمجھ کر دیکھیں تو پھر حقیقت سامنے آجائیگی کہ رشیوں نے کیوں ایسا کیا ہے مرض کوڑھ کی سمپراپتی آیوردیدک

اصول کے مطابق تین دوش وات پت کف اور سات دھاتوؤں کے بگڑنے پر ہوتی ہے بالفاظ دیگر تین دوش اور سات دھاتوؤں کے غیر معتدل ہونے سے ہی کوڑھ ہوتا ہے اس سب میں بھی سب سے پہلے وات غیر معتدل ہوتا ہے بعد ازاں دیگر دو دوش اور سات دوش یعنی رس (کیلوس) رکت (خون) مانس (گوشت)، میدہ (چربی) استھی (ہڈی) اور شکر (منی)، وغیرہ آہستہ آہستہ غیر معتدل ہو جاتے ہیں۔ اور یہ مرض کوڑھ پیدا ہوتا ہے۔

آیوروید کے مشہور گرنتھ رس تنتر کے مطالعہ سے یہ وشنہ اس طرح واضح ہوتا ہے کہ بڑی آنت کا نظام خراب ہو کر قبض ہو جاتا ہے اور بڑی وچھوٹی آنت میں وایو نیز حرارت ہاضمہ یعنی نظام ہضم بھی بگڑ جاتا ہے اور بڑی آنت میں سے مواد فاسد یعنی براز کو باہر نکالنے میں مددگار کف یعنی بلغم بھی غیر معتدل ہو جاتا ہے۔ براز کے اخراج میں رکاوٹ پڑ جاتی ہے اور نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اس سے زہریلا مادہ پیدا ہونے لگتا ہے اور یہی زہریلا مادہ اندرونی جلد گوشت خون دھاتوؤں میں جذب ہو کر ان دھاتوؤں کو بگاڑ دیتا ہے اور یہاں ہی وات میں بگاڑ پیدا ہو جاتا ہے جو آہستہ آہستہ سارے جسم میں پھیل کر مرض کوڑھ یا دیگر امراض جلدی کو پیدا کرنے کا باعث بنتی ہے۔ بڑی اور چھوٹی آنت وایو کا خاص مقام ہے اسی سے اٹھارہ اقسام کے کوڑھ پیدا ہوتے ہیں آروگیہ وردھنی کی بناوٹ میں وہ اجزا شامل ہیں جو بڑی آنت وچھوٹی آنت کی خرابی کو خاص طور پر دور کرتے ہیں چونکہ چھوٹی آنت اور بڑی آنت کی خرابی سے ہی زہریلا مادہ پیدا ہو کر مرض کوڑھ کی پیدائش ہوتی ہے

اس لئے اروگیہ وردھنی ہر قسم کے کوڑھ کو دور کرنے کے لئے اکسیر ہے اس دوا کے دورانِ استعمال صرف دودھ کا استعمال ہی کرنا چاہیئے۔

آروگیہ وردھنی کا استعمال خاص کر وات اور کف پردھان کوڑھ مثلاً کپال کشٹھ منڈل کشٹھ کٹھ کشٹھ وغیرہ میں خاص فائدہ بخشتا ہے مرض کوڑھ میں ورقیہ ہڑتال کا کشتہ بھی خاص طور پر مفید ہے مگر قبض کی رکاوٹ پیشاب اور مندا گنی کی حالت میں اس کا استعمال منع ہے خطرناک قسم کے کوڑھ کی حالت میں کھجلی کرنے پر جسم پر دھبے پڑنا ان میں پیپ پیدا ہونا وغیرہ حالات میں آروگیہ وردھنی کا استعمال بخشا آدمی کو اٹھ اور دھبے یا پھنسیاں سخت مُنہ والے ہوں تو ہلدی کے کواتھ سے استعمال کرنی چاہیئے جب کوڑھ گوشت میں خرابی کے باعث ہو تو آروگیہ وردھنی کا استعمال خاص فائدہ کرتا ہے۔ اروگیہ وردھنی کا فعل بالخصوص بڑی آنت کی صفائی اور کوڑھ کے زہریلے مواد کو دفع کرنے والا ہونے کے باعث اندرونی طور پر ہاضمہ کی خرابی سے پیدا ہونے والے حمیات کے دفعیہ میں بھی خاص لابھ کرتا ہے قبض کے باعث پیدا ہونے والے روزانہ بخار بدہضمی کے باعث پیدا ہونے والے بخار اور بار بار حملہ آور ہونے والے پرانے بخار۔ نیز صفرا کے غیر معتدل ہونے سے پیدا ہونے والے بخاروں میں بھی خاص فائدہ مند ہے۔ آروگیہ وردھنی گنگا قوت ہضم کو خاص طاقت بخشتا ہے جسمانی نیت میں قوت ہضم کے کم ہونے سے بدہضمی کا عارضہ پیدا ہوتا ہے اور یہ عارضہ اس زمانے میں بہت بڑھ گیا ہے اور اس کے دفع کرنے کے لئے آج کل ترش اشیاء اور تیزابی ادویہ کا استعمال عام ہونے لگا ہے لیکن اس کا نتیجہ محض وقتی طور پر تو

ضرور ہوتا ہے مگر آروگیہ وردھنی کا استعمال جسمانی دھاتوؤں کے زہریلے اثرات کو دفع کر کے ان کو طاقت بخشتا ہے اور وہ اپنے کام میں زیادہ طاقتور ہو جاتی ہیں اور اس طرح اس کے استعمال سے قوت ہاضمہ ٹھیک ہو جاتی ہے مختصر یہ کہ آروگیہ وردھنی دافع قبض دات ناشک حرارت ہاضمہ کو تیز کرنے والی دل و دماغ کے ابخرات دور کرنے والی ہے اور تمام جسمانی زہریلے مادوں کو دور کرتی ہے یہ دوا دافع سوجن پیشاب آور دات ناشک اور تمام اعضاء رئیسہ و شریفہ کے لئے فائدہ بخش ہے غرضیکہ تمام جسم کی خرابیوں کو دور کرنے میں اکسیر اعظم ہے۔ مقدار خوراک ۴ رتی سے ا ماشہ تک ہمراہ دودھ گائے تازہ پانی یا منجشٹا آدی کواتھ ہلدی کواتھ دیں۔

کویراج شرداری لال نرہسن وید واچینی امرتسر

کونین کا بدل

نسخہ شنگرف رومی ۱ تولہ مرچ سیاہ تین سو عدد برگ تلسی تین سو عدد تینوں کو خوب رگڑ کر آب تلسی میں تر کر کے چنے کے برابر گولیاں بنا دیں اور ایک گولی سے تین گولی تک ہمراہ آب سرد دیں۔ بخار کے لئے اکسیر ہے

برائے آتشک

نسخہ۔ رسکپور۔ دار چکنا۔ شنگرف۔ سم الفار سفید ہر ایک ایک تولہ

لے کر ہمراہ شراب ایک بوتل کھرل کر کے ٹکیہ بنا دیں اور خشک کر کے حسب معمول جوہر اڑا لیں۔ خوراک ۲ چاول سے ۱/۲ رتی تک مکھن یا ملائی میں لپیٹ کر کھائیں دو ہفتوں میں مکمل آرام ہوگا۔

کوی رتن پنڈت بدری پرشاد ویدانچارج دواسازی ڈیپارٹمنٹ چند رگپت اوشدھالیہ ٹوہانہ ضلع حصار

معجون مقوی باہ دافع سرعت انزال وغیرہ۔

یہ معجون ازحد مقوی باہ ہے۔ علاوہ ازیں جریان احتلام اور سرعت انزال کو دور کر کے منی کو ازحد غلیظ کر دیتی ہے کھوئی ہوئی طاقت کو بیدار کرنا جوانی کی امنگیں اور شباب کے ولولے پیدا کرنا اس کا ادنےٰ کرشمہ ہے۔ ہمارے اوشدھالیہ سے ہزاروں روپیوں کی سالانہ فروخت ہوتی ہے۔

نسخہ۔ گوکھرو دکھنی آدھ سیر کو خوب باریک پیس کر روغن زرد میں چرب کر کے ۴ سیر دودھ میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور کھویا کر لیں جب کھویا ہو چکے تو حسب ذیل ادویہ تیار کر کے ملائیں۔ جائفل۔ جاوتری لونگ تیزپات دانہ الائچی خورد رومی مصطگی۔ زعفران۔ موصلی سفید ہر ایک چھ ماشہ پھر اس کھویا کو آدھ سیر گھی میں بریاں کریں جب سرخی مائل ہو جائے تو دو سیر مصری کا قوام کر کے شامل کر کے معجون بنا لیں خوراک ۲ تولہ سے

چار تولہ تک جو صاحب آزمائیں گے وہ یقیناً خوش ہو جائیں گے۔

ویدراج چندو لال گپتا آیور وید وشارد کینتھل ضلع کرنال

نسخہ برائے سنگرہنی

دودھی خورد ۲ تولہ تخم بھنگ ارنی کالی مرچ ۵ دانہ سردائی بنا کر پی لیں چند یوں میں آرام ہو گا۔

تیل برائے کھجلی ہر قسم

نسخہ۔ طوطیا بریاں ۳ ماشہ مینسل شدھ۔ گندھک آملہ سار شدھ مردار سنگ۔ پارہ کتھ پپڑیہ ہر ایک ایک تولہ تیل سرسوں ایک پاؤ پہلے تیل سرسوں کو سو دفعہ پانی سے دھولیں پھر پارہ گندھک کی کجلی بنا کر باقی ادویات پیس کر تیل میں ملالیں اور مالش کریں۔

قبض کشا گولیاں

نسخہ۔ عصارہ ریوند۔ رسونت مصفے اجمال گوٹہ شدھ سہاگہ بریاں ہر ایک ایک تولہ املتاس کے کاڑھے میں ان کی گولیاں برابر نخود بنالیں ایک گولی رات کو سوتے وقت ہمراہ دودھ یا گرم پانی دیں صبح ہی پاخانہ کھل کر آجائے گا۔

کویراج پنڈت شردھارام ویدبھوشن

دمہ توڑ

نسخہ۔ قلعی مصفٰے ۵ تولہ، سیسہ مصفٰے ۵ تولہ، جست مصفٰے ۵ تولہ، پارہ شدہ ۵ تولہ۔ کھرل میں چھلبند کریں اور خوب زوردار ہاتھوں سے باریک پیس کر گندھک آملہ سار ۵ تولہ، ہڑتال ورقیہ ۵ تولہ ملا کر خوب کھرل کریں اور پھر بہت بڑی آتشی شیشی میں ڈال کر بالو جنتر کے ذریعہ آنچ دیں۔ جب گندھک اُڑ جائے تو شیشی کا مُنہ بند کر دیں اور آنچ خوب تیز کر دیں۔ کم از کم سولہ پہر میں دوا تیار ہو جائے گی۔ سرد ہونے پر شیشی توڑ لیں۔ جو دوا شیشی کی گردن پر لگی ہوگی وہ دمہ کی اکسیر دوا ہے۔ اس کے ہموزن تخم الائچی خورد ملا کر باریک پیس کر شیشی میں حفاظت سے رکھیں۔ خوراک ۲ رتی دودھ سے کھلائیں۔ دمہ کو دور کر کے ہر قسم کی بدنی طاقت پیدا کرنے میں اکسیر ہے اور جو کشتہ شیشی میں تہ نشین ہے وہ جریان کی بہترین دوا ہے۔ خوراک ۱ رتی ہمراہ مکھن گائے۔

نوٹ۔ اس دوا کا تیار کرنا ہر کسی کا کام نہیں بلکہ اس دوا کو کسی لائق وید سے تیار کرائیں۔ کیونکہ آگ کی غلطی سے شیشی ٹوٹ جاتی ہے یا غلطی سے اگر گندھک اُڑنے سے پیشتر ہی مُنہ بند کر دیا جائے تو یہ مصالحہ بھی کم تباہ کر دیتا ہے اس لئے شیشی کو کم از کم سات بار کپر دٹی کر لینا چاہیئے۔

شری چھجو مل اگروال وئید بھوشن انبالہ چھاؤنی

پستان میں دودھ کی زیادتی

زمانہ حمل میں اگر پستان سے دودھ اس قدر ٹپکتا ہو کہ کرتی وغیرہ تر ہو جاتی ہو تو سادہ پان کو ہلکا گرم کر کے چھاتی پر باندھ دیں غیر ضروری دودھ خشک ہو جائے گا بے ضرر چیز ہے۔

ورم پستان یا تھنیلہ کا مجرب علاج

نسخہ۔ منقی تخم نکال کر کشمش سبز اور مغز بادام تینوں ۲-۲ تولہ لے کر تھوڑے پانی سے سل پر پیس کر حلوے کی مانند کر کے چھاتی پر لیپ کر دیں اگر مواد پڑ چکا ہے تو درخت پیپل کی جڑ کا سفید چھلکا لے کر جلا کر راکھ کر لیں اور یہ راکھ ایک ماشہ اور موم ایک ماشہ گرم کر کے ٹکیہ بنا کر ورم پر جما لیں اور گندم اور السی کے آٹے کی پلٹس بنا کر باندھ دیں اگر مواد نکل چکا ہو تو زخم بھرنے کے لئے نیم کے پتوں کی پلٹس باندھ دیں اور نیم کے پتے جوش دے کر اس پانی سے دھویا کریں۔

کویراج خوشی رام وئید بھوشن انبالہ

دوائے زکام

نسخہ۔ زیرہ سفید ۱ تولہ دودھ آدھ سیر زیرہ سفید صاف کر کے ایک کپڑے سے

کی پوٹلی بنا کر دودھ میں جوش دیں جب دو تین جوش آجائیں تو پوٹلی کو نکال دیں اور دودھ کو گرم گرم ہی مصری ملا کر پلائیں آدھے سے زیادہ زکام کو ایک ہی دن میں فائدہ ہوگا اور صرف تین دن پلانے سے زکام کو مکمل آرام ہو جائے گا۔

بھڑ کاٹے کا اکسیری تیل

نسخہ۔ ایک عدد چھپکلی لے کر اس کو آدھ پاؤ سرسوں کے تیل میں جلائیں اور دھوئیں سے آنکھوں کو بچائیں جب تیل اچھی طرح جل کر سرخ ہو جائے تو چھان کر کام میں لائیں جب کسی کو بھڑ یا تتیہ کاٹے تو کاٹے مقام پر پھریری سے لگائیں ایسا معلوم ہوگا کہ کبھی کاٹا ہی نہیں تھا

راج ویدیہ پنڈت چرنجی لال ویدیہ رئیس دہلی

برائے سوزاک

نسخہ مگو۔ المناس۔ کھان بید۔ جوالنسا۔ گوکھرو کلاں۔ بیخ ارنڈ ہلیلہ کلاں ہر ایک ۶ ماشہ جملہ ادویہ ہموزن لے کر جو کوب کر کے پاؤ بھر پانی میں صبح کو بھگو دیں شب کو جوش دیں کہ ایک چھٹانک پانی رہ جاوے ایک تولہ شہد ملا کر پی لیں اسی طرح ہفتہ عشرہ صبح و شام پینے سے سوزاک خواہ کیسا ہی پرانا کیوں نہ ہو رفع ہو جاتا ہے۔

فوائد۔ سوزاک کہنہ کے علاوہ پتھری کو بھی توڑ کر نکال دیتا ہے۔

دوائے خنازیر

نسخہ۔ بیخ درخت ڈھاک ۳ تولہ چاول ۲ تولہ چاولوں کو ۵ تولہ پانی میں بھگو کر اتنا ملیں کہ پانی سفید ہو جائے۔ ڈھاک کی جڑ کو اس پانی میں اتنا ملیں کہ چٹنی سی بن جائے اسے صبح و شام خنازیر پر لیپ کیا کریں۔ بڑی ہرڑ کا سفوف ۴۔۴ ماشہ صبح و شام شہد کے ہمراہ مریض کو کھلا دیں اس سے خنازیر کا استیصال ہو جاتا ہے۔
فوائد۔ میں نے کئی مایوس العلاج مریضوں پر استعمال کیا اور نہایت کامیاب پایا۔

اکسیر جریان

نسخہ۔ گوکھرو کلاں۔ تالمکھانا۔ ستاور۔ تخم کونچ۔ بیخ کھرٹی۔ پوست گنگیرن ہر ایک ۵ تولہ مصری ۱۰ تولہ جملہ ادویہ کا سفوف بنالیں اور بوقت خواب بقدر ۸ ماشہ شیر گرم کے ساتھ پھانکیں
فوائد۔ چالیس روزہ استعمال مرض کو جڑ سے کھو دیتا ہے اور قبض نہیں ہونے دیتا۔

برائے جملہ امراض چشم

نسخہ۔ رسوت۔ مرچ سفید۔ پیپل خورد۔ ملٹھی۔ بہیڑہ کی گٹھلی کا مغز۔ نکیہ کے ٹکڑے۔ مینسل۔ جملہ ادویہ ہموزن کوٹ چھان کر سفوف بنا دیں

اور شیر برگ کے ساتھ اس قدر کھرل کریں کہ گولی باندھنے کے قابل ہو سکے شیاف
بنا کر سایہ میں خشک کریں۔
فوائد۔ پانی میں گھس کر صبح و شام آنکھ میں لگانے سے سوزش جالا
پھولا۔ ابتدائی موتیا بند شب کوری دھوپ وغیرہ کے لئے مفید اور مجرب ہے۔

راج ویدیہ دیس راج صاحب امرفارمیسی امرتسر

اکسیر سوزاک

نسخہ۔ ست بیروزہ۔ روغن صندل سرد چینی۔ کبابہ۔ گل ارمنی ہر ایک
۲۔۲ تولہ کتھ سفید سنگ جراحت طباشیر نقرہ مازو الائچی خورد ہر ایک
ایک تولہ کشتہ قلعی ایک تولہ تمام ادویہ ہمراہ آب زلال رسونت و
آب زلال مہندی پانچ تولہ کھرل کر کے چار چار رتی کی گولیاں بنائیں اور
ایک گولی صبح ایک دوپہر ایک شام ہمراہ شربت صندل استعمال کرادیں
جلد شفا ہوگی۔

اکسیر آتشک

نسخہ طباشیر تخم الائچی سفید زنگار کتھ سفید ہر ایک ایک تولہ سب کا
باریک سفوف کر کے ہمراہ آب کھرل کریں اور تین تین رتی کی گولیاں
بنا دیں اور ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ آب استعمال کرادیں آتشک کو
آرام ہوگا۔

روگ ناشک بھسم

نسخہ۔ پھٹکری سفید ۱ تولہ ہڑتال گئودنتی ۱ تولہ دونوں کو پیس کر شیر مدار میں تر کر کے سایہ میں خشک کرکے اوپر آب برگ دھتورہ ڈال دیں جب خشک ہو جائے تو کوزہ گلی میں بند کر کے ۲۰ سیر اُپلوں کی آگ دیں سفید کشتہ برآمد ہو گا۔ دوا تیار ہے ذرا سا گیرو بھی پیس کر ملا دیں خوش رنگ ہو جائیگی اور فوائد میں بھی بڑھ جائیگی خوراک ایک رتی سے تین رتی تک درمسکہ یا بالائی۔

فوائد۔ (۱) ملیریا اور نئے بخار میں ۲-۲ رتی تین بار دن میں عرق گلاب عرق گاؤزبان شربت بنفشہ یا دودھ سے دیں۔

(۲) بواسیر خونی و بادی میں ۳ رتی صبح و شام دہی کی بالائی سے دیں۔

(۳) جریان و احتلام سیلان الرحم (لیکوریا) میں ۳ رتی مسکہ یا بالائی سے دیں۔

(۴) دمہ کھانسی تر میں شہد میں ملا کر چاٹیں۔

(۵) بچوں کی کھانسی و بخار میں ۲ چاول سے ۱ رتی تک شہد میں ملا کر چاٹیں

(۶) کالی کھانسی میں الائچی خورد و مصری کا سفوف ملا کر دیں۔
(۷) درد گردہ میں شربت بزوری سے دیں یا مغز کھیرا مغز خربوزہ کی سردائی سے دیں۔
(۸) دست اور خونی پیچش کے لئے آب انار دانہ سے دیں۔
(۹) گنٹھیا اور بادی بلغمی بیماریوں میں آب ترپھلہ میں شہد ملا کر دیں۔
(۱۰) یرقان بھس میں ہمراہ چھاچھ دیں
(۱۱) تبخیر میں مکھن یا دہی کی بالائی سے دیں اور نسوار بھی اس کی دیں۔
(۱۲) دات رکت (اوپر یا نیچے سے خون آنا) میں ہمراہ شربت انجبار دیں۔
(۱۳) کثرت طمث میں ہمراہ دودھ یا آب آہن یا دھون چاول سے دیں غرضکہ مناسب بدرقات سے سینکڑوں امراض میں دی جا سکتی ہے۔

دیرینہ زخم و ناصور کو دور کرنیکے لئے خوراکی دوا

حبوب اندمال

اگر مریض ناصور کو اندرونی طور پر مندرجہ ذیل گولیوں کو استعمال کرایا جائے تو بہت جلد زخم مندمل ہو جاتا ہے کیونکہ اس دوا کے کھانے سے بچی ثبورات و ناصور وغیرہ کو آرام ہو جاتا ہے۔

نسخہ - سم الفار سفید - چوک - چوب چینی - کچلہ - مرچ سیاہ - فلفل دراز ہر ایک مساوی الوزن سب کو کھرل میں ڈال کر باریک پیسیں اور ادرک کا پانی شامل کر کے کھرل کرتے رہیں جس قدر کھرل کیا جائے اسی قدر مفید و بہتر ہے۔ اگر چالیس دن تک کھرل کیا جائے تو کہنا ہی کیا ہے۔ کم از کم اکیس روز ضرور کھرل کریں اور پھر گولیاں موٹھ کے دانے کے برابر بنا لیں۔

ترکیب استعمال - ایک گولی بعد از غذا پانی سے کھلایا کریں۔

فوائد - ناصور ہر قسم و زخمہائے دیرینہ کو مفید ہے۔

کویراج مدن موہن جی پشکرنا وید و اچینی مالک پشکرنا آیورویدک فارمیسی امرتسر

سنگ مرارہ (پتے کی پتھری) کا بلا اپریشن علاج

نسخہ - نارئیل کی جڑ ۲ ماشہ جو کھار خانہ ساز ۶ رتی نوشادر قلمی ۲ رتی یہ ایک خوراک کا وزن ہے ایسی تین خوراکیں دن میں دینے سے جگر کا درد فی الفور ختم ہو جاتا ہے اور کچھ دنوں کے استعمال سے پتے کی پتھری بلا اپریشن خارج ہو جاتی ہے۔

ناریل کیل لون تیار کرنا۔ ایک سبز ناریل لے کر اوپر کے ریشے اتار دیں۔ اور چشم پر سوراخ کر دیں۔ اور ۵ تولہ نمک لاہوری شامل کریں پھر اسے گل حکمت کر کے سکھا لیں اور ۱۰ سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر نکال کر اندر سے جلی ہوئی گری اور نمک کو نکال کر پیس لیں۔ یہی ناریل کیل لون ہوتا ہے۔

کالی کھانسی کا ایک قیمتی نسخہ

مازو ۱۰ عدد ریٹھہ کی گٹھلی ۱۰ عدد کوڑی زرد گانٹھ دار ۱۰ عدد سپاری کاٹھی ۱۰ عدد۔ نیلا تھوتھا اور کالا نمک ایک ایک تولہ ان سب کو مٹی کے پیالہ میں بند کر کے کپڑ مٹی کریں اور ۱۰ سیر اپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر دوا نکال کر باریک کھرل کر لیں خوراک ارتی ہمراہ عرق سونف۔ اگر موسم ٹھنڈا ہو تو عرق کو گرم کر لیں۔ اور اگر موسم گرما ہو تو ٹھنڈے عرق سے دیں۔

ویدگورمکھ رائے جی لشکر نا امرتسر

نسخہ برائے خونی پیچش

کیسر ا ماشہ۔ جائفل ا ماشہ شنگرف شدھ ۲ ماشہ افیون ۱۶ ماشہ کشتہ چاندی ۸ ماشہ۔ کیسر کو کھرل کر کے بعد میں شنگرف ملا کر کھرل کریں

پھر افیون شامل کر کے کھرل کریں اس کے بعد جائفل و کشتہ چاندی ملا کر کھرل کر کے ½ رتی کی گولیاں بنالیں خوراک ایک گولی ہمراہ نیم گرم گھی۔ دستوں میں شہد کے ساتھ دے سکتے ہیں کھانے کے لئے دہی اور چاول دیں۔

نسخہ پتھری توڑ

قلمی شورہ ۳ تولہ برادہ حجر الیہود ۱ تولہ نوشادر ٹھیکری یموی کھار ۶-۶ ماشہ سہاگہ خام ۳ ماشہ پوست ریٹھا ۱ عدد۔ مٹی کے برتن میں آدھ پاؤ پانی ڈال کر شورہ گھول لیں اور آنچ پر پکائیں۔ چھٹانک بھر پانی رہنے پر بقایا ادویہ ڈال دیں اور ایک لکڑی سے ہلاتے رہیں سوکھنے پر باریک پیس لیں۔ خوراک ۴ رتی سے ایک ماشہ تک دن میں تین بار ہمراہ کاڑھا دال کلتھی یا دودھ بکری تازہ۔

فوائد۔ یہ پتھری کے لئے مفید اور مجرب دوائی ہے۔

کوبراج مہتہ سبنتارام ڈبرہ ڈپریاٹر آدیبتہ رسائن فارمیسی

مصنف متعدد کتب

شلاجیت

شلاجیت ایک نہایت ہی مشہور و معروف مقوی اعصاب جوہر

ہوتا ہے جو پہاڑوں میں خاص قسم کے پتھروں میں سے حرارت آفتاب سے پگھل کر باہر ملائی کی طرح سیاہ رنگ کا جم جاتا ہے چونکہ پتھروں سے اتارنے وقت نیچے گری ہوئی شلاجیت کو جو مٹی میں ملی ہوتی ہے۔ بے احتیاطی سے اکٹھا کیا جاتا ہے اس لئے شلاجیت کو ہمیشہ شدھ کر کے اور اگر ہو سکے تو اس کا جوہر نکال کر برتنا چاہیئے۔ شدھ کرنے کی ترکیب ذیل میں درج ہے۔

ترکیب شدھی یا صفائی شلاجیت کی عمدہ قسم کی شلاجیت کو لے کر ترپھلے کے جوشاندہ۔ دودھ۔ گائے کے پیشاب یا محض پانی میں بخوبی حل کر کے چھان کر دھوپ میں رکھ دو جیٹھ ہاڑ کی تیز دھوپ لگنے سے اس کے اوپر ملائی کی طرح شلاجیت کا جوہر چڑھ آئیگا اس کو اتار کر کسی دوسرے برتن میں ڈال دو۔ اسی طرح روزانہ جتنی ملائی اتر سکے اتارتے رہو۔ حتےٰ کہ مٹی علیحدہ ہو جائے یہ ترکیب آسان ہے۔ دھوپ میں شدھ کی ہوئی شلاجیت میں اس کا جوہر قائم رہتا ہے اور زیادہ مفید ہوتی ہے۔

فوائد۔ مفرداً شلاجیت ایک رتی سے ۴ رتی تک دودھ کے ہمراہ استعمال کی جاتی ہے واگ بھٹ لکھتا ہے کہ دنیا میں ایسی کوئی قابل علاج مرض نہیں جس کو شلاجیت دور نہ کر سکے۔ چرک نے بھی شلاجیت کی از حد تعریف کی ہے دراصل اگر عمدہ قسم کی شلاجیت ہو تو وہ جسمانی امراض اور کمزوری کے لئے اکسیر رسائن ہے۔ جریان رقت منی احتلام سوزاک ذیابیطس کے مریضوں کے لئے مندرجہ ذیل ویدک مرکب نہایت ہی اعلےٰ ہے جس کو چندر پربھا وٹی کہتے ہیں احتیاط سے

بنایا ہوا یہ مرکب ہر قسم کی امراض پیشاب کو از حد نافع ہے مستورات کی امراض رحم کو بھی بے حد مفید ہے خون حیض کے نقائص کو دور کر کے بانجھ پن رفع کرتا ہے۔

نسخہ چیندر پربھاؤٹی کچور۔ درچ۔ ناگرموتھا۔ چرائتہ۔ دیودار ہلدی۔ اتیس دارہلدی۔ پیلا مول۔ چترامول۔ تردی۔ دنتی۔ پترج دارچینی۔ الائچی خورد بنسلوچن ہر ایک ۲ تولہ دھنیا ہرڑ۔ بہیڑہ۔ آملہ۔ چو باؤبڑنگ۔ پپلی کلاں۔ کشتہ سونا مکھی۔ سونٹھ۔ مرچ سیاہ۔ پپلی خورد جوکھار سجی کھار۔ نمک سیاہ۔ سیندھا نمک۔ ہڑنمک ہر ایک ۴ ماشہ کشتہ فولاد ۴ تولہ دیسی مصری ۸ تولہ شلاجیت آفتابی ۱۶ تولہ مصفا گوگل ۱۶ تولہ ہر ایک دوائی کو علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کر بخوبی ملا کر محض پانی یا پرہی کے تازہ رس سے رگڑ کر گولی بقدر ۴ رتی بنا لو مقدار خوراک ایک گولی سے دو گولی تک دن میں دو دفعہ دودھ یا پانی سے کھاؤ

فوائد ۔جریان کی شکایت ہو پیشاب کی تکلیف ہو۔ پتھری یرقان۔ تلی کھانسی۔ دمہ۔ جذام وخرابی خون بدہضمی اور دیگر دات پت اور کف کی کثیر امراض کو دور کر کے طاقت ہمت اور تندرست اولاد پیدا کرنے کے لائق بناتا ہے اور اعلے قسم کا رسائن اور ٹانک ہے۔ حافظہ کی خرابی۔ کند ذہنی۔ جگری۔ دلی اور دماغی کمزوری اور پرانا زکام وغیرہ امراض کو دور کرنے میں خاص فضیلت رکھتا ہے اس کا متواتر کچھ عرصہ استعمال انسانی جسم پر دیرپا اور مفید اثر پیدا کرتا ہے۔

شلاجیت کا آسان مرکب۔ شلاجیت شدھ ا حصہ کشتہ فولاد ا حصہ

کیسر کشمیری ۱حصہ لونگ ۱حصہ جائفل ۱حصہ کشتہ شنگرف ۱حصہ کچیلہ مدبر ۱حصہ خوب باریک پیس کر بقدر دانہ مرچ سیاہ گولی بناؤ۔ دودھ سے دن میں دو دفعہ صبح و شام گولی کھلاؤ۔ ترشی اور جماع سے پرہیز قوت مردمی اور قوت باہ کو از حد مفید ہے۔ پیشاب کی کئی امراض اور کمزوری مثانہ وغیرہ کے لئے نہایت مفید ہے۔

نسخہ سوزاک۔ سلاجیت ۱حصہ طباشیر ۱حصہ کشتہ قلعی ۱حصہ ست بیروزہ ۴حصہ بقدر نخود گولی بناؤ کچی لسی یا پانی سے دن میں ۲ گولی سے ۴ گولی تک کھلاؤ۔ جریان سوزاک اور قرحہ کے لئے از حد مفید ہے

سلاجیت کا شربت۔ تپ دق کے مریضوں کو کھانسی بخار کمزوری اور بوڑھوں کمزوروں کو از حد مفید پھیپھڑوں اور جگر کے لئے بدرجہ غایت نافع ہے۔ دمہ اور ذیابیطس کو بھی بہت مفید ہے ڈینگی کے مریضوں اور جو لوگ کسی دیرینہ مرض سے صحت یاب ہو کر اٹھے ہوں اُن کے لئے اعلےٰ درجہ کا ٹانک ہے۔

کمی خون کے مریضوں یا مستورات جن کو سیلان الرحم کا عارضہ ہو بہت مفید ہے میٹھا ہونے کے سبب بچے بھی آسانی سے پی سکتے ہیں مصفیٰ خون اور مقوی باہ ہے۔

نسخہ۔ پان کے تازہ پتوں کا رس ½ سیر انگور کا رس ایک سیر دانہ الائچی خورد ۵ تولہ دارچینی ۵ تولہ کیکر کی چھال کا جوشاندہ ½ سیر۔ ملٹھی کا جوشاندہ ½ سیر (آدھ سیر ملٹھی کو ۴ سیر پانی میں جوش دو جب ½ سیر رہ جائے تو مل کر چھان لو) اسی طرح کیکر کی چھال کا جوشاندہ تیار کرو) پس ان تمام رسوں اور سفوف ادویہ خشک کو کسی مرتبان چینی یا

گھی کے چکنے مٹی کے برتن میں بھر کر اس میں شدھ شلاجیت ۵ تولہ برادہ فولاد باریک ۵ تولہ کھانڈ ۴ سیر شہد ایک سیر ملا کر بند کر کے زمین میں دفن کر دو ایک ماہ کے بعد خوب ملا کر چھان لو مقدار خوراک جوان کے لئے ۶ ماشہ سے تولہ تک دن میں دو تین دفعہ دودھ میں ڈال کر پینا چاہیئے۔ جو شخص زمین میں نہ داب سکیں وہ اسی مقدار سے لے کر گھڑے میں بند کر کے رکھیں یا بطور شربت گاڑھا کر لیں۔

جوہر شلاجیت مرکب بوتل برانڈی خالص ایک عدد شلاجیت شدھ ۵ تولہ کیسر کشمیری ۵ تولہ کستوری ۳ ماشہ کشتہ فولاد ۱ تولہ کسی بڑی شیشی میں بند کر کے روزمرہ دو چار دفعہ ہلایا کریں ایک ماہ بعد برانڈی کو نتھار کر محفوظ رکھیں مقوی اعضاء محرک باہ۔ کمزوری۔ ہیضہ وغیرہ کو مفید ہے مقدار خوراک ۱۵ قطرے سے ۶۰ قطرہ تک دن میں دو دفعہ بعد غذا ہمراہ پانی یا دودھ

کویراج ہرنام داس بی اے

مصنف ہدایت نامہ خاوند، ہدایت نامہ بیوی وغیرہ وغیرہ

اکسیر ہیضہ

نسخہ۔ آک کی جڑ زمین سے نکال کر اس کا ایک تولہ بھر چھلکا اتاریں اسے کھرل یا پتھر کی کونڈی میں چٹنی کی طرح بنا لیں پھر ۴ تولہ تازہ پسی ہوئی

کالی مرچ اس میں ڈال کر تھوڑا اور رگڑ لیں اب اس میں دونوں کے برابر ادرک کارس ۵ تولہ ڈال دیں اور ایک دو دن ہی رگڑتے رگڑتے جب گولی بننے کے قابل ہو جائے تب آدھا تولہ کافور ڈال دیں اور اچھی طرح رگڑ کر کچھ ایک ایک رتی کی کچھ دو دو رتی کی اور کچھ تین تین رتی کی گولیاں بنالیں اور سایے میں سکھالیں۔ بچے کو جب ہیضہ ہو جائے تو ایک ایک رتی والی گولی عورتوں کو ۲-۲ رتی والی اور ۱۵ سال سے اوپر کی عمر والوں کو ۳-۳ رتی کی گولیاں پیس کر سادے پانی کے دو چار گھونٹ سے فوراً دے دیں اگر دوائی تیار نہ ہو تو اسی وقت آک کی جڑ کا چھلکا آدھی رتی و کالی مرچ ۲ رتی پیس کر فوراً کھلائیں۔

اب نیچے لکھے پانی کو تیار کریں اور اس کے بغیر روگی کو کچھ بھی پینے کو نہ دیں دو دو گھنٹے کے بعد اوپر لکھی دوائی بھی اسی پانی سے دیں۔ ۵ سیر پانی میں ۵ تولہ موٹی الائچی چھلکے سمیت موٹی موٹی کوٹ کر ڈال دیں (چھلکا اس روگ میں دانے سے بھی ادھک اپ یوگی ہے) پھر اسے آگ پر چڑھا دیں۔ جب اس میں سے ایک سیر پانی سوکھ جائے تب اس میں پیاز کا نچوڑا ہوا پانی آدھ سیر شامل کر دیں اور ٹھنڈا کر کے روگی کو چھٹانک دو چھٹانک دیتے رہیں روگی کو پانی کے لئے بہت دیر تک نہ ترسا دیں لیکن اسے صرف یہی پکا ہوا پانی دیں امید ہے کہ اس سے ۸ گھنٹے میں ہی روگی ٹھیک ہو جائے گا کھانے کو ایک دن رات کچھ نہ دیں بہت کمزوری کی حالت میں مسور کی دال کا پانی انار یا سیب کا پانی تھوڑا تھوڑا دے سکتے ہیں۔

ہیضہ میں قئے اور دست کے کارن شریر کا پانی بہت کم ہو جاتا ہے
جس سے خون کا دورہ کم ہو جاتا ہے اعضاء میں اینٹھن ہوتی ہے شریر
باہر ٹھنڈا سے ٹھنڈا ہو جاتا ہے مگر گدا میں تھرمامیٹر لگانے سے ٹمپریچر
۱۰۲-۱۰۳ ہوتا ہے۔ شریر کو کمبل آدی سے ڈھک کر شریر کا ٹمپریچر
بڑھانا چاہیئے۔ گرم پانی کی بوتلیں بستر میں رکھنی چاہیئیں تاکہ گرم
رہے۔ گرم پانی کی بوتلوں کے کارک اچھی طرح سے بند ہونے چاہیئیں
ورنہ بوتل کا کارک کھل جانے سے بہت نقصان ہوتا ہے۔

وئید پرشوتم لال جیر نہ جمنا نگر انبالہ

اکسیر بواسیر

نسخہ:۔ پوست ریٹھہ جلا ہوا کتھا دونوں ہموزن ملا کر اچھی طرح رگڑائی کر کے رکھ لیں ایک دورتی ہمراہ مکھن یا ملائی ہر روز صبح ایک ہفتہ استعمال کریں۔ اگر ہر چھٹے ماہ اس طرح ایک ہفتہ تک استعمال کر لیا کریں تو بواسیر اور اس سے پیدا ہونے والی تکلیفوں کو بہت فائدہ ہوگا۔

برائے اسقاط

نسخہ:۔ برادہ ہاتھی دانت ۵ تولہ۔ سنگ جراحت گوند ڈھاک۔ مائیں خورد بیج الائچی خورد۔ مصری دیسی دو دو تولہ۔ کشتہ مرجان ایک تولہ سب کو

علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کر ملالیں اور بقدر ۱½ ۳ ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ دیں اسقاط حمل اور استحاضہ کے لئے مفید ہے۔

وئید رام رچھپال رکھی راجپورہ (پٹیالہ)

زخموں کے لئے اکسیری تیل

نسخہ۔ کچے تمباکو کو کچل کر نکالے ہوئے اس میں اس کے ہموزن تلوں کا تیل ڈال کر آگ پر رکھ کر پانی جلالیں تیل رہ جانے پر بوتل میں بھر لیں یا ایک حصہ خشک کڑوے تمباکو کو سولہ حصہ پانی میں رات کو بھگو کر صبح کڑاہی میں ڈال اپکائیں دو حصے پانی رہنے پر مل چھان کر پانی سے نصف بعنی ایک حصہ تل کا تیل ملا کر پھر دوبارہ پکائیں تیل باقی رہ جانے پر چھان کر بوتل میں ڈال لیں بس تیار ہے بنائیں اور فائدہ اٹھائیں۔

فوائد۔ گہرے سے گہرے اور پرانے سے پرانے زخموں اور ناصور کو بھرنے کے لئے عجیب چیز ہے اس سے زخموں پر مکھی نہیں بیٹھتی دانت درد اور پائیوریا (یعنی مسوڑھوں میں دانتوں کے نیچے پیپ پڑ جانا) اس کے استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔ جوئیں جم جوئیں بدن کے خواہ کسی حصہ یا سارے بدن میں پڑ جائیں اس تیل کے ایک ہی دفعہ کے لگانے سے مر جاتی ہیں۔ بچوں کے سر کے زخم کرموں والے زخم جو درست ہونے کا نام نہ لیتے ہوں اس کے استعمال سے بہت جلد درست ہو جاتے ہیں چمبل داد گ

جو ایک سمندری بیماری ہے اس سے بدن پر زخم بن کر اوپر مچھلی کے چھلکے کی طرح پردے آجایا کرتے ہیں جو اوپر سے اُترتے جاتے ہیں۔ ابھی اس کے استعمال سے جاتا رہتا ہے جس کے علاج میں اچھے اچھے قابل ڈاکٹر اور حکما ناکام رہتے ہیں۔

کویراج سرداری لال وئید جالندھر

سنیاسی منجن

یہ دانتوں کی بیماریوں کو دور کرتا ہے اور دانتوں کو مضبوط بناتا ہے اس کے استعمال سے درد دانت مسوڑھوں کی سوجن۔ پانی لگنا۔ خون و پیپ آنا۔ دانتوں کا ہلنا وغیرہ دور ہو جاتا ہے۔ اس کے روزانہ استعمال سے دانت خراب نہیں ہوتے اور صاف و مضبوط رہتے ہیں۔

نسخہ۔ مِٹھ سوختہ ۲ تولہ کھریا مٹی ۲ تولہ پھٹکری لال ۲ تولہ کالی مرچ ۲ تولہ کالا نمک ۲ تولہ سب کو کوٹ پیس کر منجن بنائیں اور دانتوں پر صبح و شام ملا کریں۔ نہایت اعلےٰ چیز ہے۔

سنیاسی انجن

یہ انجن آنکھوں کے لئے ایک اعلےٰ چیز ہے نظر کی کمزوری جالا دھند۔ پھولا۔ ککرے۔ پڑوال۔ غرضیکہ آنکھ کی ہر ایک بیماری کو دور کرکے

قوت بصارت کو بڑھاتا ہے رات کو سوتے وقت ایک سلائی آنکھ میں لگالیا کریں۔

نسخہ۔ پھٹکری سرخ ۱۰ تولہ نیلا تھوتھا ا تولہ ترپھلا چورن ۱ تولہ کشتہ جست ۵ تولہ نمک سیندھا ۶ ماشہ سب ادویہ کو لے کر گھیکوار کے رس میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر سمپٹ کر کے جنگلی گوبر کی آگ دیں صبح ٹھنڈا ہونے پر نکال کر عرق گلاب میں کھرل کر کے شیشی میں حفاظت سے رکھیں رات کو آنکھوں میں لگایا کریں۔

کوبراج ہری داس شرما ویدنکودر

برائے درد کمر

نسخہ۔ کچلہ مدبر۔ زعفران اصلی مرچ سفید ہر ایک ۶ ماشہ عرق سونف آدھ سیر میں خوب کھرل کریں جب گولیاں باندھنے کے قابل ہو جائے تو گولیاں بمقدار مونگ بنالیں اور ورق نقرہ چڑھالیں۔ خوراک ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ شیر گاؤ۔

فوائد۔ درد کمر کے لئے بہترین دوا ہے۔

برائے کالی کھانسی

نسخہ۔ ایک تولہ پھٹکری سفید توے پر گرم کریں جب پھریاں ہونی شروع

ہو جائے تو ایک تولہ سفوف مٹھی مقشر چھڑکنے جائیں جب دھواں بند ہو جائے تو اتار کر پیس لیں اور بقدر ایک ماشہ ایک تولہ شہد خالص میں ملا کر دن میں تین بار بچے کو چٹائیں۔ کالی کھانسی کی لاجواب دوا ہے

کویراج پنڈت وشنو داس جی وئید مہان سنگھ گیٹ امرتسر

برائے خارش تر

یہ دوا خارش کے لئے نہایت مفید ہے میرے پاس ایک مریض آیا جس کے رانوں اور خصیوں میں شدید خارش ہوا کرتی تھی جسے دیکھ کر عورتیں ناک منہ چڑھایا کرتیں مگر اس دوا کے استعمال سے اس کی خارش بالکل دور ہو گئی۔

نسخہ۔ گندھک۔ پارہ ایک ایک تولہ لے کر کھرل کریں جب چمک مر جائے تب نیلا تھوتھا بریاں ۶ ماشہ کمیلا ۲ تولہ باریک کر کے ملائیں تین ماشہ پھر یہ دوا لے کر ایک چھٹانک مکھن میں ملا کر لگائیں اور بارہ گھنٹے کے بعد صابن سے دھو ڈالیں۔

(نوٹ) مکھن کو کئی بار پانی سے دھو لینا چاہیئے۔

تیل عجیب

نسخہ۔ تیل دار چینی ۱ تولہ۔ کافور ۱ ماشہ دونوں کو دھوپ میں رکھیں

دوا تیار ہے۔ اس تیل کی ایک بوند بچھو یا بھڑ وغیرہ کے کاٹے پر لگائیں۔ درد فوراً ساکن ہو جائے گا۔ اگر سردی کی وجہ سے سر میں شدید درد ہو تو اس تیل کے چند قطرے لے کر ماتھے پر مالش کریں فوراً سر درد دور ہو جاوے گا۔

ویدراج ٹھاکر بلبیر سنگھ جی سکنہ لوہ۔ تحصیل ہمیرپور ضلع کانگڑہ

حبوب اکسیر مخرج خون و نفاس

بچہ پیدا ہونے کے بعد اگر خون و نفاس بند ہو جائے تو اس دوا کے کھانے سے دو دن میں ہی خون جاری ہو جاتا ہے اور دیگر عوارضات زچگان مثلاً پھوڑا پھنسی درد ہر قسم بخار۔ تشنج ہاتھ پاؤں کا سوج جانا بکواس درد سر۔ کمی خون اور پیاس کی زیادتی وغیرہ کے لئے چوٹی کی دوا ہے کون نہیں جانتا کہ ایسے نازک امراض کے لئے آیورویدک نسخہ جات لاکھوں بار انگریزی ادویہ کے مقابلہ میں وجے پراپت کر چکے ہیں۔ یہ اکسیری نسخہ میرا بارہا کا آزمودہ ہے جو برسوں سے بخل کے تالے کے اندر پڑا ہوا تھا۔ آپ کی فراخدلی اور قربانی دیکھ کر بخل کا تالا کھول کر ارسال خدمت ہے۔

نسخہ۔ شنگرف اٹولہ زعفران اصلی ۶ ماشہ لبیاسہ ۶ ماشہ شورہ قلمی ۶ ماشہ مولی کھار ۶ ماشہ جو کھار ۶ ماشہ سجی کھار ۶ ماشہ املتاس ۶ ماشہ پیپرمنٹ

۶ ماشہ ریوند خطائی ۶ ماشہ شنگرف کو سات دن آب گھیکوار میں کھرل کریں بعد ازاں سات دن آب پودینہ میں کھرل کریں اب باقی ادویہ کو باریک پیس کر شنگرف میں ملا دیں اور تمام مرکب کو دو یوم ادرک کے رس میں کھرل کریں اور حبوب بقدر رتی بنا دیں بس اکسیری گولیاں تیار ہیں خشک ہونے پر شیشی میں سنبھال رکھیں اور بوقت ضرورت مندرجہ ذیل جوشاندہ کے ساتھ ایک یا دو گولیاں دیں جوشاندہ کے اجزاء یہ ہیں۔

سونف ایک تولہ تخم پیاز ایک تولہ بیخ پودینہ ایک تولہ قند سیاہ ۵ تولہ پانی دو سیر خام میں جوش دے کر ایک پاؤ خام رہنے پر مریضہ کو ایک گولی کھلا کر اوپر سے جوشاندہ دیں پر ماتما کی کرپا سے ایک ہی دن میں خون جاری ہو جائے گا۔

کویراج پنڈت رادھا کرشن شرما وئید

سرب جور ہر وٹی

نئے اور پرانے بخاروں میں نہایت مفید ہے

نسخہ۔ شدھ پارہ ایک حصہ شدھ گندھک دو حصہ شدھ پھٹکی سہاگہ ۳ حصہ بیخ ستیاناسی ۴ حصہ شدھ جمالگوٹہ ۵ حصہ۔ پارہ اور گندھک کی کجلی بنا کر بعد ازاں دیگر ادویہ باریک پیس کر ملا دیں اور لیموں کے رس میں دو یوم کھرل کر کے گولی بمقدار باجرہ نگ بنا دیں ایک گولی ہر روز

ہمراہ آب ادرک یا آب گرم دیں۔ اگر جلاب زیادہ ہوں تو دال مونگ اور چاول استعمال کریں۔

دافع کھانسی اطفال ہر قسم

نسخہ جوکھار۔ ایسں ۔ کاکڑا سنگی پیپل۔ پوکھر مول تمام اشیاء ہموزن لے کر باریک پیس کر سفوف بنالیں اور شہد خالص میں چٹنی بنا کر دن میں دو تین دفعہ بقدر ایک ماشہ چٹاویں میں نے اس کو کھانسی اطفال میں نہایت مفید پایا ہے۔

کویراج مہندر سنگھ ویدگھر بنڈہ

بلا دوا قوت باہ میں طوفان

جن لوگوں کی قوت مردانہ کمزور ہو چکی ہو اور وہ عورتوں کے نام سے گھبراتے ہوں انہیں چاہیئے کہ وہ سر شام چڑے دنجشک) بھون کر کھائیں اور بعد میں گائے کا دودھ پئیں۔ پھر رات کو جب بھی پیاس لگے بجائے پانی کے دودھ پئیں مہرشی چرک فرماتے ہیں کہ اس غذا کے کھانے سے عضو تناسل رات بھر انتشار میں رہتا ہے اس میں ذرا بھی شبہ نہیں ہے

پشاور کے قصہ خوانی بازار میں چڑے عام بکتے ہیں اور

پٹھان لوگ اس کی خوبیوں سے واقف ہیں اہل ہنود مذہباً حرام سمجھتے ہیں مگر ضرورت ہونے پر ویدا سے جائز سمجھتے ہیں جیسا کہ چرک سنگھتا میں بھی لکھا ہے۔ نہایت لاجواب غذائی علاج ہے

وئید شوکمار راوت پاڑہ آگرہ

برائے ہائی بلڈ پریشر

نسخہ شنکھ پشپی کھار ۲ رتی سرپ گندھا سفوف ۴ رتی بالسنہ کھار ۱ رتی تینوں کو ملا کر عرق گلاب یا گلقند کے ساتھ استعمال کرائیں یہ مقدار خوراک دن میں دو سے تین بار استعمال کی جا سکتی ہے رات کو اس کے ساتھ ترپھلا چورن استعمال کریں۔

دمہ ناشک

نسخہ پیپل کی جڑ کی چھال کا چورن بقدر ۶ ماشہ کالی گائے کے دودھ سے بنائی ہوئی کھیر کے ساتھ استعمال کریں۔ دمہ کی لاجواب دوا ہے۔

اکسیر لیکوریا

نسخہ بکائن کے پھل کا مغز ایک سے تین ماشہ کھلانے سے اور

اِسے دس گنا مکھن میں ملا کر لگانے سے پیوا سیر کو آرام ہوتا ہے۔

پنڈت اندرمنی ویدکنوری گنج روڈ علی گڑھ

برائے پیچش

نسخہ بیلگری ۳ ماشہ آم کی گٹھلی کا مغز ۳ ماشہ سورن پرپٹی ارنی سب کو ملا کر ایک خوراک بنالیں ایسی دو خوراکیں دن میں دوبار دہی کے مٹھا کے ساتھ دیں تو اسہال اور سنگرہنی ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ اگر مرض تیز ہو تو ایسی تین خوراکیں دن میں دی جاسکتی ہیں اس کے ساتھ بھات مسور کی دال۔ انار۔ امرودنہیں کیلا وغیرہ دینا چاہیئے اگر آؤں کا اخراج زیادہ ہو تو کیلا مت

کنور دیوی سنگھ وید کاسگنج

اکسیر سنپات

نسخہ۔ برگ بیل پاسبز ۵ عدد درخت بیل کے سبز پتے ۱۵ عدد برگ تلسی ۵ ۴ عدد ان کو کچل کر آدھ سیر پانی میں جوش دیں

جب آدھ پاؤ پانی باقی رہ جائے تو اتار لیں اور گھنٹہ گھنٹہ بعد ایک ایک تولہ عرق پلاتے رہیں ختم ہونے پر پھر تیار کر لیں

فوائد - بخار۔ سنپات۔ پلیگ اور ملیریا وغیرہ کو نہایت مفید ہے۔

وئید گرادھر ور ما پور بال (شاہجہاں پور)

شواس امرت برائے دمہ

نسخہ۔ دس سیر جو السنہ کو جو کوب کر کے ایک سیر پانی میں دو روز کے لئے بھگو دیں پھر اڑوسے کے ہرے پتے تین سیر اور دھتورے کے تازے ہرے پتے ایک سیر لے کر کچل کر اور تینوں کو ملا کر قرع انبیق کے ذریعے تین بوتل عرق نکالیں اور پھر ہر ایک بوتل میں ایک ایک پاؤ شہد شامل کر دیں مقدار خوراک ۳ سے ۶ ماشہ دن میں تین بار دمہ کے لئے نہایت مفید ہے

عرق پودینہ

نسخہ۔ دو سیر ہرا تازہ پودینہ لے کر کچل کر بھبکے میں ڈالیں اور اس کا عرق نکال لیں پھر اس عرق میں ایک پونڈ رکٹیفائیڈ اسپرٹ سنجیونی سرا یا ریکٹیفائیڈ سپرٹ ڈالیں ست پودینہ (پیپر منٹ) ½ تولہ ست اجوائن (تھامول)

۶ ماشہ دونوں کو پیس کر عرق میں ملادیں اور خوش رنگ بنانے کے لئے مناسب مقدار میں ہرا رنگ شامل کردیں عمدہ عرق پودینہ تیار ہے بدہضمی اپھارہ پیٹ درد کے لئے لاجواب ہے۔ بہت سی کمپنیاں اسے پیٹنٹ کر کے فروخت کرتی ہیں۔

وئید راج رام چند شرما جگوامرا آباد

بلاناغہ احتلام کے لئے

پہلے مریض کا ہاضمہ درست کریں پھر مندرجہ ذیل نسخہ استعمال کرائیں یقیناً فائدہ ہوگا۔

نسخہ۔ گولر کے مسّے جو گولر کے پتوں پر دور دور سے نظر آتے ہیں خشک کئے ہوئے۔ گوند ڈھاک۔ رال سفید گوکھرو پہاڑی اسگندھ ناگوری ہر ایک ۶ تولہ جملہ ادویات جدا جدا پیس کر اور باریک تاروں کی چھلنی میں چھان کر سب کو ملائیں اور سب کے ہموزن چینی دیسی کھانڈ ملا کر دو تولہ صبح دو تولہ شام ہمراہ نیم گرم شیر گائے استعمال کرائیں اور اکیس دن استعمال کراتے رہیں بہت بھروسہ کا نسخہ ہے ہمیشہ سے معمول مطب ہے۔

حیض

مدر حیض

جن عورتوں کو کسی وجہ سے حیض بند ہو کر طرح طرح کے فساد

پیدا ہو چکے ہوں اُن کے لئے تین ماشہ سفوف برہمڈنڈی ہمراہ آب گرم دونوں وقت ایک ہفتہ کھانے سے حیض کھل کر ہو جاتا ہے اور تمام تکالیف سے عورت بری ہو کر قابل اولاد بن جاتی ہے یہ ہمارا بہت دفعہ کا تجربہ ہے۔

کویراج ملک راج طالب گولڈ میڈلسٹ ہردوا یو پی

تریاق ملیریا

ملیریا بخار کے لئے میرا معمول مطب نسخہ ہے جو آج تک کبھی خطا نہیں گیا اور سو فیصدی کامیاب رہا ہے میں ہمیشہ اپنے مریضوں کو اس کی صرف ایک ہی خوراک دیتا ہوں دوسری خوراک کی شاذ و نادر ہی ضرورت پڑتی ہے ورنہ ایک خوراک سے ہی ملیریا جیسے موذی بخار سے نجات مل جاتی ہے۔ ملیریا کے لئے آب حیات سے کم نہیں آزمائیں اور ہماری محنت کی داد دیں۔

نسخہ۔ بذریعہ قرع انبیق دو بوتل پانی کشید کریں لیکن کشید کرنے سے پیشتر ہی ایک تولہ کافور دیسی کی ڈلی کسی صاف کپڑے کی پوٹلی میں باندھ کر قرع انبیق کی نالی پر باندھ دیں گرم گرم عرق کافور کی پوٹلی پر گرے گا اور عرق میں حل ہوتا جائے گا۔ اب اس دو بوتل عرق کو کسی قلعی دار برتن میں ڈال دیں اور اس میں چونا آب نارسیدہ ۲۵ تولہ حل کر دیں

جب کچھ دیر کے بعد چونا نیچے بیٹھ جائے تو اوپر کا عرق دوسرے برتن میں نتھار لیں لیکن چونا کی جسمیت نہ آنے پائے اب اس عرق میں ۲½ تولہ نوشادر ٹھیکری شامل کر لیں بس دوا تیار ہے خوراک صرف ایک تولہ مریض کو اس روز کھانے کو کچھ نہ دیا جائے صرف شام کو مونگ کی دال کھچڑی دی جائے۔

ویدپنڈت بینی مادھو دویدی مہاتما گاندھی مارگ الہ آباد

دافع کھانسی

نسخہ سفوف چھلکا بہیڑہ ۵ تولہ پروال بھسم ۵ تولہ شرنگ بھسم ۱ تولہ اڈوسہ کے پتوں کے رس میں گھوٹیں پھر اس کے کھیل کے رس میں اس کے بعد چھوٹی کٹیلی کے ایک پنچانگ کے رس میں گھوٹیں اور سکھالیں مقدار خوراک ۴ سے ۶ رتی شہد میں ملاکر دن میں تین بار دیں دمہ اور کھانسی میں نہایت مفید ہے۔

بال دوش ہر

نسخہ۔ صدف مروارید کی بھسم ۵ تولہ معدہ و بھسم (۱۰ پٹی) ۱ تولہ ان دونوں کو

اپامارگ اور گلو کے رس میں اور اسگندھ کے جوشاندہ میں کھرل کر کے سکھا لیں پھر اس میں طباشیر ست گلو. پیپل چھوٹی ہر ایک ۱/۲ ا تولہ کاکڑا سنگھی ۶ ماشہ انیس شیریں ۶ ماشہ ناگرموتھا ۳ ماشہ سب کا سفوف بنا کر ملا دیں اور محفوظ رکھیں۔ مقدار خوراک ایک سے چار رتی شہد یا ماں کے دودھ میں ملا کر صبح و شام دیں. بچوں کے تمام امراض کو دور کر کے انھیں موٹا تازہ بناتا ہے۔

تیسرا باب

ایلوپیتھک ڈاکٹروں کے سریع الاثر نسخہ جات

ڈاکٹر ڈبلیو ارنسٹ لوئیڈ ایم ڈی ایف آر سی پی (لنڈن)

پھیپھڑوں کے امراض کے تجربات

(۱) پھیپھڑوں کے امراض میں میں سلفا ڈرگز اور پنسلین کے استعمال سے ہمیشہ کامیابی حاصل کرتا ہوں۔

بعض اوقات آریومائی سین اور کلورم فینی کول کو بھی استعمال کرالیتا ہوں خصوصاً نمونیا۔ تقیح الصدر یا ایمپیما اور دوسری اکیوٹ (حاد) امراض

میں پینی سلین بیش بہا مفید دوا ہے۔

(۲) ٹنکچر کیمفر کو ۲۰ منم اوکسی مل آف سلا ۲۰ منم سیرپ ٹولو ۶۰ منم بطور لنکٹس استعمال کریں یا ایک اونس ایکوا ملا کر استعمال کریں کھانسی کے لئے بے حد مفید ہے۔

(۳) سیرپ کوڈینیا فاسفاس ۳۰ منم سیرپ وائلڈ چیری ۱۵ منم سیرپ ٹولو ۱۵ منم بطور لنکٹس یا چٹنی استعمال کریں خراش دار کھانسی کے لئے مفید ہے

(۴) امونیم کلورائیڈ ۱۵ گرین سپرٹ امونیا ایروبیٹک ۱۵ منم ایکسٹریکٹ گلیسرزا لیکوئیڈ ۱۵ منم ایکوا کلوروفارم ایک اونس ایسی ایک خوراک دن میں تین مرتبہ دمہ کے لئے مفید ہے۔

(۵) دمہ کی شدید حالتوں میں لائیکوار ایڈرینےلین $\frac{1}{1000}$ طاقت سلوشن بمقدار ۵ منم سے ۱۰ منم تک زیر جلد انجکشن کرنا دمہ کی تکالیف کو رفع کرنے میں بے حد مؤثر ہے۔

(۶) ایفیڈرین ہائیڈروکلورائیڈ $\frac{1}{2}$ گرین یہ بھی دمہ کھانسی اور تنگی تنفس کیلئے مفید ہے۔

(۷) سٹرامونیم سفوف ۵ حصہ اپی نسانی سفوف ۲۵ حصہ قلمی شورہ ۲۵ حصہ بطور سگرٹ استعمال کریں یا ویسے حقے میں ڈال کر استعمال کریں۔ دمہ کا دورہ رفع کرنے میں مجرب ہے۔

(۸) پوٹاسیم آیوڈائیڈ ۳ گرین ٹنکچر سٹرامونیم ۲۰ منم کلوروفارم واٹر ایک اونس یہ مکسچر دمہ کا دورہ رفع کرنے میں بے حد مفید ہے۔

(۹) ایڈرینےلین ۲ گرین ایٹروپین $\frac{1}{2}$ گرین پیپاویرین ہائیڈروکلورائیڈ $\frac{13}{2}$ گرین کلوروبیوٹل ۲ گرین ٹارٹرک ایسڈ $\frac{3}{4}$ ۱ گرین سوڈیم میٹا بائی سلفیٹ $\frac{1}{2}$ گرین ڈسٹلڈ واٹر تازہ ایک فل اونس ایٹومائزر کے ذریعے

ناک میں اس سلوشن کو قطرہ قطرہ ڈالیں۔

ڈاکٹر مگ باربرائم ڈی ایف آر سی پی (لندن)

(۱) سوڈا بائیکارب ۱۰ گرین۔ ٹنکچر ردبرب کمپونڈ ۱۵ منم ٹنکچر جنجر فورٹ ۵ منم پیپرمنٹ واٹر ½ اونس بدہضمی اور خرابی معدہ کے لئے بہترین نسخہ ہے معدہ کی مزید تقویت اور رفع قبض کے لئے ٹنکچر نکس وامیکا ۱۰ منم اضافہ کر سکتے ہیں

(۲) بسمتھ سیلی سیلاس ۱۰ گرین ایملشن کلوروفارم (کلوروڈین) ۷ منم ٹنکچر لونڈر کمپونڈ ۱۰ منم گلیسرین ۱۵ منم واٹر ½ اونس ہر چار گھنٹے بعد ایسی ایک خوراک دیں ہر قسم کے دستوں کے رد کرنے کے لئے مفید ہے۔

(۳) فاسفورک ایسڈ ڈائیلیوٹ ۱۰ منم ٹنکچر نکس وامیکا ۱۰ منم کون سنٹریٹڈ انفیوژن آف سنیگا ۳۰ منم سیرپ ٹولو ۱۰ منم ایکوا کلوروفارم ½ اونس ایسی تین خوراک دن میں دیں۔ کھانسی ہر قسم کے لئے مفید نسخہ ہے التہاب شعبی برانکائٹس میں مکسچر امونیا اور اپیکاک دبی۔ پی۔ سی پسندیدہ نسخہ ہے۔

(۴) سوڈا بائیکارب ۱۰ گرین سپرٹ امونیا ایرومیٹک ۳۰ منم ٹنکچر کارڈکو ۱۵ منم پیپرمنٹ واٹر ½ اونس تقویت قلب کے لئے مفید ہے۔ اگر تہیج قلب یعنی لینی اڈیما آف ہارٹ ہو تو مسلسل ۲ سی سی کا انجکشن یا نیٹال کی ٹکیاں کھلائی جاتی ہیں۔

(۵) پوٹاسیم برومائیڈ ۱۰ گرین کلورل ہائیڈریٹ ۱۰ گرین کلوروفارم واٹر

۱½ اونس بے خوابی کے لئے بہترین سلیپنگ ڈوز ہے میں عام طور پر یہی استعمال کرتا ہوں۔ درد کی وجہ سے بے خوابی میں کبھی مارفین ہائیڈرو کلورائیڈ ⅛ یا ⅙ یا ¼ گرین کا انجکشن تجویز کرتا ہوں۔

(۶) آلات بول کی خرابی میں عام طور پر پوٹاسیم سائٹراس اور ٹنکچر ہائیوسائمس بی پی سی کا مکسچر تجویز کرتا ہوں اور مفید ثابت ہوتا ہے انیمیا کمی خون کے لئے عام حالات میں آئرن یعنی فولاد میرا منتخبہ نسخہ ہے۔

ڈاکٹر طغلپ پرنز ایم ڈی ایم ایس سی ایف آر سی پی انچارج چلڈرن ہسپتال لنڈن

بچوں کی جراثیمی امراض میں اینٹی بائیوٹک ادویات کے نسخے بہت مقبول اور مفید ہیں۔ میں عموماً انہیں استعمال کرتا ہوں۔

(۱) **پنی سلین** بچوں کی جراثیمی امراض نمونیا کالی کھانسی اور خون کی خرابی پھوڑے پھنسی کان بہنے وغیرہ میں استعمال ہوتی ہے آٹھ ہزار یونٹ فی پونڈ جسمانی وزن کے حساب سے یعنی دو سال کے بچے کے لئے ایک لاکھ یونٹ بذریعہ عضلاتی انجکشن روزانہ۔

(۲) **اسٹرپٹومائی سین**۔ اس کا سب سے بڑا استعمال بچوں

کی تپ دق میں ہوتا ہے یا تپ دق کے ساتھ انفلوانزہ یا ورم دماغی ہو تو بھی مفید ہے ۲۰ ملی گرام فی پونڈ جسمانی وزن کے حساب سے روزانہ عضلاتی انجکشن

(۳) **کلورم فینی کول** کے یہ دوا کلورومائی سٹین کے نام سے بھی ملتی ہے عام طور پر بچوں کے لئے اس کا امیشن جس کا نام کلورومائی سٹین پالمی ٹیٹ ہے۔ بچوں کا ٹائیفائیڈ محرقہ بخار پیراٹائیفائیڈ چیچک کی ادر کالی کھانسی کے لئے بے حد مفید و مجرب ہے۔ پچاس ملی گرام فی پونڈ جسمانی وزن کے حساب سے ہر چھ یا آٹھ گھنٹے بعد دینی چاہیئے۔

(۴) **آریومائی سین** کی یہ دوا بچوں کے میعادی بخار کالی کھانسی نمونیا اسہال پیچش ادر خون کی خرابیوں کے لئے استعمال کی جاتی ہے ۲۵ ملی گرام فی پونڈ جسمانی وزن کے حساب سے ہر چھ گھنٹے یا آٹھ گھنٹے بعد دی جاتی ہے۔

(۵) **ٹیرامائی سین** کی یہ دوا بیرونی طور پر جراثیمی انفکشن کے لئے بہت استعمال ہوتی ہے خصوصاً ناک ادر دماغ کی چھوت میں مفید ہے اس کا سلوشن تنہا یا ایفیڈرین ہائیڈرو کلورائیڈ کے ساتھ ملا کر استعمال کیا جاتا ہے

سے سلفامیزاتھین ادر سلفا میرازین کو زیادہ

...ند کرتا ہوں جراثیمی انفکشن میں یہ ادویات

کو ان آمراض ہوں یعنی کھانسی نزلہ۔ زکام

خرابی خون اور بچپن وغیرہ میں حسب عمر دیں۔
(۷) بچوں کو تسکین و آرام دینے نیند لانے اور رفع درد کیلئے فینو بار بی ٹون خواب آور دوا ہے ۱/۸ تا ۱/۴ گرین ایک بچے کو دے سکتے ہیں۔

(۸) **کلورل ہائیڈریٹ اس** } یہ بچوں کو رفع درد اور تسکین دینے کے لئے بہترین دوا ہے ایک سال کے بچے کے لئے ایک گرین خوراک کافی ہے۔

(۹) **ڈوورس پوڈر** } سفوف اپیکاک مع افیون دو سال کے بچے کے لئے ایک گرین کافی ہے رفع درد نیند لانے اور اسہال بند کرنے کے لئے مفید ہے۔

(۱۰) **اسپرین** } ایک گرین بچوں کے درد کے لئے از حد مفید ہے۔

ڈاکٹر ہیگنا بھم سمتھ ایم ڈی ایف آر سی پی لنڈن ماہر دماغی امراض

اعصابی امراض کے مجربات

۱۔ اسپرین ۵ گرین۔ فیناسٹین ۵ گرین کیفین ۱ گرین اسے ایک ایک خوراک گرم پانی سے دیں سر درد کے لئے فوری موثر ہے۔
۲۔ اسپرین ۵ گرین۔ فناسٹین ۵ گرین کیفین ایک گرین کوڈین فاسفاس

$\frac{1}{4}$ گرین درد سر اور بے خوابی کے لئے مجرب ہے۔ گرم پانی سے دیں کوڈین کی بجائے ڈوورس پوڈر بمقدار ۵ گرین بھی ملا سکتے ہیں۔

۳۔ فیناذون ۵ گرین سوڈیم بروما ئیڈ ۲ گرین سپرٹ امونیا ایرومیٹک ۵ منم پیپرمنٹ واٹر ایک اونس۔ ایسی ایک خوراک دن میں تین بار دیں دماغی پریشانی بے خوابی اور درد سر کے لئے بے حد مفید ہے۔

۴۔ شدت درد اور بے خوابی کے لئے مارفین $\frac{1}{8}$ گرین بذریعہ زیر جلدی انجکشن بھی مفید ہے۔

(۵) درد سر کی تمام بیماریوں میں سر پر آئس بیگ سے برف کی ٹکور اور ماتھے پر سپرٹ لگانا بھی مفید ہوتا ہے۔

(۶) ارگو میٹرن ٹارٹریٹ املی گرام جلدی انجکشن کرنا بھی درد شقیقہ کے لئے بے حد مفید ثابت ہوتا ہے۔

(۷) فینوباربی ٹون سوڈیم $\frac{1}{4}$ گرین سوڈیم برومائیڈ $\frac{1}{2}$ ۷ گرین واٹر ایک اونس صبح و شام ایک ایک خوراک دیں درد شقیقہ بے خوابی اور تشنج کے لئے مفید ہے۔

(۸) ٹنکچر ویلیرین امونی ایٹڈ ۲۰ منم امونیم برومائیڈ ۱۰ گرین سپرٹ امونیا ایرومیٹک ۵ منم پیپرمنٹ واٹر ایک اونس دن میں تین دفعہ ایسی ایک ایک خوراک غذا کے بعد دیں ہسٹیریا کے لئے مفید ہے۔

ڈاکٹر چارلس ایم گروبر پی۔ ایچ ڈی ایم ڈی پروفیسر آف فارماکولوجی جیفرسن میڈیکل کالج فلاڈلفیا

اکسیر جنون

نسخہ۔ سرپاسل (سیپا) ۲ ٹکیہ۔ وٹامن بی کمپلیکس و دبی ۱۲ ٹکیہ دونوں کو باہم ملاکر ایک پڑیہ بنائیں اور روزانہ تین بار پانی کے ہمراہ دیں یہ متوازن جذبات مسکن اعصاب اور دافع جنون ہے۔ اعصابی تشویش ذہنی تکالیف۔ فشار دم اعلےٰ اور دماغی خلل کے لئے بہت مفید ہے۔

اکسیر نمونیا

نسخہ کلورم فینی کول۔ اکیپ شول سلفاڈایازین ۲ ٹکیہ دونوں کو ملاکر ہر دوسرے گھنٹے دیں۔

یہ ایک دافع سرایت "اینٹی بائیوٹک سلفا" مرکب ہے جو ایک خاص مرض کے نمونیا میں مؤثر ہے۔ اور نمونیا معہ سرسام میں بھی مفید ہے۔

ڈاکٹر ملٹن جے چیٹن ایم ڈی سان فرانسسکو

استھما کیوپسی

نسخہ سا ایفیڈرین ہائیڈرو کلورائیڈ ۸ گرین سگیجر اسٹرامونیم ۵ منم سیز یہ کوڈین

فاسفیٹ ۱ ڈرام سیرپ پرونی ورجیانا ۱ ڈرام پانی ½۱ اونس۔ ان سب کو ملاکر مکسچر بنائیں اور ایسی تین بار دیں دمہ کے لئے نہایت مفید اور لاجواب دوا ہے۔

استھما مکسچر

نسخہ۔ ایفیڈرین ہائیڈروکلورائیڈ ½ گرین فینو باربی ٹون سوڈیم ۱ گرین پوٹاسیم برومائیڈ ۱ گرین ٹنکچر بیلاڈونا ۸ منم سیرپ آف آرنج ۱ ڈرام کلورو فارم واٹر ۱ اونس اس کو تازہ تیار کر کے پلائیں یہ دمہ کا شدید حملہ روکنے اور رات کی بے چینی دور کرنے کے لئے ایک بہترین سکون دہ دوا ہے متواتر استعمال سے دمہ کی بے چینی دور ہو جاتی ہے یہ نئے اور پرانے دونوں دمہ کی حالتوں میں مفید ہے۔

ڈاکٹر فلیمنگ

افیون چھڑانے کی دوا

نسخہ سپرٹ اینجرس ایک ڈرام ٹنکچر کینے بس انڈیکا چالیس قطرے میں ایک اونس کشید شدہ پانی ملائیں یہ ایک خوراک ہے دن میں ایسی ایک خوراک پلائیں مریض کو افیون چھوڑ دینے کے سبب جب نیند نہ آئے تو اس دوا کو پی لینے سے نہ صرف نیند آجاتی ہے۔ بلکہ افیون استعمال کرنے

کی عادت چھوٹ جاتی ہے۔

ڈاکٹر برام ویل

نفخ شکم اور پیٹ کی خرابیوں کی کامیاب دوا

نسخہ ۔ پینتھول (ست پودینہ) ½ رتی سپرٹ امونیا ایرومیٹک ۳۰ منم سپرٹ کلوروفارم ۳۰ منم آپس میں ملاکر مکسچر بنالیں یہ ایک خوراک ہے بوقت ضرورت تھوڑا پانی ملاکر استعمال کریں۔

فوائد ۔ نفخ شکم ۔ خوراک ہضم نہ ہونا اور پیٹ کی گرانی کے لئے نہایت مفید دوا ہے۔

ڈاکٹر ایف ایم ہنگرلے

اکسیر زکام

نسخہ ۔ کوڈین سلفیٹ ½ گرین ۔ اسپرین ۵ گرین فنسٹین ½ گرین ۔ کیفین سائٹراس ½ گرین ایسے ۸ کیپ شول بنالیں اور ایک کیپ شول ہر تیسرے گھنٹے استعمال کریں اس سے زکام رفع ہو جاتا ہے جسمانی درجہ حرارت کم ہو جاتا ہے درد سر دور ہو جاتا ہے اور عام درد کافور ہو جاتا ہے۔

ڈاکٹر ولیم جے رابنسن ایم ڈی

سر کے گرتے ہوئے بالوں کیلئے لاجواب نسخہ

مندرجہ ذیل نسخہ سر کے گرتے ہوئے بالوں کے لئے خاص طور پر مفید ثابت ہوا ہے اس کے استعمال سے نہ صرف گرتے ہوئے بال گرنے اور جھڑنے سے رک جاتے ہیں بلکہ پہلے سے زیادہ چمکدار اور دراز ہو جاتے ہیں
نسخہ ۔ مندرجہ ذیل نسخہ سر کے گرتے ہوئے بالوں کے لئے خاص طور پر مفید ثابت ہوا ہے اس کے استعمال سے نہ صرف گرتے ہوئے بال گرنے اور جھڑنے سے رک جاتے ہیں بلکہ پہلے سے زیادہ چمکدار اور دراز ہو جاتے ہیں ۔

ترکیب استعمال ۔ بقدر ضرورت سر پر مالش کریں ۔

لفٹننٹ کرنل ڈاکٹر جی ٹی برڈوڈ ایم سی ایم ڈی ۔ ایف آر سی ایس آئی ۔ ایم ایس سابق سول سرجن لکھنؤ

سائنٹفک دلیسی مرکبات

اسپغول اسپغول کا لعاب مسکن اور مقوی ہوتا ہے یہ پیچش اسہال اور ورم مثانہ میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

اسبغول مسلم ۸ ماشہ ٹھنڈا پانی ایک پاؤ رات بھر بھگوئیں۔ صبح بھیگا ہوا اسبغول دو چھوٹے چمچے دن میں تین بار صبح دوپہر اور شام کو استعمال کریں یہ پیچش اور ورم مثانہ میں مفید ہے۔

اسبغول کا چھلکا ۴ ماشہ بادیان مسفوف ۲ ماشہ کھانڈ ۲ ماشہ یہ ایک خوراک کا وزن ہے دن میں تین بار صبح دوپہر شام کھائیں۔ پیچش کے لئے بے حد مفید ہے۔

اسبغول کا چھلکا ۴ ماشہ تخم کرچی ۲½ رتی سفوف بنائیں یہ ایک خوراک ہے پیچش میں دیں۔

سبوس اسبغول ۴ ماشہ شورہ قلمی ۵ رتی کباب چینی ۱ ماشہ یہ ایک خوراک ہے۔ پیشاب کی جلن وغیرہ کے لئے مفید ہے دن میں دو بار استعمال کریں۔

اسبغول ۸ ماشہ پانی آدھ سیر دس منٹ تک جوش دیں اور دن میں تین بار استعمال کرائیں یہ ورم مثانہ کے لئے بے حد مفید ہے۔

اننت مول } اننت مول کے پتے اور جڑ بلغم کو خارج کرتی ہے پتے زیادہ موثر ہیں۔

اننت مول کے پتوں کا سفوف ۵ رتی افیون اچاول لعاب صمغ عربی ۴ ماشہ پانی ۲½ تولہ یہ ایک خوراک ہے دن میں ایسی تین خوراکیں دیں پیچش اور دستوں کے لئے نہایت مفید ہے۔

اننت مول کے پتے ۲½ رتی ملٹھی کا شربت ۳۰ قطرے پانی ½ تولہ یہ ایک خوراک ہے دن میں ایسی تین خوراکیں دیں کالی کھانسی کے لئے نہایت مفید ہے۔

جٹاماسنی مقوی اعصاب و دافع تشنج ہے اس کا استعمال سر کی بیماریوں دردوں وغیرہ میں مفید ہے یہ مخرج بلغم اور کاسر ریاح بھی ہے۔

سفوف جٹاماسنی ۱۰ رتی کافور ۱½ رتی دارچینی ۲½ رتی یہ ایک خوراک کا وزن ہے دن میں دو بار استعمال کرائیں یہ سر کی بیماریوں و دردوں میں مفید ہے۔

جٹاماسنی نیم کوفتہ ۸ ماشہ کھولتا ہوا پانی ۵ چھٹانک خیساندہ تیار کریں اور بقدر تین تولے دن میں تین مرتبہ دیں یا ڈگولہ اور وحشت میں مفید ہے۔

کالادانہ کالادانہ ملین اور مسہل کا کام دیتا ہے۔ کالادانہ کا سفوف ۲½ تولہ نمک لاہوری ۲½ تولہ سونٹھ ۳ ماشہ ان کا سفوف بنالیں اور بقدر چار ماشہ دن میں تین مرتبہ دیں یہ مسہل کا کام دے گا۔

کالادانہ کا سفوف ۱۰ رتی مرچ کالی ۲½ رتی انیس ۷½ رتی سفوف بنالیں یہ ایک خوراک ہے دن میں تین بار استعمال کرائیں۔

کرچی اس کا پوست اور تخم بازار میں دستیاب ہوتے ہیں پیچش کی خاص دوا ہے۔

پوست کرچی ۲½ تولہ کھولتا ہوا پانی ۲½ تولہ چھ گھنٹے تک بھگوئے رکھیں بعد ازاں چھان لیں اس کی خوراک ۳ تولہ ہے دن میں تین بار استعمال کرائیں یہ پرانی پیچش کے لئے ازحد مفید ہے۔ تخم کرچی ۲½ رتی بیل گری کے جوشاندے کے ساتھ استعمال کریں پیچش کے لئے مفید ہے۔

کمیلہ کمیلہ سرخ رنگ کی دوا ہوتی ہے جو بازار میں عام طور پر دستیاب ہوتی ہے یہ کدو دانہ جلد کے پرانے امراض اور درد میں مفید ہوتی ہے۔

کمیلہ۔ باؤبڑنگ چھوٹی ہرڑ نمک لاہوری سب کو ہموزن لے کر سفوف بنائیں اور بقدر ۴ ماشہ ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

کدو دانوں کے لئے نہایت مفید ہے۔

کاکڑا سینگی کاکڑا سینگی بلغم کو خارج کرتی ہے اور کھانسی میں نہایت مفید ہے۔

کاکڑا سینگی ۱/۲ ۷ رتی سونٹھ ۱/۲ ۲ رتی فلفل دراز ۱/۲ ۲ رتی ان تینوں کا سفوف کرلیں یہ ایک خوراک ہے۔

دن میں ایسی تین خوراکیں دیں۔ کھانسی اور انفلوانزہ نزلہ وبائی کے لئے نہایت مفید ہے۔

کاکڑا سینگی ۱/۲ ۲ رتی اتیس ۱/۲ ۲ رتی فلفل دراز ۱/۲ ۲ رتی شہد ۴ ماشہ شہد میں دوائیں ملاکر لعوق بنادیں۔

یہ لعوق بچوں کی کھانسی کے لئے نہایت مفید ہے۔

لفٹنٹ کرنل ڈاکٹر اے جی اوبراصاحب او۔بی ای آئی ایم ایس ایف آر سی ایس انگلینڈ، سابق سول سرجن آگرہ

سائنٹفک دیسی نسخہ جات

ہیضہ۔ پوست بیخ آک مرچ سیاہ مساوی آب ادرک میں

کھرل کر کے سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنالیں اور ایک گولی صبح و شام کھلائیں۔

دیگر سونف ۹ ماشہ پودینہ ۶ ماشہ لونگ ۴ عدد باریک پیس کر گلقند ۴ تولہ کو علیحدہ پیس لیں اور دونوں کو ملالیں خوراک ایک سے ڈیڑھ تولہ۔

وجع المفاصل سورنجان شیریں ۱/۲ ۲ تولہ سنائے مکی ا تولہ ۹ ماشہ پوست ہلیلہ زرد ایک تولہ تربد سفید مغز بادام ہر ایک ۹ ماشہ زعفران ۱ ماشہ چینی سفید ۴ تولہ باریک پیس کر سفوف بنا لیں۔ مقدار خوراک ۱۰ ماشہ سے ۱/۴ ۱ تولہ

مرہم چیچک پوست درخت سرس پوست درخت لہسوڑہ پوست درخت پیپل پوست درخت گولر ہموزن باریک پیس کر گائے کے گھی میں ملا کر مرہم بنائیں اور دانوں پر لگائیں

موسمی بخار (۱) پدماکھ۔ صندل سرخ۔ برگ نیم آرد گلو۔ کشنیز خشک ہموزن باریک پیس کر سفوف بنالیں اور ایک ماشہ پانی کے ہمراہ کھلائیں۔

(۲) برگ کرنجوہ۔ اتیس۔ کٹھ۔ سونٹ۔ برگ اڑوسہ۔ ناگرموتھا۔ برگ نیم گلو ہر ایک ایک ماشہ کھولتے ہوئے گرم پانی میں بھگوئیں اور چھان کر مریض کو پلائیں۔

باری کا بخار نیم چڑھیہ) اننت مول مشک بالا۔ ناگرموتھا سونٹھ کٹکی۔ ہموزن باریک پیس کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں اور تین گولیاں گرم پانی کے ہمراہ کھلائیں۔

آتشک پوست بیخ آک ۱۵ ماشہ مرچ سیاہ ۸ ماشہ قند سیاہ حسب ضرورت کوٹ چھان کر دانہ جوار کے برابر گولیاں بنالیں اور ایک ایک گولی صبح وشام کھلائیں۔ ترش یا دی اشیا اور نمک سے پرہیز کرائیں۔

سل ودق کافور۔ زعفران۔ تخم خرفہ بمغز۔ تخم خیارین۔ تخم کاہو صندل سفید گل سرخ مغز۔ تخم تربوز ہر ایک ۳ ماشہ ملیٹھی چھلی ہوئی بہیدانہ خشخاش سفید ہر ایک ۳ ماشہ کتیرا ۱½ ماشہ آٹا نہایت باریک پیس کر سفوف بنائیں خوراک ۳ ماشہ سے ۶ ماشہ دق وسل کے بخار کے لئے نہایت مفید ہے۔

سر چکرانا کشنیز خشک۔ پوست ہلیلہ زرد سر کھپو کا ہر ایک چھ ماشہ نیم کوفتہ کر کے پاؤ سیر پانی میں جوش دیکر پلائیں اور ایک ہفتہ تک استعمال کرائیں۔

دیگر خشخاش سفید کشنیز خشک مغز۔ بنولہ ہر ایک ایک حصہ سفید دو حصہ عرق گلاب میں تیرہ نکال کر دن میں دو دفعہ پئیں۔

بالچر انڈے کی زردی میں قدرے برادہ دندان فیل سوختہ ملائیں اور بکری کا دودھ شامل کر کے مقام ماؤف پر مالش کریں۔

زخم بستری برگ شہتوت برگ نیم ہر ایک ۲ تولہ پیاز سفید ایک تولہ قدرے پانی ملا کر خوب باریک پیسیں اور مرہم بنا کر مقام ماؤف پر لگائیں۔

دیگر سندور ۴ تولہ روغن سرسوں دو چھٹانک آگ پر مرہم بنائیں اور مقام مرض پر لگائیں۔

دیگر سفیدہ کاشغری۔ کبیلہ۔ مہندی۔ ہموزن باریک پیس کر روغن

سرسوں میں بخوبی ملالیں اور مقام مرض پر لگائیں۔

اگزیما کی دوا رال، مصطگی رومی ہر ایک ایک تولہ موم زرد نصف تولہ روغن سرسوں ۴ تولہ سب کو خوب ملاکر مرہم بنالیں اور استعمال میں لائیں۔

برص کی دوا باوچی ۴ ماشہ رات کو بھگوئیں صبح اس کا زلال پئیں اور پھوگ داغوں پر لگائیں۔ برص کے لئے نہایت مفید دوا ہے

ڈاکٹر سی ایم ملر ایم ڈی طبیب سٹیر سٹیفن جنرل ہسپتال لیورپول

اکسیر دمہ

ہم نے مندرجہ ذیل نسخہ دمہ کے معمولی درجہ اور متواتر حملہ میں خاص طور پر مفید پایا ہے۔

نسخہ ٹنکچر اسٹرامونیم ۲ منم۔ ایفیڈرین ہائیڈرو کلورائیڈ ½ گرین فینو بار بی ٹون سوڈیم ½ گرین۔ ایکوا کلوروفارم ½ اونس سب ادویات کو ملالیں اور اس میں نصف اونس روزانہ تین بار دیں۔ اگر کھانسی تکلیف دہ ہو تو سیرپ کوڈین فاسفیٹ ۱ ڈرام اس آمیزہ میں ملا کر دیں۔

کان کی پھنسی

اکیتھول۔ گلیسرین میں روئی ترکر کے کان میں لگائیں اور پروکین پینی سلین تین لاکھ یونٹ کا روزانہ انجکشن درون عضلاتی راہ سے لگائیں اور درد کے لئے کوڈو پائیرین کی ایک ٹکیہ براہِ دہن پانی کے ہمراہ دیں۔

چیچک کی خراش

خارش اور کھجلی کو دور کرنے کے لئے کیلامن لوشن لگایا جاتا ہے

ڈاکٹر النارڈ دمار سیلز

سفوف کرنجوہ

حمی افضلی (ملیریا) کے لئے بہترین دوا ہے اس کے استعمال سے جراثیم ملیریا ہلاک ہو جاتے ہیں۔

نسخہ۔ تخم کرنجوہ ۵ رتی فلفل دراز ۲ رتی دونوں کا سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک و ترکیب استعمال۔ یہ ایک خوراک ہے اسے پانی سے پھانک لیں۔

فوائد۔ ملیریا کے لئے مخصوص ہے۔

ڈاکٹر یا ڈگری مصنف انڈین میٹریا میڈیکا

دانت پیسنا

نسخہ ۔ امر بیل ۳ تولہ ناریل ۱۰ تولہ مصری ۱۰ تولہ کوٹ کر بقدر ۶۔۶ ماشہ صبح و شام گائے یا بکری کے دودھ سے دیں۔

فوائد ۔ رات کو خواب میں دانت پیسنے کا مرض اس دوا سے دور ہو جاتا ہے۔

کرنل ڈاکٹر بھولا ناتھ آئی ایم ایس (ریٹائرڈ) ڈائریکٹر میڈیکل سروس (الہ آباد) انچارج برٹش فیلڈ ہسپتال عراق آنریری فزیشن ہز مجسٹی شہنشاہ جارج پنجم

حب مقوی باہ

نسخہ ۔ فاسفورس ریڈ (لالی) ۸ گرین سٹرکنین نائٹریٹ ۲ گرین ۔ مشک دکستوری ۱۱ گرین ۔ مارفیا ہائیڈروکلور ۶ گرین ۔ ۱۰ گوئین ۱ ڈرام سب کو

ملا کر پچاس گولیاں بنائیں اور ایک گولی کھانا کھانے کے بعد دن میں دو مرتبہ دیں۔

اکسیر مقوی باہ

نسخہ۔ یوہمبین ہائیڈرو کلور ۱/[illegible] گرین مشک خالص ۱/۱۰ گرین سٹرکنیا نائٹریٹ ۱/۲ گرین ایک کیپشول میں ڈال کر دن میں دو بار کھانا کھانے کے بعد دیں یہ دوا قوت باہ کو بحال کر دیتی ہے اور وقتی ضرورت کے لئے بھی کام دیتی ہے۔

کرنل ڈاکٹر رام ناتھ چوپڑا

اکسیر حیض

نسخہ۔ الٹ سمبل کی جڑ کی چھال کو سکھا کر سفوف بنا لیں اور اس کی چار چار رتی کی گولیاں بنا دیں۔ ماہواری شروع ہونے سے دو تین دن پیشتر دو تین گولیاں رات کو سوتے وقت پانی سے استعمال کریں۔

فوائد اس کے استعمال سے ایام ماہواری کی بے قاعدگی اور رحم کے تمام نقائص دور ہو کر رحم میں حمل قبول کرنے کی طاقت آجاتی ہے

لفٹنٹ کرنل ڈاکٹر الٰہی بخش

نیند نہ آنے دل دھڑکنے ہائی بلڈ پریشر اور اختناق الرحم کی اکسیری دوا

نسخہ پوٹاسیم برومائیڈ ۱۰ گرین سوڈیم فینو بار بی ٹون ½ گرین ٹنکچر ویلیرین امونی ایٹا ۵ منم لائیکوار آرسینی کیلس ۲ منم ایکوا منتھی پپ تا نصف اونس یہ ایک خوراک ہے۔ ایسی دو خوراکیں دن میں دو بار استعمال کریں۔

فوائد ۔ یہ دوا فکر و رنج و غم کے سبب نیند نہ آنے دل زیادہ دھڑکنے اور اسہال آنے کے لئے نہایت مفید ہے نیز اختناق الرحم ہائی بلڈ پریشر اور سن یاس کے لئے بھی نہایت کارآمد ہے۔

ڈاکٹر رائے آکھل رانجن موجمدار بہادر آنریری فیلو سٹیٹ میڈیکل فیکلٹی آف بنگال

ذات الجنب یا پلیوریسی کے تجربات مقامی طور پر مندرجہ ذیل نسخہ جات استعمال کریں۔

(۱) منتھول ۵ گرین کیمفر ۱۵ گرین۔ آئل ٹرپن ٹائن لینی منٹ سوپ ۲ ڈرام روغن السی ایک اونس۔ مقامی طور پر مالش کر کے گرم ٹکور کریں۔

(۲) آئل ٹرپن ٹائن ۹۰ منم لائیکوار۔ ایمونیا فورٹ ۲۰ منم۔ سپرٹ منتھا پپ ۲ ڈرام ویزلین نرم ۲۰۰ گرین ایکوا ایک اونس باہم ملا لیں
پرانی سوزش کے لیئے مقامی طور پر مالش کرنا مفید ہے۔

(۳) منتھول ۵ گرین کیمفر ۱۰ گرین آئل کیجوپٹ ۱۰ منم آئل سنیاپ ایک اونس یہ دافع سوزش اور محرک لینی منٹ ہے۔

(۴) کیمفر ۱۰ گرین لائیکوار ایمونیا فورٹ ۱۲۰ منم ایسڈ اولی راک ۲۰ منم پیرافین لیکوئیڈ ایک اونس۔ مقامی طور پر سوزش پیدا کرنے کے لیے مفید ہے۔

(۵) آیوڈم ۱ حصہ اولی ایک ایسڈ ۴ حصہ پیرافین مول فلیو ۱۰ حصہ پلیوریسی سوزش ورم موچ کے لیئے مقامی طور پر مالش کرنا مفید ہے

(۶) آیوڈم ۱ گرین پوٹاسیم آیوڈائیڈ ۴ گرین۔ فینول ۴ گرین گلیسرین ایک اونس الکوا ایک اونس یہ آیوڈم لنی منٹ ہے سوزش کے لیئے مفید ہے۔

لوبر نمونیا

(۱) سلفاتھایازول یا سلفاڈایازین اس مرض کا شافی علاج ہے مقدار خوراک: پہلی خوراک ۴ ٹکیہ پھر ہر چار گھنٹہ بعد ۲ ٹکیہ۔ حتےٰ اک ٹمپریچر نارمل ہو جائے اور تمام علامات رفع ہو جائیں جاری رکھیں

(۲) پروکین پنی سلین ۴ لاکھ یونٹ عضلاتی انجکشن کریں۔ ہر

چوبیس گھنٹے بعد اس مرض کا شافی علاج ہے۔
(۳) تقویت قلب کے لئے کیفین یا سٹرکنین یا الیفیڈرین یا الکوحل یا کوراہین حسب ضرورت دیں۔
(۴) سانس کی تنگی میں آکسیجن سونگھائیں۔
(۵) قبض کے لئے بلیبوپل یا کالونسنتھ رو بربِ وِ دکیلومل دیں۔
(۶) اگر قبض شدید ہو تو سوپ واٹر کا انیما کرنا چاہیئے۔
(۷) بے خوابی رفع کرنے کے لئے یہ نسخہ مفید ہے۔
لبوی نال ۱ گرین۔ کلورو بیوٹل ۱۰ گرین ملک شوگر ۱۰ گرین یہ ایک خوراک ہے خواب آور ہے۔
(۸) کلورل ہائیڈریٹس ۱۰ گرین پوٹاسیم برومائیڈ ۵ گرین سیرپ اوپ نشیائی ۱ ڈرام ایکوا اینے سائی ۱ اونس یہ بہترین خواب آور منوم دوا ہے سوتے وقت ایک خوراک پلائیں۔
(۹) کھانسی کے لیئے سوڈا سائٹراس ۱۰ گرین۔ پوٹاسی سائٹراس ۱۰ گرین ٹنکچرا ایپکاک ۵ منم ٹنکچر سِلا ۱۰ منم سیرپ ٹولو ۱ ڈرام ایکوا کیمفرا اونس ہر چار گھنٹے کے بعد ایک خوراک۔
مدر بول۔ دافع بخار مخرج بلغم اور دافع کھانسی ہے۔
(۱۰) پوٹاسی ایسیٹاس ۱۵ گرین۔ پوٹاسی سائٹراس ۵ گرین پوٹاسی بائیکارب ۲۰ گرین سپرٹ کلورو فارم ۲۰ منم ایکوا کیمفرا۔ اونس ہر چار گھنٹہ بعد ایک خوراک دیں مدر بول ہے۔
(۱۱) ٹنکچرا اوپیائی کیمفوریٹا ۲۰ منم پوٹاسیم برومائیڈ ۱۰ گرین سیرپ ٹولو ۱ ڈرام ایکوا کلورو فارم ۱۔ اونس۔ ایسی ایک ایک خوراک دن میں چار مرتبہ

دیں۔ گلے کی خراش اور سینے کی تکلیف کی وجہ سے شدید کھانسی کے لئے بیحد مفید و مجرب ہے۔

(۱۲) رفع درد کے لئے مسکنات دافع درد استعمال کریں شدت درد میں مارفین ۱/۴ گرین جلدی ٹیکہ کریں۔

(۱۳) پرائمری اٹیپکل نمونیا کے لئے آریومائی سین اور کلورومائی سٹین شافی علاج ہے۔

جناب دکشت صاحب سول سرجن میرٹھ

تمباکو نوشی کی عادت چھڑانے والا بے نظیر نسخہ

نسخہ۔ ٹنکچر کیپسی کم ۵ قطرے۔ ایڈ سلفیورک ایرومیٹک ۱۰ قطرے سیرپ اورنج ۳۰ قطرے ایکوا کلوروفارم ۱-اونس۔ یہ ایک خوراک ہے۔ ایسی دو تین خوراکیں یومیہ استعمال کریں اور مصمم ارادہ سے سگرٹ کا استعمال کم کرتے جائیں۔ پہلے ہی ہفتے کے استعمال سے تمباکو نوشی سے نفرت ہو جاتی ہے اور چند ہفتوں کے متواتر استعمال سے یہ عادت بالکل چھوٹ جاتی ہے۔

ڈاکٹر چیرن پروفیسر میڈیکل کالج کلکتہ

افیون خوری کی عادت چھڑانے والی لاجواب دوا

نسخہ۔ ٹنکچر کیپسی سائی ۲ ڈرام سپرٹ امونیا۔ ایرومیٹک ۶ ڈرام سوڈیم برومائیڈ ۲ ڈرام۔ ٹنکچر اوپیم ۱ ڈرام ٹنکچر سنکونا کمپاؤنڈ ۴ ڈرام۔ ایکوا منتھا پپ ۸ اونس سب ادویات کو ملالیں اور اس میں سے ۱/۱۲ حصہ ہر دوسرے تیسرے گھنٹے دیں روزانہ افیون کی مقدار کم کرتے جائیں دوسرے ہفتے ٹنکچر اوپیم کی بجائے ٹنکچر جنجر ملادیں ایک مہینے کے اندر اندر نہ صرف افیون خوری کی عادت چھوٹ جاتی ہے۔ بلکہ برانڈی وسکی۔ رم بیئر سے بھی نفرت ہو جاتی ہے۔

ڈاکٹر عبد الحکیم سول سرجن

ٹانک پلز

نسخہ۔ فیرائی ایٹ کونین سائٹراس ۲ گرین ایکسٹریکٹ نکسوامیکا ۱/۸ گرین ایکسٹریکٹ ڈامیانہ ۱ گرین) پل فاسفورس ۱ گرین گولڈ کلورائیڈ ۱/۶ گرین یوہمبین ہائیڈرو کلور (مرک) ۱/۶ گرین ایکسٹریکٹ کوکا ۱/۴ گرین ایکسٹریکٹ

خشن۔ حسب ضرورت پہلے گولڈ کلورائیڈ اور فیرائی ایٹ کونین سائٹریٹ کو کھرل میں ڈال کر باریک کریں۔ پھر ایکسٹریکٹ نکس وامیکا ڈال کر پیسیں پھر سب چیزیں اچھی طرح ملا کر تین گھنٹے کھرل کریں۔

یہ وزن محض ایک گولی کا ہے اس حساب سے جس قدر چاہیں بنالیں۔

مقدار خوراک و ترکیب استعمال۔ ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

فوائد نامردوں کو مرد اور مردوں کو مرد کامل بناتی ہیں۔

ڈاکٹر شیخ منیر الدین سول سرجن

آتشک

گرے پوڈر ۳ گرین شوگر ۱ گرین یہ ایک خوراک ہے دن میں ایسی تین چار خوراک پانی سے نگل جائیں۔ آتشک کے پہلے دونوں درجوں میں بہت مفید ہے۔ اگر اس کے استعمال سے دست زیادہ شروع ہو جائیں تو فی خوراک ۵ گرین ڈوورس پوڈر شامل کرلیں اور مریض سے دریافت کرتے رہیں۔ اگر وہ زبان کا ذائقہ تبدیل ہوتا بتائے تو گرے پوڈر بند کر کے ایک دو جلاب مگنیشیا کے دے دیں جس وقت زبان کا ذائقہ درست ہو جائے پھر گرے پوڈر شروع کردیں اور دوران علاج میں

کوئی ٹانک مثلاً فیرائی ایٹ کونین سائٹراس ۵ - ۵ گرین دونوں وقت بعد از غذا کھلاتے رہیں۔

آتشک کے تیسرے درجے کے لئے

بہ تقیق کہ پوٹاسی آیوڈائیڈ ۲ گرین ایمونیم کارب ۵ گرین لائیکوار ہائیڈرارجیرائی پرکلور ۳۰ منم - پیپرمنٹ واٹر ۳ - اونس یہ ایک خوراک ہے کھانا کھانے کے چار گھنٹے بعد استعمال کریں چند ہی روز میں صحت ہو جائے گی۔

نروائن ٹانک پلز

ایکسٹریکٹ ڈامیانہ ۳ گرین ایکسٹریکٹ نکسوامیکا ۱/۲ گرین آرسینک ۱/۲۰ گرین کلورائیڈ آف گولڈ اینڈ سوڈیم ۱/۱۰ گرین کونین ۱ گرین یہ ایک گولی ہے ایسی ایک گولی صبح ایک گولی شام کھانا کھانے کے بعد استعمال کریں بے حد مقوی ہیں۔

ڈاکٹر محمد نصیر الدین صاحب اے آر آئی پبلک ہیلتھ (لندن)

سوزاک کا علاج

اس مرض میں جسمانی علاج کی از حد ضرورت ہوتی ہے پرہیز بھی نہایت ضروری ہے آغاز میں مسہل لے کر قبض کو رفع کرنا چاہیئے۔ غذا

غذا نہایت سادہ دودھ ساگودانہ دی جائے سرخ مرچ گوشت گرم اشیاء سے سخت پرہیز رکھیں۔

بارلے واٹر (جو کا پانی) دودھ اور سوڈا کثرت سے پلائیں پیشاب آور یا نی دوائی خور کھیں۔ دن کے وقت زیادہ سے زیادہ پلائیں آغاز میں کھاری ادویہ کا استعمال بہت کریں کیونکہ اس سے پیشاب کی ترشی اور تیزابی خاصیت دور ہو جاتی ہے اور جلن میں بہت تخفیف ہو جاتی ہے۔ مرض کے شروع میں فوطوں کے نیچے روئی رکھ کر لنگوٹا کی طرح باندھ لیں ورنہ فوطوں میں ورم ہو سکتا ہے۔ جب ریم اور جلن کم ہو جائے تو آئل آف سنٹل وڈ (صندل کا تیل)، دس قطرہ کیپ شیول میں ڈال کر دن میں تین سے چھ دفعہ کھلانا چاہیئے اس کے علاوہ کیوبب کا سفوف آدھ سے ایک ڈرام دن میں تین مرتبہ دینا بھی مفید ہے

دیگر مفید دوائیں

(۱) سیلول دس گرین دن میں تین مرتبہ۔

(۲) یوروٹروپین دس گرین دن میں تین دفعہ۔

(۳) پائپرے زین دس سے پندرہ گرین دن میں تین مرتبہ دیں۔

ماش کے برابر گولیاں بنائیں۔

طلائے عجیب } عطر کیوڑہ ۵ ماشہ روغن جمالگوٹہ ۱ ماشہ ویزلین ۲ ماشہ ملالیں اور مالش کر کے برگ انجیر باندھیں صبح سرد پانی سے دھو ڈالیں یہ طلا بوڑھے اور سست لوگوں کے لئے بہت مفید ہے۔

برائے بواسیر خونی و مسّہ والی } بوٹی گیدڑ تمباکو کی دھونی دیں سب مسّے نابود ہو کر شکایت جاتی رہے گی۔

برائے درد سول } زیرہ کرمانی ۱ تولہ چینی کی پیالی میں ڈال کر اس پر چھ ماشہ تیزاب گندھک قطرہ قطرہ ڈال کر سکھالیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں خوراک ۱ ماشہ ہر قسم کا درد سو جاتا رہے گا۔

ڈاکٹر اختر حسین اعوان ایم بی ایس ٹی ڈی ڈی پی ۔ ایچ ۔ ایس لاہور

دمہ

طبی نام ضیق النفس ڈاکٹری نام ایزما ۔ اصول علاج یہ ہے کہ

دورۂ مرض کی تکلیف کو کم کریں مدت دورہ کو گھٹائیں اور وقفہ کی حالت میں اصلی سبب مرض کو دور کریں۔

علاج بحالت دورہ - لائیکوار ایڈرینلین (ایک میں ایک ہزار) کا فوراً زیر جلد انجکشن کریں۔ بشرط ضرورت یہ انجکشن دوبارہ کر سکتے ہیں۔

(۲) پوٹاسیم آئیوڈائیڈ ۵ گرین ٹنکچر اپی کے کوانا ۱۰ منم ٹنکچر لوبیلیا ایتھریل ۱۰ منم سیرپ آف ٹولو ۲۰ منم گلیسرین ۳۰ منم کلوروفارم واٹر تا ۱ اونس ایسی ایک خوراک دن میں تین یا ربعد از غذا دیں جب دمہ کے ساتھ کھانسی ہو تو یہ مکسچر بہت مفید ہے۔

(۳) ایفیڈرین ہائیڈروکلورٹیبلٹ ½ گرین مندرجہ بالا مکسچر کی ہر خوراک کے ساتھ کھلاتے رہیں۔ ڈاکٹر چمبرلین اپنی ٹیکسٹ بک آف میڈیسن سنہ ۱۹۵۱ء میں لکھتے ہیں کہ مردوں کو پراسٹیٹ بڑھ جانے کی عمر میں ایفیڈرین کھلانے سے غیر متوقع طور پر دفعتہً بندش بول کی شکایت ہو سکتی ہے اس لئے ایسے عمر لوگوں میں احتیاط سے استعمال کرنا چاہیے

(۴) پوٹاسیم آیوڈائیڈ ۵ گرین ٹنکچر بیلاڈونا ۱۰ منم ٹنکچر سٹرامونیم ۲۰ منم گلیسرین ۱۵ منم کلوروفارم واٹر تا ۱ اونس ایسی ایک خوراک دن میں تین بار دیں۔ تشنجی کھانسی اور مرض دمہ میں مفید ہے۔

(۵) سوڈیا ئی آئیوڈائیڈ ½۲ گرین سوڈیائی کیفین آئیوڈائیڈ ½۲ گرین ٹنکچر سٹرامونیم ۱۵ منم سیرپ پرونی ورجینی ۲۰ منم ایکوا کلوروفارم تا نصف اونس ایسی ایک خوراک مساوی مقدار پانی ملا کر دن میں تین بار بعد از غذا پئیں۔ یہ انگلستان کے ڈاکٹروں کا پسندیدہ نسخہ ہے۔

پیٹنٹ دوائیں

(۱) ایزمولائی سین یہ ایڈرے نیلین اور ہپٹ ایواٹرین کا مرکب ہے یہ ایڈرے نیلین کو تنہا دینے سے بہتر ہے۔
$\frac{1}{2}$ تا ایک سی سی بذریعہ جلدی انجکشن

(۲) نیو ایپی نین (ساختہ بارو ویلکم) اس دوا کی ٹکیاں نصف یا ڈیڑھ ٹکیہ زبان کے نیچے رکھ کر چوسنے سے یا اس کا سپرے سولیوشن شیشے کے اٹومائیزر سے کھلے منہ میں چھڑک کر لمبے سانس لینے سے اکثر اوقات دورہ رک جاتا ہے۔ سپرے سولیوشن دو طاقتوں کا بکتا ہے۔ نمبر ۱ خفیف مرض کے لئے اور نمبر ۲ سخت مرض کے لئے۔

(۳) رڈو برون (ساختہ رڈل پراڈکٹس لنڈن) اس کو بذریعہ اٹومائیزر استعمال کرنے سے دورۂ مرض کی شدید تکلیف سے نجات مل جاتی ہے

(۴) فیلسول (ساختہ برٹش فیلسول کمپنی) یہ سفوف پانی کے ساتھ کھلانے سے اکثر دورہ رک جاتا ہے۔ دمہ بلغمی اور دمہ قلبی دونوں حالتوں میں مفید ہے۔

(۵) ایفی زون (ساختہ ایفی زون لیمیٹڈ انگلینڈ) ایک ٹکیہ دن میں ایک یا دو بار کھلائی جاتی ہے ان گولیوں سے زرد رنگ کا پیشاب آنے لگتا ہے۔

(۶) ایکسٹریکٹ کتھ لیکو ٹیڈ (ساختہ بنگال کیمیکل) دمہ کے واسطے فی الحقیقت بہت نافع ہے زرد رو عصبی مزاج مریضوں کو جن کی جلد چکنی ہوتی ہے بالخصوص فائدہ کرتا ہے۔

(۷) الگسر ایفیڈرین کمپونڈ (ساختہ پارک ڈیوس) ایک چمچہ خورد قدرے پانی ملا کر دن میں تین بار اور سوتے وقت دیں۔

(۸) زیفرال (ساختہ مے اینڈ بیکر) یہ ایفیڈرین کا خوش رنگ اور خوش ذائقہ شربت ہے ایک چمچہ خورد بغیر پانی ملائے ہوئے ہر چوتھے گھنٹے پلائیں۔

(۹) فوری سوڈرین سلفیٹ (ساختہ ایبٹ لیبارٹری) یہ نو ایجاد دوا دس فیصد اور بیس فیصد طاقت کی تیار ہو رہی ہے اگر دس فیصد کی طاقت والی سے۔افاقہ نہ ہو تو بیس فیصد طاقت والی استعمال کی جائے اس کو ایرو بلوران ہیلر کے ذریعہ استعمال کیا جاتا ہے جو کہ اس کمپنی کا بنا ہوا ہے کمنہ کھول کر اس دوا کے ساتھ سانس لینے سے تنگی تنفس فوراً رفع ہو جاتی ہے۔

(۱۰) کسوم (ساختہ مرک) جوانوں کے لئے ایک ٹیبل سپون فل اور تین سال سے اوپر والے بچے کو نصف چمچہ خورد پلائیں۔

(۱۱) کارڈیازول ایفیڈرین (ساختہ نول) یہ دوا بشکل لیکوئیڈ اقراص اور ایمپیول بکتی ہے یہ کارڈیازول اور ایفیڈرین کا مرکب ہے۔ ۱۰ تا ۲۰ قطرے لیکوئیڈ پلانے یا ایک ٹکیہ کھلانے سے دورہ رک جاتا ہے۔ شدید حملہ مرض میں ایک ایمپیول کا زیر جلد یا عضلاتی انجکشن بہترین نتائج پیدا کرتا ہے۔

(۱۲) فریتول (دو تھروپ پراڈکٹس) ان ٹکیوں میں ہوا کی نالیوں کے تشنج کو رفع کرنے کے لئے ایفیڈرین اور ان کو کشادہ کرنے کے لئے تھیو فلین مریض کی اضطرابی کیفیت دور کرنے کے لئے فینوباربی ٹون

شامل ہیں رات کے دورے کو روکنے کے لئے ایک ٹکیہ سونے وقت کھلا دینا کافی ہے۔ ۲۰-۱۰۰ یا ۵۰۰ والی بند شیشیاں بکتی ہیں۔

(۱۳) اسوپرین (ونتھروپ پراڈکٹس) یہ دوا شدید بلغمی دمہ اور خراب دمہ (جس میں دورہ مرض ختم ہونے میں نہیں آتا) کے لئے مستعمل ہے یہ دوا ۱۵ سی سی والی شیشی میں بند ہو کر بکتی ہے اور بطور لخلخہ استعمال کی جاتی ہے اس کے ساتھ خاص قسم کا دوا سونگھنے کا آلہ ہوتا ہے۔

تپ دق و سل

TUBERCULOSIS

ٹیوبرکیولوسس ایک عام اصطلاح ہے جو مختلف اعضاء کی سِل پر بولی جاتی ہے اور مختلف اعضائے ماؤفہ کے لحاظ سے اس کو نامزد کر دیتے ہیں۔ مثلاً جب پھیپھڑے مبتلائے مرض ہوں تو اُسے سِل ریوی (پلمونری ٹیوبرکیولوسس یا تھائی سِس) کہتے ہیں۔ جراثیم سِل جسم کے تمام حصص میں پھیل جائیں تو اُسے سل عامہ کہتے ہیں۔ پردہ ہائے دماغ میں تبدر سلیہ پیدا ہو جائیں تو اُسے سرسام سلی (ٹیوبرکیولر منِنجائی ٹس) کہتے ہیں جب گردن کے غدود مبتلائے مرض ہوں تو اسے خنازیر یا کنٹھ مالا کہتے ہیں۔ مریض بلغم خارج کرتا ہے تو حنجرہ میں جراثیم سل متمکن ہو جاتے ہیں اسے سِل حنجری کہتے ہیں۔

تپ دق لا علاج مرض نہیں ہے اور آج کل جدید طریقہ ہائے علاج کی بدولت یہ بیماری مزمن بیماریوں میں سب سے زیادہ قابل علاج سمجھی جاتی ہے اگر تپ دق کے مریض کو ماہر معالج کی طبی امداد میسر

ہو مریض اور ڈاکٹر میں پورا تعاون ہو اور معالج کی ہدایات کے مطابق مستقل مزاجی سے علاج جاری رکھا جائے تو مریض کو یہ باور کرنے کا حق پہونچتا ہے کہ وہ اس مرض سے چھٹکارا پالے گا اور اس کے بعد کارآمد زندگی بسر کرنے کے قابل ہو جائے گا۔

حفظ ماتقدم تنگ و تاریک مکانات میں نہ رہنا چاہیئے ایک ہی کمرے میں بہت سے اشخاص یا کنبے کا اکھٹے رہنا یا سونا جائز نہیں۔ دودھ کو کسی کثیف جگہ یا بیمار کے کمرے میں ہرگز نہ رکھنا چاہیئے۔ گائے کا دودھ دوہنے والے اشخاص نہ خود بیمار ہوں اور نہ کسی مسلول مریض کے تیماردار ہوں۔ دودھ ہمیشہ ابال کر یا پیسٹرائز کیا ہوا پینا چاہیئے جن بیمار گائیوں کے متعلق ٹیوبرکیولین ٹیسٹ سے یہ پتہ چل جائے کہ ان میں جراثیم سل موجود ہیں انھیں مار ڈالنا چاہیئے جن بچوں اور جوانوں میں مانٹو کس ٹیسٹ منفی ہوں ان کو بی سی جی ویکسین کا ٹیکہ لگوایا جائے اس ٹیکے کے لگانے سے دق کا عارضہ ہونے کے امکانات کم ہو جاتے ہیں۔ چنانچہ ٹیکہ لگوانے کے بعد بھی بچاؤ کے دوسرے طریقے ان لوگوں کے لئے ویسے ہی ضروری ہیں جیسے عام لوگوں کے لئے ٹیکے کا یہ مطلب نہیں کہ دق بالکل ہو ہی نہیں سکتی اس سے صرف قوتِ مدافعت بڑھ جاتی ہے اور دق یا تو کم ہوتی ہے یا اگر ہو جائے تو صحت یابی کے روشن امکانات زیادہ ہوتے ہیں۔ مسلول ماں اپنے بچوں کی پرورش خود نہ کرے بلکہ بہتر تو یہ ہے کہ مسلول عورت کے ہاں اولاد نہ ہونے پائے فرانس اور امریکہ میں تجربہ کیا جا چکا ہے کہ اگر شیر خوار بچوں کو مسلول والدین سے جدا کر کے کہیں اور جگہ بھیجدیا جائے تو ان کو دق۔ بی نہیں ہوتی بچوں کو

کسی مسلول سے کوئی شئے لے کر کھانے یا اُن کے ساتھ کھیلنے کی اجازت نہیں دینی چاہیئے۔

علاج ڈاکٹری اس مرض کے علاج میں سب سے زیادہ اہم جزو آرام ہے مریض تمام دن بستر پر لیٹا رہے اور جب تک بخار قطعی طور پر نہ اتر جائے اور جون کا سدڈی میٹیشن ریٹ طبعی حالت پر نہ آجائے لیٹ کو نہ چھوڑے یہاں تک کہ پیشاب پاخانہ بیڈپین میں کرے مریض کو کھلی ہوا روشنی اور کھلی جگہ میں رکھیں یہ اشد ضروری ہے کہ مریض جسمانی یا دماغی تکان پیدا نہ کرے اور مکمل آرام کرے جب بخار اتر جائے اور مریض کا درجہ حرارت معمول پر آجائے تو پھر معالج کی ہدایات کے مطابق زندگی کی سرگرمیوں میں بتدریج حصہ لے سکتا ہے۔ مریض کو تین ہزار سے چار ہزار کیلوری طاقت کی خوراک روزانہ دینی چاہیئے جس میں سب وٹامن بکثرت ہوں اور لحمی غذا یعنی پروٹین بھی۔ دودھ انڈے گوشت دالیں سبزیاں اور پھل ہر قسم کھانے کی اجازت ہے مریض کو صرف اتنا کھانا چاہیئے جسے ہضم کر سکے آج مریض کو زبردستی کھلانا جائز نہیں سمجھا جاتا۔ مریض کے لئے یہ بہت اچھا ہوگا کہ وہ تمباکو نوشی سے اجتناب کرے خصوصاً جب کہ وہ سل حنجری میں مبتلا ہو یہ خیال کیا جاتا ہے کہ جس قدر فائدہ پہاڑ پر رہنے سے ہوتا ہے اسی قدر اور کسی علاج سے نہیں ہوتا لیکن اسی ملک کے کثیر تعداد باشندوں کے لئے کسی پہاڑ پر جانا ممکن العمل نہیں اور نہ سود مند ہی ہے کیونکہ اب کسی خاص مقام کی بلندی یا آب و ہوا یا چیڑ کے درختوں کی خوشبو کو اس مرض کے علاج میں کوئی اہمیت نہیں دی جاتی لیکن یہ نہایت ضروری ہے کہ مریض ایسے

مقام پر ٹھہرے جہاں تپ دق کا ماہر معالج مریض کا نگراں ہو سکے کیونکہ عام جنرل میڈیکل پریکٹیشنر اس مرض کے خصوصی علاج کی مہارت اور تجربہ نہیں رکھتا۔ یہ ایک افسوسناک حقیقت ہے کہ دور افتادہ پہاڑی مقامات تو درکنار ہمارے بڑے شہروں میں بھی تپ دق کے ماہر معالجوں کی بے حد قلت ہے اس لئے محض ٹھنڈی ہوا کی خاطر پہاڑوں پر مریض کو بھیجنا غلطی پر مبنی ہے مریض مکمل آرام کرے اور مقوی غذا کھائے۔ اُسے پی۔ اے۔ ایس چار ٹکیاں ہر چار گھنٹے کے بعد شبانہ روز میں چھ مرتبہ دیں یہ دوا ہفتہ میں پانچ روز کھلائی جائے اور دو دن کا ناغہ کیا جائے یا کونٹے بن CONTEBEN ساختہ بائر ایک ٹکیہ دن میں دو دفعہ یا رمی فون ایک ٹکیہ دن میں تین بار دیں نیز مچھلی کا تیل دن میں تین بار بعد از غذا دیا جائے اور اس کے ساتھ ہی کولائیڈل کیلشیم ۲ ملم یا کیلشیم لیکٹیٹ ۳۰ گرین یا ڈائی کیلشیم فاسفیٹ ۲ ٹکیاں دن میں تین بار دی جائیں۔ بینائن سل اڈینوپیتھی کے علاج میں فقط مندرجہ بالا چیزوں کی ضرورت ہے پھیپھڑے کو سکیڑ کر سکون دینے کے لئے کولیپس تھیراپی (اے۔ پی) وغیرہ ہرگز نہ کرنی چاہیئے۔ کیونکہ مریض قریباً ۳ سے ۹ مہینوں میں خود بخود تندرست ہو جائے گا۔

(د) اے بی ضرر سل اولیس یعنی بینائن پرائمری قسم میں بچہ مبتلا ہو تو اس کا سکول جانا بند کر دیا جائے مقوی غذا کیلشیم فاسفیٹ اور پی۔ اے۔ ایس یا رمی فون کی ٹکیاں کھلائی جائیں کولیپس تھیراپی درکار نہیں ہوتی اور بچہ اس کے بغیر صحت یاب ہو جاتا ہے لیکن یہ خیال رکھنا ضروری ہے کہ بچہ تپ دق کے کسی مریض کے نزدیک نہ جانے پائے ورنہ

بڑھنے والی مہلک سل اولین کا شکار ہو جائے گا۔

۲۔ **بڑھنے والی مہلک سل اولین** میں ایک ماہر معالج سل و دق کی طرف رجوع کرنا چاہیئے تا کہ وہ اس بات کا فیصلہ کرے کہ مریض یعنی بچہ کو اسٹریپٹومائی سین دینے کی ضرورت ہے یا نہیں۔

(ب)

۱۔ **شدید نمونیائی سل ثانوی** کی ابتدا میں مریض کو ۳ تا ۶ ہفتہ تک لٹا کر رکھیں اور فون یا پی اے ایس یا کونٹے بن کی گولیاں کھلائی جائیں مریض کو معالج کی زیر نگرانی رکھنا چاہیئے اکثر اس عرصے میں اس قدر افاقہ ہو جاتا ہے کہ بیماری مزمن حالت اختیار کر لیتی ہے اور معالج اس بات کا فیصلہ کر سکتا ہے کہ پھیپھڑے میں غار پڑے ہونے کی صورت میں کون سی قسم کی کولیپس تھیراپی موزوں ہوگی اور اگر آرام یا رمی فون یا ایمیوسں یا کونٹے بن کھلانے سے مریض کی حالت بہتر نہ ہوئی تو کولیپس تھیراپی دینے سے قبل اسٹریپٹومائی سین کا ایک چھوٹا سا کورس دینے پر غور کرنا چاہیئے۔ یہ دوا ایک گرام روزانہ (نصف گرام ۶ بجے صبح اور نصف گرام ۶ بجے شام) بذریعہ عضلاتی انجکشن استعمال کرائی جاتی ہے اس کی مجموعی مقدار ۱۰ گرام سے زائد نہ ہو اس سے مرض کی شدت اور تیز رفتاری پر قابو حاصل کر لیا جاتا ہے لیکن ہو سکتا ہے کہ بعض اوقات ماہر معالج مرض کے شدید ہونے کے باوجود اے پی کا خطرہ مول لینا مناسب سمجھے۔

ثانی مزمن سل نمونیائی اگر پھیپھڑے میں غار نہ بھی ہوں لیکن اس کی حالت میں کوئی

خوشگوار تبدیلی نہ ہو یا اس کے پھیپھڑے میں غار ہو تو پھر اے پی کرنا لازمی ہے کیونکہ پھیپھڑوں میں مکینیکل نقص مثلاً غار کی موجودگی میں جس قدر جلد ہو سکے کولیپس تھراپی کا استعمال ضروری ہے اور یہ جلد از جلد ہونا چاہیئے ورنہ غار سے مرض پھیل جائے گا اور شفایابی کے روشن امکانات کم ہو جائیں گے۔ جب حجاب الریہ کی دونوں جھلیاں پیوست ہوں یعنی اڈھی ژن موجود ہوں تو غار کو بند کرنے کے لئے کاٹری یعنی داغ دے کر جدا کرنے کے بعد اے پی جاری رکھنے کے سوا چارہ نہیں ہوتا بعض اوقات جب اے پی نہ کی جا سکے تو گردن میں دیافرمی پٹھے (فرینک نرو) کچل دیا جاتا ہے تاکہ دیافرغمہ (ڈایاف ا) جو سینہ و شکم کے درمیان آڑے طور پر آلات تنفس کو آلات غذا سے جدا کرتا ہے۔ عارضی طور پر (۶ ماہ تک) مفلوج ہو جائے۔ اس سے ماؤف پھیپھڑے کی حرکت کم ہو جاتی ہے اس عمل کا نام "فرینک کرش" ہے جب پھیپھڑے کے زیریں یا چوٹی کے حصے میں چھوٹے چھوٹے غار موجود ہوں تو یہ علاج کارگر ہو سکتا ہے لیکن اکثر اوقات فرینک کرش کے ساتھ ہی پی پی (P P) کی ضرورت ہوتی ہے بعض مریضوں کو تھوریکوپلاسٹی انجسٹرا پلیئورل نیوموتھوریکس لوبکٹومی نیومونکٹومی یا اولیوتھوریکس کا اپریشن کرنا پڑتا ہے۔

(۲) آہستہ آہستہ بڑھنے والی مزمن سل میں کولیپس تھراپی کی ضرورت نہیں پڑتی۔ مریض کو صرف ریفون یا پی اے ایس کی ٹکیاں اور مقوی ادویات استعمال کرائی جائیں۔

(۳) بلیٹری تپ دق TUDEICULOSIS دوسرا نام سلی

TUDERCULARMENINGITIS میں اسٹریپٹو مائی سین
نصف گرام دن میں دو بار بارہ گھنٹے کا وقفہ دے کر اور پی اے ایس ٹکیاں
۶ عدد ہر چھ گھنٹے دیں یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ اسٹریپٹو مائی سین کو تنہا
عرصہ تک دیا جائے تو جراثیم سلیہ میں (۲) دوا سے مقابلہ کی طاقت پیدا
ہو جاتی ہے اور وہ اس دوا سے اثر پذیر نہیں ہوتے سل ریوی کی
شدید اقسام میں ان دونوں دواؤں کو اکٹھا ہی استعمال کرنا چاہیئے
اس مشترکہ علاج سے ان کی اثر پذیری کم از کم چھ ماہ تک جاری رہتی
ہے پی اے ایس کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ یہ بذریعہ دہن کھلائی
جا سکتی ہے اور بہت کم سمیت رکھتی ہے تیز بخار میں جبکہ درجہ
حرارت ۱۰۴ سے زیادہ ہو برف کی ٹوپی (آئس کیپ) سر پر رکھی جائے
اور جسم پر نیم گرم پانی سے اسپنج کریں اگر ان تدابیر سے حرارت کم نہ ہو
تو اسپرین ۵ گرین دن میں تین بار دینی چاہیئے درجہ حرارت ۱۰۴ سے زیادہ
ہو برف کی ٹوپی (آئس کیپ) سر پر رکھی جائے اور جسم پر نیم گرم پانی سے اسپنج
کریں اگر ان تدابیر سے حرارت کم نہ ہو تو اسپرین ۵ گرین دن میں تین بار دینی
چاہیئے درد سر رفع کرنے کے لئے ٹیبلٹ آف کوڈین کمپونڈ ۲ عدد دئے
سکتے ہیں اگر بے خوابی کی شکایت ہو تو کلورل ہائیڈریٹ ۵ گرین پوٹاسیم
برومائیڈ ۲۰ گرین پانی میں حل کر کے سوتے وقت دیں رات کا پسینہ روکنے
کے لئے ایٹروپین اور دوسری ادویات بالکل بیکار ہیں اس کا علاج صرف
یہ ہے کہ مریض کو کھلی ہوا میں رکھا جائے کثیر مقدار میں خون تھوکنے کے
بعد ۲۴ گھنٹے تک کوئی ٹھوس غذا نہ دی جائے مریض کو سیال غذا دی
جا سکتی ہے بشرطیکہ گرم نہ ہو اور مریض کو بستر پر لٹائے رکھنا ضروری ہے

خون تھوکنے کو روکنے کے لئے مرض سل و دق میں پٹ یو اٹرین ایسل نائٹریٹ اڈرینالین وغیرہ بالکل بے کار ثابت ہو چکی ہیں اور اس کا معقول علاج اے پی کے سوا کچھ نہیں ہے بشرطیکہ یہ معلوم ہو جائے کہ کس پھیپھڑے سے خون آ رہا ہے۔ اگر حجاب الریہ کے پردے آپس میں پیوست ہونے کی وجہ سے اے پی نہ کی جا سکتی ہو تو فرینک کرشن یعنی دیافرغمی پٹھے کو کچل دینے کا اپریشن کرنے کے بعد پی پی سے لبا اوقات نفث الدم روکنے میں کامیابی ہو سکتی ہے اس علاج کے ساتھ ماہرین اکثر کیلسیم حیاتین K اور حیاتین C کا انجکشن بھی کر دیتے ہیں حالانکہ ان ادویات کا فائدہ مند ہونا مشکوک ہے کھانسی کی زیادتی کو روکنے کے لئے ایسی جگہ تازہ کھلی ہوا میں لٹائے رکھنا کافی ہوتا ہے۔ جب خشک کھانسی بار بار آتی ہو تو میرپ کوڈین فاسفاس ایک تا ڈیڑھ گرام صرف سوتے وقت یا دن میں ۳ بار دے سکتے ہیں۔ جب کھانسی میں بلغم نہ نکلتا ہو تو سوڈا بائیکارب ۱۰ گرین سوڈیم کلورائیڈ ۳ گرین سادہ شربت اڈرام پانی ۱۔ اونس ایسی ایک خوراک ہر چوتھے گھنٹے بعد پلائیں۔

مختلف امراض کے اکسیری نسخہ جات

مخرج بلغم :۔ امونیا کارب ۴ گرین پوٹاسیم اسی ٹاس ۱۰ گرین وائنم اپیکاک ۱۰ منم سیرپ ٹولو اڈرام ایکوا کیمفرا ۱۔ اونس ایسی ایک خوراک دن میں تین مرتبہ دیں یہ ایک عمدہ مخرج بلغم مکسچر ہے جو ہر قسم کی کھانسی میں استعمال کیا جاتا ہے۔

مصفی خون کی لائیکوار آرسینی کیلس ۰۰ منم ٹنکچر کواشیا ¼ ڈرام ایکوا منتھی پپ ایک اونس ایسی ایک خوراک جوان آدمی کو دن میں دو مرتبہ کھانے کے بعد دیں

ہوپنگ کف مکسچر کی پوٹاسیم برومائیڈ ۳ گرین ٹنکچر بیلاڈونا ۳ منم سیرپ ٹولو ۱۰ منم ایکوا کلوروفارم ا ڈرام ایسی ایک خوراک دن میں تین بار پلائیں بچوں کی کالی کھانسی میں مفید ہے۔

ڈائریا مکسچر کی بسمتھ کارب ۵ گرین پلوس ٹریگے کنتھ کمپونڈ ۱۰ گرین سوڈا بائیکارب ۱۰ گرین ایکوا کلوروفارم ۱ اونس ایسی ایک خوراک دن میں تین بار دو ۲ اسہال میں نہایت مفید ہے۔

ڈسٹنگ پوڈر کی بورک ایسڈ ایک اونس زنک اوکسائیڈ ایک اونس سٹارچ ایک اونس گرمی دانوں اگزیما اور اری تھیما انٹرٹرائیگو (چھوٹے بچوں میں پیشاب لگتے رہنے سے رانوں کی اندرونی سطح پر سرخی مائل دانے ہونا) پر چھڑکنا مفید ہے۔

دوائے دق وسل کی ہول ساختہ روچی ۲ گرین کونین سلفاس ۲ گرین کیلشیم لیکٹیٹ ۴ گرین ایسی ایک خوراک کیپ شول میں ڈال کر دن میں تین بار کھلائیں مرض دق وسل کے لئے مفید و مجرب ہے

دوائے نقرس کی وائنم کالچی سائی ۵ منم سوڈیم سیلی سیلاس ۱۰ گرین سوڈیم بائی کارب ۱۰ گرین سیرپ سمپل ایک ڈرام ایکوا کیمفر ایک اونس ایسی ایک خوراک دن میں تین مرتبہ دیں نقرس میں مفید ہے۔

الکسٹر ٹانک — لیسیتھین ۳ گرین ایکسٹریکٹ دامیانہ ½ گرین یوہمبین ½ گرین ایکسٹریکٹ نکس وامیکا ½ گرین فیری فاس فاس ¼ گرین ایکسٹریکٹ ٹمنش حسب ضرورت سب کو ملا کر ایک گولی بنالیں اور ایسی ایک گولی دن میں دو بار بعد از غذا دیں ضعف باہ میں مفید ہے۔

دوائے زچہ — ایکسٹریکٹ ارگٹ لیکوئیڈ ۳۰ منم کونین سلفاس ۲ گرین ایسڈ سلفیورک ڈل ۵ منم ٹنکچر ڈیجی ٹیلس ۵ منم ایکوا ایک اونس ایسی ایک خوراک دن میں تین بار بعد وضع حمل پلائیں رحم کو سکیڑتی ہے زچہ کے لئے مفید ہے۔

ڈاکٹر محمد عبد القوی لقمان ایم بی ایس
صدر پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن لاہور

آتشک میں علاج بالکیمیا

آج کل مسلمہ طور پر آتشک کا تیر بہدف علاج پینی سلین ہے لیکن عوارضات پر قابو پانے کے لئے ثانوی معالجات میں اختلافی تنوع ہے امریکہ میں تو پینی سلین کے ساتھ شرک جائز نہیں سمجھا جاتا اور اس توحیدی عقیدہ میں نیو یارک کا بیلی وکو ہسپتال امامت کے مقام کا مالک ہے لیکن فرانس میں امراض خبیثہ جنسیہ کے ماہرین بسبب کے عصلانی احتقانی علاج کو پینی سلین کے بنیادی علاج کے بعد

۲ سے ۵ برس بعد تک جاری رکھنے میں مصلحت سمجھتے ہیں انگلستان کے ماہرین بھی پینی سلین کی اولیت کے بعد چھ ماہ تک بسمتھ کا دامن تھامتے ہیں — چنانچہ انگلستان کے ماہرین کے نزدیک اکہائی علاج یوں ہوگا۔

(I) ابتدائی خود یافتہ آتشک کے لئے } یعنی اندریہ یا چھوت کا اثر ہونے سے

چار برس کے اندر اندر خواہ حاد علامات ہوں یا مزمن اور دیرپا زہر کے اثرات ظاہر ہو رہے ہوں متواتر آٹھ یوم تک چھ سے آٹھ لاکھ درجے پینی سلین روزانہ عضلی احتقان سے دی جاتی ہے

(۲) اس کے بعد مردوں میں ۴ گرام اور عورتوں میں ۳ گرام بسمتھ کے ہفتہ وار دس ٹیکے کئے جاتے ہیں۔

(۳) پلٹا RELAPSE کی صورت میں جس کا ثبوت بیرم کے امتحان سے یا علامات کے اعادے سے مل سکتا ہے چھ سے آٹھ لاکھ یونٹ پینی سلین روزانہ متواتر بارہ روز تک اس کے متصل بعد ہفتہ وار بسمتھ کے ٹیکے (۳) ہفتے تک پھر چار ہفتے کے وقفہ کے بعد بسمتھ ہفتہ وار متواتر دس ہفتوں تک

II کہنہ مرض کی صورت میں } جبکہ مرض کی ابتدا کو چار برس سے

زیادہ عرصہ ہو چکا ہو (۱) جلد کا مزمن پھوڑا ہو یا دہی مخاطی جھلی میں موجود ہو۔ یا وہ ہڈی میں موجود ہو تو علاج پہلے بسمتھ کے ہفتہ وار ٹیکوں سے شروع ہوگا اور چھ ہفتہ تک جاری رہے گا۔ بعد ازاں پینی سلین

چھ لاکھ روزانہ متواتر آٹھ روز تک اور اس کے بعد پھر بسمتھ کے ہفتہ وار ٹیکے دس ہفتوں تک۔

(ب) اگر مزمن آتشک کے زخم حنجرہ میں ہوں یا اس مرض کا مرکز جگر یا دل اور عروق میں ہو تو بسمتھ ہفتہ وار ٹیکوں میں بارہ ہفتہ تک پھر چھ لاکھ درجے پینی سلین پروکین روزانہ دس روز تک متواتر۔

(ج) مزمن اعصابی آتشک میں بسمتھ کے ٹیکے ۳ ہفتہ تک پھر پروکین پینی سلین چھ لاکھ درجے روزانہ بارہ روز تک اور آخر میں بسمتھ کے دس ہفتہ وار ٹیکے۔

کئی معالجین مزمن مرض میں پوٹاسیم آیوڈائیڈ کے مرکبات بھی استعمال کرنا قابل ترجیح سمجھتے ہیں کیونکہ اس سے پرانے ورموں کی تحلیل میں بہت سہولیت ہوتی ہے۔

امریکہ میں ہر حال میں پینی سلین کو بسمتھ سے زیادہ مؤثر مانا جاتا ہے اور علاج کا سارا دارومدار اسی پر رکھا جاتا ہے وہاں ابتدا میں بڑی بڑی خوراکیں دینے کا رواج ہے مثلاً چوبیس لاکھ درجے اکٹھے ان میں اور آخر میں چھ لاکھ درجے روزانہ ہفتہ عشرہ تک اور زیادہ سے زیادہ علاج پندرہ روز تک محدود ہوتا ہے اگر مرض پلٹ آئے تو پروکین پینی سلین کی زیادہ بڑی خوراکیں استعمالاً دی جاتی ہیں لیکن مرض کا نیا حملہ ہو تو وہی ٹکسالی انداز میں علاج دہرایا جائے گا۔

آریومائیسین چار گرام روزانہ دس سے چودہ روز تک دی جاتی ہے خصوصاً جب پینی سلین کم مؤثر ثابت ہو رہی ہو

III موروثی آتشک : موروثی آتشک کا علاج اگر ممکن ہو تو

اس وقت سے شروع ہونا چاہیئے جب حمل نسرار پا جائے۔ اس صورت میں حاملہ ماں کا علاج ہونے والے بچہ کا علاج ہوگا یہ علاج اس انداز سے ہوتا ہے جیسے مرض کے پہلے درجے میں کیا جاتا ہے۔ سوائے اس کے کہ اس میں بسمتھ کو شامل رکھنا مفید رہتا ہے۔

(۱) پیدائش کے بعد نوزائیدہ بچے کو ایک لاکھ درجہ فی پونڈ وزن کی نسبت سے تین تین گھنٹے کے بعد متواتر بارہ روز تک عضلاتی حقنان سے دیا جاتا ہے۔ یعنی پانچ پونڈ وزن کے بچے کو پانچ لاکھ درجے روزانہ دیا جانا چاہیئے۔ اسی انداز سے پنسلین مرض کے اس نوع میں بہت ہی شافی ہوتی ہے اور سو فی صدی نوزائیدہ بچے اس موذی مرض کے چنگل سے نجات پا جاتے ہیں۔

(۲) دیرینہ موروثی آتشک یعنی دو برس بعد از پیدائش اس میں بھی پنسلین کا نصاب وزن کے اعتبار سے وہی ہے البتہ اس کے بعد بسمتھ کی ایزادی ضروری ہے۔

(۳) جوان مریضوں کے موروثی مرض کے علاج کا نہج وہی یکسانی طریقہ ہے یعنی چھ ہفتوں تک بسمتھ پھر آٹھ روز تک پنسلین پھر دس ہفتوں تک بسمتھ۔

سوزاک میں علاج بالکیمیا

سوزاک میں سلفا مرکبات بھی بہت نافعیت رکھتے ہیں لیکن قطعی نافعیت کے لئے زوردار انداز سے علاج کرنا چاہیئے اگر تھوڑی مقدار سے سلفا مرکبات شروع کئے جائیں تو جراثیم کی ہٹ کے باعث مرض

کہنہ ہو جاتا ہے اور بعد میں مایوسی ہوتی ہے۔
پینی سلین ازبس نافع ترین کیمیائی مرکب ہے اور اس کی نافعیت اتنی قطعی اور بدیہی ہے کہ متبادل علاج محض دقت محسوس ہوتا ہے۔
اسٹریپٹومائی سین بھی بہت مفید ہے اور مزمن مرض میں اسے پینی سلین کے ہمراہ شامل کرلیا جاتا ہے۔
مجرائے بول کا وہ حصہ جو غدۂ قدامیہ میں سے گذرتا ہے۔ جنسی مشین کا اہم ترین حصہ ہے اور جب امراض خبیثہ کا ہدف یہ حصہ ہو تو گوناگوں پیچیدگیاں پیدا ہوتی ہیں جو بڑے دور رس نتائج کی حامل ہیں اب پینی سلین اس غدہ میں بذریعہ مقامی احتقان کے پہنچائی جاتی ہے
آریومائی سین کلورومائی سیٹین اور ٹیرامائی سین تینوں کی نافعیت مسلم ہے اور یہ تینوں مرکب منہ کی راہ دئے جاتے ہیں۔ اگر پینی سلین منہ کی راہ دینا ہو تو اس کی خوراک پانچ سے سات گنا زیادہ ہوگی۔
بچوں کی آنکھوں میں جب سوزاکی مادہ سے حاد ورم پیدا ہو جاتا ہے تو اس کے علاج میں سلفامیرازین اور البیوسڈ کھلائے بھی جانے چاہئیں اور مقامی طور پر آنکھوں میں ان کے قطرات بھی ٹپکانے لازم ہیں پینی سلین بھی دونوں طریقوں سے استعمال کی جاسکتی ہے بچیوں کے اندام نہانی کی سوزش کے لئے پروکین پینی سلین کے عضلانی احتقان سے علاج کرنا چاہیئے۔

غیر مزمنی ورم احلیل ایسے مریضوں میں جن کے احلیل میں ورم ہو اور پیپ بھی خارج ہوتی ہو لیکن اسیمل

دو دانہ سوزاکی نہ پائے جائیں پینی سلین کی نافعیت مشکوک ہے۔ سلفا مرکبات عام طور پر مفید ہوتے ہیں لیکن اگر ان سے کامل شفا نہ ہو تو پھر اسٹریپٹومائی سین آریومائی سین اور ٹیرامائی سین یا کلورومائی سٹین کی نافعیت اس بات پر موقوف ہے کہ وہ جراثیم کس نوع کے ہیں۔ اور کس کیمیائی مرکب کی خصوصی چوٹ سے زیر ہوتے ہیں۔

ممائلی آتشک

سلفا مرکبات کی نافعیت اس مرض میں مسلّم ہے اور پینی سلین کی مشکوک صورت میں اسٹرپٹومائی سین آریومائی سین اور کلورومائی سٹین خاصے مؤثر ہیں۔

ا۔ سلفاڈایازین یا سلفا مثلث یعنی تینوں سلفا مرکبات کا آمیزہ پانچ گرام روزانہ پانچ روز تک متواتر دیا جاتا ہے۔ پھر مزید پانچ روز تک تین گرام روزانہ دینے سے آلۂ تناسل پر مرض کا پھوڑا مندمل ہو چکتا ہے

ب۔ بغلی غدودوں کے ورم کے علاج کے لئے بھی سات روز تک اسٹرپٹومائی سین ایک گرام روزانہ دینا بیحد مفید ثابت ہوتا ہے عموماً غدود کی پیپ بھی تحلیل ہو جاتی ہے لیکن اگر وہ پھٹنے پر ہی مائل ہو تو جراحی اعمال سے اندمال سہل تر ہو گا۔

جنسی تعدیہ کا بغلی غدودی التہاب

اس مرض میں بعض اوقات کئی ہفتوں تک متواتر سلفا مرکبات کھلانے سے بھی نفع ہوتا ہے لیکن "چوٹ" پیدا ہونے سے دقت ہوتی ہے۔ آریومائی سین اور کلورومائی سٹین نہایت شفا بخش ثابت ہوتی ہیں۔

(۱) آریومائی سین دو گرام روزانہ متواتر دس روز تک کھلانی چاہیئے
کلورومائی سٹین دو گرام روزانہ متواتر دس روز تک استعمال کرانا۔
(۲) اگر مقعد میں بھی زخم پیدا ہو جائیں تو آریومائی سین یا کلورومائی
سٹین اسی طاقت میں متواتر بیس روز تک دینا لازم ہے

فقرالدم کے معالجات

دور حاضرہ میں فقرالدم کے معالجات بہت ترقی پر ہیں لیکن جس طرح جراثیمی بیماریوں کے معالجات میں انتہائی عروج کے زمانہ میں نیم خواندہ اور عطائی معالجوں نے اس ترقی کو ناجائز طریقہ پر استعمال کیا ہے کہ رحمت کو زحمت بنا کر رکھ دیا ہے۔ اسی طرح فقرالدم کے معالجات میں بھی قطعی تشخیص کے بغیر ایسے مرکبات کے استعمال سے جن میں ہر نوع کے فقرالدم کی اصلاح کے اجزاء ملا جلا دئیے جاتے ہیں ناپختہ علاج بازوں نے اپنی صنعتی کامیابی کی خاطر انسانیت کو ایسے دھوکے میں ڈال دیا ہے کہ عام طور پر حقیقی نفع کی بجائے نقصان زیادہ ہوتا ہے۔ اور تشخیص کے عقدے سلجھنے کی بجائے الجھ جاتے ہیں۔ حقیقی شفا تو جبھی ہوگی جب قطعی تشخیص کے بعد فقرالدم کا سبب دریافت کر لیا جائے اور مرض کے باعث کو رفع کرنے کے بعد تلافی مافات کا اقدام کیا جائے کیونکہ فقرالدم کوئی مستقل مرض نہیں ایک علامت ہے جو مختلف امراض اور حادثات کا نتیجہ ہو سکتی ہے۔ اگر ہم ذرا احتیاط سے پہلے یہ واقفیت بہم پہنچالیں کہ صورت حالات کی وجہ کیا ہے اور مرض کا چور کہاں دبک کر

بیٹھا ہوا ہے تو ہم اسے رفع بھی کر سکتے ہیں اور مریض کے لئے صحیح فلاح و تندرستی کی راہیں کھول سکتے ہیں۔ گذشتہ نصف صدی میں فقرالدم کی سمجھ بوجھ میں اتنا اضافہ ہوا ہے کہ علم الامراض کی کایا پلٹ گئی ہے۔ کئی لاعلاج امراض کا قطعی شافی علاج دریافت ہو چکا ہے اور اب فقرالدم کی پہچان پہلے سے مختلف انداز میں کی جاتی ہے۔ یہاں ہم دشواریوں کی پابندی کی بجائے درجہ بدرجہ اسباب و بواعث کی نشاندہی کرکے معالجات کی جانب رہنمائی کریں گے تاکہ باضمیر اہل فن علم و بصیرت کی روشنی میں علاج کی ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہو سکیں۔

فقرالدم کے دو اہم اسباب ہیں (۱) ضیاع خون (۲) خون کی تخلیق کے وسائل سے محرومی۔

(۱) ضیاع خون

اگر کسی حادثہ سے بہت سا خون ضائع ہو جائے تو اس کے نتیجہ کا فہم سہل ہے لیکن چیستاں تو وہ ضیاع خون بنتا ہے جو تھوڑی تھوڑی مقدار میں اکثر و بیشتر ہوتا رہے اور اس کی جانب مریض کی توجہ مبذول نہ ہو اور اسی قسم کا ضیاع اصل میں کھوج لگانے کی چیز ہے اس چیز کا صرف کھوج لگا کر چھوڑیئے جو چوری چھپے خون ضائع کرتا رہتا ہے اور خون کی تولید کے ساز و سامان کو تلپٹ کرتا رہتا ہے کیونکہ اس کے سبب فولادی اجزاء زائل ہو جاتے ہیں اور پھر جسم کو وہ مسالہ ہی میسر نہیں رہتا جس کے لال لال گرم خون بنا کر تیار کیا جاتا ہے اور چہرے کی زردی ناخنوں کا پھیکا پن ادھلی ہوئی آنکھیں بے رنگ زبان اور مرجھائے ہوئے میلے ہونٹ اس کی چغلی کھانے لگتے ہیں۔ معدے کے خون اگلتے ہوئے زخم سرطان کی

پھوڑے بواسیری مسے اور حیض میں بے تحاشا بہ جانے والا خون ایسے چور ہیں جن کی زیاں کاریاں ڈھونڈھ نکالنی چاہئیں۔ ایسے اسباب کے رفع کرنے کے بعد فولاد کی کمی کی تلافی مخصوص معالجہ ہے یہ فقر الحدیدیہ یا آئرن ڈیفی شنسی کا فقر الدم یا انیمیا ہے یہاں مخصوص معالجات یہ ہوں گے

۱۔ آئی ویران - وریدی سوزن ایک ایمپیول تیسرے روز - ابتدا میں نصف یا ایک تہائی۔
IVIRON

(۲) آئرن گلوکونیٹ
IRONGLUCONATE
ایمپیول ۱سے ۱۵ سی سی ۵ فیصد گلوکوز محلول ملا کر نہایت آہستہ آہستہ رفتار سے ورید میں چڑھاتے ہیں۔ اور برداشت کے مطابق طاقت بڑھاتے چلتے ہیں۔

(۳) فیرس قسم کے فولادی مرکبات
FERROUS IRON
براہ دہن دو گولیاں دن میں تین بار غذا کے بعد۔

(۴) ریٹیکیولیکس
RETICULEX
ایک کیپ شول۔ دن میں تین بار کھانے کے بعد

(۵) فرگون FERGON	پانچ گرین کی ایک یا دو گولیاں دن میں تین بار۔
(۶) فیرونی کم FERRONICUM	دو گولیاں دن میں تین بار غذا کے بعد
(۷) ادخالِ خون TRANSFUSION BLood	وریدی سوزن
(۸) حیاتین ث VIXC	براہِ دہن یا وریدی سوزن ۵۰۰ ملی گرام سے ایک گرام

(۲) محرومی کے باعث فقر الدم

اینٹوں گارے سیمنٹ لکڑی وغیرہ کے بغیر مکان تعمیر نہیں ہو سکتا نہ اس ضروری ساز و سامان اور مسالہ کے بغیر خون تیار ہو سکتا ہے جو اس کی تخلیق کے لئے لازم ہے۔

II پھیکے رنگ کا فقر الدم یا ہائی پوکرومک انیمیا

HYPOCHROMIC ANEMIA

فولاد اور مناسب لحمی اجزاء کے فقدان کے باعث ہوتا ہے

(ب) کبیر الخلایا میگالو بلاسٹک انیمیا

MEGALOBLASTIC ANEMIA

ایسے مسالہ کی کمی کے باعث ہوتا ہے جس کی موجودگی ہیموگلوبین

کی تخلیق کے لئے لابدی ہے جس کی ایک بین مثال فقر الحیاتین خبیث ہے جس کا مسالحہ ۱۹۲۶ء سے قبلہ رخ تو ہو گیا لیکن کئی غلط فہمی کی ٹھوکروں کے بعد عین اس جزو کی نشاندہی گذشتہ پانچ برس میں ہوئی جس کی محرومی اسے پیدا کرتی ہے یعنی حیاتین ب ۱۲ لیکن معالجات میں ان سب مرکبات کو گنوانا مناسب ہوگا جو شفاء المرض کا باعث ہوتے ہیں اور ان میں حیاتین ب ۱۲ کی مقدار کامیابی کی کنجی ہے۔

(۱) کلیجی کا نچوڑ یا کروڈ لیور ایکسٹریکٹ

CRUDELIVER EXTRACT

اور اس کے مصالحے

کمپولان COMPOLAN	عضلاتی سوزن ایک ایمپیول روزانہ ۲ سی سی	اصلاح واضح ہوتی ہے
ایریتھجن ERYTHGEN	ایک دو یا تین سی سی روزانہ یا وقفہ سے	اس نوع کے بیسوں مرکبات ہیں جو مختلف کمپنیوں نے الگ الگ ناموں سے تیار کئے ہیں۔
اینی کو نوجین فورٹ (سلی)	۱/۲ سی سی اور تجاوز	
لیور ایکسٹریکٹ (پارک ڈیوس) LIVER EXTRACT	〃 〃	

(ج) سپیرو سنگرہنی اور مزمن اسہال کے باعث فقر الدم میں فولک ترشہ FOLIC ACID خاص مطلوب ہوتا ہے

فولوائٹ (لیڈرلے) FOLVITE (LAD) — عضلاتی سوزن — اس کی متعدد اور متنوع طاقتیں ہوتی ہیں۔ اور ½ اسی سی ہفتہ وار سے کم و بیش وقفوں میں استعمال کے لئے موزوں ہوتا ہے۔

فالوران

FOLVRON — براہِ دہن

د۔ غذائی محرومی کے کبیر الخلایا فقر الدم کی کئی قسمیں گرم ممالک سے مخصوص ہیں اُن کے علاج کے لئے کلیجی کا نچوڑ خمیر (YEAST) وغیرہ مطلوب ہوتے ہیں۔

(ل) بچوں میں کبیر الخلایا فقر الدم ایک جدا قسم تشخیص ہوتی ہے

(ص) معدے اور آنتوں پر اپریشنوں کے بعد فقر الدم کا عارضہ ہوتا ہے

(ن) کدو کیڑے اور دوسرے کرم جو آنتوں میں اٹکے رہتے ہیں اُن کے باعث مخصوص نوعیت کے فقر الدم ہوتے ہیں جن کے معالجے میں حیاتین ب ۱۲ کامیاب ترین جزو ہے لیکن سبب رفع کئے بغیر نتیجہ عارضی ہوتا ہے

لیڈی ڈاکٹر مسز اسلم بیگ ایم بی بی ایس

مقوی رحم گولیاں

نسخہ۔ سہاگہ۔ کونین ہر دو مساوی الوزن لے کر حسب ضرورت ٹنکچر جنشن کمپونڈ میں نخودی گولیاں بنا کر محفوظ رکھیں۔
ترکیب استعمال۔ ایک سے دو گولی تک ہمراہ آب تازہ یا چائے دن میں دو تین بار استعمال کریں۔
فوائد۔ یہ گولیاں از حد مقوی رحم ہیں اور ماہواری کی بیقاعدگی سیلان رحم اور بانجھ پن میں نہایت مفید ہیں۔

ڈاکٹر محمد صادق ایم بی بی ایس پروفیسر طبیہ کالج لاہور

لاہور سور یعنی لاہوری پھوڑے کی بےنظیر دوا

نسخہ نمبر ۱۔ ایسڈ سیلی سیلک ۵ گرین کار بالک ۵ گرین سلفیٹ زنک ۵ گرین ویزلین ایک اونس۔ سب کو سنگ مرمر کی سل پر رگڑ کر اچھی طرح ملا کر مرہم بنالیں پہلے چند یوم زخم پر یہ مرہم لگاتے رہیں زخم نرم اور تازہ ہو جانے پر نسخہ نمبر ۲ استعمال کریں۔

نسخہ نمبر ۲۔ گوندکیکر۔ انزروت ۶-۶ ماشہ زنگار ۹ ماشہ سب کو علیحدہ علیحدہ پیس کر آپس میں ملا کر رکھ لیں۔ اس سفوف کو لیموں کے رس میں ملا کر کپڑے کا گول پھایہ بنا کر درمیان میں سوراخ کر کے یہ دوا لگا کر زخم پر چسپاں کر دیں۔ اس سوراخ سے مواد خارج ہوتا رہے گا۔ جب تک خود بخود نہ اُترے لگا رہنے دیں۔ لاہور سور جیسے ضدی اور نامراد پھوڑے کے لئے لاجواب دوا ہے۔

ڈاکٹر ممتاز حسین ایم بی ایس

دمہ کا دورہ فوراً دور

دمہ کا دورہ شروع ہوتے ہی کھلائیں دورہ فوراً دور ہو گا۔
نسخہ۔ ایفیڈرین ہائیڈروکلورائیڈ ½ گرین لیوی نل ا گرین۔ اسپرین ۳ گرین سب کو ملا لیں یہ ایک خوراک ہے بوقت دورہ ایسی خوراک استعمال کریں۔

راؤ بہادر ڈاکٹر ایم سی کومن ایل ایم ایس مدراس

دیسی دواؤں کے متعلق جدید تحقیقات

حکومت مدراس کی ہدایت کے مطابق میری قیادت میں ۱۹۱۸ء سے

۱۹۲۰ء تک دیسی دواؤں کی تحقیقات جاری رہی جو بعد میں ایک ضخیم رپورٹ کی شکل میں شائع ہو چکی ہے اس رپورٹ میں سے چند دواؤں کی تحقیقات کے نتائج اخذ کر کے ذیل میں درج کیئے جاتے ہیں۔

مغز فلوس خیار شنبر (املتاس)

مغز فلوس خیار شنبر۔ عرصہ قدیم سے حکیموں اور ویدوں کے ذریعے مسہل کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ جدید تحقیقات کے لئے اس کی مندرجہ ذیل طریق پر تیار کی ہوئی معجون استعمال کی گئی جو ۲ سے ۴ ڈرام یعنی ۷ سے ۱۴ ماشہ کی مقدار میں نوجوان مریضوں کو استعمال کرائی گئی اور بطور مسہل نہایت تسلی بخش ثابت ہوئی۔

نسخہ معجون مغز فلوس خیار شنبر شکر سفید ہموزن دونوں کو بخوبی مخلوط کر کے معجون سی بنالیں۔

اندرجو شیریں

ویدوں کے ذریعے یہ دوا پیچش کے لئے بکثرت مستعمل ہے جدید تحقیقات میں اس کا سیال رب تیار کر کے ۱۰ سے ۳۰ قطروں کی مقدار میں بچوں کو اور ایک سے دو ڈرام یعنی $3\frac{1}{2}$ سے ۷ ماشہ کی مقدار میں بڑوں کو استعمال کرایا گیا اور اس نے قریباً ہر ایک مریض میں نہایت کامیاب نتیجہ پیش کیا۔

موچرس

یہ درخت سینبل کا گوند ہے اس کو جب پانی میں بھگویا جاتا ہے

تو ایک سرخی مائل بھورا سا محلول پیدا ہوتا ہے جس میں سبزی مائل نمکیات آہن تہ نشین ہو جاتے ہیں اور گوند کے اجزا الکم ہوتے ہیں یہ قابض ملطف اور حابس الدم ہے۔ جدید تحقیقات میں زحیر مزمن سل ریوی کے نفث الدم نزلہ وبائیہ رعاف براز الدم کثرت الطمث اور حاد پیچش میں اس کو ۲۰ سے ۴۰ گرین کی مقدار میں استعمال کیا گیا اور نہایت مفید نتائج برآمد ہوئے۔ ۴۰ گرین کی دو تین خوراکوں کے ساتھ ہی قے اور دستوں سے خون غائب ہو گیا لیکن حاد اور مزمن پیچش میں اس کا عمل سستی کے ساتھ ہوا۔ اس کو زیادہ مؤثر کرنے کے لئے دوسری دوائیں مثلاً اندر جو شیریں اور پوست انار وغیرہ کا اضافہ کرنا پڑا۔

طباشیر

یہ بانس کے جوڑوں میں سے حاصل کیا ہوا ایک سفید رنگ کا مادہ ہوتا ہے جسے مسکن اور مقوی خیال کیا جاتا ہے۔ اسے دمہ اور سل اور دق کی کھانسی میں استعمال کیا جاتا ہے اور اکثر پھیپھڑوں کے امراض کے مرکبات میں شامل کیا جاتا ہے۔ جدید تحقیقات کے لئے ذیل کا نسخہ (سل ریوی) سل لطبنی۔ دق حاد اور مزمن کھانسی (سعال شعبی) اور نزلہ وبائیہ کے بعد کی کھانسی میں دیا گیا تھا۔

نسخہ۔ طباشیر ۸ حصے فلفل دراز چھ حصے تالیس پتر ۴ حصے زنجبیل ۲ حصے فلفل سیاہ ۱ حصہ دانہ الائچی خورد ½ حصہ دار چینی ½ حصہ شکر سفید ۲۴ حصے سب کو باریک پیس کر سفوف بنالیں خوراک ۴۰ سے ۶۰ گرین۔ سل ریوی میں اس نے ایک حد تک آرام بخشا اور سعال شعبی (کھانسی) کو کم کر دیا۔

لیکن اس کا عمل بہت سست تھا دق میں اس کا کوئی اثر ظاہر نہیں ہوا۔ نزلہ وبائیہ کے بعد کی کھانسی میں بھی اس کے استعمال سے نفع ہوا۔

ڈاکٹر ایس بی ماتھر ایل۔ ایم۔ پی ایل آئی سرجن

کونین کا کڑواپن و خشکی دور کرنے کا طریقہ

بے شمار نئی نئی ادویات ایجاد ہونے کے باوجود ملیریا کو دور کرنے کے لئے ابھی تک کونین ہی بہترین اور مجرب دوا تسلیم کی جاتی ہے مگر کونین کا سخت کڑواپن اس کا بہت بڑا نقص ہے۔ خاص کر بچوں کو کونین دینے کے لئے کڑواپن کے سبب سخت مشکل پیش آتی ہے۔ کڑواپن کو دور کرنے کے کئی طریقے معلوم کئے جا چکے ہیں۔ کونین کی کھانڈ چڑھائی گولیاں جو کیمسٹوں کے ہاں فروخت ہوتی ہیں وہ کونین جیسی مؤثر نہیں ہوتیں۔ کئی سال تک تجربات کرنے کے بعد میں نے کونین کے کڑواپن کو دور کرنے کے لئے ذیل کا آسان کم خرچ طریقہ دریافت کیا ہے جس سے ہر معالج نہایت آسانی سے کونین کی تلخی دور کر سکتا ہے۔

ہرڑ زرد کو اچھی طرح گھی میں بھون کر باریک پیس لیں اور اس میں ہموزن کونین ملا کر خوب باریک پیسیں۔ اس سے کونین کا کڑواپن بالکل دور ہو جائے گا۔ اور کونین کے اوصاف میں کسی قسم کا نقص نہ آئے گا میں نے کونین کو گھی میں بھنی ہرڑ کے ہموزن سفوف میں ملا کر ہزاروں

مریضوں پر ملیریا بخار کو دور کرنے کے لئے استعمال کیا ہے اور اس کو کونین سے بھی موثر پایا ہے۔

بچوں کو یہ سفوف لگے ہوئے پان میں ڈال کر دے سکتے وہ اس پان کو بخوشی چوس لیں گے اور اُن کو اس بات کا پتہ بھی نہ چلے گا کہ ان کو پان میں رکھ کر کونین کھلائی گئی ہے اگر آپ کسی مریض کو کونین مکسچر دینا چاہتے ہیں تو کرڈ وائین دور کرنے کے لئے مریض کو ایک دو رتی گھی میں بھنی ہرڑ کا سفوف چوسنے کو دیں تب فوراً کونین مکسچر پی لینے کی ہدایت کریں اس طریقہ سے ایک اور بھی فائدہ ہوتا ہے۔ چار آٹھ رتی بھنی ہرڑ کھلا کر یا کونین میں بھنی ہرڑ شامل کر دینے سے ملیریا کے مریض کو قبض کا اندیشہ نہیں رہتا اور جلاب دینے کے لئے کوئی دوسری دوا دینے کی ضرورت نہیں رہتی۔ اس طریقہ سے کونین زیادہ موثر قبض کشا بے ذائقہ بن جاتی ہے ہرڑ گھی میں بھنے ہونے کے سبب کونین کی خشکی بھی کم ہو جاتی ہے۔ اس طریقہ میں خاص خوبی یہ ہے کہ میں نے اس طریقہ سے جتنے بھی مریضوں کو کونین کا استعمال کرایا کسی نے بھی یہ نہیں کہا کہ مجھے کونین کھانے سے کسی بھی قسم کا نقص یا تکلیف ہوئی ہے۔ کونین کی خشکی گرمی کانوں میں شائیں شائیں ہونا گھی میں بھنی ہرڑ کا سفوف شامل کر کے کھلانے سے یہ تکلیف بالکل نہیں ہوتی اس طریقہ سے اُن لوگوں کو بھی کونین کھلائی گئی جن کو کونین موافق نہ آتی تھی اور گرمی خشکی کرتی تھی۔

امید ہے کہ معالج حضرات کونین کو اس طریقہ سے استعمال کرا کر اپنے مریضوں کو ملیریا سے بچا سکیں گے اور اُن کو کسی قسم کا نقصان بھی نہ ہو گا

ڈاکٹر بشیر الدین عصری ایڈیٹر مغربی طب میرٹھ

جدید ڈاکٹری نسخہ جات

دافع زکام مرکب

نسخہ۔ اسپرین ۵ گرین وٹامن سی ... املی گرام سلفا میزاتھین اٹکیہ وٹامن بی کمپلکس وِد بی ۱۲ (گلیسکو) اٹکیہ انکولان (بی۔ڈی۔ایچ) ایک ٹکیہ۔

ان سب کو ملاکر دو پڑیاں بنائیں اور ایک پڑیہ فوراً پانی کے ہمراہ دیں یہ مسکن الم دافع سرایت دافع حساسیت دافع کمزوری ادویات کا مرکب ہے جو زکام کے ابتدائی درجہ میں بخار کو کم کرتا ہے۔ کھانسی کو دور کرتا اور سرایت حلق والف کا خاتمہ کرتا ہے زکام کی وجہ سے ناک سے ریزش کو کم کرتا ہے اور فوری طور پر عام زکام کو آرام پہونچاتا ہے کمزوری اور اضمحلال کو دور کرتا ہے۔

دافع زکام وبائی مرکب

نسخہ۔ اسپرین ۵ گرین۔ پروٹی نیکس (ڈیومیکس) ۱۰ گرین دونوں کو باہم ملاکر ایک پڑیہ بنالیں۔ یہ مسکن الم اور جوہر لحم (پروٹین) کا

مرکب ہے۔ جو زکام وبائی کے درد سر کسل مندی۔ کمزوری جمل کے ایام کی ناتوانی اور عدم مصابرت مرض میں بہت مؤثر ہے یہ برطانیہ میں پلے ٹونسل تام سے دستیاب ہوتی ہے۔

دافع نزلہ مرکب

نسخہ۔ اے پی سی پوڈر ۵ گرین الفیڈرین ہائیڈروکلورائیڈ ½ گرین وٹامن سی ۰۰ املی گرام۔ ان تینوں کو ملاکر ایک پڑیہ بنائیں اور پانی کے ہمراہ دن میں دو یا تین بار دیں۔

یہ مسکن درد محرک تنفس اور دافع نزلہ مرکب ہے جو درد کھانسی۔ خراش حلق اور کسل مندی کو رفع کرتا ہے۔

دافع قلاع مرکب

نسخہ۔ نس ٹے ٹین ایک لاکھ یونٹ۔ لکٹوز ۹۵، گرام دونوں کو باہم ملاکر ایک پڑیہ بنائیں اور روزانہ ایک بار دیں۔ یہ دافع فطر دافع جراثیم مرکب ہے جو قلاع دہن (منہ آنا)، قلاع رحم (اندام نہانی میں سفید دھبے پڑنا)، کے لئے ایک مؤثر دوا ہے۔

دافع فشار دم اعلیٰ مرکب

نسخہ۔ سرپاسل (سیبا) ا ملی گرام امینو فلین ا، گرام ربوٹن ۱۰ ملی گرام وٹامن سی ۵۰ ملی گرام ان سب کو ملاکر ایک کیپ شول میں بھر دیں۔

یہ اسرول ادلہ وٹامن کا مرکب ہے جو جذباتی تناؤ میں توازن

قائم کرتا ہے رگوں کو کھولتا ہے اور گردے کی عدم کفایت میں ادرار بول پیدا کرتا ہے اور عروقی کمزوری کو دور کرتا ہے اسی طرح فشار دم اعلےٰ میں بھی اطمینان بخش ثابت ہوتا ہے۔

دافع انقباض ذہن مرکب

نسخہ :- سرپاسل (سیپا) ۵ ملی گرام فینو باربیٹون سوڈیم اگارڈ بنال سوڈیم) ۱۵ ملی گرام وٹامن بی (بیرن) ۵ ملی گرام نکوٹینک ایسڈ ۱۵ ملی گرام یہ سب ادویات ٹکیہ کی شکل میں دستیاب ہوں گی پہلی دوا ری سرپین ہے جو سیبا نے بہت عمدہ پیش کی ہے دوسری مے اینڈ بیکر کی تیار کردہ ہے تیسری اور چوتھی دوا گلیکسو لیبارٹریز نے پیش کی ہے

ان سب کو باہم ملا کر دو مساوی حصوں میں تقسیم کر کے دو پڑیاں بنائیں یہ ایک بہترین مسکن الم دافع فشار دم اعلےٰ دافع التہاب عصب اور مسکن دماغ مرکب ہے جو اعصابی تشویش کے سبب بھوک نہ لگنا (عدم اشتہا) خاموشی یا اداسی چہرے پر چھا جانا بڑھاپے قبض ذہنی دباؤ اور آنتوں کی حرکت کی سستی کے لئے بہت مؤثر ہے یہ مرکب دوا اعصاب کے التہاب کو سکون دیتی اور اعصاب کے اینٹھن کو دور کرتی ہے۔ دل کے عصبی امراض میں بھی مفید ہے اور مرض فشار دم اعلےٰ کے لئے بھی مؤثر ہے بہر کیف اسرول اور حیاتین کا یہ مرکب بہت ہی کثیر المقاصد ہے اور ذہنی انتشار اور اضطراب کو بھی دور کرتا ہے۔

دافع درد شقیقہ مرکب

نسخہ :- اسپرین ۵ گرین وٹامن سی ۵۰۰ ملی گرام - انکولان ایک ٹکیہ تینوں کو

باہم ملا کر دو ٹکریاں بنائیں اور دن میں تین بار دیں یہ مسکن الم دافع حساسیت مرکب ہے جو درد سر درد شقیقہ کے لئے بہت مؤثر ہے اور درد سر بسبب نزلہ زکام اور حساسیتی درد شقیقہ کے لئے بھی مفید ہے۔

دافع التہاب مرکب

نسخہ۔ کلورم فینی کول اکیپ شول۔ پریڈنی سولون ۵ ملی گرام کی ٹکیہ ویسلین ½ ۱ اونس پہلے کلورو مائی سٹین (کلوریم فینی کول) کا پوڈر باہر نکال لیں پھر اس میں پریڈنی سولون (ڈاکورٹن ساختہ ای مرک) کی ٹکیہ سفوف کر لیں۔ پھر یہ باریک سفوف ویسلین میں ملائیں اس طرح یہ ایک مرہم بن جائے گا۔ یہ مرکب مرہم ایک دافع التہاب دافع سرایت اور دافع حساسیت ہے اس لئے یہ مرہم اگزیما کی خراش جلد کی سرایت جلد کی حساسیت یا خراش جلد میں استعمال کیا جاتا ہے یہ مرہم آنکھوں کی حساسیت ورم۔ خراش اور کھٹک میں بھی بہت مؤثر ہے۔

دافع درد دنداں مرکب نمبر ۱

نسخہ۔ کلوریٹون ۲۰ گرین آئل آف کلووز (روغن لونگ) ۵ سی سی دونوں کو باہم ملا کر روغن بنا لیں اور پھر یہی سے دانت کے درد پر لگائیں یہ مسکن درد دنداں ہے اور مقامی درد کو فوراً رفع کرتا ہے۔

دافع درد دنداں مرکب ۲

نسخہ۔ اسپرین ۵ گرین وٹامن سی ۵۰ ملی گرام سلفامیزاتھین ½ ٹکیہ

پنیڈ سلفا اٹکیہ سب کو باہم ملا کر دو پڑیاں بنائیں اور پانی کے ہمراہ دیں
یہ کسی سرایت عفونت کے سبب درد دندان کو دور کرتا ہے۔ اور
مقامی طور پر دانت کی کھوہ میں متذکرہ بالا روغن لگایا جا سکتا ہے

دافع اسہال مرکب

نسخہ۔ سلفا گوے نڈین اٹکیہ سلفا ڈایازین اٹکیہ ارسٹا مڈ اٹکیہ
تینوں کو باہم ملا کر تین پوڑیہ بنائیں اور ایک پوڑیہ آدھ گلاس پانی کے
ہمراہ دیں۔ یہ تین سلفا ادویات کا مرکب ہے جو اعضاءِ ہضم کی
جراثیمی سرائتوں کے لئے ایک کم خرچ بالا نشیں علاج ہے یہ موسم
گرما کے اسہال اور غذائی قسم کے اسہال کے لئے بہت مؤثر ہے

دافع زحیر مرکب

نسخہ۔ سلفا گیے نڈین اٹکیہ انٹرو وایوفارم اٹکیہ سلفا بیٹا مائیڈ
اٹکیہ۔ تینوں کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنائیں۔ یہ ہر قسم کی زحیر پیچش کیلئے
بہت مؤثر ہے۔

دافع جراثیم مرکب

نسخہ۔ سلفا سومی ڈین (ارسٹامڈ) ۱½ گرین سلفا میزاتھین ۱½ گرین
دونوں کو باہم ملا کر دو پوڑیاں بنائیں اور ایک پوڑیہ ایک گلاس پانی کے
ہمراہ دن میں دو بار دیں یہ دو سلفا مرکب دافع جراثیم اور دافع سرایت
ہے جو اعضاءِ تنفس کی تکالیف۔ التہاب شعبیہ۔ ذات الریہ اعضاءِ

بول کی تکالیف۔ التہاب مثانہ التہاب مجری بول اور سوزاک کے جراثیم کو ہلاک کرتا ہے اور آنکھ کی سرائتوں مثلاً آشوب چشم پیپ اور سوزش کو دور کرتا ہے۔

دافع حمی اجامبہ مرکب

نسخہ۔ کلوروکوئن ڈائی فاسفیٹ $\frac{1}{4}$ ۷ گرین۔ وٹامن سی ۱۰۰ ملی گرام دونوں کو باہم ملا کر ایک پڑیہ بنائیں اور دودھ کے ہمراہ دیں یہ دوا ملیریا کی تمام اقسام کے خلاف مؤثر ہے اور ملیریا کے شدید حملہ کے دوران مفید ہے۔

دافع بخار مرکب

نسخہ۔ اسپرین ۵ گرین وٹامن سی ۱۰۰ ملی گرام کلورم فینی کول فورٹی فائیڈ ڈیو میکس ایک شیشی۔ ان تینوں ادویات کو دو مساوی حصوں میں تقسیم کر کے پڑیہ یا نشاستہ میں رکھ کر کھلائیں یہ ایک اینٹی بایوٹک دافع سرایت دافع بخار مرکب ہے جو میعادی بخار ٹائیفائیڈ موتی جھارا وغیرہ کے لئے بہت مؤثر ہے یہ دستوں کو روکتا ہے بخار کو کم کرتا ہے۔ درد کمر کو بھی فوری سکون دیتا ہے اور بخار کی شدت سے پیدا شدہ ساری حالتوں کو قابو میں کر لیتا ہے۔

دافع نبض مخرفہ مرکب

نسخہ۔ کلورم فینی کول فورٹی فائیڈ ڈیو میکس، ایک شیشی ال اسپرین

۵ گرین ۔ وٹامن سی ۰۰ املی گرام ۔ اِن تینوں کو باہم ملاکر ایک کیپشول میں بھر دیں اور روزانہ دو بار دیں ۔ یہ اینٹی بائیوٹک وٹامن مرکب ہے جو تپ محرقہ کے لئے مخصوص ہے عام طور پر کلورو مائی سیٹین استعمال کیا جاتا ہے جو مفرد دوا ہے لیکن یہ مرکب نسخہ آنتوں میں حیاتین "ب" کی خامی پیدا نہیں ہونے دیتا اس لئے تپ محرقہ کے لئے بہت مؤثر ثابت ہوتا ہے ۔

دافع التہاب مفاصل مرکب

نسخہ ۔ ڈاکورٹن دائمی مرک، ۵ ملی گرام اسپرین ۵ گرین وٹامن سی ۰۰ املی گرام ۔ اِن تینوں کو باہم ملاکر ایک پوڑیہ بنالیں اور دن میں دو بار دیں یہ دافع التہاب مفاصل دافع گنٹھیا اور دافع بخار ہے اور ہارمون وحیاتین ج دسکن الم ادویات کا مرکب ہے جو درد مفاصل التہاب ریاطا اور درد کمر میں بہت ہی مؤثر واحد مرکب ہے

دافع وجع المفاصل مرکب

نسخہ ۔ پریڈنی سولون ۲ ملی گرام اسپرین ۵ گرین وٹامن سی ۰۰ املی گرام ایلیو ڈروکس ۵ گرین سب کو ملاکر ایک پوڑیہ بنائیں اور دن میں تین بار دیں یہ متوازن مرکب ہے جو مسکن الم صفات رکھتا ہے یہ دافع التہاب دافع گنٹھیا ہے اس میں پریڈنی سولون ڈیلٹا کورٹرل، تو زبردست دافع گنٹھیا دوا ہے اور اسپرین دافع بخار ہی ہے

اور وٹامن سی دافع تشویش سہارا اثر رکھتی ہے اور ایلومینیم ہائیڈرو کسائیڈ جیل (ایلیوڈروکس) اس مرکب میں ہارمون کا دیرپا اثر رکھنے کی خاطر اور معدہ میں ترشی کی افراط کو کم کرنے کے لئے استعمال کی گئی ہے۔ بہرکیف یہ مرکب کئی طرف سے گٹھیا کو سکون دیتا ہے اور گٹھیا کے سبب جوڑوں میں درد والتہاب مفاصل میں بہت ہی مفید ہے۔

دافع شہیقہ مرکب

نسخہ۔ پینٹو بارہٹون سوڈیم (پنٹو تال سوڈیم) ۳/۸ گرین کیلسیم آیوڈائیڈ ۷ گرین ایفیڈرین ہائیڈروکلورائیڈ ۳/۸ گرین کوڈین سلفیٹ ۱/۴ گرین۔ سیرپ ٹولو ۲۶ منم سیرپ پرونی ورجینیا ۱۵ منم الکوحل ۹ منم فیمیدری حسب ضرورت شربت بنالیجے اور چائے کا چمچہ بھر چٹائیے یہ ایک موثر مسکن سعال (کف سڈیٹو) مرکب ہے۔ جو کھانسی کو مکمل سکون دیتا ہے۔ سانس کی تنگی دور کرتا ہے۔ غشاء مخاطی سے بلغم کو اکھاڑتا ہے اور رات کی نیند نہ آنے کی بے چینی دور کرتا ہے اس لئے کالی کھانسی میں موثر ہے۔ اس کے ہمراہ سرایت اعضاء تنفس دور کرنے کے لئے سلفامیزاتھین وٹامن سی مرکب بھی دینا چاہیئے۔ اور اگر مرض بہت شدید ہو تو اوریومائی سین پلی ٹیڈ بھی دیا جا سکتا ہے

دافع دمہ مرکب نمبر ۱

نسخہ۔ ایفیڈرین ہائیڈروکلورائیڈ (ایم۔ بی) ۱/۲ گرین گارڈینال

سوڈیم (ایم۔ بی) ½ گرین امینوفائلین (بی ڈبلیو) ٹکیہ نیو ایپی نین (بی۔ ڈبلیو) اٹکیہ ۔

ان چاروں ٹکیوں کو پیس کر تین پوڑیاں بنائیں اور ایک پوڑیہ بتاشہ میں رکھ کر یا خالی کیپ شول میں بھر کر کھلائیں۔ اس میں اول الذکر دوا دویات "مے اینڈ بیکر" کی تیار کردہ تلاش کریں اور آخر الذکر دوا دویات برو وز ویلکم کی لیں یہ چاروں ادویات کا مرکب بہت ہی مؤثر دافع دمہ ہے یہ سب ادویات نہایت ارزاں اور قابل حصول ہیں اور دمہ کے ہر قسم کے مریضوں کے لئے موافق ہیں۔

ان ادویات میں ایفیڈرین محرک قلب اور دافع فشار دم ادلنے ہے اور دل کی حرکت کو تیز کرتی ہے خون کے دباؤ کو بڑھاتی ہے اور زیادہ مقدار میں دینے سے بے چینی کا احساس پیدا کرتی ہے لیکن اس کی مصلح فینو باربٹون لگارڈ نیال سوڈیم ہے جو سکّن جذبات اور نیند آور ہے اور اس میں امینو فائلین محرک تنفس ہے جو شرائین اکلیل کو کشادہ کرتی ہے اور مدر بول (پیشاب لانے کا) اثر کرتی ہے۔ اور دل کے فعل کی کمزوری میں مفید ثابت ہوتی ہے اور یہ دمہ کے حملوں میں شعبۂ صدر کے تمام عضلات کو ڈھیلا کرتی ہے لیکن کسی قدر محرک تنفس بھی ہے یہ دافع تشنج بھی ہے ان کے علاوہ اس نسخہ میں نیو ایپی نین دا ئسوپر نالین سلفیٹ) ایک جدید دافع دمہ ہے یہ دوا مذکورہ تینوں ادویات میں شامل ہو کر ایک زبردست دافع دمہ مرکب بن جاتی

ہے اور ہر قسم کے مریض کے لئے بہت ہی موثر ثابت ہوتی ہے یہ دوا دمہ کے لئے خاص طور پر مفید ہے اس کے متواتر استعمال سے دمہ کا عصبی نفسیاتی اور قلبی طوفان رک جاتا ہے اور مریض پر سکون ہو جاتا ہے۔

دافع دمہ مرکب ۲

نسخہ۔ ڈیلٹا کورین گلیکسو (پریڈنی سون) ۵ ملی گرام۔ امینو فائلین ۸۰ ملی گرام ایفیڈرین ہائیڈرو کلورائیڈ ایک گرام فینو باربیٹون ۱۰ ملی گرام ایلیو ڈیروکس (وائتھ) ۱۰ ملی گرام۔ ان سب کو ملا کر تین پوڑیاں یا تین کیپ شول بھر لیں اور دمہ کے حملہ سے قبل دیں۔ اس نسخہ میں اول الذکر دوا ۵ ملی گرام کی ٹکیہ کی شکل میں دستیاب ہوتی ہے جو چار ٹکڑے کی جا سکتی ہے ٹکڑے کرنے کا نشان دیکھ کر لیں کیونکہ یہ ایک بہت تیز تیر بہدف دوا ہے اور ذرا سی زیادہ مقدار نقصان دہ ہو سکتی ہے دوسری ادویات ہر دو ولیکم اینڈ بیکر اور جان وائتھ کی تیار کردہ لیں اس طرح یہ نسخہ با آسانی بن سکتا ہے یہ ایک کامیاب دافع دمہ نسخہ ہے جو دمہ کے مریض کو یقینی سکون دیتا ہے یہ مامون الاثر موثر اثر آفریں علاج بالمرکب کا ایک مشہور نسخہ ہے۔ جو دمہ کے بحران کو دور کرنے۔ دمہ کے بلغم کو خارج کرنے عصبی طوفان کو ماند کرنے اور شعبہ ریہ کے عضلات کو حرکت میں لانے اور دل و صدر کے افعال کو قوی کرنے کے لئے بہت موثر ہے۔

مقوی باہ مرکبّ

نسخہ۔ یوہمبین ہائیڈرو کلورائیڈ (سیبا) ایکسپیرنڈرن (سیبا، اٹکیہ وٹامن بی کمپلکس ودبی ۱۲۔ ایک ٹکیہ فیروس کم سینڈوز ایک ٹکیہ ان سب کو ملاکر ایک کیپ سیول بھر کر دیجئے۔ یہ ایک مقوی باہ محرک باہ اور عام جسمانی مقوی مرکب ہے۔ جو اعضائے تناسل میں ایستادگی پیدا کرتا ہے اور اعصاب میں حرکت لاتا ہے۔ قلت خون کو دور کرتا ہے اور مردانہ ہارمون کی کمزوری کو بھی رفع کرتا ہے اور حیاتین ب کی کمزوری کو بھی رفع کرتا ہے اور متواتر استعمال کیا جاسکتا ہے بوڑھوں اور کمزور افراد کے لئے بہت ہی مفید ہے۔

دافع عسر طمث مرکبّ

نسخہ۔ سپاین (یلاگ) ۳۵، گرام امیڈو پائرین ۲۵، گرام کیفین ۵، گرام تینوں کو باہم ملاکر ایک پوڑیہ بنائیں اور روزانہ دوبار دیں۔ دوسرے دن معتاد کم کردیں یہ دردناک حیض کے لئے ایک مسکن الم مرکبّ ہے جو درد کو سکون دیتا ہے اور تشنج کو رفع کرتا ہے اس میں اوّل الذکر دوا بھی اور عضلاتی تشنج کو دور کرتی ہے اور ہی وقت مسکن الم اثر بھی کرتی ہے اس کے متواتر استعمال سے اجتماعی اثر پیدا نہیں ہوتا اور نہ دوا کی عادت کا خطرہ ہوتا ہے اس میں امیڈو پائرین ایک نمایاں دافع درد اثر رکھتی ہے اور دافع تشنج بھی ہے اس مادہ کا اثر کیفین کے اضافہ سے اور بڑھ گیا ہے جو خون

کی رگوں کو کھلا دیتی ہے اور دوران خون کو بھی رواں کرتی ہے بہر کیف یہ مرکب عسر طمث دشواری حیض یا درد حیض کے لئے ایک مؤثر دوا ہے

دافع نزف مرکب

نسخہ - اربولین ایک ٹکیہ وٹامن سی .. ملی گرام دونوں کو باہم ملا کر ایک پوڑیہ بنائیں اور پانی کے ہمراہ دیں۔ یہ ارگٹ کا مرکب ہے۔ جو اندرونی نزف مثلاً ولادت کے بعد نزف (سیلان خون) اور استحاضہ (زیادتی حیض) اور سن یاس کے نزف کو روکتا ہے اور نامکمل ۱۰ اسقاط حمل میں بھی نزف کو روکتا ہے۔

دافع اسقاط حمل مرکب

نسخہ - اسٹل بائسٹرول ۵ ملی گرام وٹامن بی کمپلکس ود بی ۱۲ ایک ٹکیہ گلوکوز حسب ضرورت تینوں کو باہم ملا کر دو پوڑیاں بنائیں۔ اور روزانہ دو بار دیں۔ یہ مرکب نسخہ عورتوں میں عادتی اسقاط حمل (بار بار حمل گرنا) کو روکتا ہے جنین کو تندرست رکھتا ہے اور بہ آسانی بچہ کی ولادت کراتا ہے۔ حاملہ عورت پر کوئی برا اثر نمودار نہیں ہوتا بہر کیف یہ نسخہ محافظ حمل مانع اسقاط حمل اور معین حمل ہے۔ جملہ رحمی امراض کے لئے بہت ہی مفید ہے۔

مقبول عام ڈاکٹری نسخہ جات

(۱) ٹنکچر او پیم ۵ منم کلورل ہائیڈریٹ ۵ گرین میو سلیج اکیشیا حسب ضرورت

ملائیں اور ایک چائے کا چمچہ بھر ہر چوتھے گھنٹے دیں یہ درد کو عارضی طور پر دور کرتا ہے۔

(۲) ٹنکچر آف اوپیم گلیسرین (دونوں ہموزن) اس کے چند قطرے کان میں ٹپکانے سے درد کان کافور ہو جاتا ہے۔

(۳) اسپرین ۲ ½ گرین ڈوورس پوڈر ۲ ½ گرین معتاد ایا ۲ ٹکیاں یہ پوڑیہ کی شکل میں بھی دیا جا سکتا ہے یہ حابس نزلہ ہے درد کو رفع کرتا ہے۔ کھانسی کو دباتا ہے زکام کی ابتدائی حالت میں بہت زیادہ مفید ہے

(۴) اسپرین ۵ گرین وٹامن سی ۳۳ ملی گرام وٹامن کے ۳۳ ملی گرام یہ بشکل ٹکیہ یا سفوف ہر دوسرے گھنٹے دن میں دیا جا سکتا ہے یہ ایک مفید دوا ہے جو گنٹھیا کی التہاب مفاصل میں نہایت مؤثر ہے اس سے جوڑوں کا درد اور ورم رفع ہو جاتا ہے۔

(۵) اسپرین ۵ گرین۔ گارڈینال (فینو بار بی ٹون) ½ گرین۔ یہ ایک پڑیہ بعد از طعام دی جا سکتی ہے یہ ایک مسکن الم منوم دوا ہے بندش حیض کے درد میں بہت مؤثر ہے۔

۶۔ ایفیڈرین ¾ گرین۔ فینو بار بی ٹون ¼ گرین معتاد ایک ٹکیہ حسب ضرورت یہ پتی اچھلنا میں ایک مسکن جلد دوا ہے۔

۷۔ امینو فلین ۳ گرین ایفیڈرین ہائیڈرو کلورائیڈ ¾ گرین۔ فینو بار بی ٹون ¼ گرین۔ یہ ایک کیپ شول ہر چوتھے گھنٹے دیں دمہ کے لئے نہایت مفید ہے۔

۸۔ پوٹاسیم سائٹریٹ ایک ڈرام ٹنکچر ہائیوسیامس ایک ڈرام الیگزر فینو بار بی ٹون ۳ ڈرام۔ یہ ایک ڈرام روزانہ تین بار بہ حسب ضرورت

یہ عسرالبول (پیشاب دقت سے آنا) میں بہت ہی مؤثر ہے۔
(۹) ٹنکچر بیلاڈونا ½ ڈرام الیگزر فینو بار بی ٹون ۳ ڈرام ایک چمچہ چائے نصف گلاس پانی کے ہمراہ بہ حسب ضرورت یہ شدید درد شکم میں بہت مفید ہے۔
(۱۰) فینو بار بی ٹون سوڈیم ½ گرین سوڈیم برومائیڈ ½ ۷ گرین پانی ½ اونس۔ اس میں سے ایک ٹرامیز کا چمچہ بھر صبح و شام دیں یہ درد شقیقہ (آدھا سیسی) کے درد کو روکنے میں بہت مؤثر ہے۔
(۱۱) پوٹاشیم برومائیڈ ۳ گرام کلورل ہائیڈریٹ ۴ گرام میگ سلیج اکیشیا ۵ اگرام سیرپ ۲۰ سی سی پانی ۱۸۰ سی سی۔ اس میں سے ٹرامیز کا چمچہ بھر بہ ہمراہ پانی سوتے وقت دیں یہ قضیب کے نعوذ سوزاکی میں مسکن دوا ہے اور مسکن اعصاب و جذبات ہے بہت کثیرالاستعمال دوا ہے
(۱۲) ٹنکچر پلسٹیلا ۴ ڈرام سپرٹ کلوروفارم ۲ ڈرام ایکوا ۴ اونس دو ڈرام ہر تیسرے گھنٹے دیں ماہواری کا درد شروع ہوتے ہی دینا شروع کر دیں۔ ماہواری کے درد اور احتباس حیض کے درد کو رفع کرنے میں اکسیر ہے
(۱۳) بسمتھ کارب ۵ گرین ڈوورس پوڈر ½ اگرین کیلومل ½ ایک ایک خوراک صبح و شام دیں دست بند کرنے میں اکسیر۔
۱۴۔ اسٹرپٹو مائیسین اگرام روزانہ عضلاتی انجکشن تین دن کریں پرسوتی بخار کے لئے اکسیر ہے۔
۱۵۔ آئل کلوز ½ ڈرام منتھول اگرین سپرٹ ایتھر ½ اڈرام۔ سپرٹ کلوروفارم ۴ ڈرام پھریری سے درد والے دانت پر لگائیں۔

دانت کے درد کو فوراً دور کرتا ہے۔

۱۶۔ کوکین ہائیڈرو کلورائیڈ ۱ ڈرام کلورل ہائیڈریٹ ۱۰ گرین کیمفر ۱ ڈرام سپرٹ ریکٹی فائیڈ ۱ اونس دردناک دانت پر پھریری سے لگائیں نہایت دافع درد ہے۔

۱۷۔ ٹنکچر ایکونائٹ ۱ ڈرام ٹنکچر مرہ ۱ ڈرام ٹنکچر آیوڈین ۱ ڈرام منتھول ۲ گرین گلیسرین ۱ اونس پھریری سے مسوڑھوں پر لگائیں مسوڑھوں کے زخموں اور خون آنے کو مفید ہے۔

۱۸۔ کاربالک ایسڈ لیکوئیڈ ۲ بوند کوکین ہائیڈروکلورائیڈ ۵ گرین گلیسرین ۲ ڈرام کان میں قطرہ قطرہ ڈالیں درد کان کے لئے مجرب ہے

۱۹۔ سوڈا سیلی سیلاس ۱۰ گرین ٹنکچر ایکونائٹ ۲ منم سیرپ اورنشیائی ۱ ڈرام ایکوا ۱ اونس۔ایسی دن میں تین خوراک دیں گلے کی خراش کے لئے مفید ہے۔

دوائے نمونیا

پروکین پنسلین ۴ لاکھ یونٹ ڈسٹلڈ واٹر ۲ سی سی نمونیا کے مریض کو عضلاتی انجکشن کریں۔ پہلے انجکشن سے ہی علامات رفع ہونی شروع ہوجائیں گی اگر ضرورت ہو تو دوسرا انجکشن ۲۴ گھنٹے بعد کریں نمونیا کا تریاق الاثر علاج ہے عام ڈاکٹروں کا معمول ہے۔

اکسیر ملیریا

یو کونین ۱ ڈرام کیلسیم لیکٹیٹ ۱ ڈرام اسپرین ۱ ڈرام سفوف تیار

کریں اور ۸ گرین کے کیپ شول میں بھر لیں ملیریا بخار ہونے سے پہلے
چار کیپ شول کھلا دیں تین دن مسلسل دیں ملیریا بخار کا تریاقی علاج
ہے۔

دوائے ترشی معدہ

میگنیشیم اوکسائیڈ ۳ حصے میگنیشیم کاربونیٹ ۷ حصے کیلسیم کاربونیٹ
۷ حصے سوڈا بائی کارب ۱۱ حصے بسمتھ کاربونیٹ ۳ حصے مقدار خوراک
ایک چمچہ دن میں تین مرتبہ پانی کے ہمراہ دیں یہ ڈاکٹر کلارک کا نسخہ ہے
اس کا تجارتی نام میکلین سٹامک پوڈر ہے۔

دوائے ہچکی

کلورل ہائیڈریٹ ۲۰ گرین چار چمچے دودھ میں حل کر کے پلائیں۔
مستقل ہچکی کے لئے بیحد مفید نسخہ ہے۔

دوائے اسہال

بسمتھ کارب ۵ گرین ٹنکچر کیمفر کو ۱۵ منم ایکوا ۱ اونس ایسی ایک ایک
خوراک دن میں چار مرتبہ دیں دستوں کو روکنے کے لئے بے حد مفید ہے

دوائے درد معدہ

ایکسٹریکٹ بیلاڈونا ۱/۴ گرین ایٹروپین سلفیٹ ۱/۲ گرین فینو باربیٹون
۱/۴ گرین ایسی ایک خوراک روزانہ دو بار قبل از طعام دیں اور حسب ضرورت

سوتے وقت بھی دے سکتے ہیں درد معدہ اور امعاء کے لئے بیحد مفید ہے

اکسیر پیچش

ایمی ٹین ہائیڈرو کلورائیڈ اگرین ایک سی سی گہرا جلدی انجکشن کریں۔ ایک ڈینرڈی پیچش کے لئے اکسیر ہے سات دن تک انجکشن کریں۔

اکسیر سرخباده

پنسیلین ۵ لاکھ یونٹ عضلاتی ٹیکہ کریں ہر ۴ گھنٹہ بعد دو تین انجکشن لگانے سے سرخباده بالکل رفع ہو جاتا ہے احتیاطاً تیسرے دن ایک انجکشن پھر کر سکتے ہیں۔

اکسیر کالی کھانسی

آریومائی سین ایک کیپ شول کو توڑ کر ایک ڈرام ملک شوگر ملا کر آٹھ پڑیہ تیار کریں ہر چھ گھنٹہ بعد ایک خوراک پانی کے ساتھ دیں، عام طور پر دو کیپ شول کھلانے سے مکمل آرام آجاتا ہے کلورومائی سیٹین۔ پالمی ٹیٹ سیرپ بھی کالی کھانسی کے لئے اکسیر ہے۔

اکسیر ملیریا

کونین بائی ہائیڈرو کلورائیڈ ۱ گرین ۲ سی سی عضلاتی گہرا انجکشن کریں جب کہ بخار نہ ہو ملیریا کے لئے اکسیر ہے ایک انجکشن سے

بخار رفع ہو جاتا ہے۔

اکسیر معدہ

منتھول ۱/۲ گرین سپرٹ امونیا ایرومیٹک ۳۰ منم سپرٹ کلوروفارم ۱۰ منم ٹنکچر کارڈمی کم کو ۱۰ منم سوڈا بائی کارب ۱۰ گرین ایکوا ایک اونس ایسی ایک ایک خوراک دن میں تین مرتبہ پلا دیں نفخ شکم درد معدہ اور بدہضمی کے لئے مفید ہے۔

اکسیر اسہال

بسمتھ کارب ۱۰ گرین سوڈا سیلی سیلاس ۱۰ گرین ٹنکچر اوپیم ۵ منم ایکوا ایک اونس۔

ایسی ایک ایک خوراک ہر تین گھنٹے بعد پلا دیں اسہال بند کرنے کے لئے بے حد مفید و مجرب ہے۔

اکسیر خفقان

سوڈیم برومائیڈ ۵ گرین سوڈیم فینو باربی ٹون ۱/۲ گرین ایسی ایک ایک خوراک دن میں تین مرتبہ دیں خفقان کے لئے اکسیر ہے۔

اکسیر درد کان

پروکین ہائیڈرو کلورائیڈ ۵ گرین فینول لیکوئیڈ ۲ منم گلیسرین

اڈرام دردناک کان میں دو تین قطرے ٹپکائیں درد کو فوراً رفع کرتا ہے۔

اکسیر سیلان الاذن

بورک ایسڈ اڈرام آئیوڈو فارم اڈرام سفوف تیار کریں تین چار گرین کان میں ڈال کر اوپر روئی داخل کر دیں رطوبت خشک کرنے اور زخم مندمل کرنے میں اکسیر ہے۔ پنسلین ۵ لاکھ یونٹ کا عضلاتی انجکشن کرنا بھی مفید ہے۔

لیور ایکسٹریکٹ پر ذاتی تجربات

فقر الدم

۱۹۵۱ء میں ایک ماہی گیر مریضہ کا معائنہ کیا اس کا تمام جسم سیاہ پڑ گیا تھا۔ سارا دن ہلکا ہلکا بخار رہتا تھا اور دماغی توازن بھی خراب ہو گیا مریضہ نہایت چڑچڑی اور بے چین رہتی تھی شہر کے مشہور مہنگے ڈاکٹروں نے ٹی بی تجویز کر دی اور مریضہ کے وارثین مہنگے علاج سے تنگ آ کر اسے میرے پاس لائے میں نے غور سے دیکھا اور پارک ڈیوس کا لیور ایکسٹریکٹ ۲سی سی ہر تیسرے دن درون عضلاتی راہ سے تجویز کیا اور براہِ دہن بیکا ڈیکس دو ٹکیاں

روزانہ استعمال کرنے کو کہا۔ خدا کے فضل و کرم سے ایک ہفتے میں بخار ڈاؤن ہو گیا اور مریضہ روبصحت ہونے لگی لیور ایکسٹریکٹ کی تین شیشیاں استعمال کرنے پر مریضہ کا وزن بڑھ گیا درجہ حرارت طبعی ہو گیا اور خون کا یبولی بھی درست ہو گیا یہ مریضہ اب تک تندرست ہے

فساد الدم

ایک نوجوان کا معائنہ کیا اس کو شہر کے میونسپل بورڈ کے ڈاکٹر نے آتشک تجویز کر دی اس کے تمام جسم پر اگزیما کے سے نشان تھے تمام جسم میں جلن سوزش ہوتی تھی اور یہ عارضہ ہر سال تیزی کے ساتھ نمودار ہوتا تھا اور اعضائے تناسل گردن ٹانگوں پر بڑے زبردست نشان پڑ گئے تھے مریض لاچار اور عاجز تھا ماہی بے آب کی طرح تڑپتا تھا میرے پاس نہایت خوشامد کیا تھ لایا گیا۔ میں نے آتشک کی تردید کی اور کیلسیم کی خامی تجویز کی اور خون کا بحران سمجھا فوراً گی ڈسی ایف کا سٹ لیور ایکسٹریکٹ تجویز کیا دماغی سکون کے لئے پوٹاسیم برومائیڈ ۵ گرین کی دو پڑیاں دی گئیں اور ہر روز ۲ سی سی مذکورہ لیور ایکسٹریکٹ کا درون عضلاتی انجکشن لگایا تین دن میں خون کا غلیان دب گیا اور مریض کو اطمینان ہو گیا دو ماہ تک انجکشن لگائے گئے اب بالکل تندرست ہے سالانہ خون کا زور بھی ختم ہو گیا ہے اس مریض کے اچھا ہونے سے دیکھنے والوں کو حیرت ہوتی ہے۔

قلت الدم

ایک مریضہ خون کی کمی میں مبتلا تھی سر چکرانا دل دھڑکنا اور ہاضمہ خراب رہتا تھا حکیم صاحبان نے معجون دبید الورد تجویز کی اور بے کار اس کا علاج کرتے رہے کوئی فائدہ نہ ہوا میں نے اس کا معائنہ کر کے کمپوڈر سے لیور ایکسٹریکٹ کے انجکشن لگوانے شروع کر دیئے ایک ہفتے میں قطعی خون کا دورہ درست ہو گیا اور مریضہ کا وزن بھی بڑھنے لگا۔ لیور ایکسٹریکٹ کے ہمراہ وٹامن بی کمپلکس بھی دی تھی ۔

تپ دق

ایک مریضہ کھانسی بخار اور خون کی کمی میں مبتلا تھی اور غذائی لحاظ بھی بڑی کمزور دست تھی دو پہر بعد بخار ضرور چڑھتا تھا لیکن ایکس رے کے معائنہ سے سینہ کے جراثیم نے زور نہ پکڑا تھا میں نے غریب سمجھتے ہوئے لیور ایکسٹریکٹ اے سی سی اور کیلسیم روسی ٹلین۔ اسی سی ملا کر تجویز کیا تیسرے دن وٹامن عضلاتی انجکشن لگایا گیا ہمراہ دہن آلٹرونیکس کی ٹکیاں دی گئیں دو ماہ بعد تمام علامتوں میں قطعی کمی ہو گئی اور مریضہ روبصحت ہو گئی یہ مریضہ بڑے قابل اور ہوشیار ڈاکٹروں کا علاج کرا چکی تھی لیکن اس کو فائدہ زیادہ تر آلٹرونیکس اور ملٹی بیبرین کی ٹکیوں سے ہوا۔ اب اس مریضہ کو دیکھ کر مجھے حیرت ہوتی ہے نہایت

تنومند اور نوجوان معلوم ہوتی ہے اب بھی ملٹی ویبرین کی ایک ٹکیہ روزانہ استعمال کی جاتی ہے۔

سنگرہنی

ایک عورت عرصہ سے سنگرہنی اور قلت الدم میں مبتلا تھی کئی ہی ڈاکٹروں نے مختلف قسم کے علاج کئے اور قطعی آرام نہ ہوا راقم الحروف نے بھی معائنہ کیا اور اسی دن وٹامن بی ۱۲ کا انجکشن لگایا لیکن ۷ انجکشن لگنے پر بھی کوئی فائدہ نہ ہوا۔ پھر لیور ایکسٹریکٹ کے انجکشن لگانے شروع کئے اس کے بعد فوراً ہی بیکاڈیکس کی دو گولیاں روزانہ تجویز کی گئیں آٹھ دنوں بعد دستوں میں بہت ہی کمی ہو گئی اور ایک ماہ کے متواتر استعمال کے بعد مریضہ کا وزن بڑھ گیا۔ اور وہ بہت موٹی ہو گئی خاندان کے افراد میرے بہت عقیدتمند ہو گئے اور میں ان کا ہوم ڈاکٹر بن گیا مجھے بڑی خوشی ہوئی کہ اس علاج سے اس عورت کو کتنا زبردست فائدہ ہوا۔ اس مریضہ کو دیکھ کر بہت سی ایسی ہی مریضہ میرے پاس لائی گئیں میں نے کئی مریضاؤں پر یہی طریقہ علاج جاری رکھا اور بہت کامیابی ہوئی اب یہ عورت نہایت تندرست اور سرخ خون سے پر ہے اور بعض اوقات دستوں میں مبتلا ہو جاتی ہے لیکن بیکاڈیکس کی ٹکیاں استعمال کرنے سے ٹھیک ہو جاتی ہے اس کے بعد ایک بچہ بھی ہو چکا ہے۔

ضروری ہدایات

لیور ایکسٹریکٹ موجودہ زمانے کے تمام ڈاکٹر روزانہ استعمال کرتے ہیں۔ کوئی پارک ڈیوس کا مفید خیال کرتا ہے اور کوئی ہندوستانی بی ڈی سی ایف کا بہتر خیال کرتا ہے۔ بعض سے قدیم ڈاکٹر جرمنی کا کمپولون استعمال کرتے ہیں۔ شہر کے بہت سے مشہور ڈاکٹروں کے نسخوں میں مذکورہ بالا زیادہ تجویز کئے جاتے ہیں۔ راقم الحروف کے تجربے میں صرف ایک مریض پر مخالف اثرات کا مشاہدہ کیا گیا۔ حساسیتی علامات مثلاً درد سر۔ بخار۔ پتی اچھلنا۔ اور کبھی کبھی صدمہ بھی پیدا ہو سکتا ہے ڈاکٹر مکس کا خیال ہے کہ اگر لیور ایکسٹریکٹ کے ضدی مریض کو انجکشن سے ایک گھنٹے پہلے کوئی انٹی ہسٹامین مثلاً اینٹسٹین کی ٹکیہ استعمال کرادی جائے تو کوئی حساسیتی ردِّ عمل نمودار نہ ہوگا

بہرکیف لیور ایکسٹریکٹ ایک مجرب دوا ہے اور مہلک فقرالدم حاملہ کے قلت الدم اور ثانوی قلت الدم میں ایک کارآمد دوا ہے بازار میں لیور ایکسٹریکٹ کے ہزاروں تجارتی نام کے مرکبات دستیاب ہوتے ہیں راقم الحروف پارک ڈیوس کا اور کمپولون کو بہت مؤثر خیال کرتا ہے۔

ڈاکٹر ایس ایل بھٹناگر ایم اے ایڈیٹر میڈیکل گزٹ دہلی

کمبی نیشن تھیراپی کے منتخب نسخہ جات

دانت درد

نسخہ۔ کوڈوپائرین ۲ ٹکیہ۔ ایڈوکسان ۵۰۰ ملی گرام میڈریے بون ۲ ٹکیہ سب کی تین خوراکیں بنالیں اور دن بھر میں دیں۔ دانت درد کے لئے لاجواب دوا ہے۔

امراض چشم

نسخہ۔ لیڈرکوٹ ا ملی گرام سنرما کی اسپین اکیپ شول دونوں اکٹھے دیں۔ آنکھ کے اندر یکایک درد سوزش ہونے نیز آنکھ کے اعصاب کے ورم میں مفید ہے۔

بھوک نہ لگنا معدہ کی کمزوری

نسخہ۔ بکوزایم ۱ ٹکیہ کمبی زایم ۱ ٹکیہ ہر کھانے کے بعد دونوں اکٹھی دیں۔

معدہ کی تیزابیت

نسخہ۔ ایلوڈرکس ٹکیہ گلوکوز ڈی اگرام اکٹھے دیں۔ معدہ کی ترشی دور کرتا ہے۔ درد معدہ کو آرام دیتا ہے۔

شدید دست

نسخہ۔ کلوروسٹرپ اکیپ شول۔ لمیکا فارم ۲ ٹکیہ یہ ایک خوراک ہے۔ ایسی تین خوراک دن بھر میں دیں۔

پرانے دست پیچش

نسخہ۔ بیرن ٹکیہ انٹرو دایا فارم ۲ ٹکیہ وٹامن بی کمپلکس ۲ ٹکیہ سب کو اکٹھا ملا کر تین خوراک ملائیں۔ اور دن میں تین بار دیں۔

دافع درد اینٹھن

نسخہ۔ لبریم ٹکیہ۔ الی گرام کوڈ دبائرین ۱/۲ ٹکیہ اکٹھے دو دن کو دن میں دو بار کھانے کے بعد دیں۔ کمر درد گنٹھیا کے درد یا درد شنج میں بہت مفید ہے نیز چوٹ ہڈی ٹوٹنے کے درد میں بہت مؤثر ہے۔

درد کے لئے بند آور

نسخہ۔ سونے دل ٹکیہ۔ سریاسل ٹکیہ۔ دونوں اکٹھی دیں۔

گٹھیائی بخار

نسخہ۔ پیڈا ماٹی اسین (فیبر) ایک پشول۔ ڈیکاڈرون ۵ ملی گرام اکٹھی۔ دن میں دو بار دیں۔

انفلوانزہ کا درد

نسخہ۔ لگارڈی نال۔ ۰ملی گرام پریڈنی سولون ۵ ۔ گرین اسپرین ۵ گرین یہ ایک خوراک ہے ایسی تین خوراک دن بھر میں دیں۔

ٹائیفائیڈ

نسخہ۔ لیڈر کوٹ املی گرام کلورو مائی سٹین ایک پشول شدت مرض میں یہ دن میں دو بار دیں اس کے ساتھ وٹامن بی کمپلکس دیتے رہیں۔

انفلوانزہ مع نمونیا

نسخہ۔ ڈیکاڈرون ۵ ۔ ملی گرام ریڈوکسان ۵۰۰ ملی گرام کلورومائی سٹین ۲۵ ملی گرام یہ ایک خوراک ہے ایسی تین خوراکیں روزانہ چار پانچ دن تک دیں بہت اعلےٰ اثر کرنے والی منتخب دوا ہے۔

بار بار پیشاب آنا

نسخہ۔ کال گلوفر (سینڈوز) ٹکیہ۔ بیلاڈینال (سینڈوز) ایک ٹکیہ دونوں اکٹھی۔ دن میں دو بار دیں۔

حاملہ کی قے

نسخہ ۔ ایپومن انجیکشن بیکوزایم انجیکشن دونوں اکٹھی دیں

آلات سانس کی سرایت

نسخہ ۔ سلفامائی سیین ایک کیپ شول پیری ٹن ۲ ٹکیہ اکٹی ٹڈل ۲ ٹکیہ کروسین ۲ ٹکیہ سلفامائی سیین دن میں ایکبار دیں ۔ باقی تینوں کو پیس کر ۲ پڑیاں بنالیں اور دن میں دو بار دیں ناک صاف کرتی ہے درد دور کرتی ہے بخار اتارتی ہے لعاب دار جھلی کا ورم ہٹاتی ہے اس کا اثر دیر تک رہتا ہے

شدید کھانسی

نسخہ ۔ اکٹی ٹڈل انجیکشن ایلفیڈرین ۳۰ ملی گرام اکٹھی دیں اور دن میں تین بار دیں نہایت اعلےٰ دوا ہے ۔

کالی کھانسی

نسخہ ۔ سواکس SWAX انجیکشن ہنیڈسلفا انجیکشن وٹامن سی ۳۰۰ ملی گرام اس کی چھ خوراکیں بنالیں اور ایک خوراک ہر چار گھنٹے بعد شہد میں ملا کر چٹائیں یا انٹرومائی سیٹین ایک کیپ شول ۔ وٹامن سی ۵۰۰ ملی گرام دونوں کو ملالیں یہ ایک خوراک ہے ایسی دو خوراکیں دن میں شہد کے ہمراہ دیں لیکن دورے شدید ہونے پر اینٹی بائیوٹک دوائیں ضرور دینی چاہئیں ۔

دمہ کی کھانسی۔ کالی کھانسی

نسخہ۔ سیڈنال ٹکیہ پرڈنی سولون ۵ ملی گرام پیری ٹان ۴ ملی گرام کی ٹکیہ تینوں کو باہم ملا کر دو خوراکیں بنالیں اور دن میں دوبار دیں۔

دمہ کی نہایت شدید کھانسی

نسخہ۔ کورٹ لیسٹھا اندون ٹکیہ ڈیکاڈرون ٹکیہ ریڈوکسان ٹکیہ تینوں کو پیس کر دو خوراکیں بنالیں اور دن میں دوبار دیں۔

دمہ

نسخہ۔ ٹیڈرال (وارنر) ٹکیہ لبریم (روش) ٹکیہ دونوں دوائیں اکٹھی صبح اور شام دیں یہ دمہ ہٹاتی ہے اور سانس باسانی لاتی ہے۔

ڈاکٹر میر محمد اسمٰعیل

برائے چنبل

نسخہ۔ ایسڈ سیلی سیلک ۱۲۰ گرین کرائی سوفینک ایسڈ ۲۰ گرین۔ ایسڈ کاربالک ۵ اگرین ایسڈ بورک ۲ ڈرام ویزلین ۱ اونس مرہم بنائیں چنبل کیلئے ازحد مفید ہے۔

ڈاکٹر چونتھ رام تیجہ!

حلق اور مُنہ میں گہرے زخم

آج کل یہ بیماری بہت پھیلی ہوئی ہے مُنہ میں زبان پر چھالے ہی چھالے، درد سے مریض تڑپ رہا ہے کئی دوائیں لگائیں مگر آرام نہ آیا آخر یہ چھالے حلق پر پہونچ گئے۔ کھانا نہیں کھایا جاتا اِن کی شدت سے مُنہ میں درد کان میں درد سر میں درد۔ دِن رات اُبر درت بے چینی ہے۔ ایسے موقع پر دیسی ٹوٹکے فائدہ نہیں کرتے آج کل مارکیٹ میں ایک نئی دوا آگئی ہے اس کی دو تین ٹکیہ دن بھر میں چھالے سے فوراً چین پڑ جاتا ہے۔ مریض خوش ہو جاتا ہے اس کا یقین اپنے معالج پر بڑھ جاتا ہے پھر جب بھی اُسے یا اس کے گھر میں کوئی تکلیف ہوتی ہے وہ اسی معالج کے پاس چلا آتا ہے۔ اس دوا کا نام ڈیکواڈین لوزنجز۔ اِسے مُنہ میں رکھ چوستے رہیں رات کو ایف کورن پیلٹس چوسیں نہایت مؤثر اور زود اثر شئے ہے اس ٹکیہ کو بھی مُنہ میں رکھ کر چوستے رہیں یا ذرا سے پوٹاسیم کلوریٹ ٹیبلٹس خرید کر چوسیں اور دس گرین پانی میں گھول کر پلائیں اس کے علاوہ پوٹاسیم کلوریٹ ۳۰ گرین کو بورک گلیسرین ایک اونس میں ملا کر ولایتی روئی کی پھریری سے لگائیں مگر علاج سے پیشتر مرض کی مکمل تشخیص ہونا ضروری ہے کیونکہ یہ مرض خرابی ہاضمہ دائمی قبض اسہال خون کا فساد۔ آتشک سوزاک پارہ کا استعمال ٹائیفائیڈ تھرمی

کے مریضوں کو بھی اکثر یہ شکایت ہو جاتی ہے بچوں میں اس کا سبب دانت نکلنا۔ گائے بھینس کا دودھ بد ہضمی سوکھا مسان وغیرہ ہوتا ہے۔

انفلوئنزا

یہ نہایت ظالم بیماری ہے بخار کھانسی نزلہ زکام جسمانی دردوں سے زبردست بے چینی رہتی ہے اس کے لئے ولایت کے تمام ہسپتالوں میں اور ہندوستان کے چھوٹے بڑے ہسپتالوں میں مالکہ پرائیوٹ ڈاکٹروں سے ایک پوڈر ملتا ہے اس کی دو تین پڑیہ دن بھر چائے سے کھانے سے فوراً سکون ملتا ہے اسپرین ۱۰ گرین ڈوورس پوڈر ۱۰ گرین ایک پڑیہ بنا کر ہر چھ گھنٹے بعد چائے یا گرم پانی سے دیں اگر قبض ہو تو رفع کریں۔ سٹر پٹونیکس (فرز کمپنی) انجکشن کی ایک شیشی لے کر ۲ سی سی ڈسٹلڈ واٹر ملا کر آدھا وزن صبح اور آدھا وزن شام کو انجکشن لگائیں دوسرے دن بھی یہی عمل کریں۔ دو دن میں تڑپتا ہوا مریض اٹھ بیٹھے گا۔ ۱۹۵۷ء میں انفلوئنزا زبردست پھیلا۔ کوئی گھر خالی نہ تھا اس فارمولا سے ہم نے بے شمار مریض ٹھیک کئے دو سال سے پانچ سال کے بچہ کو یہ انجکشن ½ اور ¼ حصہ صرف ایکبار یومیہ لگائیں بجید زود اثر کامیاب اور اکسیر یا علاج ہے

پلیگ

سلفا تھایازول ۲ ٹکیہ تین چار بار یومیہ تازہ پانی سے کھلاؤ۔

❁ ❁ ❁

خسرہ

یہ عموماً وباءً پھیلتا ہے عمدہ علاج نہ ملنے پر اکثر بچے ماں باپ کو جدائی دے جاتے ہیں۔ آج کل جو کامیاب علاج چل رہا ہے وہ یہ ہے کہ سلفاٹرائیڈ ایک ٹکیہ کو تین بار پانی سے کھلاؤ یہ وزن ایک سال سے اوپر والے بچے کے لئے ہے۔ بینی سلین کی ٹکیہ حسب قواعد کھلاؤ۔

ٹائیفائیڈ محرقہ

گرم علاقوں میں یہ اکثر پھیلتا ہے اس کا مجرب تاثیر شرطیہ علاج کلورومائی سٹین کیپ شول ہیں یہ اب بہت سی کمپنیوں کے مارکٹ میں ملتے ہیں مگر سب سے اول پارک ڈیوس کمپنی نے یہ ایجاد کئے اور دنیا کو دنگ کر دیا ورنہ اس سے پہلے اکثر مریض مرجاتے تھے۔

۱۲ کیپ شول کی ایک بند شیشی آتی ہے جب مرض کا زور ہو دو عدد کیپ شول ہر چار گھنٹے بعد پانی سے کھلاؤ۔ زیادہ سے زیادہ چھ کیپ شول ہمارے ہندوستانی برداشت کرتے ہیں دو دن بعد اس کی مقدار چار کیپ شول کر دیں پھر تین۔ ان کے استعمال سے جسم کے قیمتی وٹامن کمزور ہو جاتے ہیں اس لئے وٹامن کی ٹیبلٹ بیکاڈیکس دو عدد ضرور کھلاتے رہو تاکہ کمزوری زیادہ نہ آئے اور ٹائیفائیڈ کے زہر سے کوئی انگ نہ مارا جائے پانچ سال کے بچے کو ½ کیپ شول صبح و شام دیں اس سے کم عمر کے بچوں کو اس کا بنا شربت دیں۔

کالی کھانسی

کہتے ہیں کہ کالی کھانسی کا کوئی علاج نہیں آیورویدک یونانی طب میں کئی قسم کی دوائیں ہیں مگر زیادہ کامیاب نہیں اگر کامیاب علاج کہا جائے تو وہ ہے کلورومائی سٹین کا شربت جسے پالمی ٹیریٹ کہتے ہیں اگر شروع مرض سے پلانا شروع کیا جائے تو بغیر کسی پریشانی کے کالی کھانسی جلد دفع ہو جاتی ہے یہ ہر کیمیٹ انگریزی سٹور سے دس روپے کی شیشی ملتا ہے ترکیب کا پرچہ ہمراہ ہوتا ہے

نکتہ: جب محرقہ یا نمونیا یا کسی بیماری میں بچہ کو سرسام ہو جائے تو یہی پالمی ٹیٹ فورًا پلاؤ ۵ سالہ بچہ کو اس کا بنا ہوا انجکشن لگاؤ۔ مریض بچ جاتا ہے۔ تجربہ شدہ ہے۔

نمونیا کا کامیاب علاج

ہر موسم میں یہ بخار پیدا ہوتا ہے مگر موسم سرما میں زیادہ پھیلتا ہے اس کا کامیاب علاج کلورومائی سٹین کیپ شول ہیں۔ درد چھاتی ورم سوجن کھانسی بلغم بخار سب دو روز میں ہی دن ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ اس کے انجکشن بھی تیار ملتے ہیں جن کا نام ہے انٹرو مائی سٹین بموجب پرچہ ترکیب لگاؤ اس کے علاوہ سلفا ڈایا زین ٹکیہ فورًا کھلاؤ پھر ۲ ٹکیہ ہر چار گھنٹے بعد دو اور پنی سلین یا ڈائی کرسٹا مین کا انجکشن لگاؤ پہلے دن مرض قابو میں آجاتا ہے اگر کھانسی تنگ کرتی ہو تو مندرجہ ذیل مکسچر دو۔

سوڈا اسائٹراس ۲۰ گرین ٹنکچر اپیکاک ۱۰ منم لائیکوار امونیا ایسیٹاس ۱ ڈرام سیرپ ٹولو ۳۰ منم ایکوا ۱ اونس یہ ایک خوراک ہے ایسی تین خوراک یومیہ دیں۔ مقام درد پر انٹی فلوجسٹین پلستر یومیہ لگاؤ۔ درد کی شدت ہو تو ڈیپرین دو ٹکیہ چائے سے کھلاؤ یہ ڈیز کمپنی کی بنی ہوئی ہے اگر مریض کمزور ہے یا بچہ ہے اور نبض گھٹ رہی ہے دل گھٹ رہا ہے تو فوراً کورامین کا انجکشن لگاؤ یا ایڈرینے لین کا انجکشن لگاؤ فوراً آرام ہو جاتا ہے یہ علاج عرصہ دراز سے ہمارا معمول مطب ہے سینکڑوں بچے جوان مرد عورتیں ہر سال ٹھیک ہو تے ہیں آج کا مریض بہت جلد باز ہے اگر آپ نے ایسے مریضوں کو یونانی و یدک علاج پر رکھا تو مریض دوسرے دن آپ کے پاس ہرگز نہ آئے گا وہ اس ڈاکٹر حکیم کو ترجیح دے گا جو انجکشن کا ٹریٹمنٹ جانتا ہو۔

پروفیسر ڈاکٹر محمد عبد الشکور نائب صدر آل انڈیا یونانی طبی کانفرنس شہرہ آفاق طبی مضمون نگار سابق فیلو پی ایچ یونیورسٹی پنجاب وسابق پروفیسر آیورویدک اینڈ یونانی طبیہ کالج پنجاب ایڈیشنل جج ر شش ججز کورٹ کلکتہ

قرص اکسیر دمہ

نسخہ۔ طباشیر کبود ۶ ماشہ فلفل دراز ۶ ماشہ کاکڑا سنگی ۶ ماشہ صمغ عربی ۶ ماشہ

کتیرا سفید ۶ ماشہ رب السوس ۶ ماشہ ان ادویات کو علیحدہ علیحدہ پیس کر کھرل میں ڈالیں بعدہ اس میں ایڈرے نیکین کلو رائیڈ سولیوشن ½ ڈرام ایفیڈرین ٹیبلٹس ہاف گرین والی ۲۵ عدد فینو باربی ٹون ½ ڈرام باہم مخلوط کر کے خوب کھرل کریں اور قدرے پانی ڈال کر اس کی گولیاں بقدر نخود تیار کر کے محفوظ رکھیں۔

فوائد۔ یہ تریاق الاثر گولیاں ہر قسم کے دمہ کے لئے اکسیر الاثر ہیں۔ دن میں تین بار ایک ایک گولی پانی کے ہمراہ کھلائیں اور بوقت حملہ مرض یعنی جس وقت دورہ اٹھے ایک گولی پانی کے ہمراہ کھلائیں اگر دس منٹ میں آرام نہ پہونچے تو فوراً دوسری گولی کھلائیں۔ انشاء اللہ تعالےٰ فوراً دورہ بند ہو جائے گا۔ سانس کا رکنا بند ہو جائے گا اور مریض کھلی سانس لینے لگے گا۔ اور مریض کھلی سانس لینے لگے گا اور حملہ تکالیف دفع دفع ہو جائیگی یہ گولیاں بیس سالہ تجربات کا نچوڑ ہیں۔

پروفیسر ڈاکٹر جمعیت سنگھ

کالی کھانسی کا لاجواب نسخہ

نسخہ۔ پوٹاسیم برومائیڈ ۶۰ گرین وائنم ایپکاک ۶۰ بوند ٹنکچر کیمفر کو ۵۰ ابوند سیرپ پرونی ورجینی ۳ ڈرام سیرپ سلا ۳ ڈرام ایکوا ½ ۲ اونس سب کو ملالیں اور بقدر ۱ ڈرام تا ۲ ڈرام دن میں تین بار دیں۔

ڈاکٹر ہربنس لال کپور دہلی

خارش کے لئے اکسیر نسخہ

تقسیم ملک کے بعد خارش کا ایسا زبردست حملہ ہوا تھا کہ ہر گھر اور ہر شہر میں ہزاروں اشخاص اس موذی مرض کا شکار ہوئے اُن دنوں میں نے اس نسخہ کی بدولت خشک اور تر خارش کے سینکڑوں مریضوں کو تندرست کیا خارش کے لئے یہ مرہم بے نظیر ہے۔

نسخہ۔ گندھک آملہ سار ولایتی۔ بورک ایسڈ زنک اوکسائیڈ سندھور کمیلہ۔ مردار سنگ۔ ڈی ٹول ہر ایک ایک تولہ سب ادویات کو پاؤ بھر ویسلین میں ملائیں دوا تیار ہے رات کو سوتے وقت اس کی مالش کریں چار روز میں خارش کو جڑ سے ختم کر دیتی ہے۔

ڈاکٹر پورن چند

تپ دق کے لئے ایلوپیتھک ادویات

دنیا بھر کے ڈاکٹر مرض تپ دق میں مندرجہ ذیل ادویات استعمال کراتے ہیں۔

(۱) اسٹریپٹو مائی سین

یہ دوائی سب سے زیادہ مروج ہے اور ڈائی ہائیڈرو اسٹریپٹو مائی سین کی ۱ گرام دوائی کو دن میں دو خوراکوں میں تقسیم کر کے دیا جاتا ہے اور بہت سی حالتوں میں اس سے بخار میں فوری افاقہ ہوتا ہے اور مریض کی حالت سدھرنی شروع ہو جاتی ہے مگر بعض دفعہ اس کے استعمال کے دوران میں جسم کے اندر مدافعتی جراثیم پیدا ہو جاتے ہیں جن پر ڈائی ہائیڈرو اسٹریپٹو مائی سین کا کوئی اثر نہیں ہوتا تو ایسی صورت میں اس کے ساتھ P.A.S کا استعمال مفید رہتا ہے۔

(۲) P.A.S اسٹریپٹو مائی سین کے بعد اس دوا کا نمبر آتا ہے۔ یہ بھی تپ دق کے لئے مفید مانی گئی ہے یہ تپ دق کے جراثیم کی قاتل دوائی ہے اور جس طرح دیگر جراثیم پر سلفا ڈرگز اثر انداز ہوتی ہیں ویسا ہی تپ دق کے جراثیم پر P.A.S کا اثر ہوتا ہے عام طور پر ایک ہفتہ کے استعمال سے ٹمپریچر نارمل ہو جاتا ہے۔ اور وزن بڑھنا شروع ہو جاتا ہے۔

(۳) تھایو سیمی کازبازون

یہ دوائی بھی تپ دق کے لئے مفید مانی گئی ہے۔ ہوا کی نالی۔ انتڑیوں اور پھیپھڑوں کے دق میں اس کا حیرت انگیز اثر پایا گیا۔

(۴) گولڈ

گولڈ اور کیلسیم کے مرکبات بھی دق میں مجرب پائے گئے۔ خاص کر

مریض کی طاقت بڑھانے کے لئے اور نیا خون پیدا کرنے کے لئے بہترین مانا ہے اور یونانی حکمانے بھی اس پر مہر تصدیق ثبت کی ہے اس کے ساتھ وٹامنز کا استعمال اس کے اثر کو دوبالا کرتا ہے ان سب اشیاء کو علیحدہ علیحدہ استعمال کرنا مریض کے لئے ایک اچھی خاصی سردردی ہے لہٰذا اس مطلب کے لئے کیلسامن ودھ گولڈ ایک اول درجہ کی دوا ہے جس کا ۵ سی سی اور ۱۰ سی سی کا انجکشن پٹھوں میں ہفتہ میں دو بار یا تین بار دیا جاتا ہے نیز اس کی گولیاں اور شربت بھی طاقت میں یا فوری احسانہ کر کے بخار اور کھانسی دور کرتے ہیں

(۵) نائیڈرازائیڈ

یہ زمانہ حال کی دریافت ہے اور دق کا فوری اور مجرب علاج مانا گیا ہے اس کے صرف کھانے سے ہی فوراً فائدہ ہوتا ہے انجکشن لگانے کی ضرورت نہیں لہٰذا دق کے مریضوں کو آئے دن کی سوئیوں کے چبھنے سے نجات مل جائے گی اور ایسی جگہوں پر بھی تپ دق کا علاج باقاعدہ جاری رکھا جاسکے گا۔ جہاں قرب وجوار میں ڈاکٹر موجود نہیں ہیں۔

ڈاکٹر بال کرشن سچدیو نئی دہلی

احتباس الطمث (حیض کا بند ہو جانا یا کم آنا)

AMENO RRHOEA

اسباب مرض۔ پرانے ملیریا کے بعد یا تپ دق وغیرہ میں کمی خون کے باعث

حیض آنا بند ہو جاتا ہے۔ مریضہ کا موٹا تازہ اور دموی مزاج کا ہونا یعنی میں خون کا کم ہونا۔ سیلان الرحم خصیۃ الرحم کی سوزش۔ رحم یا خصیۃ الرحم میں کوئی پیدائشی نقص وغیرہ بھی اس مرض کے اسباب ہیں۔ تندرست لڑکیوں کے جوان ہو جانے کے با وجود حیض کا نہ آنا بعض اوقات رحم کے نشو ونما نہ پانے کی وجہ سے ہوتا ہے اس کا علاج خصیۃ الرحم اور کارپس لوٹیم کے مرکبات سے کیا جاتا ہے۔

مثلاً ایسٹرن (AESTRIN) پروجی نون (PROGYNON) تھیلین (THEELIN) اور تھیلیسٹرن (THELESTRIN) یہ ٹیکے بازار سے مل جاتے ہیں اور عموماً عضلات میں کیے جاتے ہیں یہ ٹیکے حسب ہدایت کمپنی کرنے چاہییں۔ پروجیسٹین اور پروجیسٹرن بھی کارپس لوٹیم سے تیار کی گئی ہیں یہ بھی بہت مفید ہیں۔

علاج

(۱) ایلٹرس کارڈیل (ALETRIS CORDIAL) ایک بڑا چمچہ دن میں دو مرتبہ کھانا کھانے کے بعد دیں۔

(۲) ڈیمن فارمون DIMENFORMON (O.L.L) ۵ سے ملی گرام کا ہفتہ میں دو بار ٹیکہ کریں تین ہفتے کے بعد ایک ہفتہ چھوڑ دیں۔

(۳) لائنورال LYNORAL (O.L.L) ۱ سے ۳ گولی ۰.۰۵ ملی گرام کی روزانہ ۲۰ دن تک۔

(۴) اینٹوسٹیب (ANTOSTAB) ۲۰۰ انٹرنیشنل یونٹ کا ہفتہ میں دو بار عضلی ٹیکہ کریں چھ ٹیکوں کا کورس ہے۔

ڈاکٹر سادھو رام سُود

سائنٹفک ماڈرن ادویات

ایسمارسل ٹیبلٹس

نسخہ - تھیوفلین ۰ر۱ گرام - الیفیڈرین ہائیڈروکلورائیڈ ۱۶ ملی گرام ایٹروپین میتھونائٹریٹ ر۰۳ ملی گرام کلوروفینی رامین میلی ایٹ ۳ ملی گرام فینوباربی ٹون ۲۵ ملی گرام ڈیگزا ایتھاسون (ڈیکاڈرون) ۰ر۱۵ ملی گرام یہ ایک ٹکیہ کا وزن ہے جو براہِ دہن استعمال کی جاتی ہے یہ ایک جدید دافع دمہ دافع حساسیت مسکن (سیڈیٹو) اور اسٹرائیڈ مرکب ہے جو بہت اعلےٰ قوت رکھتی ہے۔ اس لئے یہ مرکب دوا شعبی دمہ کے شدید حملوں کو روکنے اور دمہ کے مریض کی ذہنی بے چینی اور رات کی بے خوابی دور کرنے کے لئے بہت ہی مفید اور مؤثر ہے یہ ۲۰ تا ۳۰ منٹ میں ہی دمہ کی شدید علامات کو قابو کر لیتی ہے اور کم از کم ۲ گھنٹے تک مریض کو مکمل آرام بہم پہنچاتی ہے اس کے متواتر استعمال سے سانس کی آمد و رفت آسان ہو جاتی ہے اور دمہ کے حملہ کی شدت و مدت کم ہو جاتی ہے مزید برآں یہ دوا مزمن التہاب شعبیہ (کرانک برانکائیٹس) حساسیتی دمہ (الرجک استھما) اور کسی حساسیتی سبب کے کھانسی کو بھی فوراً سکون

دیتی ہے اور حساسیتی التہاب سعبہ میں بھی ایک نہایت مفید اور کامیاب دوا ہے بہر کیف یہ سعبی دمہ (برانکل اینتھما) اور سعبہ ریہ (پھیپھڑوں کی ہوائی نالیوں) کی حساسیتی (الرجک) تکالیف کے علاج میں نہایت مؤثر اور قابل قدر دوا ہے یہ بالغ افراد کے لئے ایک ٹکیہ ہر چوتھے گھنٹے دی جاتی ہے بچوں کو ان کی عمر کے مطابق ½ یا ¼ ٹکیہ ہر چوتھے گھنٹے بعد دی جاتی ہے۔

الیماسل انجکٹیبل

یہ ایڈرینالین ۰.۶۲ ملی گرام ایٹروپین سلفیٹ ۰.۲۷ ملی گرام اور ایفیڈرین ہائیڈرو کلورائیڈ ۱۶.۰۲ ملی گرام کا مرکب ہے امپیول کی شکل میں درون عضلاتی راہ سے استعمال کیا جاتا ہے یہ ایک زبردست محرک قلب دافع حساسیت مرکب ہے اور دافع تشنج سعبہ بھی ہے اس لئے نہایت قوی الاثر انجکشن ہے جو دمہ کا نہایت شدید حملہ (دورہ) روکنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے اور انجکشن لگانے کے بعد صرف دس منٹ میں ہی دمہ کا شدید سے شدید حملہ رک جاتا ہے اور سانس آسانی سے آنے لگ جاتا ہے اس کا اثر اکیلے ایڈرینالین انجکشن سے زیادہ قوی اور دیرپا ہوتا ہے مزید برآں یہ التہاب سعبہ مع دمہ اور حساسیتی دمہ کے لئے بھی نہایت مفید ہے۔

ایک سی سی کا ایک امپیول درون عضلاتی راہ سے بوقت حملہ استعمال کیا جاتا ہے ضرورت پڑے تو حملہ کی علامات ظاہر ہوتے ہی دوبارہ سہ بارہ بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

الیماسل (ڈی پوٹ)

نسخہ۔ تھیوفلین ۱۰۰ گرام ایفیڈرین ہائیڈروکلورائیڈ ۸ء۴ ملی گرام۔ فینوباربی ٹون سوڈیم ۲۵ ملی گرام کلوروفینی رامین میلی ایٹ ۵ ملی گرام یہ ایک ٹکیہ کا وزن ہے جو براہِ دہن استعمال کی جاتی ہے۔ یہ ایک دافع دمہ دافع حساسیت اور مسکن (سیڈیٹو) دوا ہے جو دوہری قوت رکھتی ہے اس لئے یہ دمہ کے معمولی شدید حملہ کو فوراً ماند کر دیتی ہے اور فوراً تسکین جذبات پیدا کرتی ہے اور دیر تک اپنا اثر قائم رکھتی ہے۔ اور کوئی مخالف اثر نہیں کرتی اس لئے اس کو عرصہ تک استعمال کرنے سے اعضاءِ تنفس و اعصاب کی اذیت کو سکون مل جاتا ہے اور خاطر خواہ فائدہ حاصل ہوتا ہے مزید برآں یہ دوا مزمن التہاب سعبیہ (کرانک برانکائی ٹس) اور حساسیتی دمہ وغیرہ کے لئے بھی مفید ہے۔ بہرکیف یہ سعبی دمہ اور سعبیہ ریّہ کی حساسیتی تکالیف کے سکون کے لئے ایک بہترین دوا ہے اور عرصہ تک استعمال کرانے کے لئے قابل برداشت ہے۔

یہ دوا ایک ٹکیہ صبح ایک شام دیجاتی ہے ضرورت پڑے تو دن میں تین ٹکیہ بھی دیجاسکتی ہیں۔ بچوں کو اُن کی عمر کے مطابق کم مقدار میں دی جاسکتی ہے۔

نیوایپی تین

یہ آئسوپرے نالین سلفیٹ ہے جو ٹکیہ کی شکل میں براہِ دہن

دی جاتی ہے یہ ایک جدید دافع دمہ دوا ہے جو دمہ کا حملہ دور کرنے کا لئے ایفیڈرین سے زیادہ قوی اور ایڈرنیالین انجکشن کے برابر مؤثر ہے اور ان دونوں ادویات کے سے مخالف اثرات سے مبرا ہے یہ آدھی یا ایک ٹکیہ زبان کے نیچے رکھ کر چوسی جاتی ہے اس سے فوراً دمہ کا حملہ رک جاتا ہے روزانہ تین ٹکیاں تک چوسی جاسکتی ہیں۔

فائی ڈلیکس (ای)

یہ ایک زبردست دافع دمہ دوا ہے جو تین پرت کی ٹکیہ کی شکل میں دستیاب ہوتی ہے اور تین اہم صفات رکھتی ہے

(۱) اوپر کا پرت نیو ایپی نین (آئسو پرے نالین سلفیٹ ۱۰ ملی گرام شامل رکھتا ہے۔ جو چند منٹ میں ہی دمہ کے دورے کو روک دیتا ہے اور سانس کی آمد و رفت کو آسان کر دیتا ہے۔

(۲) درمیان کا پرت پھیناربیٹل ۱۰۰ ملی گرام شامل رکھتا ہے جو پوٹاسیم برومائیڈ کی طرح دمہ کے تشنج کو کم کرکے سانس کی روانی پیدا کرتا ہے اور دمہ کی بے چینی بے خوابی وغیرہ کو دور کرتا ہے۔

(۳) آخری پرت تھیوفلین ۶۰ ملی گرام اور ایفیڈرین ۳۰ ملی گرام شامل رکھتا ہے جو دمہ کے لئے خصوصیت سے مفید ثابت ہوتا ہے اور کم از کم چار گھنٹے تک دمہ کے دورہ کو دبا رکھتا ہے بہرکیف یہ تنفسی امراض بالخصوص انجائنا کے لئے ایک بہت عمدہ دوا ہے اور یہ تحت دمہ کی حالت میں کہ جب دورہ ختم ہی نہ ہو یعنی ایک دورہ

ختم ہوتے ہی دوسرا دورہ آجاتا ہو میں نہایت مفید و مؤثر ہے
اور متواتر کئی دن تک دی جاسکتی ہے ایک ٹکیہ ہر چوتھے گھنٹے
دی جاتی ہے۔

ڈاکٹر جے ایس مہتہ

چاکلیٹ برائے کھانسی خراش نرخرہ

نسخہ۔ مارفین ۱/۲ گرین ایپی کاکوانا ۱/۲ گرین ایکسٹریکٹ لیکورس ۱۰ گرین پیپرمنٹ آئل ۱۰ بوند کھانڈ ۱۵۰ گرین سب کو ملا کر ایک ایک ماشہ کی ٹکیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال۔ رات کو سوتے وقت ایک ٹکیہ منہ میں رکھ کر چوسیں یا جس وقت کھانسی کا دورہ شروع ہو ایک ٹکیہ منہ میں رکھ لیں

فوائد۔ کھانسی گلے میں خراش وغیرہ کے لئے بہت مفید ہے۔

مہتہ لنگٹیو

یہ ایک تجارتی نسخہ ہے جو فائدہ کے لحاظ سے بہت مفید ہے۔
نسخہ۔ وائنم اپیکاک ۲۴ بوند، مارفین ۱/۴ گرین ٹنکچر کلوروفارم ۵ بوند یوکلپٹس آئل ۲ بوند سادہ شربت ۱ ڈرام کشید شدہ پانی (ڈسٹلڈ واٹر)

اس قدر کہ تمام دوا ایک اونس ہو جائے۔

مقدار خوراک و ترکیب استعمال حسب عمر و طاقت مریض مقدار خوراک کم و بیش کریں۔

۲۰ سال سے زائد عمر کے لئے ایک چمچہ چائے دوا برابر وزن پانی ملا کر رات کو سوتے وقت

۱۲ سال سے زائد عمر کے لئے نصف چمچہ چائے ۱۵ بوند برابر وزن پانی ملا کر رات کو سوتے وقت

۶	"	"	۱۵ بوند	"	"	"
۴	"	"	۱۰ بوند	"	"	"
۲	"	"	۵ بوند	"	"	"

فوائد۔ نزلہ زکام انفلوانزہ کھانسی دمہ گلے کی خراش کالی کھانسی وغیرہ کے لئے نہایت مفید ہے۔

ڈاکٹر جوگیندر سنگھ جودھکا پلول

رنگ ورم لوشن

ایک فرم اس لوشن کا بہت اچھا سا نام رکھ کر اور اسی کے نام سے فرم کا نام رکھ کر بمبئی سے فروخت کر رہی ہے نہایت ہی شاندار لوشن ہے اور بہت مفید رہتا ہے میں اس لوشن کو ۱۹۳۶ء سے اب تک باقاعدگی کے ساتھ اپنے مریضوں پر استعمال کر رہا ہوں۔

نسخہ ۱: ارجنٹم نائٹراس ۶ گرین سپرٹ ایتھر نائٹروسا فی تاریک ۱ اونس ایک نیلے رنگ کی شیشی میں بھر کر اور نہایت اچھا سا پیکنگ کر کے فروخت کریں۔

ترکیب استعمال: جانگھوں کے داد پرانی خارش پرانا اگزیما وغیرہ کے لئے پہلے ایک ٹنکچر آیوڈین کی ہلکی سی پھریری بنا کر داد وغیرہ پر لگا دیں بعد میں ایک پھریری اس کی لگائیں دو تین بار کے لگانے سے داد وغیرہ جڑ سے اڑ جائے گا۔ نہایت اچھا نام رکھ کر اور اچھا پیکنگ کر کے اڈورٹائز کریں یہ دوا آپ کے مستقل گاہک بنا دے گی۔

ناک میں ڈالنے کی دوائیاں

ولایت سے ناک میں ڈالنے کی ادویات کئی ایک فرموں کی تیار شدہ ملتی ہیں جیسے سٹول ناسول وغیرہ ان کے دو نسخہ جات لکھ رہا ہوں کسی بھی نسخہ کو بنا کر شاندار پیکنگ کر کے اڈورٹائز کریں کامیابی کی گارنٹی دیتا ہوں۔

نسخہ ۱: نزلہ زکام کھانسی کے لئے: الیفیڈرین ہائیڈرو کلورائیڈ ۴ گرین منتھول ۹ گرین کیمفر ۹ گرین آئل آف تھائم ۱۰ منم لیکوئیڈ پیرافین تا ۱ اونس

نسخہ ۲: نزلہ زکام انفلوانزہ وغیرہ کیلئے: (آئل یوکلپٹس) ۱۰ منم کیمفر ۹ گرین منتھول ۹ گرین تھائمول ½ گرین لیکوئیڈ پیرافین تا ۱ اونس۔

ترکیب استعمال: سر کو ذرا پچھلی طرف جھکا دیں اور ڈراپر سے دو یا تین قطرے ناک میں ڈالیں۔

کھانسی

کھانسی ایک سخت مرض ہے یہ پھیپھڑے کی ہوائی نالیوں میں سوزش پیدا ہو جانے سے ہو جاتی ہے یہ ہوائی نالیاں وہ ہوتی ہیں جو حلق اور پھیپھڑے کے درمیان ہیں یا وہ جو پھیپھڑے کے اندر ہیں۔

علامات اس میں سانس تنگی سے آتا ہے بار بار کھانسی اٹھتی ہے جو سوتے وقت زیادہ ہوتی ہے۔ سفید زردی مائل اور کبھی لیس دار نیلے رنگ کا بلغم نکلتا ہے کبھی اس کے ساتھ بخار بھی ہو جاتا ہے، سر درد۔ زکام ساتھ ضرور ہو جاتا ہے۔ کھانسی عموماً سردی کے موسم میں زیادہ ہو جاتی ہے۔ مگر بعض گرم مزاج نوجوانوں کو گرمی خشکی کی وجہ سے موسم گرما میں یہ مرض ہو جاتا ہے اور اس میں بلغم نہیں نکلتا اس قسم کی کھانسی کا اگر علاج نہ کیا جائے تو پھیپھڑے میں زخم ہو جانے کا اندیشہ ہوتا ہے اور مریض کو دمہ ہو جاتا ہے۔

اسباب سردی لگنا۔ دماغ سے رطوبت کا سینہ پر گرنا گرد و غبار وغیرہ خراش دار اشیاء کا ہوائی نالیوں میں جا کر خراش کرنا بعض امراض میں خون کا زہریلا ہو کر پھیپھڑے کی نالیوں میں سوزش پیدا کرنا مثلاً پیشاب یا حیض کی رکاوٹ قبض خسرہ آتشک کئی قسم کے بخار وغیرہ۔ یہ مرض عموماً بچوں بوڑھوں اور کمزور اشخاص کو ہوتا ہے۔

اصول پرہیز:- مریض کو گرم کپڑے پہنا کر سردی سے محفوظ رکھیں ٹھنڈی اشیاء کھانے پینے کو نہ دیں مریض کا کمرہ ہوا دار ہو اور کمرہ غلیظ نہ ہو گرد و غبار دھواں سے محفوظ رکھیں تمباکو نوشی تیل والی اشیاء اور ترش چیزوں کا استعمال بند کر دینا چاہیئے مریض کو قبض نہ ہونے دیں

علاج:- اگر چھاتی درد کرتی ہو تو لینی منٹ کیمفر یا لینی منٹ تارپین کی دن میں دو تین بار چھاتی پر مالش کریں۔

نسخہ نمبر ۱:- ۱۰ منم اپیکاک ۱۰ منم لائیکوار امونیا ایسی ٹاس ۲ ڈرام ٹنکچر بیلا ڈونا ۴ منم سپرٹ ایتھر ۲۰ منم ٹنکچر کیمفر کو ۴۰ منم سیرپ اور نشائی ۲ ڈرام ایکوا ۱ اونس ایسی ایک خوراک دن میں تین بار دیں شروع کھانسی میں مفید ہے۔

نسخہ نمبر ۲:- بلغمی کھانسی کے لئے یہ نسخہ بڑا ہی کارآمد ہے۔ سوڈا سیلی سیلاس ۴ گرین پوٹاسیم کلوراس ۶ گرین ۱۰ منم اپیکاک ۱۵ منم سیرپ ٹولو ۴۰ منم ٹنکچر بیلا ڈونا ۵ منم ٹنکچر سلا ۵ منم ایکوا ۱ - اونس ایسی ایک خوراک دن میں دو مرتبہ دیں۔

زنیفرال ایک پیٹنٹ دوا ہے ایک چھوٹا چمچہ دن میں دو مرتبہ دیں۔

دیسی نسخہ:- گاؤ زبان ۶ ماشہ سونف ۶ ماشہ ملٹھی ۱½ تولہ ریشہ خطمی ۱ تولہ عناب ۱۰ عدد منقے ۱۰ عدد بہیدانہ ۳ ماشہ بنفشہ ۶ ماشہ سنا ۶ ماشہ سب ادویات کا جوشاندہ تیار کریں۔ اس کو جوشاندہ کی مانند ابال کر صاف کر کے مریض کو پلائیں جوشاندہ صبح شام ہی پلا دیں امید ہے کہ فائدہ ہو جائے گا۔ اگر قبض زیادہ ہو تو سنا اور سونف ۶-۶ ماشہ کی بجائے ایک ایک تولہ کر دیں۔

دانت درد کے چند آزمودہ نسخے

دانتوں کا درد یعنی داڑھ کا درد انسان کو بے حد پریشان کر دیتا ہے یہ ایسا موذی مرض ہے کہ انسان اللہ سے الامان پکار اٹھتا ہے۔ نیچے ایک ایسی دوائی کا نسخہ لکھا جاتا ہے جس کے استعمال سے روتا ہوا انسان بھی ہنستا ہوا واپس جاتا ہے۔ تیار کر کے رکھیں اور تجارت کر کے فائدہ اٹھائیں ایک ایک ڈرام کی چھوٹی چھوٹی شیشیوں میں اسے بھریں اور موزوں نام رکھ کر فروخت کریں۔

نسخہ اکسیر درد دانت

کریازوٹ آئل بی پی کوالٹی ایک اونس کلووز آئیل یعنی لونگ کا تیل ایک اونس کیمفر یعنی مشک کافور ایک اونس تھامول ایک اونس چار اونس کی شیشی میں لے کر اس میں مندرجہ بالا چاروں اشیاء اکٹھی ملالیں پس اکسیر درد دانت تیار ہے اس میں پھایہ تر کر کے دانت میں رکھیں اور منہ کو ڈھیلا چھوڑ دیں منہ سے رال ٹپکنے دیں چند منٹوں میں ہی درد بند ہو جائے گا اس دوائی کو مسوڑھوں پر یا منہ کے کسی دوسرے حصے پر نہ لگنے دیں۔ صرف کھوکھلے دانت میں ہی پھایہ رکھیں۔

دانت کا درد دور کرنے کی دوائی کا ایک اور نسخہ

کیمفر (مشک کافور) ایک تولہ کلورل ہائیڈریٹ ایک تولہ کلوروفارم ایک تولہ تمام اشیاء کو ملا کر چھوٹی چھوٹی شیشیاں بھر لیں اور مندرجہ بالا طریقہ سے استعمال کریں۔

دانت کا درد دور کرنے کا اکسیری لوشن

نسخہ۔ تھائمول یعنی اجوائن کا ست ½ ۲ تولہ ایتھل الکوحل ۲ تولہ سلفیورک ایتھر ۴ تولہ تینوں ادویات کو کسی بھورے رنگ کی شیشی میں اکٹھا ملالیں۔

اجوائن کا ست تھوڑی دیر میں خود بخود ہی الکوحل میں حل ہو جائے گا بس دوائی تیار ہے اسے روئی کی پھریری سے درد والی جگہ پر لگائیں بلکہ دو تین منٹ پھایہ کو درد والے مقام پر رکھا رہنے دیں درد دور ہو جائے گا امریکن فارما کوپیا کا یہ بہت مفید نسخہ ہے جسے امریکہ کے ہسپتالوں میں دانت درد دور کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

ڈاکٹر محمد رفیق حجازی

دمہ کے علاج میں ہمارا معمول

اول دورہ رفع کرنے کے لئے ایڈرینلین ایک میں ایک ہزار کا

۱۲ قطرہ کا جلدی انجکشن کر دیا جاتا ہے۔
جس سے فوری طور پر سانس کی رکاوٹ دور ہو جاتی ہے ایک گھنٹہ بعد کیلسیم گلوکونیٹ (سینڈوز) ۱۰ سی سی کا وریدی انجکشن کر دیا جاتا ہے جس سے جملہ تکلیف دہ علامات بالکل رفع ہو جاتی ہیں اور مریض کو تقویت پہونچ جاتی ہے پینے کے لئے محلول دمہ لمبعہ ایفیڈرین دو خوراک صبح و شام استعمال کی ہدایت کی جاتی ہے اس سے دمہ کی جملہ تکالیف رفع ہو جاتی ہیں۔ اگر مریض پوری احتیاط رکھے تو پھر دمہ کا دورہ جلد نہیں ہوتا ہے۔

اکسیر دمہ

مریض دمہ کو جس وقت دمہ کا دورہ پڑتا ہے تو مریض اسی وقت کو اپنی زندگی کے آخری لمحات سمجھتا ہے اور حیات و موت کی کشمکش میں مبتلا ہو جاتا ہے سانس کی تنگی و رکاوٹ اس کو زندگی میں موت کا مزہ چکھا دیتی ہے۔ اگر آپ ایسی حالت میں کوئی مریض دیکھیں تو اس اکسیر کا استعمال کریں۔ دو چار منٹ کے بعد دمہ کا دورہ رفع ہو جائے گا۔ اور سانس درست ہو جائے گا۔ اگرچہ یہ دوا مریض دمہ کو مرض سے مستقل نجات نہیں دلا سکتی لیکن دورے کی تمام تکالیف یکسر ختم کر دیتی ہے وہ اکسیر یہ ہے۔

لائیکر ایڈرینےلین ۱/۱۰۰۰ سولیوشن مقدار ۱۲ قطرے جلدی انجکشن کریں ایک انجکشن سے ہی دو منٹ میں سانس درست ہونا شروع ہو جاتا ہے اور چند منٹ میں تمام تکالیف رفع ہو جاتی ہیں بشرطِ ضرورت

دوبارہ بھی کر سکتے ہیں۔ ہمارا معمول یہ ہے کہ ایڈرینے لین کا انجکشن کرنے کے بعد جب سانس ٹھیک ہو جائے تو کورامین ایک سی سی کا عضلاتی انجکشن کیا جاتا ہے یا کیلیسم گلوکونیٹ (سینڈوز) ۱۰ سی سی بذریعہ وریدی انجکشن داخل کیا جاتا ہے اس سے مریض کو از حد تقویت پہنچتی ہے اور سانس مستقل طور پر درست ہو جاتا ہے۔ دوبارہ فوری طور پر دورہ پڑنے کا خطرہ نہیں رہتا اور بلغم کا اخراج بھی ہو جاتا ہے۔

دمہ کی اکسیری گولیاں

یہ وہ گولیاں ہیں جو دمہ کے مریضوں کی مونس و غم خوار اور سچی ہمدرد ہیں دمہ کے مریضوں کو ہر وقت اپنے پاس رکھنی چاہیئیں یہ گولیاں فوری طور پر دورہ کے وقت ڈاکٹر کا کام دیتی ہیں اگرچہ مستقل طور پر مرض دمہ کو رفع نہیں کر سکتیں لیکن عارضی طور پر دمہ کی حبلہ تکالیف کو جلد رفع کر دیتی ہیں

ایفیڈرین۔ مقدار خوراک ۱ گرین تا ۲ گرین پانی کے ساتھ استعمال کریں دورے کے وقت مقدار خوراک میں کمی بیشی کی جا سکتی ہے علاوہ ازیں کھانسی ہر قسم کالی کھانسی ارٹیکریا (چھپاکی) جہازی قے وغیرہ میں بھی مستعمل ہیں۔

نوٹ۔ ایفیڈرین کے تیار شدہ شربت مثلاً ڈیفرال ایفیڈرین کف سیرپ منڈیکو وغیرہ بھی دستیاب ہوتے ہیں جو مندرجہ بالا فوائد کے حامل ہیں۔

اکسیر دمہ

ایفیڈرین ۱/۴ گرین فینو باربی ٹون ۱/۲ گرین ایمنو فائیلین ۳ گرین ملک شوگر ۵ گرین ایسی ایک ایک خوراک دن میں تین مرتبہ دیں دمہ کے دورے کو کم کرنے اور ختم کرنے کے لئے نہایت مفید ہے۔

مکسچر دمہ

ایپو مارفین ہائیڈروکلورائیڈ ۲ گرین پوٹاسیم آیوڈائیڈ ۵ ڈرام سیرپ چیری ۱/۲ ۸ اونس پہلے ایپو مارفین کو آب مقطر ۱/۲ ڈرام میں حل کر کے تمام دواؤں میں ملالیں مقدار خوراک ایک چمچہ چائے بھر ہر تین گھنٹے بعد دیں دمہ کے مریضوں کے لئے بے حد مفید ہے دورہ کھانسی کو رفع کرتا ہے۔

مرض دمہ کی پیٹنٹ ادویات

فیلسول

یہ ایک پیٹنٹ دوا ہے ایک خوراک ایک پڑیہ میں بند ہوتی ہے پانی کے ساتھ کھلائیں ایک خوراک سے دورہ رک جاتا ہے۔ دمہ قلبی اور دمہ کے لئے اکسیر ہے۔

ایلفےزون

مقدار خوراک انجیکشن میں دو بار دمہ کے عوارضات کے لئے بے حد مفید ہے۔

زیفرال سیرپ

یہ ایلفیڈرین کا شربت ہے مقدار خوراک ایک چمچہ خورد بغیر پانی ملائے ہوئے ہر چار گھنٹے بعد دیں۔ دمہ۔ کھانسی کالی کھانسی وغیرہ کے لئے مجرب ہے۔

فرینول

اس دوا میں ایلفیڈرین۔ یفی ادلین اور باربی ٹون شامل ہے۔ رات کے دورے کو روکنے کے لئے ایک ٹکیہ سوتے وقت کھلانا کافی ہے۔ دمہ کے عوارضات کے لئے مفید ہے۔

اسموپرین

یہ دوا شدید بلغمی دمہ اور خراب دمہ جس کا دورہ ختم نہ ہوتا ہو کے لئے بطور نسخہ استعمال کی جاتی ہے۔

ہدایات

دمہ کے مریض کو کھانا کھانے کے فوراً بعد سونا نہیں چاہیے

بلکہ تین چار گھنٹے بعد سونا چاہیئے
(۲) ہر قسم کی ثقیل اور نفخ پیدا کرنے والی غذاؤں سے پرہیز کرنا ضروری ہے۔ جس غذا کے کھانے سے دورہ ہو اُسے ترک کر دینا چاہیئے
(۳) مریض دمہ کو سردیوں میں کاڈلیور آئل (مچھلی کا تیل) اور اس کے مرکبات سکاٹ ایملشن اور ایسٹن سیرپ وغیرہ استعمال کرانا بے حد مفید رہتا ہے۔

ڈاکٹر محمد اسلم

دادکی مرہم

نسخہ۔ موم ایک پونڈ ویزلین ایک پونڈ کرائی سے فینک ایسڈ ۲ اونس موم کو لوہے چینی کے برتن میں ڈال کر آگ پر رکھ کر پگھلائیں اور ویزلین بھی شامل کر کے پگھلا کر آگ سے الگ کر کے کسی کپڑے سے چھان لیں۔ اب اس میں کرائی سے فینک ایسڈ ملا کر سیال ہی کو شیشیوں یا ڈبیوں میں بھر لیں اور خوبصورت پیکنگ کر کے فروخت کریں۔

خارش وجلدی امراض دور کرنیکا لوشن

نسخہ۔ سیلی سلک ایسڈ ۲ ڈرام گندھک پوڈر ۲ ڈرام بنزوک ایسڈ ۲ ڈرام منتھل سیلی سلیٹ ۱/۲ ڈرام سپرٹ ایک بوتل (چوبیس اونس)

تمام اشیاء کو سپرٹ میں حل کرلیں اور بوقت ضرورت بوتل کو اچھی طرح ہلا کر استعمال کریں خارش و جلدی امراض دور کرنے کے لیے عمدہ لوشن ہے۔

ڈاکٹر مجید احمد ناروی

برائے نجر الالف

نسخہ۔ بورک ایسڈ ۲ ماشہ سیلی سیلک ایسڈ ۲ ماشہ پھٹکری سفید بریاں ۱ ماشہ یوکلپٹس آئل ۱۰ قطرے گلیسرین ۲ اونس سب کو ملا کر رکھ لیں اس میں سے ۲ ماشہ دوا لے کر ایک پاؤ صاف پانی میں حل کر کے ناک میں پچکاری کریں یہ مرکب ناک سے بدبو آنے ناک میں کسی قسم کی خوشبو بدبو نہ آنے (خشم) اور ناک کی خراش زخم اور پھنسیوں وغیرہ کے لئے از حد مفید ہے

برائے درد دنداں

نسخہ۔ منتھول ½ ۱ ماشہ کیمفر ۳ ماشہ کلورل ہائیڈریٹ ۹ ماشہ ٹنکچر اوپیم ۱ تولہ تھائمول ½ ۱ ماشہ مصطگی رومی ۳ ماشہ کریازوٹ ۳ ماشہ آئل کلوونز ۱ تولہ سب کو ملا کر مضبوط کارک کی شیشی میں رکھ لیں روئی کے پھایہ سے ماؤف دانتوں اور دانت کے سوراخ میں اچھی طرح لگائیں دانتوں کے درد اور ٹیس کو ساکن کرنے کے لئے بہترین چیز ہے۔

نوٹ۔ اگر مریض درد سے بے تاب ہو تو داخلی طور پر ساڈیڈان یا کوڈو پائرین

ایک ٹکیہ گرم پانی سے کھلائیں بہت جلد سکون حاصل ہو گا۔

قاتل کرم شکم

نسخہ۔ ہلماسڈ ایک ٹکیہ شربت سنا ۶ ماشہ۔ ہلماسٹڈ کے سفوف کو شربت سنا میں ملا کر چٹائیں۔ اس کے استعمال سے کینچوے اور چرنے ہلاک ہو کر خارج ہو جاتے ہیں اور کسی قسم کی کوئی تکلیف اور زحمت نہیں ہوتی۔ بہترین چیز ہے۔

مقوی باہ

نسخہ۔ ایکسٹریکٹ ڈامیانہ ۶ ماشہ ایکسٹریکٹ نکسوامیکا ۴ رتی کشتہ فولادی ۳ رتی فاسفیٹ آف آئرن ۱/۲ ۱ رتی سب کو کھرل کر کے کل دوا کی ۴۲ گولیاں بنائیں ایک گولی صبح اور حسب ضرورت شام کو بھی ایک گولی گائے کے دودھ کے ہمراہ استعمال کرائیں۔ یہ دوا جسمانی قوت کو بحال کرتی ہے۔ مقوی باہ ہے اور قوت مردانگی کو بڑھاتی ہے۔

شباب آور

نسخہ۔ ٹسٹوویرون (شیرنگ) ا ٹکیہ یوہمبین ہائیڈروکلور ۱/۲ ٹکیہ شلاجیت ۲ رتی کشتہ فولاد ا رتی پیس کر ایک پڑیہ بنائیں ایسی ایک خوراک روزانہ دوبار پانی سے کھلائیں۔ بہترین مقوی باہ مرکب ہے اس کے استعمال سے عضو تناسل میں ایستادگی پیدا ہو جاتی ہے اور نامردی دور ہو جاتی ہے۔

مصفی خون

نسخہ۔ ایکسٹریکٹ چرائتہ لیکوئیڈ ۲½ تولہ ٹنکچر جنشن کو ۱½ تولہ ٹنکچر نکس امیکا ۱¼ تولہ لائیکوار آرسینی کیلس ۷ ماشہ ٹنکچر سٹیل ۱¾ تولہ ایکسٹریکٹ سارساپریلا ۲½ تولہ شربت شاہترہ اس قدر ملائیں کہ کل وزن آدھ سیر ہو جائے ایک چمچہ چائے بعد غذا دونوں وقت۔ عرق گاؤزبان ۲½ تولہ میں گھول کر پلائیں بہترین مصفی خون مرکب ہے اور جملہ صفات کا حامل ہے خون کے قوام کو درست کرتا ہے اور اس کی اصلاح کرتا ہے سرخ ذرات خون کو بڑھاتا ہے اور تمام جلدی امراض کو دفع کرتا ہے استعمال سے پہلے شیشی کو اچھی طرح ہلا لیا کریں

دافع حساسیت

نسخہ۔ ہسٹانٹن (HISTANTIN) اٹکیہ کشتہ مرجان ۲ رتی سفوف بنا کر ایسی ایک خوراک پانی کے ہمراہ کھلائیں۔ یہ مرکب تمام حساسیتی امراض مثلاً حساسیتی دمہ و کھانسی۔ حساسیتی زکام حساسیتی دردشکم۔ پتی حساسیتی اگزیما وغیرہ کے لئے اکسیر کامل اور تیر بہدف ہے۔

ڈاکٹر ایچ اے مدنی ناروی گورنمنٹ رجسٹرڈ میڈیکل پریکٹیشنر قصبہ نارہ ضلع الہ آباد

چند ایلوپیتھک دواؤں کے حیرت انگیز اثرات اور کرشمے

ذیل میں چند ایلوپیتھک نسخہ جات پیش کئے جاتے ہیں امید ہے کہ عاملین طب ضرور پسند فرمائیں گے۔ انھیں نسخوں کی بدولت بڑے بڑے ڈاکٹر سول سرجن پرائیوٹ ڈاکٹر دن رات اپنے مریضوں پر استعمال کرکے ہزاروں روپے ماہوار کما رہے ہیں یہ ایسی تیر بہدف دوائیں ہیں جو مریض کو آناً فاناً شفا بخشنے کی تاثیر رکھتی ہیں یہ دوائیں سرکاری ہسپتالوں میں بھی دیجاتی ہیں آپ بھی اپنے مریضوں پر استعمال کرکے ان کے حیرت انگیز کرشمے ملاحظہ فرمائیں۔

سوکھا مسان

ڈاکٹری میں اس کو MARASMUS آیورویدک میں بال شوش اور عام زبان میں سوکھا مسان کہتے ہیں۔ یہ مرض نہایت موذی اور خطرناک ہونے کی وجہ سے ہزاروں بچے موت کے شکار ہو جاتے ہیں

فاسفیٹ آف لائم کا جزو کم ہونے کے باعث یہ مرض بچوں کو پکڑ لیتا ہے درحصل یہ بچوں کے دق کی بیماری ہوتی ہے یہ مرض وٹامن ڈی کی کمی کے باعث ہوتا ہے دودھ پلانے والی عورتیں جن کو عمدہ غذائیں میسر نہیں ہوتیں وغیرہ اسباب ہوتے ہیں ذیل کی دوائیں آپ ہر وقت اپنے مطب میں رکھیں۔ ان دواؤں کو بڑے بڑے ڈاکٹر سول سرجن پرائیوٹ ڈاکٹر اپنے مریضوں پر استعمال کرتے رہتے ہیں۔

علاج

(۱) اڈیکسولین لیکوئیڈ ۵ منم سیرپ فیرائی فاسفیٹ کمپونڈ ۳۰ منم ایکوا ۲ ڈرام یہ ایک خوراک ہے کمزور بچوں کو دن میں تین بار پلائیں اس کے ساتھ دن میں دو بار وٹامن بی کمپلکس گلیکسو کمپنی کی ٹیبلٹ دیں نہایت مجرب اور آزمودہ نسخہ ہے اس سے سینکڑوں ناامید بچے تندرست ہو گئے اس کے استعمال سے بچوں کے مرجھائے ہوئے چہروں پر رونق آجاتی ہے

(۲) الگزر بی کمپلکس ½ ڈرام سیرپ فیرائی آیوڈائیڈ ۵ منم سیرپ کیلسیم ہائپو فاسفیٹ ۲۰ منم اڈیکسولین لیکوئیڈ ۴ منم ایکوا ۱ ڈرام اسی طرح کل وزن چار بار پلائیں اور خدا کی قدرت کے کرشمے دیکھیں نیز اپنی ڈاکٹری کی چاروں طرف شہرت بڑھائیں اگر اس مکسچر کے ساتھ ساتھ وٹامن ڈی یعنی اوسٹوکیلسیائی انجکشن لیور ایکسٹریکٹ اور بی کمپلکس تینوں کو ملا کر ایک سی سی انجکشن ہر تیسرے دن لگائیں تو یہ دوائیں آبحیات کا کام دیں گی اور مرض سوکھا سان نیست و نابود ہو جائے گا۔

٭ ٭ ٭

پیٹنٹ دوائیں

کلز انا ایکٹ بچہ دودھ میں گھول کر دن میں تین بار دیں اور ساتھ ہی وٹامن بی کمپلکس کی گولیاں دینے سے از حد فائدہ ہوتا ہے۔ یا اوسٹو کیلشیم۔ دن میں تین بار اور اڈیکسولین کیپشول دن میں تین بار دینے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔

کیلسیمل

بی ٹی جو کیلشیم سوڈیم لیکٹیٹ اور وٹامن ڈی سے تیار کی جاتی ہے اگر بچہ ماں کا دودھ پیتا ہو تو دو ٹکیاں ماں کو دن میں تین بار اور بچے کو دو بار دیں اس کے علاوہ پارک ڈیوس کا بنایا ہوا ملٹی وٹامن ڈراپس بچوں کے سوکھا مسان میں نہایت مفید ہے اس مرض کی سینکڑوں پیٹنٹ دوائیں اور انجکشن ہیں۔

(۲) انیمیا

ڈاکٹری میں اس کو ANAEMIA کہتے ہیں خون کے سرخ ذرات میں فولادی جز کم ہو جانے کے باعث یہ مرض پیدا ہوتا ہے۔ آج کل یہ مرض نہایت تیزی سے پھیلتا جا رہا ہے جس کا سبب اچھی مقوی غذا کا میسر نہ ہونا ہے اس خطرناک اور مہلک مرض کی وجہ سے ہر سال ہزاروں موتیں واقع ہوتی رہتی ہیں میں نے اپنی بیس سالہ پریکٹس میں ذیل کے نسخوں سے بڑی کامیابی اور شہرت حاصل کی اور سینکڑوں مایوس مریض

بہت جلد تندرست ہو گئے۔

نسخہ نمبر ا

فیرائی ایٹ امونیا سائٹراس ۵ اگرین ٹنکچر نکس وامیکا ۵ منم ہیکوا ۱ ا اونس ۔ یہ ایک خوراک ہے دن میں تین بار صبح دوپہر شام دیں اس دوا کو خالی معدہ نہ پلائیں ناشتہ کرنے کے بعد دیں اس کے ساتھ وٹامن بی ۱۲ اگلیکسو ٹکیہ فولک ایسڈ (لیڈرلے) ا ٹکیہ ۔ دونوں کو پیس کر ہمراہ پانی دیں۔ اگر اس میں فرسولیٹ کی ایک ٹکیہ بھی شامل کر دیں تو اور بھی بہتر ہے۔

۲ کلبران الگزر

دن میں تین بار دیں اس کے ساتھ فولک ایسڈ و وٹامن بی ۱۲ ملا کر استعمال کرنے سے بڑے اچھے نتیجے نکلتے ہیں اگر دوا نمبر ۲ کے ساتھ میگزا وٹامن بی کمپلکس اور لیور ایکسٹریکٹ تینوں کو ملا کر انجکشن کیا جائے تو اور بھی شاندار کامیابی حاصل ہو گی اس مرض میں جلد ہضم ہونے والی مقوی غذائیں دینی چاہئیں۔ گوشت کا شوربہ ۔ مچھلی کا شوربہ ۔ انڈا دودھ پھل بہت استعمال کریں۔

(۳) متلی وقے

ہر قسم کی متلی میں مفید ہے۔ متلی وقے کو ڈاکٹری میں VOMITTING کہتے ہیں ہیضہ کے علاوہ اگر متلی وقے کی شکایت ہو تو یہ دوسری بیماری کا

پیپسن ضمیمہ ہے۔ اس نسخہ کی دوائیں اکثر ڈاکٹر اپنے خاص صندوقچہ میں
رکھتے ہیں۔ سفر میں انھیں ضرور ساتھ رکھنا چاہیئے۔

نسخہ۔ سوڈا بائیکارب ۵ گرین ایسڈ ہائیڈروسیانک ڈل ۲ قطرے (اس کو بڑی احتیاط سے ناپ کر ڈالنا چاہیئے۔ کیونکہ ایسڈ ہونے کی وجہ سے تاثیر بہت تیز ہوتی ہے) لائیکوار ایسمنتھی ا ڈرام سپرٹ کلوروفارم ۱۵ منم ٹنکچر کارڈیمم کو ۵ منم سمپل سیرپ ا ڈرام ایکو منتھا پپ تا ½۱۱ اونس یہ ایک خوراک ہے اگر معدہ کی خرابی سے ہو تو دن میں چار بار پلائیں۔ اگر ہیضہ کی قے ہو تو ہر قے کے بعد پلائیں۔ جب تک قے بند نہ ہو حاملہ عورت کو یہ دوا ہرگز نہ دیں۔

پیٹنٹ ادویات میں ایلووِمن AVOMIN ایک بے ضرر دوا ہے جو اس مرض کا شافی علاج ہے اگر معدہ کی خرابی کی وجہ سے ہو تو انجکشن بی کمپلکس ولیور ایکسٹریکٹ ۲ سی سی ہر تیسرے دن لگوائیں۔

۴ امبروکیشن لینی منٹ

بڑی بڑی کمپنیاں ذیل کے نسخہ کو تیار کر کے مختلف ناموں سے فروخت کرتی ہیں۔ درد کو سکون دینے میں اکسیر کا حکم رکھتا ہے بدن کے کسی حصے میں درد ہو مثلاً پسلی کا یا جوڑوں وغیرہ کا درد ہو تو ایک حصہ دوا لے کر تین حصے کڑوے یا تلی کے تیل میں ملا کر دھیرے دھیرے ملنا چاہیئے پسلی کا درد ہونے کی صورت میں ہلکی سینکائی بھی کر دینی چاہیئے

نسخہ۔ آئل یوکلپٹس ½ ڈرام آئل ونٹر گرین ۲ ڈرام۔ لینی منٹ آف ایمونیا ۲ ڈرام لینی منٹ تارپین ۴ اونس سب کو ملا کر مضبوط کارک لگا کر محفوظ رکھیں

بوقت ضرورت مریضوں پر استعمال کریں اور اپنی شہرت بڑھائیں۔
پیٹنٹ ادویات میں اسپرو۔ سار یڈون۔ کوڈو پایرین۔ ارگاپایرین
وغیرہ بے حد مفید ہیں ان کے استعمال سے درد کو سکون ملتا ہے۔
(۵) ایک اور نسخہ پیش کیا جا رہا ہے۔ اگر درد سر ہو تو ایک پھریری
پیشانی پر لگانے سے پانچ منٹ کے اندر ہی اندر درد سر غائب ہو کر
مریض بھلا چنگا ہو جاتا ہے۔ بدن کے کسی حصے میں درد ہونے کی صورت
میں ایک حصہ دوا میں تین حصہ خالص سرسوں کا تیل ملا کر روئی کی پھریری
پر لگا کر آہستہ آہستہ ہلکی مالش کرنی چاہیئے یہ درد کو بہت جلد سکون
بخشنے والی دوا ہے۔ جسے تیار کر کے کمپنیاں مختلف ناموں سے فروخت
کرتی ہیں آپ بھی ایسی دوا تیار کر کے اپنے مطب کی زینت بڑھائیں۔
نسخہ۔ یوکلپٹس آئل ۴ ڈرام مینتھول ۲ ڈرام تھائمول ۱ ڈرام کیمفر ۱ ڈرام
سب ادویات کو باہم ملائیں اور بوقت ضرورت استعمال کریں۔

(۶) درد دانت

دانت درد کی تکلیف آج کل بہت بڑھی ہوئی ہے جس شخص کو
دیکھو وہ اس مرض سے پریشان ہے میرے مطب میں درد دانت
کے کم از کم آٹھ دس مریض روزانہ آتے ہیں وہ روتے ہوئے آتے ہیں
لیکن ان ادویات کے استعمال سے ہنستے ہوئے جاتے ہیں۔
نسخہ نمبر ۱۔ کلورل ہائیڈریٹ ٹنکچر کیمفر کو کار یالک ایسڈ ہر ایک ایک
ڈرام ٹنکچر اکونائٹ ایک اونس پیپرمنٹ آئل نصف اونس سب کو
باہم ملائیں اور چند قطرے روئی کی پھریری سے دانتوں پر لگائیں۔

۲- کلوروڈین ۱ ڈرام کاربالک ایسڈ ۲ ڈرام ملانے سے سریش کی مانند ایک لیس دار شئے تیار ہو جاتی ہے اس میں لنٹ بھگو کر دانت کے سوراخ میں بھر دیں جتنے بھی کیڑے ہوں گے مر جائیں گے۔

۳- کریازوٹ ایک تیز اور زہریلی دوا ہے جو کیڑوں کو فوراً ہلاک کر دیتی ہے۔ تھوڑی سی دوا روئی کی پھریری پر لگا کر دانتوں کے سوراخ میں بھر دیں زبان یا دوسری جگہ پر یہ دوا لگنے نہ پائے رال باہر گرائیں درد دانت کو سکون بخشنے میں عجیب تاثیر رکھتا ہے یہاں تک کہ پائیوریا بھی اس سے اچھا ہو جاتا ہے اندرونی طور پر مسکن ادویات استعمال کریں کیلسیم وٹامن سی کی ٹیبلٹ کچھ دن استعمال کرنے سے یہ مرض پیدا نہیں ہوتا۔

(۷) درد پیٹ

درد شکم و قبض رفع کرنے کی بہترین دوا ہے جو بڑے بڑے ہسپتالوں اور ڈاکٹروں کے مطب میں ہر وقت موجود رہتی ہے امراض معدہ کے لئے نہایت لاجواب دوا ہے

نسخہ - سوڈا بائیکارب ۳۰ گرین ٹنکچر جنجر کو تیس منم ٹنکچر اسافیٹڈا ۵ منم سپرٹ امونیا ایرومیٹک تیس منم ایکوا ایک اونس یہ تین خوراکیں ہیں صبح دوپہر اور شام دیں۔

فوائد - بدہضمی کھٹی ڈکاریں آنا۔ کھانا ہضم نہ ہونا وغیرہ کے لئے نہایت مفید ہے اگر یہ مرض پرانا ہو تو اس کے ساتھ بی کمپلکس ٹیبلٹ یا بیکاڈیکس ٹیبلٹ یا لیور ایکسٹریکٹ اور بی کمپلکس انجکشن بی سی الف

ہفتے میں دو بار لگائیں۔

قبض کھولنے کا مجرب زود اثر نسخہ

ڈاکٹری میں اس مرض کو کبھی تو ریا کہتے ہیں یہ مرض مختلف اسباب سے لاحق ہوتا ہے اور سینکڑوں تکالیف کا باعث ہوتا ہے یہ دوا اس مرض کے لئے نہایت مفید ثابت ہوتی ہے حاملہ عورتوں کو یہ ہرگز نہ دیں کیونکہ اس سے حمل فوراً گر جانے کا سخت اندیشہ ہے جو نہ صرف مہذب اصولوں کے خلاف ہے بلکہ سخت گناہ ہے اور قانوناً بھی جرم ہے۔

نسخہ یہ ہے: ایلوزایٹ مرہ تین گرین - پل ایلوزایٹ البانی ٹیڈا تین گرین پوٹاسیم برومائیڈ ۹ گرین ایکسٹریکٹ ہائیو سائمس حسب ضرورت تمام ادویات کی تین گولیاں بنا دیں خوراک ایک گولی صبح ایک دوپہر اور ایک شام ہمراہ بدرقہ مناسب۔

پیٹنٹ دوائیں

لیوکوس انگلین ٹیبلٹ یا انجکشن پیرو جیسٹرون ٹیبلٹ یا انجکشن پرچہ ترکیب استعمال دوا کے ساتھ رہتا ہے۔

گلسوئے

اسے ڈاکٹری میں سمپس یا پروٹائٹس کہتے ہیں اردو زبان میں گلسوئے یا کن پیڑے کہتے ہیں نہایت موذی اور

خطرناک مرض ہوتا ہے اس مرض میں میں نے ذیل کے نسخوں کو سینکڑوں مریضوں پر استعمال کیا اور نہایت مفید پایا آپ بھی انھیں استعمال کریں اور اپنی ڈاکٹری کی شہرت اور دھوم چاروں طرف پھیلائیں نہایت آسان مجرب اور تیر بہدف نسخے ہیں۔

اس مرض میں اکثر بخار بھی ہو جاتا ہے جو سخت خطرناک ہونے کے باعث مریض کو بہت کمزور کر دیتا ہے دفع بخار کے لئے یہ مکسچر دیں۔

نسخہ۔ لائیکر امونیا ایسی ٹاس ۲ اونس کیمفر واٹر ۶ اونس دونوں کو ملائیں اور ایک ایک اونس چھ چھ گھنٹوں میں پلائیں اس سے بخار میں کمی ہو گی۔ اور پسینہ لاکر بخار اتار دیگا بخار دفع ہونے کے بعد کونین دیں یا یہ نسخہ دیں۔

نسخہ۔ لائیکر امونیا ایسی ٹاس ۶ ڈرام پوٹاسی نائٹریٹ ۳۰ گرین سوڈا سیلی سیلاس ۴۵ گرین سپرٹ ایتھر نائٹروسائی ۶۰ منم یعنی ایک ڈرام ایکوا ۳ اونس یہ تین خوراکیں ہیں ایسی ایک خوراک چار چار گھنٹوں میں دیں اگر درد ہو تو پوٹاسیم بروما ئیڈ ۴۵ گرین سمپل سیرپ ایک ڈرام شامل کر دیں پیٹنٹ ادویات میں کوڈوپائرین ڈوری ڈن وغیرہ نیند آور دوائیں دیں سلفا ڈرگ میں سلفا ڈایازین ۶ عدد تھوڑا سا سوڈا بائی کارب ملا کر چار خوراکیں بنائیں اور چار چار گھنٹوں میں دیں یا سلفا تھایازول یا الکوین ٹیبلٹ میں سے

جو مناسب سمجھیں دیں۔
انجکشنوں میں ہیٹی سلین۔ڈائی کرسٹامین فورٹ سائیکلو ہیں
استو ہین وغیرہ لگائیں قبض رفع کرنے کے لئے کیسٹر آئل کیسٹو فین
یا یاٹیکو لیبٹ دیں۔ کمزوری دور کرنے اور گھبراہٹ رفع کرنے
کے لئے الگزرنی جی خاص دیں۔

علاج خارجی

گلٹی پر کیمفر آئل یا ٹنکچر آیوڈین۔ یا آیوڈین آئنمنٹ لگائیں
اور برگد کے ملائم پتے رکھ کر روئی سے سینکائی کریں یا ایکسٹریکٹ
بیلاڈونا ۱ ڈرام گلیسرین ایک اونس ملاکر گلٹیوں پر لگائیں۔ اور
دن بھر میں کئی بار بدل کر خوب سینکائی کریں یا اکتھول ۱ ڈرام گلیسرین
۱۔ اونس ملاکر متورم غدود پر لگائیں۔

بچوں کی کھانسی

ٹنکچر اپی کاکوانا ۲ منم ایلومینیم بائی کاربونیٹ ½ گرین
سوڈیم بائی کاربونیٹ ۲ گرین سیرپ ٹولو ۱ منم ایکوا انیسی سائی
ساٹھ منم دن میں تین بار پلائیں۔ بچوں کی کھانسی کے لئے بہترین
اور آزمودہ نسخہ ہے۔

نمونیا

نہایت موذی اور خطرناک مرض ہونے کی وجہ سے دنیا کے لاکھوں

انسان ہر سال اس سے مرجاتے ہیں یہ مرض پھیپھڑے سے تعلق رکھتا ہے پھیپھڑوں کی ساخت میں ورم ہونے کے باعث یہ مرض ہوتا ہے۔ بخار عام طور پر ۱۰۴ یا ۱۰۵ ہوتا ہے اور بعض اوقات ۱۰۶ تک ہونے کی وجہ سے مریض مرجاتا ہے یہ دو قسم کا ہوتا ہے اول سنگل نمونیا دوسرا ڈبل نمونیا یہ چھوت دار مرض ہے اس مرض کا باعث ایک خوردبینی کیڑا ہوتا ہے نمونیا بچوں جوانوں بوڑھوں اور کمزوروں کو بداحتیاطی سے ہوتا ہے

علاج

نمونیا کی جدید اینٹی بائیوٹک بیحد مفید اور کامیاب دوا کلورومائی سٹین آج سے پندرہ سال پہلے نمونیا و ٹائیفائیڈ کی کوئی کامیاب اور شرطیہ دوا نہیں تھی اس دوا کی ایجاد نے ساری دنیا میں تہلکہ مچا دیا ہے اس دوا سے نوے فیصدی مریض جلد صحت یاب ہو جاتے ہیں۔ اس دوا کے پہلے کیپسول سے مریض کا بخار اترنے لگ جاتا ہے اور کھانسی و پھیپھڑوں کی سوجن میں کمی ہونے لگتی ہے۔

آج کل دنیا کے لاکھوں ڈاکٹر اپنے زیر علاج مریضوں پر اسے بے خوف و خطر استعمال کرتے ہیں اس دوا سے بڑے بڑے ڈاکٹر سول سرجن نمونیا سرسام خون میں زہر ہو جانے تپ دق اور ٹائیفائیڈ وغیرہ کے مایوس العلاج اور موت کے منہ میں گئے ہوئے مریضوں کو گھنٹوں میں بچا لیتے ہیں۔

ترکیب استعمال:- دن میں پانچ کیپ شول مریض کو چار چار گھنٹوں کے بعد ایک ایک کیپ شول دیں دو دن کے اندر بخار نارمل ہو جاتا ہے اور کھانسی و پھیپھڑوں کی سوجن میں کمی واقع ہونے لگتی ہے۔ ۲۵۰ ملی گرام کے کیپ شول پارک ڈیوس کمپنی نے مارکیٹ میں پیش کئے ہیں نیز مختلف دوا ساز کمپنیوں نے کلورم فینی کال۔ آریو مائی سین۔ ٹیٹرا مائی سین وغیرہ پیش کی ہیں۔ سلفا ڈرگز میں سے سلفا ڈایا زین۔ سلفا تھایا زول۔ ایم بی ۶۹۳ یا الکوسین وغیرہ ادویات اس مرض کے دفعیہ کے لئے اکسیر اعظم کا حکم رکھتی ہیں

انجکشن ڈائی کرسٹی سین۔ سائیکلو مائی سین کمبائٹک پینسیلین وغیرہ میں سے جو مل سکے ہر چھ گھنٹے بعد دیں اے بی سی ایک ٹکیہ وٹامن سی (اسیکوربک) ۵۰۰ ملی گرام پیس کر سلفا ڈرگز کے بعد صبح و شام دو خوراک دیں دل کی کمزوری کے لئے کورامین کا انجکشن دیں یا کورامین ٹیبلٹ ایک عدد وٹامن بی کمپلکس ۲ عدد پیس کر اور اس میں گلوکوز ملا کر دیں کبھی کبھی کچھ وقفہ کے بعد ایک ایک چمچہ بی۔جی فاس دینے سے مریض کا ہوش وحواس درست رہتا ہے اور جسم میں طاقت بنی رہتی ہے پینسیلین لوزنجز منہ میں چوسنے کے لئے دیں اور صحت یاب ہونے پر کوئی کف سیرپ ضرور دیں۔

علاج مسیحا

اینٹی بائیوٹکس میں کلورومائی سیٹین سنتھو مائی سین ٹیرامائی سین

اکرومائی سین وسلفاڈرگز ادویات ہیں اس کے علاوہ مندرجہ ذیل نسخہ جات بھی مسیحائی اثر رکھتے ہیں۔

نسخہ۔ لائیکوار ایمونیا ایسی ٹاس ۲ ڈرام سپرٹ ایتھر نائٹر وسائی ۲۰ منم سپرٹ کلوروفارم ۲۰ منم ایکوا ایک اونس دن میں ایسی تین خوراکیں صبح دوپہر اور شام دیں اگر کھانسی ہو تو کوئی کف مکسچر دوا اس میں اضافہ کر دیں اس مکسچر کے استعمال سے بخار و کھانسی کو فوراً آرام ہو گا اس دوا کے ساتھ سلفاڈایازین ۲ عدد پیس کر اس میں تھوڑا سا سوڈا بائیکارب ملا کر چار چار گھنٹوں میں دینے سے بہت شاندار کامیابی حاصل ہوتی ہے

کھانسی کی پیٹنٹ دوائیں

زیفرال۔ کف رول سیرولین۔ روچی اور فنیسی ڈرل وغیرہ کھانسی کی مقبول عام پیٹنٹ دوائیں ہیں

علاج مکسچر

نسخہ۔ ٹنکچر سلا ۱۰ منم ٹنکچر کیمفر کو ۵ منم وا منم اپیکاک ۱۰ منم ٹنکچر سینگا ۱۰ منم سیرپ ٹولو رِدھ وسا کا ۲ ڈرام ایکوا ۱ اونس صبح دوپہر شام جبکہ بلغم بہت نکلتا ہو مریض پریشان ہو یہ کف مکسچر مریض کے لئے آبحیات سے کم نہیں دو تین دن کے اندر مریض کھانسی سے نجات پاتا ہے۔ اس مکسچر کے ساتھ سلفاڈرگز میں سے کوئی دوا مثلاً سلفاڈایازین الکوسین سلفا تریازین ۔ ایم بی ۶۹۳ بھی دے سکتے ہیں اور ساتھ ہی ڈائی کرسٹی سین اسٹرپٹومائی سین ۔ کمیاٹک ۔ بکلومائی سین وغیرہ کا

عضلاتی انجکشن دیں۔

مکسچر

مریضوں کو بلا خوف و خطر دے سکتے ہیں۔ خشک کھانسی اور رُکے ہوئے بلغم کو فوراً ڈھیلا کر کے مریض کو جلد شفایاب کرنا اسی مکسچر کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔

نسخہ۔ ٹنکچر سِلا ۱۰منم ٹنکچر سینگا ۱منم امونیم کارب ۳ گرین پوٹاسیم آیوڈائیڈ ۵ گرین سیرپ ٹولو ۱ ڈرام ایکوا ۱۱-۱ اونس۔ دن میں چار بار دیں نیز مندرجہ بالا انجکشن و ٹیبلٹ اس مکسچر کے ساتھ ضرور دیں۔

زکام بخار و کھانسی

قریب قریب دنیا میں یہ مرض عام ہے نوے فیصدی انسان جاڑے برسات اور موسم بدلتے وقت اس مرض میں مبتلا ہو جاتے ہیں پرائیوٹ شفاخانوں اور سرکاری ہسپتالوں میں اس کے مریض بھرے رہتے ہیں اس لئے ضرورت ہے کہ آپ بھی ان نسخوں کو تیار کر کے ہر وقت اپنے مطب میں رکھیں تاکہ زیادہ سے زیادہ مریض صحت یاب ہو کر چاروں طرف آپ کی شہرت کا ڈنکہ بجا سکیں۔

نسخہ (۱) سوڈا سیلی سیلاس ۱۰ گرین سوڈا بائی کارب ۱۰ گرین سپرٹ امونیا ایرومیٹک ۱۰منم سپرٹ کلوروفارم ۱۰منم ایکوا ۱۱-۱ اونس جبکہ درد۔ زکام و بخار ہو صبح دوپہر اور شام تین خوراک دیں۔

(۲) سپرٹ ایتھر نائٹروسائی ۲۰منم ٹنکچر کیمفر کمپونڈ ۱۵منم لائیکوار

ایمونیا ایسیٹیٹاس ۲۰ منم سیرپ ٹولو ۱ ڈرام ایکوا ۱ اونس دن میں تین بار دیں۔ کھانسی زکام اور بخار کے لیے بیحد مفید ہے جس کو تمام بڑے ڈاکٹر اپنے مطب میں رکھتے ہیں اس کے ساتھ سلفا ڈرگز و انجکشن و سیرپ وغیرہ جو کھانسی میں درج ہیں دے سکتے ہیں۔

(۳) ڈوورس پوڈر ۱۰ گرین اسپرین ۵ گرین۔ دن میں تین بار استعمال کرنے سے تکلیف رفع ہو جاتی ہے۔

اے پی سی ٹیبلٹ ۴ عدد وٹامن سی (سیلن) ۱۰۰ ملی گرام چار ٹکیہ چوبیس گھنٹوں میں چار بار چائے کے ساتھ دیں سردی میں ہونے والے زکام کی بہترین دوا ہے اس کے ساتھ وکس ویپورب گلے اور سینے میں ملنے کو دیں۔

پیس ٹیبلٹ ۱ عدد منہ میں چوسنے کو دیں اگر کھانسی بھی زیادہ ہو تو سیرپ زیفرال اور گلائیکوڈین بہترین ادویات ہیں۔ اگر بدن میں درد ہو تو کوڈوپائرین فوراً درد کو کنٹرول کرتی ہے اس کے علاوہ سلفاڈایازین ۴ عدد سوڈا بائیکارب۔ اگرین دن میں چار بار دیں یا پیٹنٹ دوا نمبر ۱ دن میں دو بار دیں یا مکسچر ۱ و ۲ و ۳ میں سے جو بھی علامات ہوں دیں اور شاندار کامیابی حاصل کریں۔

چوتھا باب

ہومیوپیتھک ڈاکٹروں کے تیر بہدف تجربات

ڈاکٹر نیش

ایک ہی خوراک میں نامردی دور

LYCOPODIUM IS ALSO ONE OF OUR BEST REMEDIES FOR IMPOTENCE. AN OLD MAN MARRIES HIS SECOND OR THIRD WIFE AND FINDS HIMSELF NOT "EQUAL TO THE OCCASION" IT IS VERY EMBARRASSING

FOR THE WHOLE FAMILY A DOSE OF LYCOPODIUM SETS THING ALL RIGHT AND MAKES THE DOCTOR A WARM FRIEND ON BOTH SIDES OF THE HOUSE (NASH)

نامردی کے لئے لائیکوپوڈیم بھی ہماری بہترین دواؤں میں سے ایک ہے ایک بوڑھا شخص جب دوسری یا تیسری شادی کرتا ہے اور وقت پر اپنے آپ کو موقع ومحل کے مطابق نہیں پاتا۔ یہ بات گھر بھر کے لیے پریشانی کا باعث ہوتی ہے تو اس حالت میں یہ دوا ہر دو فریقین کو پیغام مسرت دیتی ہے اس کی اونچی طاقت کی ایک خوراک ایسے تمام معاملہ کو ٹھیک کر دیتی ہے اور ڈاکٹر کو شوہر اور بیوی دونوں کا سرگرم دوست بنا دیتی ہے علاوہ ازیں ایسے نوجوان جنھوں نے کثرت عیاشی کی وجہ سے اپنے آپ کو بالکل تباہ کر لیا ہو اُن کا عضو چھوٹا ہو ٹھنڈا ہو ڈھیلا اور ربڑ پلا ہو۔ مگر خواہش بہت تیز ہو لیکن طاقت عمل نیست و نابود ہو میں جانتا ہوں کہ ایسے مایوس اور ناامید مریضوں میں اس دوا کا استعمال آب حیات ثابت ہوتا ہے۔ (ڈاکٹر نیش)

ملاحظہ

یہ دوا اُن بوڑھوں کے لئے خصوصیت سے زیادہ مفید ثابت ہوتی ہے جو فہم و دانش کے اعتبار سے ممتاز ہوں اور جن کا جسم موٹاپے

کی بجائے لاغری کی طرف مائل ہو جن کو قبض کی شکایت عام طور پر رہتی ہو اور جن کا حافظہ کمزور ہو دس ہزار طاقت کی ایک خوراک (دو بوندیں) دو چار تولہ مقطر (یا جوش دے کر ٹھنڈا کئے ہوئے) پانی میں ملا کر صبح خالی پیٹ استعمال کریں اور نتیجہ کا شوق سے انتظار کریں۔ (مؤلف)

برلک سے فتق (ہرنیا)

لائیکو پوڈیم ۳۰ اس مرض کی نہایت کامیاب دوا ہے جب پیٹ میں ہوا ہو داہنے جانب کا ہرنیا ہو ایک دو لقمے کھانے سے بھوک مٹ جائے پیٹ میں اپھارہ ہو ہوا کی زیادتی ہو اور ہوا کے اخراج سے افاقہ ہوتا ہو تو اِن علامات میں یہ دوا بہت مفید ثابت ہوئی ہے۔

نمونیا کی مجرب دوائیں

ایکونائٹ ۳x

بلاشبہ یہ دوا مرض کے پہلے درجہ میں بے حد مفید ہے کیونکہ اس کی علامات آغاز مرض میں مریض سے بہت مشابہ ہوتی ہیں چونکہ یہ دوا پہاڑوں کے نہایت سرد جھونکوں میں پرورش پاتی ہے اس لئے قدرتی طور پر خشک ٹھنڈی ہوا سے پیدا شدہ نتائج کے لئے بہترین

خیالی کی گئی ہے۔ نومبر دسمبر جنوری میں جبکہ حد سے زیادہ سردی پڑ رہی ہو۔ نمونیا کا عام مرض ہوتا ہے۔ سردی لگنے کا پہلا اثر بخار ہوتا ہے جس کے لئے ایکونائٹ بہترین دوا ہے خشک سرد ہوا کے جھونکوں سے اگر نمونیا پیدا ہو جائے جس کے ساتھ تیز بخار ہو نبض بھی تیز ہو اور بھری ہوئی چلے جلد گرم اور خشک ہو پسینہ بالکل نہ آئے بخار کے ساتھ بے چینی اور گھبراہٹ ہو مریض پلنگ پر برابر کروٹیں بدلتا جائے موت کا خوف مریض کو لاحق ستائے اور مریض موت کا دن اور وقت بتلانے لگے۔ خشک کھانسی اور پیاس کی شدت ہو تو ایکونائٹ ×۳ ہر دو گھنٹے کے بعد دیں اس سے پسینہ بکثرت آ کر چوبیس گھنٹے کے اندر بخار اتر جاتا ہے اگر اس دوا سے فائدہ نہ ہو تو اس کی مددگار دوا سلفر ۳۰ ہر دو گھنٹے کے بعد دیں اکثر مریضوں کو ان دونوں ادویات سے مرض کٹ شارٹ ہو جاتا ہے۔

بیلاڈونا ۳۰

اگر ایکونائٹ یا سلفر سے مریض کو آرام نہ آئے تو بیلاڈونا دیں تیز بخار کے ساتھ غنودگی ہو آنکھیں اور چہرہ سرخ تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد مریض نیند میں چونک پڑے ایکونائٹ کی طرح گھبراہٹ بے چینی نہیں ہوتی بلکہ مریض غنودگی کی حالت میں پڑا رہتا ہے ایکونائٹ کی طرح زیادہ پیاس نہیں لگتی کنپٹیوں کی شریانیں اور دوسری نسیں بہت زور کے ساتھ پھڑکتی ہیں

جبکہ تیز بخار کے ساتھ جلد خشک ہو۔ پسینہ صرف ڈھکے ہوئے حصے پر آئے دوران خون سر اور چھاتی کی طرف زیادہ ہو اور نچلے حصے یعنی ٹانگوں کی طرف کم ہو اور تیز بخار کے ساتھ بیہوشی یا سرسامی حالت میں مفید ہے بچوں میں نمونیا کے پہلے درجہ STAGE OF CONGESTION کے لئے اکسیر ہے۔

فیرم فاس

نوجوانوں کی نمونیا میں ایکونائٹ اور بیلاڈونا کا درمیانی درجہ رکھتا ہے کیونکہ ایکونائٹ کی طرح اس میں بے چینی اور گھبراہٹ نہیں ہوتی اور نہ بیلاڈونا کی طرح اس میں سرسامی حالت یا غنودگی ہوتی ہے۔

برائی اونیا

نمونیا کے مرض میں جب چھاتی میں درد ہونے لگے اور اس درد کو دبانے یا ماؤف حصہ کی طرف لیٹنے سے آرام ہو اور حرکت کرنے سے تکلیف ہو تو یہ دوا نہایت مفید ثابت ہوتی ہے نیز یہ دوا ذات الجنب یعنی PLEURISY کے لئے بھی تیر بہدف ہے اگر درد کے پیدا ہوتے ہی اس کا استعمال کیا جائے تو مریض نہ صرف بہت جلد شفایاب ہو جاتا ہے بلکہ اس میں مزید عارضہ یعنی PLEURISY WITH EFFUSION نہیں ہونے پاتا بخار کی تیزی کے ساتھ پیاس زیادہ ہو اور خواہش گلاس بھر کر پینے

کی کرے اور پیچ گھونٹ گھونٹ مریض کا حلق زبان ہونٹ بالکل خشک ہوں خشکی کی وجہ سے ہونٹ پھٹے نظر آتے ہیں۔ اور مریض ان کو تر کرنے کے لئے بار بار ان پر زبان پھیرتا ہے۔
اگر اس دوا سے کچھ آرام ہو کر فائدہ رک جائے اس فائدے کو مکمل کرنے کے لئے سلفر..۲ کی واحد خوراک سے چھتیس گھنٹہ کے اندر پورا پورا آرام ہو جاتا ہے۔

ڈاکٹر کینٹ

ناک کی غدد کا کامیاب نسخہ

یہ گلٹی نتھنے کے اندر پیدا ہوتی ہے اس کے بڑھ جانے کے سبب بچے ناک سے سانس نہیں لے سکتے اور منہ کھول کر سوتے اور نیند میں خراٹے لیتے ہیں اس مرض میں عموماً اپریشن کامیاب نہیں ہوتا۔ میں اس مرض کا علاج ٹیوبرکولینم ۲۰۰ سے کرتا ہوں اور اس مرض کو ٹھیک کر دیتا ہوں کئی دفعہ تو ایک ہی خوراک سے مرض ٹھیک ہو جاتی ہے۔

برائے اپھارہ (نفخ)

لائیکو پوڈیم اپھارہ (نفخ) کے لئے بے نظیر دوا ہے جب کہ

بکثرت ہوا کا اخراج پاخانے کے راستے ہو ایک دو لقمے کھانے سے طبیعت سیر ہو جائے پیٹ میں بوجھ کا احساس ہو کھانے کے بعد پیٹ ڈھیلا کرنا پڑے اِن علامات کے لئے یہ دوا اکسیر ہے۔

ڈاکٹر ڈیوی

برائے اسقاط حمل

جن عورتوں کو ہمیشہ تیسرے مہینے اسقاط ہو جاتا ہو چمکدار سرخ اور منجمد خون خارج ہوتا ہو اُن کے لئے سبائنا نہایت مفید دوا ہے۔

ڈاکٹر جی ڈبلیو لارنس

نمونیا کے مریضوں کے لئے میرا بہترین نسخہ فیرم فاس یا دیریٹرم ورائیڈ ہے اِن دونوں کے استعمال سے مریض ہمیشہ وقت سے پہلے شفایاب ہو جاتا ہے۔

ڈاکٹر کلارک

برائے قے و متلی حمل

اگر حاملہ کو قے ایکائیاں جی متلانا تینوں علامات بہت شدید ہوں آرام سے تکلیف کم ہو خوراک کے خیال سے یا بو سے تکلیف بڑھے ۔ اِن علامات میں کمہاری کا رس نمبر ۲۰ کی ایک خوراک ہر تیسرے روز صبح خالی معدہ دیں اور تین چار خوراکیں دیں ۔

کالی کھانسی کی اکسیر دوا

ہرٹوسین نمبر ۳۰ کالی کھانسی کے لئے نہایت بے نظیر دوا ہے ۔ اکثر کیسوں میں یہ دوا مرض کا کورس کم کر دیتی ہے یہ دوا آغاز مرض میں استعمال کرنی چاہیئے ۔

ڈاکٹر ہوجز

پیٹ کے کیڑوں کی مجرب دوا

ٹیوکریم مدر ٹنکچر پیٹ کے کیڑوں چرنوں کدو دانوں اور مقعد

میں زبردست خارش کے لئے نہایت مفید ثابت ہوتی ہے۔

برائے ذیابیطس

یورینیم نائٹریکم ۳x ذیابیطس کے لئے مجرب دوا ہے جبکہ یہ مرض معدہ کی خرابی کے سبب ہو بھوک پیاس زیادہ لگنے پر بھی مریض لاغر ہوتا جاتا ہو سستی کمزوری بے حد بڑھ گئی ہو ان علامات میں یہ دوا فوراً اپنا اثر دکھاتی ہے۔

ڈاکٹر جہار

برائے پرسوتی بخار

ابتدائی حالت میں جبکہ تیز بخار ہو بے چینی اور پیاس ہو ایکونائٹ نہایت مفید ثابت ہوتی ہے۔

بندش حیض کی مجرب دوا

پلسٹیلا ۳x عورتوں کے لئے مشہور دوا ہے تکلیفات حیض کی زیادہ تر مرلیضائیں اسی دوا سے ٹھیک ہو جاتی ہیں۔

مخصوصہ علامات

ترشیات و بدمزہ اشیاء کھانے کی شوقین کھلی ہوا کی خواہش

ذرا ذرا سی بات پر رو دینے والی پاؤں بھگو دینے سے بندش حیض ہو۔ خون رک رک کر آئے ایک آدھ دن رہے دیر سے آئے ان علامات میں یہ دوا نہایت کامیاب ثابت ہوئی ہے۔

ڈاکٹر فرنگٹن

بخاروں کی بے نظیر دوا

بپ ٹیشیا ×۳

اس دوا کا زیادہ تر استعمال ہر وقت چڑھے رہنے والے بخاروں میں اور بہت کمزوری میں بکثرت ہوتا ہے دھیمے دھیمے ہر طرح معیادی بخاروں میں پہلی سٹیج میں جبکہ مریض بے خبری میں پڑا رہے پیشاب بدبو دار اور سیاہ رنگ پاخانہ پسینہ اور منہ سے بدبو آئے زبان کا رنگ سیاہ ہو دانت تک سیاہی چڑھ جائے اگر بپ ٹیشیا کو تپ محرقہ میں باقاعدہ شروع سے آخر تک استعمال کیا جائے تو عوارضات پیدا نہیں ہونے دیتا اور بیماری کا عرصہ بالکل کم کر دیتا ہے بلکہ بیماری کا خاتمہ کر دیتا ہے جو کہ حیرانی سے خالی نہیں۔

نوٹ۔ بپ ٹیشیا کے علامات ہوتے ہوئے اس سے پورا فائدہ

نہ ہو تو آرسینک اور رسٹاکسی دینا چاہیئے۔

نمونیا اور تپ دق کی مجرب دوا

جن بچوں یا آدمیوں کو موسم سرما میں بار بار نمونیا کا حملہ ہوتا ہو اُن کے لئے فاسفورس مفید ہے اگر ان بچوں یا آدمیوں کی فیملی ہسٹری یا گذشتہ ہسٹری لی جائے تو ان میں تپ دق کا اثر موجود ہوتا ہے۔ فاسفورس نہ صرف تپ دق کے مادے کو دور کرتی ہے بلکہ نمونیا کو ہمیشہ کے لیے ختم کردیتی ہے ایسے مریضوں کو ببسی لینم ۲۰۰ کی ایک خوراک مہینے میں ایک دفعہ دینا بھی مفید ثابت ہوتا ہے۔

اکسیر احتلام

ڈی۔جی ٹیبلین ۳x احتلام بنا خواب یا ہمراہ خواب کیلئے اکسیر ہے۔

ڈاکٹر ہیرنگ

خسرہ کی کامیاب دوا

کیمفر ۳x خسرہ کی کامیاب دوا ہے۔ جب جسم ٹھنڈا ہونے لگے

نبض کمزور ہو تو یہ دوا اپنا فوراً اثر دکھاتی ہے۔

ڈاکٹر مورگن

ڈفتھیریا بالکل نہیں ہوگا

ڈفتھیریا (خناق وبائی) جب وبائی صورت میں پھیل جائے تو جس شخص کو ڈیکاسیس ۲ ت کی صرف ایک خوراک علی الصباح خالی معدہ ہر چھٹے روز کھلا دیں گے اس کو یہ مرض ہرگز نہ ہوگی

ڈاکٹر جونز

عضو تناسل کی زبردست ایستادگی

کئی حضرات میں رات دن عضو تناسل میں ایستادگی رہتی ہے اور وہ اپنے آپ کو قوتِ باہ کے شہنشاہ سمجھتے ہیں۔ مگر حقیقت میں یہ ایک بیماری اور آنے والی زبردست کمزوری اور لاغری کا پیش خیمہ ہے۔ ایسے حضرات کے لئے پکرک ایسڈ ۳۰ بہترین دوا ہے۔

ڈاکٹر ولیم بورک ایم ڈی

(۱) مریض عمر ۳۵ سال کئی ہفتہ سے جونہی وہ کچھ کھاتا اس کو قے ہوجاتی۔ معدہ میں بوجھ اور چہرہ لال ہو جاتا۔ پانی کا ایک قطرہ یا خوراک اس کے معدہ سے قے کی صورت میں خارج ہوجاتی اس کو فیرم فاس چار چار گھنٹے بعد دی گئی۔ بارہ گھنٹے میں ہی قے آنی بند ہو گئی اور دوبارہ یہ تکلیف نہ ہوئی۔

(۲) ایک مریض کے بہت ٹھنڈا پانی پینے کے سبب مسوڑھے سخت سوج گئے اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ پھوڑا بن کر اُن میں پیپ پڑجائے گی۔ مریض کی تکلیف ناقابل برداشت تھی اس کو کلکیریا سلف ×۳ اڑھائی رتی کی تین چار خوراکیں دی گئیں۔ مسوڑھے کے پھوڑے جن میں پیپ کا اندیشہ تھا خود بخود دب گئے اور مریض کو آرام آگیا

(۳) ایک نوجوان لڑکی کو کئی ماہ حیض نہیں آیا۔ نتیجہ کے طور پر اس کی چھاتی میں کئی امراض ہوگئیں اس کو کالی فاس صبح و شام چند روز دینے سے چند روز میں حیض باقاعدہ آنے لگا اور چھاتی کی امراض دور ہوئیں ایک بائیس سالہ عورت کو ایک سال سے حیض آنا رک جانے کے سبب اس کو سر اور آنکھوں کے کئی امراض ہوگئیں اس کو کالی فاس کی چھ خوراکیں روزانہ دی گئیں چھ دن دوا استعمال کرنے کے بعد اس کو سخت درد ہوا اور حیض جاری ہوگیا جو سات روز رہا اور اس کی تمام تکلیفات دور ہوگئیں۔

(۴) ایک ۵۲ سالہ مریضہ نہایت خوف زدہ حالت میں میرے پاس آئی اور کہا کہ ایک مشہور سول سرجن نے کہا ہے کہ اس کی چھاتی میں کینسر کا پھوڑا ہے اور مجھے فوراً اپریشن کرا لینے کا مشورہ دیا ہے تمام حالات دریافت کرنے اور مریض کو دیکھنے کے بعد میں نے اس کو کہا کہ تمہاری چھاتی کی سخت رسولی کھانے کی دوا سے خارج کر سکتا ہوں. میں نے چار اونس پانی میں کلکیریا فلور 3x کی پانچ دس ٹکیاں حل کر کے مریضہ کو دیں اور ہدایت کی کہ اس دوا میں کپڑے کی گدی کو تر کر کے رسولی کے مقام پر رکھے اور ہر تیسرے گھنٹے کے بعد تازہ گدی رکھ دے اور یہی دوا ½ ۲ رتی کی مقدار میں تین بار کھانے کو دیں۔ ایک ہفتے تک یہ دوا کھانے کے بعد رسولی چوتھائی حصے کم ہو گئی تھی۔ چھ ہفتہ اس دوا کے کھانے اور بیرونی استعمال سے رسولی ٹھیک ہو گئی۔

ڈاکٹر ای۔ ایچ ہول برک ایم ڈی

مسہ خشک ہو کر گر پڑا

پچھلی گرمیوں میں میری لڑکی بوجہ بیماری سے واپس آئی۔ ہاتھ پر بڑا مسہ تھا چند دن بعد بخار آنے لگا۔ بخار کا سبب گرمی کی زیادتی خیال کرتے ہوئے میں نے اس کو نیٹرم سلف 3x دی مگر

لڑکی کو آرام نہ آیا کچھ دن بعد لڑکی کو پیلیا یعنی یرقان کی مرض ہوگئی اور اس کی حالت بہت بگڑ گئی۔ تب میں نے اس کو کالی میور ۳× دینی شروع کر دی لڑکی کو فوراً فائدہ ہونے لگا۔ اور کچھ دنوں میں ہی اچھی ہوگئی۔ چند خوراکوں سے ہی یرقان کی مرض گھٹنے لگی اور مسّہ بھی خشک ہو کر گر گیا۔

ڈاکٹر ڈیوس ایم ڈی

(۱) میرے پاس ایک مریضہ لائی گئی جس کے رحم سے بہت خون آرہا تھا ہر ماہ اس کو اتنی کثرت سے حیض خارج ہوتا کہ کثرت حیض کے سبب اس کی موت کا اندیشہ ہو جاتا۔ لیڈی ڈاکٹر سے امتحان کرانے پر معلوم ہوا کہ اس کا رحم بہت سخت ہے اور اتنا بڑا ہو گیا ہے کہ اس نے تمام فرج کو ڈھک لیا ہے۔ اس کو چھ سال پہلے بچہ پیدا ہونے کے بعد یہ تکلیف ہوئی تھی۔ وہ بدن کے پوشیدہ اعضاء میں زیادہ بوجھ محسوس کرنے لگی میں نے اس کو چار چار گھنٹے بعد کلکیریا فلور دینا شروع کیا جس سے چار پانچ ہفتوں میں بچہ دانی اپنی درست حالت میں آگئی پانچ سال گذرنے پر بھی اس کو دوبارہ مرض نہیں ہوا۔

(۲) ایک لڑکی کے دونوں پاؤں پر گذشتہ چار سال سے زخم تھے جن سے پیپ و مواد خارج ہوتا رہتا تھا۔ خارش ...... درد کرنے والے تھے ان کی پیپ سے اور زخم بن جاتے کبھی بند

ہو جاتے پھر اُن میں ورم ہو جاتا زخموں میں درد کے سبب
لانٹ کو نیند نہ آتی حرکت کرنے سے زخموں کی تکلیف بڑھ جاتی
اس کو سلیشیا × ۳ کلکیریا فاس × ۳ ہر دو کی تین تین خوراکیں کھانے
کو دی گئیں پاؤں پر فلالین کی پٹی باندھ دی گئی چار ہفتہ میں تمام
زخم بالکل ٹھیک ہو گئے۔

ڈاکٹر پامر ایم ڈی

لڑکی عمر ۵ سال ہڈیوں کا پنجر چہرہ زرد ڈراؤنا زندہ رہنے
کی کوئی امید نہ تھی۔ مزاج چڑچڑا سر کے بال جھڑ چکے تھے اور دلچسپی نہیں
اپنا بستر تنگ اونچا نہ کر سکتی روشنی میں آنکھیں کھولنے سے تکلیف ہوتی
مُنہ کا ذائقہ خراب گلے پڑے ہوئے کھانا کھانے کے بعد معدہ میں
درد ہوتا جس کی وجہ سے کم کھاتی پیشاب کا رنگ بہت گہرا زرد
اور بار بار آتا جوڑوں میں درد بدبو دار لیکوریا آسانی سے تھک
جاتی اس کی ہڈیاں کمزور چھوٹی اور آسانی سے توڑی جاسکتی تھیں
اس کو کلکیریا فاس × ۳ کی خوراکیں دو دو گھنٹہ بعد دی گئیں پہلی خوراک
سے ہی اس کی حالت بہتر ہونے لگ گئی اور تھوڑے عرصے میں موٹی
تازی ہو گئی۔ اس مرض میں یہ دوا کبھی فیل نہیں ہوتی۔

ڈاکٹر گریس

ایک گیارہ سالہ مریض کے والدین میں خنازیر (گنڈ مالا) کا مادہ تھا مریض گونگا اور دماغی طور پر بے وقوف بچپن سے سخت قبض رہتی۔ اس کو تین چار ہفتے تک پاخانہ نہ آتا نیٹرم میور ۳x کی چند خوراکیں روزانہ کھلانے سے اتنی سخت قبض چند ہفتوں میں دور ہو گئی۔

ڈاکٹر ڈوگلس ایم ڈی

(۱) ایک مریض کو دمہ کے دورے دس دس دن تک رہتے سانس مشکل سے آتا بات کرنی مشکل ہو جاتی گاڑھی زرد بلغم نہایت مشکل سے خارج ہوتی اور چھاتی میں کھڑکھڑاہٹ رہتی کالی سلف ۳x کی چند خوراکوں سے اس کی تکالیف دور ہو گئیں۔

(۲) ایک حاملہ عورت ایلبومنوریا (سفیدی لیس دار پیشاب آنا) کے سبب یکایک اندھی ہو گئی اس کو کالی فاس کھلاتے رہنے سے اس کی آنکھوں میں بصارت آ گئی اور پیشاب کی تکلیف بھی دور ہو گئی۔

ڈاکٹر کیبل ہول

بچوں کو دانتوں کی تکلیف سے بچانے کے لئے میرا اصول علاج

یہ ہے کہ حاملہ عورت جس کو پانچ چھ ماہ کا حمل ہوتا ہے۔ اس کو کلکیریا فاس ۳x صبح و شام روزانہ کھلاتے رہنے کی ہدایت کرتا ہوں اس سے حاملہ کے دانت خراب نہیں ہوتے حمل کے دوران اس کی صحت اچھی رہتی ہے اس دوا کے اثر سے اس کے بچہ کو دانت نکالنے میں کوئی تکلیف نہیں ہوتی۔

ڈاکٹر ایم ڈی واکر

پاؤں کٹنے سے بچ گیا

ایک سولہ سالہ لڑکی کے پاؤں کی ہڈی میں کوئی ایسی بیماری تھی کہ جس کو قابل سے قابل ڈاکٹر ٹھیک نہ کر سکے آخر کار کسی قابل سرجن نے پاؤں کٹوانے کی صلاح دی اس کے والدین کو کسی نے میرا پتہ بتلایا لڑکی میرے پاس لایا گیا میں نے اس کو سلیشیا ۶x کی خوراکیں گھنٹہ گھنٹہ بعد دینی شروع کر دیں۔ اور سلیشیا کو پانی میں حل کر کے لوشن میں لنٹ تر کر کے زخم پر لگانا شروع کیا پانچ دن میں مریض کو آرام آ گیا اور پاؤں کاٹنے کی ضرورت نہ پڑی۔

ڈاکٹر ای۔ ایچ ہیل ایم ڈی

زیادتی حیض کی اکسیر دوا

ایک مریضہ کو حیض بکثرت اور بہت دن تک آتا تھا جس سے مریضہ کمزور ہوتی جاتی تھی میں نے اسے فیرم فاس ۳× دینی شروع کی جس سے چند خوراکوں میں مریضہ کو آرام آگیا۔ حقیقت یہ تھی کہ مریضہ کا خون بہت پتلا ہو گیا تھا جس سے زیادتی حیض کی تکلیف ہو گئی تھی۔

ڈاکٹر سشلر

(۱) برلن میں ایک شخص کو سردی لگ جانے کے سبب سخت بخار ہو گیا اس کا کندھا سخت درد کرتا کہ وہ تکیوں پر بھی کندھا نہ رکھ سکتا سخت بائیں کندھا لال اتنی درد کہ مریض ہاتھ نہ لگانے دیتا اس کو ۸ رتی فیرم فاس ۳× پانی میں حل کر کے دیا گیا اور ایک گھنٹہ بعد ایک چھوٹا چمچہ دینے کو کہا گیا چند گھنٹے ہی اس کی تکلیفیں گھٹنی شروع ہو گئیں وہ رات بھر آرام سے سویا تیسرے روز وہ کندھا ہلانے کے قابل ہو گیا اور تھوڑے

عرصہ میں بالکل تندرست ہو گیا۔

(۲) ایک ۴۶ سالہ عورت کو کھڑا ہونے پر سر میں زور سے چکر (VERTIGO) آنے وہ کھڑا ہوتے ہی ایسا محسوس کرتی کہ چکر وں کے سبب گر پڑے گی اس لئے ڈر کی وجہ سے لیٹی رہتی۔ کافی ایلوپیتھک ادویات ناکامیاب ہو چکی تھیں میں نے صبح وشام اس کو کالی فاس کی دو خوراکیں دیں دو چار خوراکوں سے مریضہ کی حالت بدل گئی اور وہ گھر کا تمام کام کاج اور سیر کرنے کے قابل ہو گئی۔

ڈاکٹر فرینک مل ایم ڈی

گرمی کے ایام میں ایک نوجوان لو لگ جانے کے سبب بے ہوش ہو گیا چہرہ لال۔ سانس مشکل سے آتا نبض تیز اس کو ایلوپیتھک دوا ایمل نائٹریٹ سونگھانے سے قدرے ہوش ہوئی اس کو دو دو گھنٹہ بعد نیٹرم میور ۳× دینی شروع کی گئی جس سے وہ بالکل تندرست ہو گیا

ڈاکٹر وائیلڈ

ایک ۳۵ سالہ مریضہ کو گذشتہ تین سال سے دن کے وقت

بہت زیادہ مقدار میں پیشاب خارج ہوتا اور خود بخود پیشاب نکل جاتا۔ رات کو اتنی تکلیف نہ ہوتی اس کی صحت دیکھنے میں اچھی تھی۔ فیرم فاس ×۳ دن میں چار دفعہ دیا گیا جس سے ایک ہفتہ میں اس کا پیشاب خود بخود نکلنا رک گیا اور تین ہفتہ یہی دوا دیتے رہنے سے اس کی تین سالہ تکلیف دور ہو گئی۔

ڈاکٹر سہیل

درد دانت کی بے نظیر دوا

پلانٹیگو درد دانت کی بے نظیر دوا ہے۔ جب دانت ذکی الحس اور رخسار سوکھے ہوئے ہوں وقفہ کے بعد درد اٹھے اور مریض ماؤف حصہ کی طرف نہ لیٹ سکے تو یہ دوا بے حد مفید ثابت ہوتی ہے

ڈاکٹر بائٹر

ابتدائی سوزاک کی مجرب دوا

آغاز مرض میں مرک کار ×۳ نہایت مفید دوا ہے جب سوزش

سرخی جلن شدید بے چینی مواد بکثرت اور ساتھ بخار بھی ہو یا نہ ہو تو یہ دوا اپنا فوری اثر دکھاتی ہے۔

ڈاکٹر رڈک

ابتدائی آتشک کی کامیاب دوا

آتشک کا مریض اگر شروع مرض میں ہی آجائے تو آپ اُسے مرگ سالی ۲x سے ٹھیک کرسکتے ہیں۔ تمام حکمتوں میں یہ بہت افضل دوا ہے۔

ڈاکٹر کاپرویٹ

بندش حیض کی لاجواب دوا

سمی سسی فیوگا ۱x۹ بندش حیض کے لئے لاجواب دوا ہے اس کی مخصوص علامات یہ ہیں عصبی مزاج ہسٹریکل مزاج نیچے کی طرف بوجھ کا احساس پیڑو کے ارد گرد درد۔ حیض دب گیا ہو یا دیر سے آئے نے خمیدہ الرحم میں درد یں رانوں میں درد یں اور نلوں میں درد یں

ہوں تو یہ دوا نہایت مفید ثابت ہوئی ہے۔

ڈاکٹر ٹائمبر

پرانے سوزاک کی کامیاب ترین دوا

وہ لوگ جن کو بار بار سوزاک ہو چکا ہو اور سوزاک کی مرض کے سبب نامردی وجریان کی امراض ہوگئی ہوں سوزاک کی درمی کیفیت ختم ہوگئی ہو۔ ایستادگی اور قوت باہ بالکل ندارد ہو تو دوا "اگنس کاسٹس" کی چند خوراکیں مریض کو اِن تمام امراض سے مکمل طور پر صحت یاب بنا دیتی ہیں یہ دوا قرحہ اور خصیوں کے پتھر کی طرح سخت ہوجانے کے لئے دنیا بھر میں شہرت رکھتی اور بہترین دوا سمجھی جاتی ہے۔

ڈاکٹر لیونارڈر

بار بار پھوڑے پھنسیاں نکلنے کی اکسیر دوا

اگر کسی مریض کو بار بار پھوڑے پھنسیاں نکلتے رہتے ہوں تو ان کو

روکنے کے لئے "پائیروجینیم تمت ۲" استعمال کرائیں اس دوا کی ایک ہی خوراک سے مریض کا خون صاف ہونے لگ جاتا ہے اور پھوڑے پھنسیوں کا نکلنا بند ہونا شروع ہو جاتا ہے اگر خون میں کسی قسم کا تعفن موجود ہو تو وہ بھی دور ہو جاتا ہے طب ہومیو پیتھی میں اسے پینی سلین جیسا مفید بیان کیا جاتا ہے۔

ڈاکٹر عبدالغفور

سوئی یا کانٹا بلغیر اپریشن خارج

مریض کے گلے میں مچھلی کا کانٹا پھنس جانے یا جسم کے کسی حصے میں سوئی کیل وغیرہ چلے جانے پر چار چار گھنٹے بعد اس کو سلیشیا ۳x کی خوراکیں دیتے رہیں۔ سوئی یا کانٹا راستہ پا کر جلد سے جلد خود بخود خارج ہو جائے گا۔

ڈاکٹر کانشی رام

سوزاک اور پیشاب کی امراض

جب پیشاب کی تمام نالی میں سخت گرمی اور جلن محسوس ہو جلن

تمام نالی سے فوطوں تک آجائے پیشاب کی نالی میں ورم آگ کی طرح جلن پیشاب کی نالی سے خون خارج ہو۔ پیشاب کی نالی تنگ ہو گئی ہو پیشاب میں رکاوٹ ہو عضو تناسل کے گھونگھٹ پر زخم جو پہلے چھوٹا بعد بڑا ہو کر پیالے کی شکل کا ہو جائے۔ جماع کرنے کی طاقت ندارد۔ شہوت کی کمی۔ خصیوں میں سوئی چبھنے جیسا درد ہو۔ ارجنٹم نائٹریکم ۶ یا ۳۰ دینے سے یہ تمام تکالیف چند یوم میں شرطیہ دور ہو جائیں گی۔

خصیوں کا ورم

جب خصیوں میں بہت ورم ہو جائے۔ خصیے پتھر کی طرح سخت ہو گئے ہوں۔ ایسا محسوس ہو جیسا کہ کوئی خصیوں کو بھینچ کر دبا رہا ہو تو روڈوڈنڈرن RHODODENDRON ۳-۶ یا ۳۰ دینا شروع کر دیں اور چند یوم میں اس کے کرشمے دیکھیں۔

عضو تناسل کے نقائص دور کرنے کے لئے بہترین تیل

نسخہ۔ آرنیکا ٹنکچر ۳۰ قطرے کنتھرڈیس ٹنکچر ۳۰ قطرے۔ کیلنڈولا ٹنکچر ۳۰ قطرے آلیو آئل (زیتون کا تیل) ۱-۱ اونس ۔ ان سب ادویات کو آپس میں اچھی طرح ملا لیں اور حشفہ و سیون چھوڑ کر اس کی صبح و شام مالش کیا کریں۔

فوائد محبلو فوں کے لئے نہایت مفید ہے۔

ایک ہی خوراک میں بوالہوسی دور

فلورک ایڈ خصوصاً ان آدمیوں کے لئے مفید ہے جنہوں نے بیویوں یا داشتہ مستورات کو ہر دفعہ جوتیوں کی طرح تبدیل کیا ہو یہ حالت ان آدمیوں میں پائی جاتی ہے جن کو کبھی ایک عورت سے تشفی نہیں ہو سکتی اس لئے وہ مسلسل عورتوں کو تبدیل کرتے رہتے ہیں۔ اور ان کی حالت بدتر سے بدترین ہو جاتی ہے ایسے ہی مردوں کے لئے فلورک ایڈ اکسیر دوا ہے۔ یہ دوا ایسے مردوں کو بھی "پکرک ایڈ" اور سیپیا کی طرح مفید ہو سکتی ہے۔ جو ایک عورت کے ساتھ محبت نہ کرکے یکے بعد دیگرے بہت عورتوں کے پاس جاتے ہیں اور ان کے اندر بوالہوسی کی حالت پیدا ہو جاتی ہے وہ گلی کوچوں میں کھڑے ہو کر گذرنے والی عصمت دار عورت پر اپنی نظر بد ڈالتے ہیں یہ ہر سہ ادویہ دل کی اس کمزوری کو اور نظام کی بے قاعدگی سے پیدا شدہ بوالہوسی کو درست کر دیتی ہے اور ایکبار پھر ان گرے ہوئے انسانوں کی ذہنیت کو درست کرکے انسان بنا دیتی ہیں فلورک ایڈ نہ صرف ایسے عیاشوں کے لئے مفید ہے بلکہ ان نیک سیرت انسانوں کے بھی کام آتا ہے جو فقط اپنی پیاری بیوی کے ساتھ وقت گذارتے ہیں بعض اوقات ان کو اپنے پیارے بچوں اور عزیزو اقارب سے نفرت پیدا ہو جاتی ہے گویا یوں کہنا چاہیئے کہ

ان کے اندر نیکی کی سیرت مفقود ہو جاتی ہے اور وہ ایک نیک باپ نیک شوہر یا نیک دوست کی بجائے ایک بدخصلت انسان بن جاتے ہیں۔ اور وہ اس حالت میں اپنا گھر چھوڑ کر دوسری جگہ جانا چاہتے ہیں گھر اُن کو کاٹنے دوڑتا ہے۔ کتابوں میں ایسے انسانوں کے لئے فلورک ایڈ کا یہ نشان ملتا ہے۔ ان عزیز و اقارب سے بے پرواہی جن سے مریض بے حد محبت کرتا رہا ہے "سیپیا" میں بھی یہی کیفیت ملتی ہے مگر "سیپیا" صرف مستورات کے لئے ایسی حالت میں مفید ہوا کرتی ہے۔

ڈاکٹر رگھبیر سہائے بھارگو

بواسیر کا علاج

فیرم فاس × ۳ب کلکیریا فلور × ۳ب جب خون میں سوزش ہو تبض ہو چمکدار خون خارج ہوتا ہو بیٹھ کے آخری حصہ میں درد ہو درد سر ہو بخار ہو یا نہ ہو۔ کالی میور × ۳ب جب بواسیر سے گاڑھا اور سیاہ خون خارج ہوتا ہو کالی فاس × ۳ب جب مسّوں میں زخم ہوں بواسیر ہو ہر وقت خارش محسوس ہو درد نہ ہو تو یہ عمدہ دوا ہے۔ مگنیشیا فاس × ۶ جب بواسیر میں بہت تیز ناقابل برداشت درد ہوتا ہو گرم پانی میں دوا ہذا کا لوشن بنا کر تر رکھنا بھی مناسب ہے۔

نیٹرم میو ×۳۰ جب پیشاب کی نالی میں بواسیر میں کانٹے و چھٹے کاسا درد ہو یا خانہ کے مقام پر جلن ہو چاروں طرف دانے ہوں پاخانہ سخت زبردار قبض کے ساتھ خارج ہوتا ہو۔
سلیشیا ×۳۰ جب فوطہ یا مقعد تک درد ہوتا ہو۔ مسّے اندر نہ جاتے ہوں۔ خارش ہو۔

خاص تجربہ

کلکیریا فلور ۲۰۰ کی پانچ گرین کی ایک خوراک ہر تیسرے روز دینے سے نہایت عمدہ نتیجہ ظاہر ہوا ہے اگر خون زور سے آتا ہو تو فیرم فاس ۲۰۰ باری کے ساتھ دینا چاہیئے۔
پرہیز۔ زیادہ سخت دھوپ میں پھرنا۔ گرم ثقیل غلیظ اشیاء آلو۔ بینگن ہری مرچ گرم مسالحہ چائے انڈا وغیرہ۔
غذا۔ دال مونگ چپاتی کھچڑی لبکٹ کدو۔ خرفہ۔ پالک ٹنڈا۔ وغیرہ۔

ڈاکٹر شبو سہائے بھارگو

امراض چشم کی لاجواب دوا

اگر آنکھوں کے پپوٹے لال سوجے ہوئے ہوں گکرے،

(زو بہہ اپڑ گئے ہوں آنکھوں سے پانی اور گیلا (گاڑھا لیس دار مواد) خارج ہوتا ہو سوجن ہو سخت درد ہو کاسٹک لوشن لگوانے پر بھی آرام نہ آیا ہو تو ار جنٹیم نائٹریکم ن ۲۰۰ کے دو تین قطرے دو تولہ پانی یا تھوڑی سی ملک شوگر میں ملا کر علی الصباح خالی پیٹ مریض کو کھلا دیں۔ ایک ہی خوراک سے آنکھوں کی تکلیفات کافی دور ہو جائیں گی۔ اس دوا کا اثر دو دن تک رہے گا۔ دو دن چھوڑ کر صبح سویرے دوا کی دوسری خوراک کھلا دیں مجرب اور آزمودہ نسخہ ہے۔

ڈاکٹر دولت سنگھ

جسمانی کمزوریوں اور نامردی کی مشہور عالم دوا

ڈامیانہ نامردی کی مشہور عالم دوا ہے خواہ یہ نامردی کثرت جماع۔ بچپن کی غلط کاریوں یا آتشک سوزاک کی وجہ سے ہو عورتوں اور مردوں کے مخصوص اعضا کی تمام کمزوریوں کی یہ سب سے اعلیٰ دوا ہے۔ بچپن کی غلط کاریوں یا حیوانی کی بے اعتدالیوں کی وجہ سے اگر اعضائے تناسل کمزور ہو گئے ہوں دماغی طاقت ختم ہو خشکی ہو کمر میں درد رہتا ہو۔ منی خود بخود خارج ہو جاتی ہو منی پتلی ہو گئی ہو۔ بڑھاپے میں پراسٹیٹ گلینڈ بڑھ جانے کے سبب

پیشاب بوند بوند آتا ہو۔ عورتوں کو حیض مقررہ وقت پر نہ آتا ہو اور لیکوریا کی شکایت ہو تو اس دوا کی پہلی خوراک اپنا اثر دکھاتی ہے۔ نیز یہ دوا ٹانک بھی ہے۔ جب جسمانی یا دماغی محنتوں کے سبب نروس سسٹم کمزور ہو چکا ہو تو اس دوا کے استعمال سے جملہ خرابیاں دور ہو جاتی ہیں۔

ڈامیانہ مدر ٹنکچر کے دس پندرہ قطرے آدھی چھٹانک پانی میں ملا کر دن میں دو مرتبہ دیں۔

ڈاکٹر رام لال بیری

گلے پڑنا۔ ٹانسلائیٹس

مجرب علاج یہ ہے کہ سب سے پہلے بیسی لینم ۱۰۰۰ کی ایک خوراک چار یا پانچ بوند تازہ پانی میں ڈال کر پلا دیں دوسرے روز برائٹا کارب ۳۰ دو خوراک روزانہ اور ساتھ بائیو کیمک مرکب نسخہ۔ کالی میور۔ نیٹرم میور۔ کلکیریا فلو ۶× مرکب تینوں دواؤں کا اس میں سے دو خوراک روزانہ یعنی دو خوراک برائٹا کارب ۳۰ اور دو خوراک اس مرکب نسخہ کی کل ۴ خوراک روزانہ دیں اور ساتویں روز برائٹا کارب ۱۰۰۰ کی ایک خوراک دے دیں۔ پھر ساتویں روز بیسی لینم ۱۰۰۰ کی

پھر ساتویں روز برائٹا کارب ۲۰۰ کی اس طریقے سے باری باری دیتے رہیں مسلسل ایک دو ماہ یہ علاج جاری رکھیں اس سے بلا اپریشن مرض ٹھیک ہو جائے گا۔

ڈاکٹر ایس ایم شرف الدین

(۱) دماغی کام کرنے والوں کے لئے ایسڈ فاس Q تھوڑے پانی میں پانچ قطرے فی خوراک۔ دن میں تین بار استعمال کریں بہت مفید ہے

(۲) جن کے ہاضمہ کا فعل خراب ہو وہ صبح کو سلفر ۳۰ ایک قطرہ تھوڑے پانی میں ٹپکا کر پئیں اسی طرح شام کو نکس وامیکا ۳۰ تقریباً دو تین ہفتے تک پئیں دوسرے ہفتے میں کلکیریا کارب ۳۰ دیں۔

(۳) دھوپ کی وجہ سے اگر سر میں درد ہو تو گلونائن ۳۰ یا نیٹرم میور ۶x استعمال کریں۔

(۴) نوجوانوں کے چہرے پر کیل یا مہاسے زیادہ ہوں تو کالی برومیٹم ۳۰ ایک قطرہ فی خوراک دن میں تین بار دیں۔

(۵) اسقاط حمل کا خدشہ ہو اور رحم سے درد کے ساتھ خون جاری ہو جائے تو وائی برنم ۳۰ ایک قطرہ فی خوراک تھوڑے پانی کے ہمراہ دو دو گھنٹے بعد دیں۔

(۶) کٹے ہوئے زخم پر کلنڈولا لوشن لگائیں زخم کو جلد آرام ہوگا۔

(۷) کان کے درد میں مولین آئل پانچ سات قطرہ کان میں ڈالیں

(۸) آشوب چشم میں اگر آنکھیں سرخ ہوں اور درد کے ساتھ آنکھوں سے بکثرت پانی آئے تو یوفریشیا Q کا لوشن آنکھوں میں ڈالیں اور ×۶ طاقت میں ایک قطرہ فی خوراک کھلائیں۔

ڈاکٹر ایم اے سعید

طب ہومیو پیتھی کی لاجواب دوائیں

اوری گینم

مستورات کے جنون عشق پوشیدہ اعصابی امراض کا اظہار انتہائی خواہش جماع مریضانہ عیاشانہ اور عشقیہ خیالات میں انہماک خواب میں فحش مناظر پستانوں کے عوارض مجلوق مریضوں میں ذوق مباشرت شدید جب عورت جماع کے بغیر نہ رہ سکے چال چلن خراب ہونے کا اندیشہ ہو یہ دوا ان امراض میں نہایت ہی کارآمد اور مفید ثابت ہوتی ہے اس کے علاوہ مردوں میں جلق کی عادت کو روکتی ہے۔

خوراک۔ مدرٹنکچر دوا کے چند قطرے دو تولہ پانی میں ملا کر صبح شام دیں۔

سابل سیرلولیٹا

ضعف باہ اور عامہ کمزوری جسمانی ساختوں کی تعمیر میں کمی سر معدہ
اور خصیتین الرحم کے عوارض غدہ قدامیہ بڑھ جانے پیشاب کی
جھلی اور غدہ قدامیہ کے نقائص جیسے کہ مکمل نہ ہوئے ہوں
سو لنے سے خوف معلوم ہو۔ کمزوری بے دلی بے خیالی دوران
سر کے ہمراہ سر درد خیالات پراگندہ ہمدردی سے نفرت کمزور
مریضوں میں عصبی درد۔ معدہ میں ترشی نفخ اور دودھ کی خواہش
مزمن سوزاک۔ رات کو پیشاب کی برابر خواہش رہے پیشاب
بے خبری میں نکل جائے۔
خوراک۔ مدر ٹنکچر کے ۱۰ سے ۳۰ قطرے ایک دو تولہ پانی میں ملا کر دیں

سلکس نائیگرا

شدید سوزاک کے ہمراہ شہوت بہت ہو نعوذ سوزاکی
اعضائے تناسل کی خراش کثرت شہوت جریان منی اور جلن
کے عوارض سوجا ہوا سرخ چہرہ ناک کا اختناق حصہ بالوں
کی جڑیں درد۔ عورتوں میں حیض وقت سے آگے خون حیض
بے شتی اور لیعہ عصبی فتور خفیفیں ہیں درد آنکھیں خون کی طرح
خوراک۔ مدر ٹنکچر کے ۲ قطرے ایک ۲ تولہ تازہ پانی میں ملا کر
دیں۔

سائنزی جیم جمبولینم

ذیابیطس جبکہ شکر پیشاب میں زیادہ مقدار میں پائی جائے یہ دوا شکر کی مقدار کو بہت جلد کم کرتی ہے جسم کے اوپری حصہ میں چبھتی ہوئی گرمی کا احساس چھوٹے چھوٹے سرخ دانے جن میں بہت کھجلی ہو پیاس زیادہ مریض سوکھتا جائے۔ کمزوری پیشاب زیادہ مقدار میں آئے۔ جسم پر ذیابیطس کی وجہ سے پرانے زخم یا پھوڑے ہوں۔

خوراک۔ مدر ٹنکچر کے ۱۰ سے ۵ قطرے فی خوراک ہر تین گھنٹے کے بعد ایک دو تولہ پانی میں ملا کر دیں۔

وائی برنم اوپولس

یہ عورتوں کی بیماریوں میں عام استعمال کی جاتی ہے ماہواری سے پہلے نیچے دبانے والے سخت درد۔ ٹانگوں میں درد۔ اتنا سخت درد کہ آرام سے نہ بیٹھ سکے۔ پیٹ کے نچلے حصے میں سخت درد ہو کر رحم تک جائے یا درد کمر سے اٹھ کر رحم میں ختم ہو۔ بند کمرے میں زیادہ۔ کھلی ہوا میں افاقہ۔ ماہواری کے دوران میں متلی۔ تشنجی درد ایسا محسوس ہو کہ بدن میں سانس نہیں رہے گا اور دل کی حرکت بند ہو جائے گی خون کم اور ہلکے رنگ کا آئے۔ جب بیٹھنے کی کوشش کرے تو غشی آجائے۔ ٹانگوں میں درد اور بوجھ ایسا محسوس ہو جس طرح ماہواری شروع ہو جائے گی۔

خوراک۔ مدر ٹنکچر ۵ سے ۱۰ قطرے ایک دو تولہ پانی میں ملا کر دن میں دو تین بار دیں۔

ڈاکٹر نظام الدین

تپ دق و سل کے مریضوں کی لاثانی ادویات جو مایوسی کی حالت میں اپنا کرشمہ دکھاتی ہیں

مندرجہ ذیل ادویات تپ دق و سل جیسے موذی مرض کے لئے لاثانی ثابت ہو چکی ہیں۔ تپ دق و سل کا مریض جب چاروں طرف سے مایوس ہو چکا ہو تو یہ ادویات استعمال کر کے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔

(۱) ٹیوبر کیولینم

ایک ہزار طاقت ہر پندرہ روز کے بعد ایک خوراک صرف اس دن کوئی دوسری دوا نہیں دی جاتی۔

(۲) بیسلینم ۲۰۰

ہر آٹھویں روز ایک خوراک صرف اس دن کوئی دوسری دوا

نہیں دی جاتی۔

(۳) کلکیریا فاس ۳۰

چار خوراک روزانہ ہر تین گھنٹے کے بعد

(۴) آرسینک آیوڈائیڈ ۳۰

دو خوراک روزانہ کھانا کھانے کے بعد

(۵) اگر دمہ کی شکایت ساتھ ہو تو:-

بلاٹا اورنٹیلس ۳۰ دیں

(۶) سلفر ۳۰ ہفتہ میں ایک بار ہومیوپیتھی کے ماہرین اندازہ لگا سکتے ہیں کہ یہ کس قدر لاجواب ادویات ہیں جو اصحاب ہومیوپیتھی سے تعلق نہیں رکھتے وہ ان کی ضرور آزمائش کریں۔

ڈاکٹر غلام نبی نظامی ایم ڈی ایچ

رحمت لسوال

ہومیوپیتھک طریق علاج کو آج تمام مہذب دنیا بہترین علاج تسلیم کر چکی ہے۔ دیگر ممالک کے علاوہ ہندوستان میں بھی یہ ہر دلعزیز

ہو رہا ہے۔ اس اصول علاج کے دشمن تک بھی تسلیم کر چکے ہیں کہ یہ علاج جنس لطیف اور بچوں کے لئے نہایت ہی مفید ہے چنانچہ ہم جنس لطیف کے لئے اسم باسمی النسخہ لکھتے ہیں جو رحم کی جملہ امراض۔ کمزوری رحم۔ انجماد خون۔ رحم کا ٹل جانا۔ الٹ جانا۔ قلت حیض عادت استقاط۔ بانجھ پن۔ غرضیکہ جملہ امراض نسوانی کے لئے چوٹی کی دوا ہے۔ کم عمر اور نوجوان مستورات کے لئے مائیہ ناز نہیں بلکہ مایۂ رحمت ہے بارہا کا تجربہ شدہ ہے۔

نسخہ۔ الٹریز فیری نوسا مدر ٹنکچر یا × ۳ طاقت کا جیسی کہ صورت مرض ہو لیا جائے مدر ٹنکچر کے تین سے پانچ قطرے یا × ۳ کا ایک قطرہ یا دو قطرے دو گھونٹ پانی میں ڈال کر صبح و شام رات کو سوتے وقت پلا دیں۔ استعمال دوا سے نصف گھنٹہ پہلے اور بعد میں کوئی چیز حتےکہ حقہ اور پان نہ کھائیں نہ پئیں اور نہ ہی کوئی خوشبودار چیز عطر تیل وغیرہ سونگھیں اور نہ کپڑوں پر لگائیں۔

ڈاکٹر دیوی دت شرما خوشدل

مجھے اپنے ایک عزیز کی شادی میں شمولیت کے لئے دہلی جانا پڑا جو نہی میں ان کے گھر پہنچا تو مجھے معلوم ہوا کہ دولھا کی بہن تین روز سے پیٹ درد میں مبتلا ہے۔ بہت سی ادویہ دی گئیں مگر درد میں کمی نہ آئی۔ اس لڑکی کے درد نے تمام اہل خانہ کو

پریشان کر رکھا تھا۔ میرے میزبان نے مجھے کہا کہ ڈاکٹر صاحب کیا کریں۔ یہ لڑکی تو تین یوم سے سو بھی نہیں سکی نہ معلوم کیا ہونے والا ہے۔ اور کوئی مناسب دوا تجویز کرنے کے لئے کہا گیا۔ میں نے لڑکی سے پوچھا کہ درد پیٹ میں کس جگہ ہو رہا ہے اس نے بتایا کہ پیٹ میں داہنی طرف درد ہے اور پیٹ کا دایاں حصہ تمام ہی درد محسوس کرتا ہے مجھے مختلف دیسی و انگریزی نسخہ جات دکھائے گئے میری توجہ فوراً پلسا ٹیلا کی طرف گئی۔ چنانچہ میں پلسا ٹیلا ۳x کی چار بوند چار اونس پانی میں ملا کر آٹھ خوراک بنا کر پندرہ پندرہ منٹ کے بعد دینی شروع کیں۔ سب گھر والے حیران ہو گئے کہ جب دوسری خوراک دی گئی تو پیٹ کا درد غائب ہو گیا اور لڑکی آرام کے ساتھ سو گئی۔

پلسا ٹیلا:۔ سوزش خصیہ۔ شدید سوزش مثانہ نزلی سوزش اذن۔ بچوں کا آمدچشم۔ خسرہ اور تو بنی بخاروں کے لئے بمنزلہ اکسیر ہے علاوہ ازیں پھوٹوں کے عوارض گوہانجنی وغیرہ میں مفید ہے۔ نیز پلسا ٹیلا رحم میں جنین کا اپنی جگہ سے ہٹ جانے پر استعمال کرانا جنین کو واپس اپنی جگہ پر لے آتا ہے استقاط حمل کی عادت کو دفع کرتا ہے۔ سوزاکی اوجاع مفاصل کے لئے مفید ہے فتور حیض کو دور کرتا ہے حاملہ عورت کے پاؤں کی سوجن حیض کی خرابی کی وجہ سے درد کمر وغیرہ امراض میں پلسا ٹیلا کا استعمال کرانا چاہیئے۔

آرسینک:۔ جو بخار دن کے بارہ بجے کے بعد یا رات کے بارہ بجے کے بعد آتے ہوں۔ وہ امراض جن میں بہت زیادہ جسمانی

درد اور بے قراری ہو لگاتار مریض جگہ بدلتا ہو موت کا خوف ہو۔ اور یہ خیال کرے کہ میں اکیلا ہی رہ جاؤں گا خودکشی کیطرف طبیعت کا رجحان ہو تو ایسی حالت میں آرسینک دینا مفید ہوتا ہے میں نے ایک لڑکے کا علاج جس کو رات کے بارہ بجے کے بعد بخار ہو جایا کرتا تھا۔ اور پانی کی پیاس بڑھ جاتی تھی مگر پانی تھوڑا تھوڑا پیا کرتا تھا آرسینک ۳۰ کی چند خوراکیں دیتے پر بخار کا خاتمہ کر دیا۔

دوران حمل یا شروع ایام حمل میں اکثر حاملہ کو قے اور ابکائی کی شکایت پیدا ہو جایا کرتی ہے تو ایسی حالت میں اپیکاک دینا اکسیر ثابت ہوتا ہے۔

جب مردوں میں استادگی کی طاقت نہ ہو نامردی ہو گئی ہو قبل از وقت انزال ہو جاتا ہو پراسٹیٹ بڑھ گئے ہوں۔ عورتوں کو اندام نہانی میں مجامعت پر درد ہوتا ہو سیلان الرحم کے ہمراہ اندام نہانی میں جلن محسوس ہو تو ایسی حالت میں لائیکو پوڈیم ۲ صرف ہفتہ میں ایک بار دینا مفید ہے۔

سلفر

ہومیوپیتھی ادویہ میں سلفر کو ایک خاص اہمیت حاصل ہے یہ عام طور پر اُن مرض امراض میں مفید پڑتی ہے جن کا آغاز گلٹیوں میں ہوا کرتا ہے۔ ہومیوپیتھی معالجین کے نزدیک سلفر ہر اُس مرض میں استعمال کی جاسکتی ہے جس میں اُن کی منتخب شدہ دوا مفید نہ پڑتی ہو۔ سلفر بالخصوص خارش اور دیگر ابھاروں کے اقسام کے دب جانے

کے بعد مستعمل ہے۔ جگر کے اجتماع خون کے دور کرنے کے لئے مفید ہے۔ نمونیا جب آخری درجہ میں ہو اس وقت سلفر دینا اکسیر ہے اس طرح ملیریا بخار کے بعد کی کمزوری کو بھی سلفر دور کرتی ہے پلورسی ایکسیوڈیشن کو رفع کرتی ہے جو رطوبات سوزش پردہ قلب میں پیدا ہو جاتی ہیں ان کے رفع کرنے میں مفید ہے۔ دموی مزاج والو کے لئے سلفر ایک بہترین دوا ہے امراض جلدی پھوڑے پھنسیاں نکلنے سے روکتی ہے۔ خنازیر میں مفید ہے۔ دمہ میں اکسیر ہے اور ہیضہ میں شافی ہے۔

ڈاکٹر ڈی۔ پی شرما

بچوں کا علاج

یرقان بچوں کے یرقان جبکہ ساتھ ہرے پیلے دست ہوں تو مرکیورس × ۳ دیں اگر یرقان کے ساتھ ملیریا کی کیفیت ہو تو آرسینک × ۳ یا چائنا × ۳ دیں قبض اور بھوک کی کمی کی صورت میں نکسوامیکا × ۳ دیں اگر پاخانہ پیشاب سخت زرد رنگ کے ہوں تو چلیڈونیم × ۳ دیں

ہرنیا۔ بچوں کے ہرنیا میں لائیکوپوڈیم × ۳ دیں۔ جب پیٹ

میں ریاح قبض کی شکایت ہو اور تکلیف دائیں جانب ہو تو نکس وامیکا ۳x اس کے لئے بہترین دوا ہے۔

سعال (کھانسی) بار بار آنے والی خشک تشنجی کھانسی کے لئے بیلاڈونا ۳x جادو کا اثر رکھتا ہے۔ بلغمی کھانسی میں جب سانس میں کھڑکھڑاہٹ ہو اور تلی کی شکایت ساتھ ہو تو اپیکاک ۳x دیں اور اگر اس سے افاقہ نہ ہو تو کیوپرم سلف ۳x دیں۔

اسہال پیچش و قبض سفوف زیبقی ۳x (مرکیورس ۳x) سے بہتر کوئی دوا نہیں خواہ اسہال ہوں خواہ پیچش ہو۔ اگر اسہال کے ساتھ پیاس کی زیادتی ہو تو آرسینک البم ۳x دیں اگر اسہال یا مروڑ کے ساتھ درد زیادہ ہو تو بیلاڈونا ۳x دے سکتے ہیں قبض کی صورت میں کیسٹر آئل استعمال کریں۔

آشوب چشم ابتدائی حالت میں بیلاڈونا ۳x دیں اور بعد میں مرکیورس سال ۳x دیں بیرونی طور پر انگریزی ادویات میں سے آرجیرول پروٹارگل وغیرہ استعمال کریں۔

پیشاب کا بند ہو جانا بچہ کے پیڑو کو گرم پانی سے سینکیں یا گرم پانی کے ٹب میں بٹھائیں نیز نکس وامیکا ۳x اور بیلاڈونا ۳x باری باری دیں بائیو کیمک کی مگنیشیا فاس ۶x بھی ایک شافی دوا ہے۔

اُم الصبیان اور کزاز الاطفال } بیلاڈونا × ۳ دیں اسافوٹیڈا ۱ (ہیرا ہینگ) × ۳ بنا کر دیں بڑا لنے عارضہ میں سفوف سمی × ۳ دیں. طاقت کے لئے نکس وامیکا × ۳ دیں چھوٹی چندن کا سفوف نہایت قلیل مقدار میں دیں۔ پوٹاسیم بروما ئیڈ بھی قلیل مقدار میں نہایت مؤثر دوا ہے۔

سرخباده } ابتدا میں ایکونائٹ × ۳ دیں اور بعد میں بیلاڈونا × ۳ دیں۔

عطاش } اس میں سفوف سمی × ۳ سے بہتر کوئی دوا میرے تجربہ میں نہیں آئی۔ اگر تشنجی کیفیت ہو تو بیلاڈونا × ۳ دیں اگر متلی کی شکایت ہو تو اپیکاک × ۳ دیں۔

دانت نکلنے کی تکالیف } عام طاقت کے لئے کلکیریا فاس × ۶ استعمال کریں

دستوں کے لئے مرکیورس × ۳ مفید ہے۔

جگر کی خرابیوں تبھس۔ دست اور پیاس کی زیادتی میں سفوف سمی × ۳ دیں بخار کی حالت میں بیلاڈونا × ۳ دیں اگر اعصابیت کے بڑھ جانے سے نیند نہ آئے تو چھوٹی چندن یا پوٹاسیم برومائیڈ نہایت قلیل مقدار میں دیں یا کالی فاس × ۶ دیں۔

ڈاکٹر اے آر شرما

(۱) جب پانی کی طرح بار بار اسہال آرہے ہوں تو نیٹرم فاس

۶x فیرم فاس ۶x اور کالی فاس ۶x آب مقطر میں ملاکر ایک چائے کا چمچ بھر ہر آدھ گھنٹے کے بعد مریض کو پلا دیں جوں جوں افاقہ ہو وقفہ بڑھاتے جائیں۔

(۲) موتیا بند آنکھوں میں اترنا شروع ہو تو کلکیریا فلور ۶x ہر دو گھنٹے بعد کھلانا شروع کر دیں اور اسی کو ڈسٹلڈ واٹر میں حل کر کے دو تین بار روزانہ آنکھوں میں لگائیں میں نے اس طرح استعمال کر کے کئی کیس ٹھیک کئے ہیں

(۳) کمزوری ہو یا پراسٹیٹ گلینڈ بڑھ گئے ہوں یا استری روگ ہو پیشاب کرتے وقت جلن ہو تو ان تمام عوارضات کو رفع کرنے کے لئے ہومیو پیتھی کی مایۂ ناز دوا لائیکو پوڈیم ۲۰۰ ہی کافی ہے

(۴) وہ بخار جو رات کے بارہ بجے چڑھے اور جسم میں درد موجود رہے مریض بے چینی کے سبب ایک جگہ سے دوسری جگہ تبدیل کرے موت کا خوف غالب ہو یا خودکشی کا رجحان پایا جائے تو ان علامتوں کی موجودگی میں آرسنیک البم ۳۰ کی چند خوراکیں ہی شفایابی کا موجب بن جاتی ہیں

(۵) برسات کے موسم میں اکثر بچوں کے جسم پر چھوٹی چھوٹی پھنسیاں ہو جاتی ہیں اور ان میں سے سفید یا ہلکی پیپ آمیز رطوبت خارج ہوتی ہے بعض اوقات ان میں سے کئی بڑے بڑے پھوڑے کی بھی شکل اختیار کر لیتی ہیں ایسی حالت میں آپ بیلاڈونا ۳۰ اور ہیپر سلفر ۳۰ باری باری کھلائیں چند ہی دنوں میں

بدن صاف ہو جائے گا۔

۴۔ جب عورت کو دورے پڑیں مزاج چڑچڑا بات بات پر روئے فضول باتیں کرے پریشانی میں بال کھول دے۔ غذا کھانا بالکل بند کر دے گھر والوں سے ہر وقت لڑائی جھگڑا کرے دورے کے دوران غافل اور بے ہوش ہو جائے ایسی علامتوں میں کالی فاس ۶x اور اگنیشیا ۳۰ باری باری سے ہر دو دو گھنٹے بعد دیں۔ بھگوان کی دیا سے یقینی کامیابی ہوگی اس کا استعمال کچھ عرصہ تک جاری رکھا جائے تو پھر مرض دوبارہ عود نہیں کرے گی۔

ڈاکٹر سی آر نسخہ

بچپن کی غلط کاریاں

وہ نوجوان جنہوں نے بچپن کی غلط کاریوں اور جوانی کی بے اعتدالیوں کی وجہ سے اپنے ہاتھوں اپنی جوانی کا ستیاناس کر لیا ہو انہیں ڈامیانہ مدر ٹنکچر دس بوندیں ایک پیالہ پانی میں دن میں تین مرتبہ دیں اس کے استعمال سے ان کی کھوئی ہوئی جوانی واپس لوٹ آئے گی۔

زنانہ دشواری

پیٹ درد۔ کمر درد۔ سر درد۔ بد ہضمی۔ زیادتی پیشاب ایام درد سے اور بے قاعدہ آنے وغیرہ شکایات کے ازالہ کے لئے۔

آبروما آگسٹا

دس بوند تین بار یومیہ چند ماہ دیں۔

پائیوریا کی اکسیر دوا

مرک سال x ۶ کی چار خوراک روزانہ تین چار ہفتہ تک پلائیں۔ مشہور عالم ڈاکٹر کینٹ کا آزمودہ ہے۔

ماہر پیٹ گیس

آپ نے دیکھا ہو گا کہ روزانہ اخباروں میں لمبے لمبے اشتہارات شائع ہو رہے ہیں جن میں لکھا ہوتا ہے کہ فلاں حکیم صاحب وید دا حسینی صاحب انبالہ۔ امرتسر۔ جالندھر۔ دہلی۔ کانپور وغیرہ کے فلاں ہوٹل میں موجود ہیں۔ پیٹ گیس کی بیماری والے مریض ملیں۔ فیس ملاحظہ پچیس روپے۔ ایسے مریضوں کو لکسوا میکا ۳۰ چار خوراکیں یومیہ چار ہفتہ تک دیں اور قبض کا خاص خیال رکھیں۔

ڈاکٹر ایس پی مہتہ

لاکھ لاکھ روپے کے ہومیوپیتھک تجربات

(۱) اگر رحم میں بچہ آڑا ترچھا یا غلط پوزیشن میں ہو تو حاملہ کو پلسا ٹیلا اور کالی فاس بلا ناغہ کھلاتے رہنے سے بچہ خود بخود اپنی طبعی حالت میں آجاتا ہے

(۲) جب نوزائیدہ بچہ ماں کا دودھ چوسنے لگے اور زچہ کو رحم سے خون آنے لگ جائے تو سلیشیا کھلانے سے یہ عارضہ دور ہو جاتا ہے۔

(۳) اگر زچہ کے پستانوں سے خون آئے بچہ دودھ پیتے وقت خون پی لے اور خون کی قے کردے تو لائیکوپوڈیم کھلاتے رہنے سے یہ مرض تھوڑے عرصے میں دور ہو جاتی ہے

(۴) جب بچہ پیدا ہوتے ہی اس کا جگر ماؤف ہو جائے تو اس کو کالی میگھ مدر ٹنکچر ایک قطرہ صبح تھوڑے پانی میں ملا کر دیتے رہیں مسلسل استعمال سے بچے کے تمام امراض جگر دور ہو جاتے ہیں۔ ملیریا اور اس کے اثرات بھی رفع ہو جاتے ہیں۔ بچے کی بھوک بڑھ جاتی ہے اور سوکھا بچہ موٹا تازہ ہو جاتا ہے۔

(۵) بچہ تمام دن روئے چیخے لیکن رات کو آرام سے سو جائے

لائیکو پوڈیم اس عارضہ کے لئے جادو اثر دوا ہے۔
(۶) بچہ تمام دن ٹھیک رہے لیکن رات کو رونے چیخنے لگے تو جلاپہ سے آرام ہو گا۔
(۷) جب پھوڑا نکلنے لگے تو مرکیورس سال ۲۰۰ طاقت کی ایک خوراک کھلا دیں اس سے پھوڑا دب جاتا ہے اگر ایسا نہ ہو تو اس میں پیپ پڑ کر پک جاتا ہے۔
(۸) مرض دھلبھری ایک گندے مرض میں آرسینک سلفیوریٹم فلیوم ۳x اور ہائیڈرو کوٹائل مدر ٹنکچر ۵ قطرے کافی عرصہ تک پلانے رہنے سے یہ مرض بلکہ مرض جذام اور تمام جلدی امراض دور ہو جاتے ہیں۔
(۹) بربیرس ایکی فولیم مدر ٹنکچر ۳ سے ۵ قطرے تھوڑے پانی میں ملا کر دن میں دو تین بار کافی عرصے تک پلاتے رہنے سے جوان لڑکوں اور لڑکیوں کے چہرے پر جوانی کے کیل مہاسے اور پھنسیاں نکلنی بند ہو جاتی ہیں۔ اور چہرہ خوبصورت ہو جاتا ہے۔
(۱۰) کریٹی گیس آکسی مدر ٹنکچر دنیا بھر میں دل کے امراض کی لاجواب اور بے ضرر دوا ہے جب دل میں ہونے کا اندیشہ ہو تو مریض کو دس سے پندرہ قطرے دوا تھوڑے پانی میں ملا کر پلائیں مریض مرنے سے بچ جاتا ہے۔ دل کا بہت زیادہ دھڑکنا دل میں درد ہونا دل کا ٹھیک کام نہ کرنا دل کی کمزوری دغیرہ پانچ سے دس قطرے دوا دن میں دو تین بار کافی عرصہ تک پلاتے رہنے سے تمام تکالیف دور ہو جاتی ہیں۔

کثرت طمث کو ناگاہ بند کرنیوالی دوائی

خون حیض دریا کی مانند بہتا ہو یا کسی اور مقام سے خون بہہ رہا ہو جو کسی طرح سے بھی بند ہونے میں نہ آتا ہو تو ٹھلسپی برسا پسٹورس کی پانچ پانچ بوندیں ایک ایک اونس پانی میں ملا کر دو دو گھنٹہ کے وقفہ سے دیں خون فوراً بند ہو جائے گا۔

درد گردہ کو بند کرنے کیلئے مارفیا سے زود اثر دوائی

درد گردہ خواہ کسی وجہ سے ہو پیشاب کی نالی میں درد ہو پیشاب بند ہو رنگت زرد گدلی ہو تو بربرس ولگرس کی پانچ پانچ بوندیں ایک ایک اونس پانی میں ملا کر پندرہ پندرہ منٹ کے وقفہ سے دیں درد فوراً بند ہو جائے گا۔

ڈاکٹر پرس رام

ہر قسم کی کھانسی کے لئے بہترین ادویات

(۱) خشک سخت قسم کی کھانسی ساتھ جسم میں درد ہو اور تنگی تنفس ہو تو برائی اونیا ۶ فرم فاس دیں۔

(۲) جب سینے میں بلغم بولتی ہو تو اپی کاک دیں۔

(۴) اگر کھنے بھوبکنے کی آواز دے تو اسپونجیا ٹوسٹ دیں۔
(۵) جب سخت کھنچی کھانسی ہو تو بیلاڈونا دیں۔
(۶) اگر گلا بیٹھ جائے اور گلے میں خراش ہو اور چھاتی میں درد ہو تو برائی اونیا دمرک سال دیں۔
(۷) اگر شدید قسم کی کھانسی صبح تین بجے ہو چھاتی میں درد ہو تو کالی کارب دیں۔
(۸) اگر رات کو لیٹنے سے کھانسی زیادہ ہو تو ہائیو سائمیس دیں
(۹) اگر چھاتی میں سے بلغم کی آواز آئے اور نکلے نہیں تو انٹم ٹارٹ دیں۔
(۱۰) اگر کھانسی سے پیشاب نکل جائے تو کاسٹیکم دیں

کالی کھانسی کا کامیاب علاج

ڈروسرا ۲۰۰ کی ایک خوراک دے کر اس دن کوئی دیگر دوا بالکل نہ دینی چاہیئے دوسرے دن کالی میور x ۶ اپی کاک ۳۰ باری باری چھ خوراک روزانہ دیں ایک ہفتہ کے اندر کالی کھانسی رفع ہو جاتی ہے۔

بخاروں کے لئے نقشہ جس سے معالج آسانی سے ادویات تجویز کر سکتا ہے

بخار کے ساتھ	علامت	نام دوائی
"	قبض ہو	فیرم فاس ۔ کالی میور
"	بے چینی ہو	فیرم فاس ۔ نیٹرم سلف
"	تشنج ہو دانت کھٹکھٹاتے ہوں	فیرم فاس ۔ میگنیشیا فاس
"	پسینہ نہ آتا ہو	فیرم فاس ۔ کالی سلف
"	پسینہ بہت آتا ہو	فیرم فاس سلیشیا
"	کپکپی ہو	فیرم فاس ۔ نیٹرم سلف
بخار	سرسامی ہو	فیرم فاس ۔ نیٹرم میور
بخار کے ساتھ	نزلی کھانسی ہو	فیرم فاس ۔ کالی میور
بخار	کونین سے دبا دیا گیا ہو	فیرم فاس ۔ نیٹرم میور
بخار کے ساتھ	دن میں چند مرتبہ سردی معلوم ہو	فیرم فاس ۔ نیٹرم میور
بخار	چند مرتبہ چڑھتا ہو	فیرم فاس ۔ نیٹرم میور

ڈاکٹر محمد رفیق حجازی

ہومیوپیتھک ادویات جو جوڑوں کے دردوں میں استعمال ہوتی ہیں

(۱) کالچیکم ۳ تا ×۳۰ } جوڑوں کے درد اور گنٹھیے کے بخار کے واسطے مخصوص دوا ہے اس درد کے استعمال سے جوڑوں کی سوجن درد بخار فوراً کم ہونے لگتے ہیں۔ اس دوا کی علامات اکثر رات کو زیادہ ہوتی ہیں درد بخار اکثر رات کو ہوتا ہے۔ جوڑوں کے دردوں کی سب سے اعلیٰ دوا ہے۔

(۲) پلسٹلا ۳ تا ×۳۰ } جب کہ گھٹنے ٹخنے پاؤں اور ہاتھوں کے چھوٹے چھوٹے جوڑوں میں درد اور بخار بھی ہو تو ایسی علامات کے لئے اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔

(۳) برائیونیا ۶ تا ×۱۲ } منہ زبان خشک سخت پیاس پرانی قبض پانی کی زیادہ خواہش۔ حرکت کرنے سے مریض کو سخت تکلیف ہو تو ایسی علامات کے لئے اکسیر ہے

(۴) رسٹاکس ۴ تا ×۲۰۰ } اس میں چلن کھنچاؤ کے ساتھ مقام ماؤف سرخ ورم شدہ درد ہو حرکت کرنے سے آرام معلوم ہو اور آرام کرنے سے تکلیف ہو وغیرہ علامات کے لئے از حد مجرب ہے۔ ایکونائٹ بیلاڈونا فائٹولیکا بھی حسب علامات جوڑوں کے درد کی بہترین ادویہ ہیں۔

بائیوکیمک ادویات

یہ بارہ نمک ہیں جو جرمنی کے مشہور ڈاکٹر شسلر نے معلوم کئے ہیں کہ جسم انسانی ان نمکیات کا مرکب ہے اگر ان بارہ نمکوں میں سے ایک کم ہو جائے تو تکلیف دہ علامات کا ظہور ہو جاتا ہے، اس لئے ان نمکوں کا استعمال جسمانی امراض کے لئے بیحد مفید ہے ان کے استعمال سے جو کمی ہوتی ہے پوری ہو جاتی ہے چونکہ ان ادویہ کے بنانے میں دقت ہوتی ہے اس لئے ان کی ترکیب ساخت نہیں لکھی گئی بلکہ مختصر فوائد تحریر کئے گئے ہیں۔ ہر ہومیو پیتھک دوافروش سے یہ ادویہ مل سکتی ہیں۔

کلکیریا فلوریکا ×۶ تا ×۱۲

رسولی کے پھیلانے میں عضلات کے ڈھیلے ہونے کے وقت دستورات کے وضع حمل دردزہ کی تکلیف جوڑوں کا درد۔ درد کم

نقرس۔ بواسیر۔ امراض جگر کھانسی بخار موتیابند کے لئے بے حد مفید ہے

کلکیریا فاس × ۶ تا × ۱۲

دماغ کی کمزوری ٹپ۔ دانت نکلنے کی تکلیف احتلام جریان۔ لیکوریا۔ بھگندر۔ سوزاک۔ قرحہ چھاتی کا درد۔ سولیاں ہڈیوں کا کمزور ہو جانا۔ بچے کا چلنا نہ سیکھنا۔ دل کا کمزور ہونا دست۔ کھانسی وغیرہ کے لیئے تجربہ شدہ دوا ہے۔

مقدار خوراک × ۶ تا × ۱۲ دن میں چار خوراک ہمراہ آب دیں۔

کلکیریا سلف

× ۶ تا × ۱۲

دن میں چار بار پھوڑے پھنسی ناسور بھگندر۔ اگزیما دائمی قبض جلودھر اسہال دست زکام کھانسی۔ سیلان الرحم بے خوابی بواسیر آتشک سوزاک گلے کا ورم۔ بخار دق وغیرہ کے لئے نہایت مفید ہے

فیرم فاس × ۶ تا × ۱۲

دن میں چار خوراک۔ ہر قسم کی نئی سوزش شروع بخار نزلہ زکام کھانسی ہر قسم پلیورسی ہر قسم کے شروع ورم سردرد

جریان کمی خون درست۔ سل و دق خون کا کسی حصہ جسم سے نکلنا۔ خسرہ۔ ماتا۔ چیچک۔ سیلان البول۔ گردوں کی بیماریاں دل کی دھڑکن کے لئے بے حد مفید و مجرب دوا ہے۔

کالی میور × ۶ تا × ۱۲

دن میں چار مرتبہ دیں منہ کے چھالے ہر قسم کے زخم آگ سے جلنا دوسرے درجہ کی سوزش ہر قسم کے بخار جن میں ورم ہو چیچک کے ٹیکے کی خرابی۔ جریان۔ اسہال۔ سیلان الرحم موتیا بند گلے کی گلٹیوں میں سوزش خناق کھانسی ہر قسم بچوں کی کالی کھانسی خونی بواسیر خنازیر ورم فوطہ۔ نمونیا۔ پلیورسی جبکہ اکثر تکلیف داہنی طرف ہو غدودوں کا بڑھ جانا وغیرہ کو مفید ہے۔

کالی فاس × ۶ تا × ۱۲

بائیں جانب کی تکلیف میں زیادتی۔ پرسوتی بخار حیض کی بندش بائی گولہ ہسٹیریا کمزوری مالیخولیا مراقی۔ سرسام نیند نہ آنا۔ سر درد مسوڑھوں سے خون آنا ہیضہ کے دست درد زہ۔ متلی کا درد۔ دمہ فالج کھجلی تکان کے لئے بے حد مفید ہے دن میں چار مرتبہ دیں۔

کالی سلف × ۶ تا × ۱۲

پرانے زخم ناسور بیماری کا آخری درجہ جسم کا درد

جو کبھی آنکھ میں ہوتا ہو۔ گنٹھیا کا درد نزلہ رعشہ ناک منہ سے بدبو آنا۔ خارش۔ سوزاک ٹائیفائیڈ۔ بخار۔ چیچک کا بخار (جبکہ دانے دب گئے ہوں) کے لئے مفید ہے۔ بخار میں اگر پسینہ لانا مطلوب ہو تو گرم پانی سے ایک خوراک دینے سے پسینہ آکر بخار اتر جاتا ہے۔

میگنیشیا فاس × ۶ تا × ۱۲ } ہچکی۔ ہیضہ ضعف معدہ تشنجی کھانسی۔ مرگی تشنج۔ گنٹھیا۔ فالج۔ عرق النسا۔ بچہ جننے کا درد۔ بچوں کے امراض۔ کانچ نکلنا اور عصبی دردوں کے لئے نہایت عجیب الاثر دوا ہے۔

نیٹرم میور × ۶ تا × ۱۲ } ملیریا بخار۔ انیمیا۔ دست عام کمزوری سرسام بخار زکام نیا و پرانا ذیابیطس۔ منی بغیر خواب کے نکل جانا ہر قسم کے زخم و چھالا (اگر رطوبت خارج ہوتی ہو) وغیرہ میں مفید ہے دن میں چار مرتبہ دیں۔

نیٹرم فاس × ۶ تا × ۱۲ } جسم کی ہر قسم کی دردیں کھٹی ڈکاریں ناک کان آنکھ کی سوزش معدہ حلق گلٹیوں کی تکلیف یا سوزش جوڑوں میں درد بار بار پیشاب کا آنا پیٹ کے کیڑے وغیرہ امراض کے لئے مسلمہ دوا ہے۔
دن میں چار خوراک دیں۔

نیٹرم سلف × ۶ تا × ۱۲ { تپ ولرزہ کی خاص دوا ہے پیٹ کے کیڑے جوڑوں کا
درد۔ درد کان۔ منہ میں پانی بھرا رہنا۔ جگر کی خرابی ذیابیطس۔ آتشک
سوزاک یرقان رطوبت ناسخورہ۔ استسقاء۔ جلودھر۔ اسہال نئے
پرانے حیض دیر میں اور کم آنے ایسی علامات میں مفید ہے۔

سلیشیا × ۶ تا × ۱۲ { خراب سے خراب زخم مواد۔ پھوڑے پھنسی ناسور بار بار ناسور ہو جانا
سر کے بال گرنا آنکھ کے زخم۔ سفیدی۔ ناخن گرنا چیچک میں کھالسنی
وغیرہ کا ہونا۔ دق سرطان دیگر زخموں کے بھرنے کے لئے لاثانی دوا۔

ڈاکٹر ہر بھگت سنگھ پنچھی

بائیو کیمک ادویات سے بغیر اپریشن علاج

دیگر پیتھیوں کی طرح بائیو کیمک بھی خاص پیتھی ہے جس کا زیادہ
تعلق انسانی جسم کے ساتھ ہے یعنی جسم کے اندر بارہ قسم کے نمکیات تسلیم
ہو چکے ہیں ان نمکوں کو وقتاً فوقتاً جسم کے اندر کم و بیش ہوتے رہنا بھی
ضروری ہے کبھی ایک نمک کم ہو جاتا ہے اور کبھی دوسرا بعض دفعہ ایک
سے زیادہ نمک بھی کمی بیشی اختیار کرتے رہتے ہیں جن سے اس کے کم و بیش

ہونے کا نام عام لوگوں نے مرض کا لیبل لگا کر اس کا اپنی اپنی سمجھ کے مطابق علاج شروع کر دیا مگر بائیوکیمک علاج ان بارہ نمکوں کے ذریعہ کیا جاتا ہے۔ جہاں چند بائیوکیمک مجربات کا ذکر کرنا ہی ضروری ہے جو عموماً سرجری کے ساتھ تعلق رکھتے ہیں مگر ایلوپیتھک سرجری سے مختلف طریقہ ہے۔ یعنی یہ ادویات صرف کھانے کے کام آتی ہیں بیرونی استعمال میں کم۔

(نوٹ) بائیوکیمک ادویات گرم پانی سے استعمال کرنے سے بہت بہتر اور جلد فائدہ کرتی ہیں۔

کاربنکل

شروع شروع میں فیرم فاس ×۶ کھانے سے پھٹ کر مواد خارج ہونے لگ جاتا ہے اگر مواد نہ بنا ہو تو ساتھ کالی میو ×۶ کا اضافہ کر دیں بعد ازاں جب مواد خشک کرنا مقصود ہو تو سلیشیا ۲۰۰ دیں۔

(نوٹ) ×۶ دوائی ہر چار گھنٹے بعد۔ ۲۰۰ نمبر دوائی ۲۴ گھنٹے بعد ایک خوراک۔

پیچیدہ زخم

یہ عموماً بیڑا چبانے والوں کو جلد ہوتا ہے اس کا مقام زبان نچلا ہونٹ اور معدہ ہوا کرتا ہے ابتدائی حالت میں جب گانٹھ میں سختی ہو تو کلکیریا فلور ×۶ دیں جب مواد پتلا اور

زرد رنگ کا خارج ہو ساتھ ہی جلد موجود ہو تو کلکیریا سلفٹ × ۶ دیں اگر گرمی سے افاقہ محسوس ہوتا ہو تب سلیشیا × ۶ مفید رہے گا جب کھلی سرد ہوا میں سکھ محسوس ہو تو کالی سلفٹ × ۶ کا استعمال مفید ہے۔

بواسیر کے نچلے حصے جب جلن ہو چمکدار خون کا اخراج بجائے سر میں اور ریڑھ کے میں درد ہو تو فیرم فاس × ۳۰ کلکیریا فلور × ۳۰ مفید ہے اگر اخراج سیاہ و گاڑھا ہو تو کالی میور × ۳۰ دیں نا قابل برداشت درد میں میگ فاس × ۶ دیں پاخانہ و پیشاب کے راستوں میں کانٹے چبھنے کا سا درد ہو قبض اور مقعد کے کناروں پر دانے ہوں تو نیٹرم میور × ۳۰ دیں اگر انٹڑیوں میں تنگ درد محسوس ہو اور مسّے اندر نہ جائیں تو سلیشیا × ۳۰ دیں نہایت کمزوری کی حالت میں اور مزمن کیسوں میں کالی فاس کلکیریا فاس فیرم فاس اور میگ فاس ہموزن ملا کر استعمال کرانا بہت مفید رہتا ہے۔

خشک کھجلی } نیٹرم میور اور کالی میور × ۶ دیں۔

سفید داغ } روزانہ نیٹرم میور × ۲۰۰ کی ایک خوراک وقت مقررہ پر دیں اور نیٹرم میور × ۳ کی مرہم لگاتے رہیں۔

پھنسیاں } عضو وغیرہ پر خشخاش کی مانند دانے سے نکل کر جلن و خارش ہو تو نیٹرم میور × ۳ ایک ڈرام کو دو اونس تازہ پانی میں ملا کر اس لوشن سے دھو کر پھر اس کی مرہم دیزلین سفید میں ملا کر استعمال کرنے سے جلدی فائدہ ہوگا۔

گھبگا شروع سے آخر تک روزانہ نیٹرم میور ×۶ کی چار خوراک دیں اور ×۲ کے لوشن سے گرم گرم ٹکور کریں اور بعد ازاں ×۲ کی ہی اُسی کی مرہم کی مالش کریں۔

ڈاکٹر محمد حسین

اکسیر دماغ

نسخہ کلکیریا فاس۔ میگنیشیا فاس۔ نیٹرم فاس۔ فیرم فاس۔ کالی فاس ہر ایک ایک تولہ میں گلوکوز ۵ تولہ ملا دیں اور کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔ بس تیار ہے

خوراک ۵ گرین سے ۱۰ گرین تک پانی سے کھائیں۔

فوائد۔ تمام بیماریاں جو کہ لائم فاسفیٹ کے اجزاء کے بدن میں کم ہونے سے واقع ہوں۔ کے لئے یہ دوا اکسیر بے نظیر ہے۔ نازک اعضا کی تمام ضربوں میں چوٹ موچ اعضا کے کٹنے یا جل جانے کی حالت میں اور معدے کی تمام بیماریوں میں جبکہ مرغن غذا کھانے سے وہ بڑھ رہی ہوں بجید مفید ہے۔ خون کی کمی کو رفع کر کے بدن میں وافر خون صالح پیدا کرنے میں بے حد مفید ہے بوڑھے آدمیوں میں گوشت کے کم ہو جانے اور جسم کے خشک ہو جانے اور طاقت کے کم ہو جانے

کی صورت میں بھی یہ بے حد مفید ہے کمزور آدمیوں میں نکسیر کا جاری ہونا ہڈیوں کا کمزور ہونا اور تھوڑی سی ضرب کے ساتھ ٹوٹ جانے کی صورت میں جب ہڈیوں کو مضبوط بنانے کی ضرورت ہو تو یہ دوا بے حد مفید ہے دانت نکالنے کے وقت بچوں میں یا جوان لڑکیوں یا بوڑھے آدمیوں میں چونے کے اجزاء کی کمی ہونے سے کمزوری ہو جائے تو اس کے لئے بیحد مفید ہے نیز کمزوری اعصاب۔ بدن کی کمزوری لاغری بدن کو دور کرتا اور درد جو رانوں سے گھٹنوں کی طرف آئے اور اعضاء میں سختی درد بے چینی ہو تو اس کے لئے بھی بیحد مفید ہے اس سے بدن میں چستی و چالاکی پیدا ہوتی ہے اور بدن موٹا تازہ سرخ و سفید ہو جاتا ہے۔ مرگی تشنجی عوارضات خواہ کسی سبب سے ہوں سب حالتوں میں یہ دوا بے حد مفید ہے۔ تھکاوٹ اور کمزوری دماغ چاہے وہ کسی وجہ سے ہو اس کے استعمال سے جلد دور ہونے لگتی ہے اور دماغی محنت کرنے سے دماغ نہیں تھکتا خراب جسم کا مواد جسم میں کہیں سے خارج ہو اس کے لئے یہ دوا بے حد مفید ہے۔ جسم کے کسی حصہ سے خون کا جاری ہونا جبکہ خون پتلا اور گہرے رنگ کا ہو بہت مفید ہے ہسٹیریا کا دورہ ذرہ سی اکتاہٹ پر ہو جانا اور دماغ میں کمزوری کا احساس ہونا۔ ان تمام علامات کے لئے بھی اکسیر بے نظیر ہے بچوں کے فالج میں اور جسم کے کسی حصے کے زخم وغیرہ میں درد اور تحلیل کو روکنے کے لئے بھی بیحد مفید ہے جبڑوں کا اکڑ جانا دماغی محنت دماغی کمزوری جلد طبیعت میں غصہ آ جانا کم حوصلہ ہونا جلدی رو پڑنا۔ چھوٹی

چھوٹی باتوں کو بڑی بنا لینا اور ہر ایک بات کو یا درد کو زیادہ محسوس کرنا۔ دل کا بیٹھ جانا کانپنا دل کا دھڑکنا معدہ میں تیزابی مادے کی زیادتی ہونا اکیلے بیٹھے حالت خراب ہونا تمام جسم میں بجلی کے گذرنے جیسا درد ہونا۔ درد رات کو زیادہ ہونا سردی محسوس کرنا پاخانہ بدبودار سانس بدبودار منہ کا ذائقہ خراب ان سب حالتوں میں تیر بہدف ہے۔ نتھنوں یا زخم وغیرہ کی رسولیوں میں بھی مفید ہے۔

بدہضمی کی وجہ سے جسم کو خوراک نہ پہونچنا وجع المفاصل اور معدے میں تیزاب کی زیادتی بچوں کا کمزور پیدا ہونا اور ہڈیوں کا مڑا ہوا ہونا انتڑیوں میں کیڑوں کی وجہ سے خارش ہونا بھینگاپن اور دانتوں کا پینا۔ ان سب کے لئے نہایت مفید ہے ہاتھوں کا بغیر مرضی لطیر رعشہ کا پہنا کے لئے بھی بے نظیر دوا ہے

ڈاکٹر محمد یعقوب شاہ ہومیوپیتھ

منشی اشیاء کی عادت دور کرنیوالی لاجواب دوائیں

جو حضرات نے خوابی کے باعث افیون وغیرہ کھا کر نیند لانے کی کوشش کرتے ہیں ان کے لئے دوائی پیسی فلورا ہے یہ افیون کھانے کی عادت سے نجات دلاتی ہے۔ بے ضرر اور نشہ نہ لانے والی دوا ہے

اس کا استعمال اعصاب پر مسکن اثر ڈالتا ہے جس کے باعث اعضاء پر سکون ہو کر اپنا کام شروع کر دیتے ہیں یہ بے خوابی کی بے نظیر دوا ہے۔ کلاڈیم ۳۰ تمباکو نوشی کی خواہش کو کم کرتی ہے۔

کلکیریا آرسی ۳x شراب کی خواہش کو رفع کرتی ہے شراب ترک کرنے کے بعد کی تکالیف کا ازالہ کرتی ہے۔

کوکس (COCCUS) مزدوروں کی ہمدرد و معاون دوا ہے۔ جو حضرات جسمانی اور ذہنی تھکاوٹ سے نڈھال ہو کر محرک اشیاء (شراب الکوحل وغیرہ) پینے کی خواہش رکھتے ہیں وہ .... اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں اس کا استعمال ہر قسم کی تھکاوٹ دور کرتا ہے اور منشی اشیاء سے نفرت دلاتا ہے۔ سیلینیم ۶ شراب اور تمباکو کے بد اثرات کے لئے نافع ہے۔

سینگویریا۔ تمباکو نوشی کی بے حد خواہش پائی جائے۔ بعض بد ذہنی عوارض بوجہ کثرت جماع ہوں یا بوجہ جلق ہوں تو یہ دوا اکسیر اعظم ثابت ہوتی ہے۔

سلفر ۳۰ شراب کے بد اثرات کے لئے مفید ہے اس کا مریض عموماً غریب اور میلا کچیلا ہوتا ہے شراب کی عادت ترک کرانے میں مفید ثابت ہوتی ہے۔

سنکونا روبرا Q شراب کی عادت رفع کرنے کی لاجواب دوا ہے خوراک ۱۰ قطرے حسب ضرورت استعمال کریں۔

سٹروفنتھس Q اگر سنکونا اور سلفر کارگر نہ ہو تو یہ دوا شراب کو فوری ترک کرا دیتی ہے خوراک ۵ قطرے سپرٹس گلینڈیم۔ شراب کی

عادت کو ترک کرنے کے لئے اکسیری دوا ہے۔ خوراک ۵ اقطرے دن میں تین بار پلائیں۔ چند یوم کے بعد شراب سے خود بخود نفرت پیدا ہو جائے گی۔

افیون کی عادت ترک کرنے کے لئے وریٹرم عمدہ دوا ہے

ٹیبکم ۶ TABACUM تمباکو کے جملہ عوارض کے لئے اکسیر اعظم ہے تمباکو کی عادت رفع کرنے کے لئے ۲۰۰ کی ایک خوراک ہفتہ وار کھلائیں۔

اعصابی شکستگی ڈوبنے کا احساس تھکاوٹ شراب کی خواہش کے لئے ادینیاسٹ Q AVENIASAT ۱۰ اقطرے دن میں تین بار دیں۔

ڈاکٹر شمس الحق

کیا چیچک کے پرانے داغ دور ہو سکتے ہیں

مستورات میں چیچک کے داغ چہرے کو بہت ہی بدنما کر دیتے ہیں اور اس کے لئے .... بعض لوگ کئی قسم کی دوائیں غازے اور ابٹنے استعمال کرتے رہتے ہیں لیکن دیکھا گیا ہے کہ داغ نہیں مٹتے۔

ہومیوپیتھی جہاں اور مزمن بیماریوں کو شفایاب کرتی ہے

وہاں چیچک کے پرانے داغوں کو مٹانے کا بھی دعویٰ کرتی ہے اس بارے میں سارسینہ پرپیورا ۱-۶ طاقت ایک لاثانی دوا ہے جس کے مسلسل استعمال سے چیچک کے داغ تھوڑے ہی عرصے میں مٹ جاتے ہیں۔

ڈاکٹر برنٹ کا دعویٰ ہے کہ انھوں نے سینکڑوں مریضوں کے چیچک کے داغ صرف وریولینیم ۲۰۰ طاقت ایک مہینے میں ایکبار دینے سے چھ ماہ کے اندر اندر تمام داغ مٹا ڈالے ہیں جو اصحاب اس نسخہ کو آزمائیں وہ ڈاکٹر برنٹ کی تحریر کی تصدیق یا تکذیب ضرور کریں۔

ملاحظہ

پہلی دوا کی دو خوراکیں روزانہ لینی چاہیئیں دو۔ دو بوند جوش دیئے کر ٹھنڈا کیئے ہوئے یا مقطر پانی چار یا پانچ تولہ میں ملا کر صبح و شام کھانا کھانے سے دو گھنٹے پہلے یا بعد۔

دوسری دوا کی ایک خوراک دو بوند ایک مہینہ بعد لینی چاہیئے جوش دیئے کر ٹھنڈا کیئے ہوئے یا مقطر پانی چار پانچ تولہ میں ملا کر صبح خالی پیٹ استعمال ایک سال یا چھ ماہ تک جاری رہنا چاہیئے۔ (مؤلف)

پانچواں باب

باکمال سنیاسیوں کے سینوں کے راز

یوگی راج شریمان سوامی شوانند سرسوتی

آسان سنیاسیانہ نسخہ جات

۱۔ پیپل کے پھل کے بیج ۲ حصہ کھانڈ ایک حصہ پیس کر باہم ملائیں قبض جریان گلا بیٹھ جانا۔ پیاس بہت زیادہ لگنا اور بھوک کی کمی کے لئے بے حد مفید ہے۔ اور حرارت غریزی کو تیز کرتی ہے۔

۲۔ عقرقرحا کو باریک پیس کر ایک دو رتی ناک میں بطور نسوار دینے سے مرگی کا دورہ فوراً کم ہو جاتا ہے۔

۳۔ پیپل کے درخت کی خشک چھال کا سفوف پیس کر کپڑے سے چھان لیں۔ بدبودار پرانے زخموں پر چھڑکنے سے زخم جلد بھر جاتے ہیں

(۴) مازو پھل و افیون کو آٹھ گنا ویسلین میں ملا کر مرہم بنا لیں اس .... مرہم کو بواسیر کے مستوں پر لگانے سے بواسیر کے خون درد خارش کو فوراً آرام آ جاتا ہے۔

(۵) جائفل ½ ۱ رتی کافور ½ رتی الائچی ½ ۲ رتی لونگ ½ ۲ رتی سب کو علیحدہ علیحدہ پیس کر ملا لیں۔ یہ ایک خوراک ہے۔ انتڑیوں و معدہ کے سخت درد آدھے سر کے درد جیسی زیادہ آنا اور جوڑوں کے درد کے لئے اکسیر صفت دوا ہے۔

(۶) ہرڑ کا سفوف ۳ ڈرام سنا کے پتے ۳ ڈرام گلاب کے پھول ۲ ڈرام سونٹھ ۲۰ گرین پانی چار اونس۔ دس منٹ تک ابالیں اور چھان لیں یہ ایک خوراک ہے یہ بالکل بے ضرر قبض کشا دوا ہے

(۷) پیپلی۔ کالی مرچ ملیٹھی مقشر ہموزن سفوف بنا لیں خوراک ۱۰ سے ۲۰ رتی پرانی کھانسی میں نہایت اکسیر ہے پھیپھڑوں کی نالیوں سے بلغم کو آسانی سے نکال دیتی ہے۔

(۸) پیپلی ۵ رتی ہرڑ زرد ۵ رتی شہد ایک چھوٹا چمچہ دواؤں کو پیس کر شہد میں ملا لیں یہ ایک خوراک ہے ایسی دو خوراک صبح و شام کھلائیں تپ دق اور تپ دق کی کھانسی میں اکسیر ہے

(۹) السی کے بیج کا سفوف۔ کھانڈ ہموزن ایک چھوٹا چمچہ بھر کھانے سے پہلے دیں بدہضمی کے اسہال بدہضمی اور ہیضہ کے لئے مفید ہے۔

(۱۰) جٹا ماسی ½ ۲ رتی کافور ا رتی الائچی ½ ۲ رتی یہ ایک خوراک ہے دن میں دو بار دیں۔ ہسٹیریا۔ مرگی۔ دل زیادہ دھڑکتے ہیں

نہایت مفید ہے

سوامی شردھانند جی سرسوتی راج یوگی رائے پور

سانپ کاٹے کی لاجواب دوا

یوں تو سانپ کاٹنے پر بہت سی دوائیں استعمال کی جاتی ہیں جیسے ریٹھہ وغیرہ۔ مگر میں اپنا ذاتی تجربہ بیان کرتا ہوں میں نے اپنے آٹھ سالہ تجربوں کے بعد اس اوشدھی کو معلوم کیا اور سینکڑوں مریضوں کو موت سے بچایا۔ ویسے پرماتما ہر شخص کو زندگی اور موت دیتا ہے۔ اس میں میری کوئی عظمت نہیں مگر یہ سب کچھ اسی کی مدد سے ہوتا ہے۔ میں تو اس لافانی عظیم ہستی کا ایک ناچیز خادم ہوں اس دوا کا چمتکار میں جانتا ہوں آج تک ایک بھی کیس خراب نہیں ہوا۔ جب بھی یہ دوا دی وہ راضی ہو گیا۔ اور اس حیرت انگیز دوا کا اثر دس منٹوں میں ہی نظر آ جاتا ہے۔ ہاتھ کنگن کو آرسی کیا۔ سانپ میدانی اور پہاڑی علاقوں میں عام پائے جاتے ہیں۔ مگر ہندوستان اور افریقہ میں بکثرت ہوتے ہیں اور ان کے کاٹنے سے ہر سال ہزاروں لوگ بے موت مر جاتے ہیں۔ مجھے ہمیشہ یہی شوق رہا ہے کہ جہاں کسی سانپ کو دیکھا بس اسے پکڑ لیا۔ اس دوران میں مجھے کئی سانپوں نے کاٹا بھی مگر اس اوشدھی کا کمال

کہ کبھی بے ہوش تک نہیں ہوا اور سانپ کاٹنے کو میں نے کوئی اہمیت نہیں دی۔ جبکہ دوسروں کے لئے یہ زندگی اور موت کا سوال بن جاتا ہے۔ میں اس اوشدھی کو ہمیشہ اپنے پاس رکھتا ہوں اور چبا چبا کر اس کا رس پیتا رہتا ہوں۔ کبھی ڈاکٹروں نے کہا بھی کہ اسے اینٹی کے انجکشن لگا دیئے جائیں تاکہ سانپ کا اثر زائل ہو مگر میں ہنس کر انھیں کہہ دیا کرتا کہ بھائی صاحب رہنے دیجئے زہر میرا کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔ میرے جسم میں اس کا تریاق موجود ہے آخر کار ڈاکٹروں کو بھی تسلیم کرنا پڑا۔ کہ سنیاسیوں کی اوشدھیوں میں امرت کے سے گن ہیں۔ اب میں اپنے پریمیوں کو اس انمول رتن جیسی قیمتی اوشدھی کا نام بتاتا ہوں۔ کسی بھی پریمی کو اس اوشدھی سے لالچ کا کام نہیں لینا چاہیئے اور کسی بھی مار گزیدہ سے کوئی روپیہ نہ لے اوشدھی کا استعمال پرماتما اور دھرم کے ناطے سے کرنا چاہیئے۔ ورنہ دوا کا کوئی اثر نہ ہوگا۔

اس اوشدھی کا نام ہے "گرڑ ورکھشی" یہ درخت پہاڑی علاقوں میں ہوتا ہے اور قد آور ہوتا ہے اس کا پھل ڈیڑھ دو بالشت لمبا ہوتا ہے چپٹا ہوتا ہے اور پھلی بالکل سانپ جیسی ہوتی ہے۔ اس پھلی کو چیرنے سے اندر سے سفید ہڈی جیسا گودا نکلتا ہے اور بیجوں کے اوپر وہ چڑھا ہوتا ہے جس طرح کہ سانپ کے اوپر کینچلی چڑھی ہوتی ہے۔ پھل کا رنگ ہلکے چاکلیٹ کی طرح ہوتا ہے اس کی لکڑی کو ریتی سے رگڑیں تو اس کا برادہ سونے کے برادہ جیسا چمکدار ہوتا ہے اس لکڑی کی خوبی اور

پہچان یہ ہے کہ اگر اس کی لکڑی کو سانپ کے منہ کے نزدیک رکھ دیں تو سانپ چپ چاپ لیٹ جاتا ہے اور سر زمین پر ڈال دیتا ہے۔

جہاں یہ "گرڈر کھنی" ہوتا ہے وہاں سے سو سو گز کے اندر کوئی سانپ نہیں ٹھہرتا اور اگر غلطی سے سانپ درخت کے نیچے آئے تو تڑپ تڑپ کر جلد مر جاتا ہے۔

اس درخت کا پنچانگ یا کوئی حصہ لے کر قریباً ایک تولہ اور چالیس پتے تلسی کے گھوٹ کر پلا دینے سے دس منٹوں میں سانپ کا زہر زائل ہو جاتا ہے اگر تلسی نہ ملے تو کوئی ہرج نہیں۔

اس درخت کا کوئی بھی حصہ بقدر ایک تولہ کام میں لایا جا سکتا ہے۔

سوامی کرشنانند جی پہلگام (کشمیر)

تپدق

نسخہ۔ گئودنتی شدھ ۱۰ تولہ لے کر دو یک ریکائن کے نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے کوزہ میں پندرہ سیر کی آنچ دیں نکال کر رکھیں۔ دق اور پرانے بخاروں میں خوراک ڈیڑھ رتی صبح و شام ہمراہ عرق گلو مکوہ لف و عرق شیر ملا کر دیں کھانا کھانے کے

بعد دونوں وقت کھ یہ رتی گیڈ دنتی مذکور شربت بنفشہ لعوق کی قسم کا ۱ تولہ اور ۲ پونڈ روغن بادام ملاکر چٹائیں اس سے کھانسی بالکل نہیں ہو گی۔ اگر کھانسی تیز ہو تو شہد میں ملاکر چٹائیں۔

ملیریا اور پرانے بخار

نسخہ ہینگ ۱ تولہ پوست چرا ۱ تولہ چاروں اجوائن ۱۶ تولہ پیلا موں ۱ تولہ سونٹھ ۱ تولہ مگھان ۱ تولہ کالی مرچ ۱ تولہ عقرقرحا ۱ تولہ چونا کلی ۱ تولہ سہاگہ بریاں ۱ تولہ سنکھ بھسم ۱ تولہ کوڑی بھسم ۱ تولہ سیپ بھسم ۱ تولہ شنگرف بھسم ۱ تولہ علیحدہ علیحدہ پیس کر پھر سب کو ملاکر تین یوم کھرل کریں اور مانند سرمہ بنا دیں ملیریا میں خوراک ۱ رتی صبح وشام پانی سے پرانے بخاروں میں ۱ رتی معہ ½ رتی ابرک سیاہ بھسم ½ رتی گیڈ دنتی بھسم اور پرانی ملاکر ہمراہ جوشاندہ برگ تلسی اجوائن ملٹھی گلو سبز صبح وشام دیں۔

برص

گندم کے کھیت میں جو بال یعنی سٹہ سیاہ ہو جاتے ہیں ان کو کانگ ہاری بھی کہتے ہیں یعنی گندم کے دانے جو کہ بالوں میں یعنی سٹوں میں سیاہ ہو کر خراب ہو جاتے ہیں اس سیاہی کو لیکر شیشی میں محفوظ رکھیں اس میں سے ۱ تولہ سفوف سیاہ

باؤچی باریک شدہ ۳۰ ماشہ سفوف کالی مرچ ۳ ماشہ شہد ۱ تولہ ملا کر پانچ خوراک بناویں ایک خوراک صبح روزانہ مریض برص کو کھلائیں۔ نیچے کی طرف منہ کو ڈھیلا چھوڑ دیں۔ ۵ منٹ تک خوب پانی نکلے گا۔ جب پانی بند ہو جائے تو ۵ تولہ گھی یا مکھن کھائیں سات یوم میں ٹھیک ہو گا۔ لیکن دوا مذکور پندرہ یوم ضرور کھلائیں۔

سیلان الرحم

نسخہ۔ پیلی اینٹ کا سفوف ۵ تولہ مازو ۱ عدد پیس کر نصف وزن کھانڈ ملا کر خوراک ۲ رتی باسی پانی سے دیں۔ یہ درد کمر پردر کے لئے بے نظیر ہے۔

سوامی سرسوتی نند دھرم گیان پرچارک آشرم
سانڈا سال ضلع بڑودہ

امراض چشم کی سینیاسی دوا

نسخہ۔ ڈھاک کی جڑیں نکال کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے کسی مٹی کے برتن میں رکھ کر بھر دیں مگر خیال رہے کہ تین حصے پر ہو کر ایک حصہ خالی رہے۔ اب اسی پر ایک پیالہ چینی کا یا قلعی دا

رکھ کر برتن کے منہ پر ایک اور مٹی کا برتن دے کر ان کے لگنے م
کے گوندھے ہوئے آٹے سے بند کردو پھر چولھے پر چڑھا کر نیچے
آگ جلاؤ۔ مگر اوپر والے برتن کو سرد پانی سے بھر دو۔ جب پانی
گرم ہو جایا کرے تو اس کو نکال کر سرد پانی ڈال دیا کرو اسی طرح
متواتر تین گھنٹے آگ جلاتے رہو۔ پھر آگ بند کردو اور سرد ہونے
پر نکال کر اندر کی پیالی زرد رنگ کے عرق سے لبالب بھری ہوئی
نکلے گی۔ اسی کو شیشی میں سنبھال رکھو اور روزانہ ڈراپر سے دو دو
بوند ڈالا کرو۔
فوائد۔ دھند۔ جالا۔ ککرے۔ موتیا بند وغیرہ تمام امراض کو
مانند اکسیر ہے۔

شری ۱۰۸ سوامی امرتانند جی امرت آشرم اترا کھنڈ

کام سندر پاک

اس کے استعمال سے ہر ایک قسم کا جریان و احتلام رفع ہوتا ہے
پرانے بخاروں میں نہایت مفید ہے جسم میں طاقت لاتا ہے باہ کو
از حد بڑھاتا ہے۔ سرعت انزال کو رفع کرتا ہے اور چہرہ کو سرخ
اور بارعب بناتا ہے۔
نسخہ۔ موصلی سفید۔ دارچینی۔ گوکھرو۔ ستاور۔ لونگ۔ الائچی خورد

چھوہارے۔ سونٹھ۔ پیپل۔ صندل سفید۔ کنول گٹہ۔ تیج پات۔ ناگرموتھا۔ کونچ کے بیج۔ دھنیا ہر ایک ایک تولہ پوست ہلیلہ زرد تالمکھانا۔ بھنگ ہر ایک ۳ تولہ سپاری دکھنی ۶ ماشہ۔ کافور کستوری نیپالی۔ ہر ایک ۲ ماشہ۔ تمام ادویات کو کوٹ چھان کر اور کستوری کیوڑہ میں حل کر کے ملا دیں اور بعد میں مصری تین پاؤ پختہ کا قوام کر کے اس میں مندرجہ بالا تمام ادویات شامل کر دیں کام سندر پاک تیار ہے۔ اس کی خوراک ۶ ماشہ سے ۱ تولہ تک ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

سوامی درشنانند سنیاسی

مرہم دافع خارش ہر قسم

نسخہ۔ پارہ گندھک آملہ سار۔ مردار سنگ۔ کمیلہ۔ کتھ ہر ایک ایک تولہ پہلے پارہ اور گندھک کی کجلی بنا کر بعد میں دوسری ادویات باریک کر کے شامل کریں اور ڈیڑھ پاؤ مکھن پانی میں سو بار دھویا ہوا ملا کر ڈبیہ وغیرہ میں محفوظ رکھیں بوقت ضرورت بدن پر ملیں۔ انشاء اللہ ہر قسم کی خارش دور ہو جائے گی۔ نہایت ہی عجیب الاثر دوا ہے۔

سفوف سرطان مروارید

نسخہ۔ ست گلو خالص ۳ ماشہ۔ طباشیر ۳ ماشہ الائچی خورد ۳ ماشہ ابریشم مقرض ۳ ماشہ شکر تیغال ۳ ماشہ رب السوس ۳ ماشہ سرطان محرق ۳ ماشہ مروارید ۱½ ماشہ کشتہ صدف صادق ۱½ ماشہ کشتہ یشب ۱½ ماشہ ورق نقرہ ۱½ ماشہ مصری کوزہ ۲½ تولہ کوٹ پیس کر سفوف تیار کریں۔

خوراک۔ ایک ماشہ سے تین ماشہ تک شربت اعجاز دو تولہ اور عرق شیرہ ۵ تولہ کے ساتھ۔

فوائد۔ سل ودق۔ سرفہ نزلی تپ مزمن اور سیلان خون عوارض کے دفعیہ میں اکسیر الاثر نسخہ ہے۔ مقوی و مفرح قلب و دماغ ہے۔

حب جواہر

نسخہ۔ زہر مہرہ خطائی ۹ ماشہ گل ارمنی ۹ ماشہ صمغ عربی ۹ ماشہ کافور دیسی خالص ۴½ ماشہ کشنیز خشک ½ ۱ تولہ مروارید خالص ۴½ ماشہ صندل سفید ۱½ تولہ مغز کدو شیریں ۶ ماشہ مغز پنبہ دانہ ۶ ماشہ مغز بادام شیریں ۶ ماشہ کہربائے شمعی ۴½ ماشہ ورق نقرہ ۴½ ماشہ۔ سب دواؤں کو کوٹ پیس کر لعاب اسپغول یا لعاب بہدانہ میں کھرل کرکے چنے کے برابر گولیاں بنالیں خوراک ۴ رتی سے ایک ماشہ تک مناسب بدرقہ کے ساتھ۔

فوائد۔ تقویت اعضاء رئیسہ کے لئے بے نظیر ہے دستوں کو

دور کرنے میں بھی مفید و پُر تاثیر ہے۔

حب مقوی باہ

نسخہ۔ دانہ الائچی خورد دارچینی سپاری ہر ایک ۹ ماشہ۔ گل سرخ صندل سفید ہر ایک ۶ ماشہ۔ کستوری خالص ایک ماشہ ورق نقرہ ورق طلا ۹-۹ عدد شلاجیت مصفےٰ ۹ ماشہ کشتہ فولاد ۹ ماشہ سب کو پہلے عرق گلاب میں کھرل کریں بعد خشک ہونے کے رُب بہی کے ساتھ بقدر نخود گولیاں بنائیں۔

خوراک۔ ایک گولی ہمراہ دودھ۔

سوامی پرکاشانند سنیاسی

حبّ طحال

نسخہ۔ سم الفار سفید ایک ماشہ گندھک آملہ سار مصفےٰ ۸ ماشہ ہیرا کسیس ۱۶ ماشہ نوشادر ۳۲ ماشہ حرائتہ ۴۸ ماشہ شیرہ گھیکوار میں خوب کھرل کر کے حبوب نخودی بنائیں۔ صبح و شام دو دو گولیاں بعد از غذا سات روز کھلا کر دو تین روز ناغہ کریں تین ہفتہ کا علاج کافی ہے۔

فوائد

بڑھی ہوئی طحال کے لئے نہایت مفید ہے۔

اکسیر شکم جدید

نسخہ۔ صبر زرد۔ مغز تخم کرنجوہ ہینگ خالص سوڈا بائیکارب ہر ایک ایک تولہ ست پودینہ ۳ ماشہ ست اجوائن ۳ ماشہ آب ادرک کے ساتھ کھرل کر کے حبوب بقدر نخود بنائیں۔

خوراک۔ ایک سے دو گولی ہمراہ آب تازہ۔

فوائد۔ درد شکم۔ درد ریح۔ درد قولنج میں نہایت مفید ہے۔

اکسیر نسواں

نسخہ۔ قلب الحجر۔ سنگ یشب۔ زہر مہرہ خطائی۔ کشتہ صدف کشتہ مرجان تخم بھنگ۔ تخم گاؤزبان۔ دانہ الائچی خورد۔ ہینگ ریوند چینی فلفل سفید ہر ایک ۶ ماشہ تخم خیارین تخم خرفہ تخم گاجر ستاور فیری ایڈ ایمونیا سائٹراس ہر ایک تولہ تولہ۔ زعفران۔ مشک۔ عنبر ہر ایک ۳ ماشہ تمام ادویات کو عرق کیوڑہ گلاب یا بید مشک میں کھرل کر کے حبوب بقدر نخود بنائیں۔ خوراک ایک گولی صبح و شام ہمراہ شربت صندل وابریشم۔

فوائد۔ بلا مبالغہ اکسیر نسواں ہے۔ دل کا دھڑکنا۔ سر کا چکرانا۔ قلت و کثرت حیض۔ کمزوری معدہ و جگر۔ کمی خون جسم کے درد کرنے اولاد کے نہ ہونے کے لئے اکسیر بے نظیر ہے بانجھ پن اسقاط حمل کے لئے مفید اور اولاد نرینہ کے لئے مجرب ہے۔

سوامی نگمانند سنیاسی

حبوب طحال

یہ گولیاں عظم طحال کے لئے نہایت مفید ہیں بھوک کی کمی کو دور کرکے اشتہا پیدا کرتی ہیں۔

نسخہ۔ نوشادر۔ ست لیموں۔ پھٹکری سفید۔ پھٹکری سرخ سہاگہ اجوائن دیسی نمک سیاہ سمندر جھاگ شورہ قلمی۔ جوکھار ہر ایک ۲ تولہ سب کو پیس کر ایک پاؤ لعاب گھیکوار میں کھرل کرکے جنگلی بیر برابر گولیاں بنائیں اور دو گولیاں روزانہ عرق گلاب کے ہمراہ کھلائیں

سوامی رامانند سنیاسی

حب بواسیر

نسخہ۔ رسوت۔ مغز تخم نیم۔ مغز تخم بکائن۔ ہلیلہ سیاہ مغل ازرق فلفل سیاہ۔ نرکچور۔ ہر ایک ۶ ماشہ باریک پیس کر آب برگ گندنا سبز بقدر ضرورت میں حب بقدر کنار نخودی باندھ لیں ایک گولی روزانہ پانی سے کھائیں۔ بواسیر خونی و بادی کے لئے بے نظیر ہے۔

سفوف سوزاک

نسخہ کچی طباشیر سفید ۶ ماشہ۔ دانہ ہیل کلاں ۶ ماشہ ست بہروزہ ۶ ماشہ کباب چینی ۶ ماشہ نبات سفید ۲ تولہ۔ جملہ اشیاء کوٹ چھان کر روغن صندل ۶ ماشہ سے چرب کر کے محفوظ رکھیں خوراک ۲ ماشہ صبح ۲ ماشہ شام شیر گاؤ کے ساتھ نئے اور پرانے سوزاک کے لئے اپنے اثر میں تیر بہدف ہے۔

سوامی پدم گر سنیاسی

مسیحائی اثر گولیاں

جو کہ نہ صرف موتیا بند بلکہ آنکھوں کی ہر مرض کے لئے سبق قاطع کا حکم رکھتی ہیں

نسخہ۔ سنک ناکھی (حلزون کی ناف) مرجان تانبا۔ تمام کا کشتہ کر لیں بہیڑہ۔ ہرڑ۔ ہیرا کسیس سفید مرغی کے انڈے کا چھلکا۔ بیر ڈرابوٹی کی راکھ۔ ان تمام کو تانبا کی کھرل میں ڈال کر بکری کے خام دودھ سے سات دن کھرل کریں اور گولا سا بنا لیں اور تازہ بکری کے دودھ میں انگلی ڈبو ڈبو کر لمبی لمبی بتیاں بنا لیں بس دوا تیار ہے۔

ترکیب استعمال۔ اس بتی کو بکری کے دودھ میں گھس کر مریض موتیا بند کی آنکھوں میں سلائی سے لگوائیں اور آنکھوں کے آگے سبز کپڑا باندھ دیں نیز مریض کو دس بارہ دن اندھیرے مکان میں رکھیں۔ غذا دودھ چاول۔

فوائد۔ پھولا۔ جالا۔ ناخونہ۔ سرخی۔ ڈھلکا۔ ککرے موتیا بند کو اکسیر ہے۔

ترکیب کشتہ سنکھ

سنکھ کو آگ میں لال سرخ کر کے عرق گلاب میں بجھا دیتے رہیں تا بحدیکہ ریزہ ریزہ ہو جائے۔

ترکیب کشتہ مرجان

گھیکوار کے نغدہ میں مرجان حسب ضرورت رکھ کر گل حکمت کر کے دس سیر آگ دیں۔

ترکیب کشتہ تانبا

بھبل مفروش زرد گل جو کہ پانی کے کنارے ہوتے ہیں کے پاؤ بھر کا نغدہ بنادیں اور اس میں ایک تولہ تانبا کا بہت ہی باریک کاغذ جیسا پترا بنا کر بند کر کے کپر دی ٹی کریں اور بیس سیر اپلوں کی آگ دیں سیاہ رنگ کا کشتہ ہوگا۔ اگر کچھ خامی رہے تو پھر آگ دیں پس کشتہ تانبا اکسیر الاثر تیار ہے۔ ہیر اکبس سے سبز کسیس مراد ہے ہر ڈاہوتی پہاڑوں میں عام مل جاتی ہے جس کی شاخیں ہی شاخیں ہوتی ہیں۔ پتے پھول پھل

بالکل نہیں ہوتے۔

سوامی رام گر سنیاسی

اکسیر ماسخورہ

نسخہ۔ ہڑتال ورقی۔ سنجی ہر ایک دو تولہ نیلا تھوتھا ۶ ماشہ مردار سنگ پھٹکڑی سفید ہر ایک ۲ تولہ سب کو باریک پیس کر ایک انڈے کی سفیدی نکالیں اور زردی رہنے دیں اس انڈے میں دوائیں ڈال دیں انڈے کو آرد گندم سے ملفوف کر کے تین سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ پھر نکال کر انڈے کے چھلکے سمیت کھرل کریں دوا تیار ہے سوتے وقت دانتوں پر ملیں۔

اکسیر دمہ

دمہ کے لئے نہایت مجرب نسخہ ہے۔ سینہ کو بلغم سے صاف کر کے سانس کی آمد و رفت کو آسان بنا دیتا ہے۔

نسخہ۔ نوشادر پھٹکڑی۔ نمک سیاہ ہر ایک دس تولہ نمک سانبھر سیندھا ۵ تولہ لوبان کوڑیہ۔ سہاگہ ہر ایک ۵ تولہ۔ تمام ادویہ کو خوب باریک پیس کر آپس میں اچھی طرح ملائیں اور مٹی کی ہانڈیوں میں گل حکمت کر کے حسب دستور جوہر حاصل کریں اور ایک رتی کھانڈ وغیرہ میں رکھ کر عرق گاؤ زبان کے

ہمراہ کھلائیں۔

شریمان باوا لچھمن گر سنیاسی

بال گٹکا

بچوں کے تمام امراض کے لئے نہایت مفید دوا

نسخہ۔ کیسر۔ جائفل۔ تخم سویا۔ پپلامول۔ بڑی ہرڑ۔ پیپل۔ لوہ بھسم جاوتری۔ انیس کالی۔ کافور شدھ۔ مصبر۔ ورق چاندی دانہ الائچی کلاں باٹرنگ۔ لسوت ہر ایک ایک تولہ۔ بھانگ شدھ۔ شلاجیت شدھ ہر ایک ۲ تولہ۔ کیسر کو کھرل میں ڈال کر پان کے رس میں گھوٹیں۔ پھر لوہ بھسم اور شلاجیت کو دودھ میں گھول کر ملا کر گھوٹیں۔ بعد چاندی کے ورق ڈال کر گھوٹیں۔ پھر باقی تمام دواؤں کا سفوف کپڑے سے چھنا ہوا ملا کر خوب گھوٹیں ایک جان ہو جانے پر پان کا رس اور بالنہ کے پتوں کا رس ڈال کر گھوٹ کر گولیاں بقدر دانہ مونگ بنا کر سایہ میں خشک کر لیں۔ خوراک ایک گولی سے تین گولی تک بچے کی عمر دیکھ کر دیں۔ ماں کے دودھ کے ساتھ یا چاول دھوئے ہوئے پانی کے ہمراہ بوقت صبح دوپہر شام بچوں کے بخار کھانسی۔ پیچش۔ مرگی۔ جسم سوکھنا وغیرہ میں یہ گولیاں بہت مفید ہیں۔

رسائن وٹی

تمام صفراوی امراض کے لئے نہایت مفید دوا

نسخہ ست گلو دس تولہ۔ جائفل۔ پارہ شدھ شنگرف کا رس سندھور کشتہ موتی۔ مرچ سیاہ شدھ کافور دانہ الاچی کلاں۔ رومی مصطگی شدھ آملہ سار گندھک لونگ کباب چینی۔ ورق چاندی ہر ایک ایک تولہ۔ گلاب کے پھول کا زیرہ ۲ تولہ شدھ سلاجیت ۳ تولہ پارہ اور گندھک کی کجلی تیار کریں۔ رس سندھور۔ موتی بھسم ملا دیں اور چاندی کے ورق شامل کر کے گھوٹیں پھر شلاجیت کو عرق گلاب میں گھول کر چھان لیں اور سب دواؤں میں ملا دیں۔ ست گلو اور باقی تمام دواؤں کا باریک کپڑے سے چھنا ہوا چورن ملا کر گھوٹ کر چنے کے برابر گولیاں تیار کر کے سایہ میں خشک کر لیں خوراک ایک سے دو گولی تازہ دودھ کے ساتھ دن میں دو یا تین دفعہ یہ گولیاں ہیں اقسام کے پرمیہہ۔ پھیپھڑوں کی کمزوری۔ دماغ کی کمزوری۔ پرانا بخار۔ کھانسی منہ سے خون گرنا۔ رکت پت۔ امل پت دل کی کمزوری کو دور کرتی ہیں اور جسم کو طاقتور بناتی ہیں۔

باوا گوپال گرسنیاہی

سرو دکھ ناشک

نسخہ بینلوچن ۵ تولہ گوند کیکر ۵ تولہ ہر دو کو کھرل کر کے سرمہ سا کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

پرانی کھانسی کے لئے } صبح و شام چار چار ماشہ تازہ پانی سے دیں۔

سِل کے لئے } صبح دوپہر۔ شام چار چار ماشہ تازہ پانی سے دیں۔

کمزوری دلی و برج کے لئے } صبح و شام چھ چھ ماشہ گائے کے گرم دودھ سے دیں۔

خونی دست کے لئے } صبح دوپہر شام ۴ سے ۶ ماشہ دہی یا پنیر یا چھاچھ سے دیں۔

تپ دق کہنہ } چار مرتبہ روزانہ چھ چھ ماشہ ہمراہ دودھ شیر گرم گاؤ سیاہ یا بکری سیاہ دیں جو تازہ بیائی ہوئی ہو۔

جریان۔ صبح و شام چھ چھ ماشہ تازہ پانی سے دیں۔

ذیابیطس } صبح و شام چھ چھ ماشہ تازہ پانی سے دیں۔

سوزاک } صبح شام بکری کے دودھ کی کچی لسی سے دیں۔

بواسیر خونی } صبح کو ۶ ماشہ گائے کی چھاچھ کے ساتھ اور شام کو بکری کے دودھ سے دیں۔

پیشاب سے خون آنا } تین مرتبہ روزانہ چھ چھ ماشہ بکری کے دودھ کے ساتھ دیں۔

عورتوں کے سوم روگ میں } چھ ماشہ صبح کو گائے کی چھاچھ اور شام کو شیر بز سے دیں۔

خون زخم } ہر قسم کے گہرے اور گندے زخم پر چھڑکنا مفید ہے خون بند کرتا ہے۔

آتشک } مرض کی ابتدا میں تین مرتبہ روزانہ ۶-۶ ماشہ کہنہ مرض میں تولہ تولہ پانی سے دیں۔

ضعفِ جگر } صبح و شام چار چار ماشہ ہمراہ تازہ پانی دیں۔

اختلاج قلب } ۴ ماشہ روا پانچ تولہ گلابی گاجر کے پانی سے دو دفعہ دیں۔

کرم شکم } ۴ سے ۶ ماشہ صبح و شام ہمراہ پانی دیں۔

پرانا بخار۔ صبح۔ دوپہر شام ۶-۶ ماشہ ہمراہ پانی دیں۔

شربمان باوا بھوٹے گر سنیاسی

اکسیر سرفہ ہر قسم

نسخہ۔ ست گلو۔ رب السوس ہر ابی۔ ست لوبان ولایتی کشتہ سنگجراحت سلارس ہر ایک ایک تولہ۔ کاکڑاسنگی خولنجان فلفل سیاہ اجوائن خراسانی ہر ایک ۲ تولہ افیون ۶ ماشہ ست بادیان تین ماشہ جوہر پودینہ ایک ماشہ ملاکر گولیاں بقدر ایک ایک ماشہ بنادیں۔ خوراک ایک دو گولیاں منہ میں رکھ کر چوسیں ہر قسم کی کھانسی کے لئے نہایت مفید ہے۔

نوٹ۔ خوش ذائقہ کرنے کے لئے ہموزن چینی ملاکر میٹھی گولیاں بنا سکتے ہیں۔

اکسیر نفث الدم

نسخہ۔ کشتہ سنگجراحت کشتہ صدف صادق۔ کہربا شمعی گیرو ہر ایک ۲ تولہ گیلک ایڈ کافور ہر ایک ۶ ماشہ ملاکر رکھیں

خوراک :۔ دو سرخ سے تین سرخ ہمراہ شربت انجبار تین تولہ۔

فوائد۔ بلغم تھوک میں خون آنے کے علاوہ کثرت طمث کو بھی مفید ہے۔

مقوی معدہ

نسخہ۔ سوڈا بائیکارب ۱ تولہ جوہر نوشادر ۳ ماشہ جو کھار ۳ ماشہ جوہر لیموں ۳ ماشہ ہینگ ۳ ماشہ جوہر پودینہ ایک ماشہ ملا کر رکھیں۔

خوراک:۔ ۳ رتی سے ۶ رتی تک۔

فوائد۔ درد شکم بدہضمی۔ بادگولہ وغیرہ میں نہایت مفید ہے

اکسیر جگر

نسخہ۔ برادہ آہن ۵ تولہ ہلیلہ زرد ۵ تولہ بلیلہ ۵ تولہ آملہ ۵ تولہ زنجبیل ۲ تولہ نوشادر ۲ تولہ تمام ادویات کو باریک کر کے ایک چینی کے برتن میں رکھ کر نصف سیر دہی خالص اوپر ڈال دیں۔ جب دہی خشک ہو جائے تو دوبارہ اسی قدر دہی ڈالیں۔ اسی طرح تین بار عمل کر کے تمام ادویہ کو کھرل میں ڈال کر ایک ماشہ جوہر پودینہ ملا کر ایک روز کھرل کر کے رکھیں۔ خوراک ۲ رتی سے ایک ماشہ تک ہمراہ شربت دینار زبین تولہ عرق مکو یا بادیان وکاسنی ایک چھٹانک دن میں تین مرتبہ۔

فوائد۔ ضعف جگر کمی خون کے علاوہ یرقان میں بھی اکسیر ہے۔

مہاتما برہم سوامی سنیاسی

سفوف نادر

نسخہ۔ افیون ۱ ماشہ شنگرف عمدہ ۲ ماشہ لونگ ۳ ماشہ موچرس ۴ ماشہ

نبات سفید ۳ ماشہ سب کو سفوف بنا کر پارچہ بیز کریں۔
ترکیب استعمال۔ ۳ سے ۵ رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ دیں
غذا صرف چاول
فوائد۔ اسہال پیچش ہر قسم خواہ کیسی ردی حالت میں ہوں فوراً آرام
دیتا ہے۔

اکسیر ذات الجنب

نسخہ بچھناگ مدبر۔ کشتہ پارہ سنگھا ہر ایک ۶ ماشہ نوشادر۔ جواکھار
قلمی شورہ ہر ایک ۱ تولہ سب کو سفوف کریں۔
ترکیب استعمال۔ ۲ رتی ہمراہ جوشاندہ ملٹھ دیں۔

جوشاندہ ملٹھ

نسخہ۔ ملٹھی ۱ تولہ گاؤزبان ۹ ماشہ زوفا ۶ ماشہ عناب ۷ عدد سپستاں
۷ عدد۔ منقہ ۹ ماشہ دارچینی ۶ ماشہ پانی حسب ضرورت۔
فوائد۔ ذات الجنب ذات الریہ۔ درد سینہ درد پسلی کو نافع ہے
بخار کو دور کرتا ہے۔ کھانسی کو نافع ہے۔

حب سعال

نسخہ۔ رب السوس غاریقون ہر ایک ۶ ماشہ۔ کتیرا صمغ عربی نشاستہ
ہر ایک ۹ ماشہ الائچی سفید ۲ ماشہ عرق سونف کے ہمراہ دانہ نخود کے
برابر حبوب بنا دیں۔

ترکیب استعمال۔ سوتے وقت ایک گولی نگلوائیں
فوائد۔ کھانسی خشک ہو یا تر ہر قسم کے لیے نہایت ہی مفید ہیں۔

حب اختناق الرحم

نسخہ۔ کشتہ فولاد ۳ ماشہ مشک خالص ۱ ماشہ جند بیدستر زعفران جوا کھار ناگ کیسر ہر ایک ۲ ماشہ قرنفل جوزبوا نمک سونچل ست پودینہ ہر ایک ۳ ماشہ صبر ۶ ماشہ زنجبیل ۲ ماشہ شراب برانڈی ۵ اتولہ کھرل کرکے گولیاں بقدر دانہ نخود بناویں اور ایک گولی صبح ایک گولی شام استعمال کرائیں۔
فوائد۔ اختناق الرحم کے لئے مفید ہے مدر حیض ہے درد رحم کے لئے نافع ہے۔

اکسیر بواسیر

نسخہ۔ مغز تخم نیم ۴ ماشہ مغز تخم بکائن ۴ ماشہ رسونت مصفے ۴ ماشہ آرد چاک ۴ ماشہ پوست بندق سوختہ ۴ ماشہ مغز تخم کرنجوہ ۴ ماشہ پوست ہلیلہ زرد ۴ ماشہ ہلیلہ سیاہ خوردہ ۴ ماشہ مصبر ۴ ماشہ مغز لیتہ ۴ ماشہ کتھ ۴ ماشہ۔ آب ترب کی مدد سے گولیاں نخودی بنالیں اور ایک گولی صبح و شام ہمراہ آب تازہ دیں۔
فوائد۔ بواسیر خونی و بادی کے لئے نافع ہیں خون کو پہلے روز بند کر دیتی ہیں خارش کو مٹاتی ہیں۔

مہاتما نارائن سوامی سنیاسی

حب جریان

جریان و رقت اور سرعت کی شکایت کو دور کرنے میں یہ گولیاں بے حد مفید ہیں ان کے استعمال سے پرانے سے پرانا جریان قطعاً دور ہو جاتا ہے۔

نسخہ۔ موچرس۔ کتھ سفید۔ سنگھاڑا خشک۔ مغز تخم تمر ہندی ہر ایک دو تولہ۔ تخم جوز ماثل۔ مرچ سفید دکنی بکشتہ سہ دھاتا الائچی خورد ہر ایک ایک تولہ سب کو کوٹ چھان کر دس تولہ شیر برگد ملا کر چنے برابر گولیاں بنائیں۔ اور دو دو گولیاں صبح و شام دودھ کے ہمراہ کھلائیں بہتر ہے کہ دودھ میں چھ ماشہ بیوس اسپغول اور حسب ضرورت مصری بھی ملا کر دیا کریں۔

شریمان مہاتما آنند سوامی سنیاسی

اکسیر اسہال

نسخہ۔ مصطگی رومی۔ طباشیر دانہ الائچی خورد زہر مہرہ سائیدہ۔ کافور افیون ہموزن لے کر حبوب بقدر نخود بنا کر رکھیں۔ خوراک ایک حب ہمراہ

شربت انار و عرق بادیان۔
فوائد۔ اسہال بچش مزمن میں نہایت مفید ہے۔

اکسیر سنگرہنی

نسخہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ زنجبیل۔ کچور۔ بادیان۔ انار دانہ۔ کشنیز۔ صمغ عربی۔ گیرو ہر ایک ایک تولہ۔ زہر مہرہ سائیدہ۔ کافور طباشیر ہر ایک ۳ ماشہ افیون ۳ ماشہ نمبر ا سے نمبر ۵ تک کی ادویات کو روغن زرد میں بریاں کر کے باقی ادویات ملا کر رکھیں خوراک ۳ تا ۶ ماشہ ہمراہ دہی کی لسی دن میں دو تین بار
فوائد۔ سنگرہنی کے لئے نہایت مفید ہے۔

اکسیر ملیریا

نسخہ۔ کشتہ ابرک سیاہ ۳ تولہ کشتہ ہڑتال گئو دنتی ۳ تولہ تخم کرنجوہ ۳ تولہ سفوف ریوند چینی ا تولہ کونین سلفاس ۳ تولہ سوڈا سیلی سلاس ۳ تولہ تمام ادویہ کو باریک کر کے حبوب بقدر چار رتی بنا دیں خوراک دو گولیاں ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح و شام۔
فوائد۔ ملیریا کے لئے اکسیر بے خطا ہے۔

اکسیر سیلان الرحم

نسخہ۔ گل سپاری۔ موچرس۔ رال زرد۔ کہربا شمعی۔ طباشیر کبود۔ دانہ الائچی خورد۔ کشتہ صدف۔ کشتہ سنگ جراحت کشتہ پوست بیضۂ مرغ۔ کشتہ شاخ مرجان ہر ایک ایک تولہ گیلک ایسڈ ۱ ماشہ تمام ادویات ملا کر سفوف

بنائیں یا ایک ایک ماشہ کے قرص بنا کر رکھیں خوراک ایک سے دو قرص
صبح و شام ہمراہ دودھ یا آب تازہ۔
فوائد۔ سیلان الرحم یعنی سفید پانی کے اخراج میں نہایت مفید ہے۔

اکسیر کثرت طمث

نسخہ۔ کشتہ سنگ جراحت۔ کشتہ صدف۔ مازو۔ گیرو۔ مائیں خورد و کلاں
رال ہر ایک ایک تولہ ملا کر رکھیں خوراک ۲ سے ۶ ماشہ تک ہمراہ شربت انجبار
۳ تولہ صبح و شام۔
فوائد۔ کثرت طمث میں اکسیر ہے ایک سے تین روز کا استعمال کافی
ہوتا ہے بارہا کا معمول ہے۔

مہاتما بھاگیرتھ سوامی سنیاسی

حب سورنجان

نسخہ۔ چھیر زرد ایک تولہ تربد سفید ایک تولہ پوست ہلیلہ زرد ایک تولہ
بوزیدان ایک تولہ سورنجان شیریں ایک تولہ افیون ۹ ماشہ سقمونیا ۹ ماشہ
گوگل ۹ ماشہ عرق سونف کے ہمراہ حبوب نخودی بنا دیں اور دو گولی
رات کو سوتے وقت روزانہ استعمال کرائیں۔
فوائد۔ وجع المفاصل۔ لقوہ فالج رعشہ وغیرہ امراض کو نافع ہیں

سحق احمر

نسخہ۔ سنگ جراحت ۵ تولہ صدف مرواریدی سوختہ ۲ تولہ شنگرف ۱ تولہ سم الفار سفید ۱ ماشہ علیحدہ علیحدہ سب کو مانند غبار کریں اور باہم ملاکر رکھیں۔

ترکیب استعمال۔ ایک سے ۲ رتی ہمراہ شربت انار یا مناسب شربت سے برائے طبیب دیں۔

فوائد۔ ہر قسم کے بخاروں کے لئے تریاق اعظم ہے۔ حمیات مرکبہ بلغمیہ کو خصوصاً نافع ہے۔

اکسیر طحال

نسخہ۔ شراب انگریزی ۱ بوتل مصبر ۵ تولہ لہسن چھیلا ہوا کالازیری۔ سرکہ جامن کہنہ ہر ایک ۲ تولہ سب کو ملاکر ایک ماہ دھوپ میں رکھیں بعدہٗ کپڑے میں چھان لیں۔

ترکیب استعمال۔ ۵ سے ۱۵ بوند بلحاظ عمر ایک تولہ پانی میں ملاکر پلادیں۔

فوائد۔ عظم طحال کو ایک ہفتہ میں دور کردیتا ہے علاوہ ازیں ہاضم طعام اور مشتہی ہے۔ ضعف جگر کو بھی نافع ہے۔

سفوف شفا

نسخہ جوہر نوشادر۔ مرچ سیاہ ہر ایک ۶ ماشہ تخم جوزماثل ۳ ماشہ

دارچینی ۹ ماشہ ہینگ ۶ ماشہ میٹھا تیلیہ مدبرہ ۲ ماشہ گل ہرمزی ۱ تولہ سب کا سفوف کرلیں۔

ترکیب استعمال۔ ایک سے ۲ رتی ہمراہ آب تازہ دیں

فوائد۔ درد معدہ وامعا درد رحم درد سر شقیقہ نزلہ زکام کھانسی ضیق النفس ضعف اشتہا و امراض بلغمی کو نافع ہے۔

باوا کشن پوری سنیاسی مہنت ڈیرہ باوا شیتل پوری کیتھل

آتشک کا مجرب المجرب نسخہ

نسخہ۔ رسکپور۔ دارچکنا۔ مرچ سیاہ۔ قرنفل کلاہ دار برابر وزن لے کر ایک ہفتہ رس کاغذی لیموں میں کھرل کرکے گولیاں بقدر دانہ ماش بنائیں اور ایک گولی ہمراہ آب تازہ صبح دوپہر شام استعمال کریں۔

خوراک بیسنی روٹی اور خالص گھی کے سوا اور کوئی چیز مت دیں اور اس ہدایت پر سختی سے عمل کریں۔

نوٹ۔ اگر منہ آجائے تو پیاز منہ میں رکھ کر چبلانے کی ہدایت کریں اور ملٹھی کی جڑ جوشاندہ بنا کر غرارہ کرائیں آتشک نیا ہو تو تین یوم سال دو سال کا ہو تو پانچ یوم اور اگر زیادہ پرانا ہو تو سات یوم دوائی استعمال کرائیں۔

باوا گنگا پوری سنیاسی

امرت منجری بٹی

نسخہ۔ شنگرف رومی مصفےٰ۔ مرچ سیاہ۔ سہاگہ چوکیہ۔ بچھناک مدبر پیپل خورد۔ جائفل خورد۔ جملہ ادویہ مساوی الوزن لے کر لیموں کے عرق میں مکمل دو پہر خوب گھوٹ کر دو دو رتی کی گولیاں بنالیں۔

افعال ومنافع ہر قسم کے بخار میں ایک گولی صبح اور ایک شام کو مناسب عرقیات یا ہمراہ آب سرد دیں۔ دمہ میں صبح و شام ایک ایک گولی ہمراہ آب گرم دیں۔

زیادتی کف میں ہمراہ شہد خالص اور آب ادرک کے دیں۔

زکام میں عرق گاؤزباں آدھ پاؤ اور شربت بنفشہ ۲ تولہ کے ہمراہ دونوں وقت دیں۔

ہیضہ میں پودینہ چائے لونگ۔ پوست درخت نیم۔ بادیان الائچی سرخ کوفتہ ان کو لے کر پانی میں جوش دے کر پانی کے ہمراہ دیں

اس نسخہ کے بنانے میں کسی قسم کا جھنجھٹ اور زحمت نہیں ہے یہ نسخہ ہر مطب میں ضرور تیار رہنا چاہیئے۔ مندرجہ بالا امراض کے علاوہ عقلمند طبیب مناسب بدرقات کے ہمراہ اسی نسخہ سے اور مرضوں پر بھی کام لے سکتا ہے۔

مہاتما وزیر چند نندہ سنیاسی

ناک کے کیڑے

یہ بڑی نامرادِ مرض ہے اس سے شدید درد سر ہوتا ہے۔ بےچینی ہو جاتی ہے ناک بیٹھ جاتی ہے مجھے ہمیشہ ذیل کے نسخوں سے کامیابی ہوئی ہے اور اکثر انعام بھی ملے ہیں۔ دریائی نارجیل کو جلا کر باریک پیس کر دن میں تین بار صبح دوپہر اور شام نسوار دینے سے ایک دن کے عمل سے ہی تمام کرم مر کر نکل جاتے ہیں اور مریض تندرست ہو جاتا ہے۔

اسی طرح بلم کو کوٹ کر نسوار دینے سے تمام کیڑے گر کر مر جاتے ہیں مگر لکڑی بوسیدہ اور کرم خوردہ نہ ہونی چاہیئے یہ نسخہ مجھے بڑی مشکل سے آج سے بیس سال پہلے اس وقت ملا تھا جبکہ میری تائی صاحبہ اس مرض میں مبتلا تھی۔ ایک راول ضعیف العمر بلایا گیا اس نے .... بلم باریک شدہ کی نسوار دی میری موجودگی میں تمام کیڑے مردہ ہو کر نکل گئے پھر اُن کو تمام عمر یہ بیماری نہیں ہوئی۔ مجھے چونکہ بچپن سے ہی نسخے حاصل کرنے کا شوق ہے میں نے اس راول کو گوردجی کہنا شروع کر دیا اور اکثر اُن کی خدمت تو اضع کرتا رہا۔ ایک دن اپنی رضامندی سے مجھے یہ راز بتلا دیا میں نے کئی جگہ تجربہ کیا مفید پایا لیکن میں اس سے بھی بہتر نسخے کی تلاش میں رہا۔ چنانچہ دریائی نارجیل والا نسخہ ملا یہ دونوں نسخے نہایت لاجواب ہیں آپ ان کا ضرور تجربہ کریں۔

نکسیر

یہ بھی نامراد مرض ہے بعض صورتوں میں تو اس کا اخراج اچھا ہے مگر اس کی زیادتی خطرناک بھی ہے اس کے لئے سفید دوب گھاس کا پانی نکال کر ناک میں ٹپکانے سے نکسیر شرطیہ بند ہو جاتی ہے اور کاہی سبز ۲ تولہ یہ اکثر ٹھہرے ہوئے پانی پر ایک جالا سا جما ہوا ہوتا ہے، شورہ قلمی ۳ ماشہ باریک پیس کر ٹکیہ بنا کر تالو میں رکھنا بے حد مفید ہے۔

درد داڑھ

نسخہ کیٹلی خشک کو کوئلوں کی آگ پر رکھو جو دھواں اس میں سے نکلے وہ درد والے دانت میں پہونچاؤ تو کیڑا باہر آ کر مر جائے گا اور درد موقوف ہو گا آزماؤ اور قدرتِ ربی کا تماشہ دیکھو۔

کرم خوردہ دانت کا نکالنا

اگر کرم خوردہ دانت کو آسانی سے نکالنا ہو تو کریلہ کی جڑ کو باریک پیس کر شہد میں گوندھ کر درد والے دانت کی جڑ میں رکھو وہ خود بخود اکھڑ جائے گا۔

دانتوں کی جملہ تکالیف کیلئے جادو اثر دوا

دانتوں سے بدبو آنا خون نکلنا پیپ بہنا پانی لگنا دانتوں کا ہلنا کیڑا لگنا مسوڑھوں کا پھول جانا دانت سیاہ ہونا۔ ماسخورہ وغیرہ بس یہی ایک دوائی شافی ہے۔

نسخہ۔ مجیٹھ۔ باؤبڑنگ۔ مازو بے سوراخ۔ کتھ سفید مرچ سیاہ متھرا یعنی سعد کوفی۔ سنبل الطیب دانہ الائچی کلاں ہر ایک ایک تولہ نیلا تھوتھا (بریاں) ۶ ماشہ سب کو باریک پیس کر رات کو سوتے وقت برش سے یا انگلی سے دانتوں کو آہستہ آہستہ ملو اور منہ کو ڈھیلا چھوڑ دو رال ٹپکاؤ پھر ایک بیڑا پان کھا کر سو جاؤ صبح کو غرغرہ کرو۔

تاپ ٹلنا

نسخہ۔ نمک چھکنی۔ اجوائن۔ زنجبیل۔ مساوی الوزن باریک پیس کر سب کے مجموعہ کے برابر قند سیاہ ملا کر کوٹ کر گولیاں بقدر ایک ایک ماشہ بنالو۔

خوراک:۔ بوقت ضرورت ایک گولی ہمراہ گھی شاذو نادر ہی تیسری خوراک دینی پڑتی ہے اور پرماتما شفا دیتا ہے۔

اکسیر سنگرہنی

خواہ کیسی ہو۔ کتنی دیر سے ہو شرطیہ فائدہ کرتی ہے۔ بواسیر خونی کا بھی قلع قمع کر دیتی ہے اندر جو کی شاخوں کا چھلکا تازہ ۳ تولہ یہ جوان آدمی کی خوراک ہے ایک سیر پانی میں جوش دو جب ایک پاؤ پختہ رہ جائے تو اس میں میٹھا ڈال کر پلاؤ تا صحت پلاتے رہو مگر روزانہ تازہ دوا بناؤ۔ غذا صرف دہی چاول ہی دو۔ سنگرہنی کا مریض اگر موت کے قریب پہونچ چکا ہو اور لاعلاج قرار دیا گیا ہو تو بحکم ربی ضرور ضرور صحت یاب ہوگا۔

نسخہ برائے دمہ

درخت بالنسہ سالم مع پھل پھول جلاکر راکھ بنالو اسی طرح پٹھکنڈا کو جلاکر راکھ بنالو۔ اسی طرح برگ کیلہ کو جلاکر راکھ بنالو پھر تکہ مکئی کی بھی راکھ بنالو۔ پھر ان کا جدا جدا نمک ملاکر شیشی میں محفوظ رکھو خوراک نصف رتی سے ایک رتی تک شہد میں ملاکر کھانسی دمہ تر وخشک والے کو چٹاؤ۔ دن رات میں دو رتی دوائی کافی ہے چند روز میں پرانے سے پرانا دمہ ہر قسم کو فائدہ دے گا۔

ہیضہ و تخمہ

میرا یہ نسخہ معمول ہے اور ہمیشہ تیار رکھتا ہوں پرماتما کے نام پر تقسیم کرتا ہوں قیمت پر دینا گناہ ہے اور فائدہ بھی نہیں ہوتا ایک مہاتما کا عطیہ ہے چالیس سال سے برابر برت رہا ہوں کبھی خطا نہیں کی اور سو میں سے ایک کو بھی نقصان نہیں کیا۔

نسخہ۔ گل مدار شگفتہ ۹ ماشہ فلفل سیاہ ۳ ماشہ جو ہر پودینہ ۳ ماشہ شورہ قلمی ۳ ماشہ نمک لاہوری ۳ ماشہ۔ ان کو باریک پیس کر آب پیاز میں اس قدر کھرل کرو کہ پانچ تولہ آب پیاز جذب ہو جائے پانی خشک ہونے پر شہد کی آمیزش سے گولیاں بقدر نخود بنالو۔ اور حسب حالت مریض ایک سے تین گولی تک دو۔

ابتدائی سرسام

ہویا دماغ کی طرف دوران خون ہو تو فوراً جنگلی گوبھی کو پیس کر دماغ پر لیپ کر دو فوراً آرام ہو گا۔

میرے گورو مہاراج فرماتے تھے کہ موت اور سرسام میں کچھ فرق نہیں۔ جو وئید حکیم یا ڈاکٹر سرسام کے روگ میں اس پر فتح پائے اس سے مشہور اور کون ہو سکتا ہے۔ دریائے سرسام میں غرق شدہ مریض کو اگر کوئی رحم دل نکالے تو اس کو کیا کچھ نہ دینا چاہیئے یعنی سب کچھ دینا چاہیئے جو مریض اجگر سانپ کے پھندے میں پھنسا ہو اس کو جو وئید راج رہا کرے اس پر جان قربان کر دینی چاہیئے۔ زر و سیم وغیرہ کا تو کیا ذکر ہے اُن کا فرمان تھا کہ یہ مایۂ ناز نسخہ اگر قدرت کی طرف سے فرمان اجل نہ آیا ہوا ہو تو فائدہ مند ہے۔

برائے مجلوق

پرہیز صرف سرد پانی اور جماع ہے دو تین یوم بعد ایک ہفتہ تک ایک بڑا اچھا گدڑا لے کر ذبح کر کے آلائش سے صاف کر کے گرما گرم بعد ذبح کے پندرہ منٹ تک اس میں حرارت رہتی ہے اسی حالت میں ناکارہ عضو مخصوص پر لپیٹ کر کپڑا اوڑھ کر ہوا سے محفوظ جگہ میں قریباً نصف گھنٹے بیٹھے پسینہ خوب نکلے گا۔ روزانہ مقررہ وقت پر اسی طرح ہفتہ عشرہ کرو تمام نقائص دور ہو کر درست حالت

ہو جائے گی۔ آزماؤ اور قدر کرو۔

باوا سو بھا رام سنیاسی بابا بکالہ چک ۵۵

اکسیر پھلبہری

نسخہ۔ گندھک آملہ سار کو ہفت بار دودھ بز میں اور ہفت بار روغن زرد میں بجھالیں پھر ترپھلا اور گندھک ہموزن باچی کے پانی سے کھرل کریں اور جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا کر رکھ لیں۔ خوراک ایک گولی شہد یا ترپھلہ کے پانی سے اور گھس کر اوپر بھی لگائیں۔ پھلبہری کو بالکل نیست ونابود کر دیتی ہے۔ دس سال سے تجربہ ہو رہا ہے۔ تیر بہدف ثابت ہوئی ہے۔

مقعد میں خارش اور درد کیلئے مفید مرہم

نسخہ۔ چربی بھیڑ ایک اونس میں مازو باریک شدہ ۶ ماشہ ملا کر اوپر لگائیں آرام ہو گا۔

اکسیر بخار

نسخہ۔ سم الفار سفید تولہ کو آب ٹھکنڈہ میں سات تصفیہ دے کر توے آہنی پر خوب سینکیں کہ خشک ہو جائے پھر پیس لیں۔ خوراک نصف چاول بتاشہ میں ہر قسم کے بخار میں نہایت مفید ہے۔

اکسیر نایاب

نسخہ۔ گندھک آملہ سار ۲ تولہ باریک پیس کر درمیان میں ایک تولہ کانسی کا ٹکڑا رکھ کر پڑیہ بنائیں۔ اوپر نیچے ریگ بالو جو قریباً دو سیر پختہ ہو دے کر گل حکمت کر کے ۱۵ سیر کی آگ دیں اور سرد ہونے پر نکال کر اور استعمال کریں۔ درد کمر۔ درد جوڑ۔ درد ذات الجنب۔ غیر حقیقی کھانسی بلغمی اور اسہال وغیرہ کے لئے نہایت مفید ہے۔

پنج دھاتا

جس کا میں کئی دفعہ تجربہ کر چکا ہوں۔ بلغمی امراض پر مختلف مدتوں سے تیر بہدف ثابت ہوا ہے

نسخہ۔ ہڑتال ورقیہ۔ شنگرف رومی۔ سم الفار۔ سیماب ہر واحد ۱ تولہ ان کو رس گھوار گندل میں اس قدر کھرل کریں کہ یک ذات ہو جائیں۔ پھر ۴ تولہ مس مصفےٰ کی ڈبیہ میں بند کر کے خوب گل حکمت کریں اور ۵ سیر پختہ اپلوں میں پھونک دیں ٹھنڈا ہونے پر پیس لیں۔ خوراک نصف رتی مرد قوی کے واسطے کھانسی درد پسلی۔ سنپات وجع المفاصل وغیرہ عصبی بلغمی امراض کے لئے مانند اکسیر ہے۔

حمیات کہنہ و ابتدائے سل کیلئے اکسیر

نسخہ۔ سم الفار ۶ ماشہ الائچی خورد کتھ سفید ۴ تولہ ادرک کے رس میں کھرل کر کے ۸۰ ۴ گولیاں بنائیں بعد غذا ایک گولی ۶ ماشہ پانی سے

دیں۔ بخار خواہ کتنا ہی پرانا کیوں نہ ہو ایک ہفتہ میں دور ہو جاتا ہے لیکن ہفتہ کے بعد گولیاں ایک ہفتہ کے واسطے بند کر دیں۔

اکسیر سنگرہنی

نسخہ۔ میٹھا تیلیہ مصفےٰ ۱۔ مرچ سیاہ فلفل دراز سہاگہ بریاں شنگرف مصفےٰ ۱ تین روز تک کھرل کریں۔ خوراک ارنی سے دو رتی تک ہر قسم کے اسہال و سنگرہنی کے لئے نہایت مفید ہے۔

شری مبا داس سنیاسی بھیروی

مقوی باہ

نسخہ۔ شنگرف ایک تولہ مالکنگنی ۴ تولہ دونوں کو ایک برتن میں رکھیں شنگرف مالکنگنی کے درمیان میں ہو اوپر سے گھی آدھ پاؤ ڈالدیں اور برتن کو آگ پر رکھیں جب گھی جل اٹھے اور مالکنگنی بھی کوئلہ سی ہو جائے تو اتار کر سرد کریں اور شنگرف نکال کر سنبھال لیں۔ یہ شنگرف مدبر ہے۔ پھر یہ ادویہ مہیا کریں۔

موصلی سفید ۱ تولہ جاوتری ۳ ماشہ ثعلب مصری ایک تولہ مصطگی ۱ تولہ افیون ایک ماشہ سب کو کوٹ چھان کر رکھیں پھر ایک گولہ (گری) ناریل لے کر اس میں سوراخ کریں اور دواؤں کا سفوف

اس میں بھر کر وسط میں شنگرف رکھیں اور اس نارئیل کو شیر تر دھ سے بھر یں اور اس کا منہ خوب بند کر کے نارئیل کو کپڑ مٹی کر کے خشک کریں پھر ایک برتن میں دودھ ڈالیں اور اس میں نارئیل رکھ کر پکائیں۔ جب دودھ کا کھویہ بننے لگے تو اتار کر سرد کریں اور توڑ کر ادویات نکال کر حبوب نخودی تیار کریں اور ایک سے دو گولی حسب برداشت دودھ سے استعمال کریں۔

کشتہ شنگرف

شنگرف ۵ تولہ کی ڈلی چھچھڑہ کی لکڑی جو موسم بہار یا جیٹھ میں لی گئی ہو جبکہ درخت پر پھول لگتے ہیں تازہ گیلی لکڑی ہو ایک گز لمبی اور ایک فٹ موٹی ہو درمیان سے اس کو ورمہ کے ذریعہ کاواک چھید کریں جو نصف لکڑی تک چلا جائے پھر اس میں شنگرف کی ڈلی آہستگی سے رکھیں اور جو برادہ نکلا ہو وہ اس میں بھر دیں اور اوپر ایک لکڑی کا کیل بھی جو چھچھڑہ کی لکڑی کا ہو جڑ دیں جس سے منہ بالکل بند ہو جائے پھر اس لکڑی کو تین بار گل حکمت کر کے خشک کریں اور دونوں طرف اپلوں کی آنچ دونوں سروں پر لکڑی کے جائیں کہ بیشتر حصہ لکڑی کا ادھ اُدھ سے جل جائے پھر شنگرف نکال کر دوسرے دن اسی طرح تازہ لکڑی میں رکھیں اور آگ دیں اسی طرح تین بار کریں۔ پھر اس شنگرف کو ایک بوتل شراب برانڈی میں تھوڑی تھوڑی ڈال کر کھرل کرائیں اور خشک ہونے پر سنبھال کر رکھیں اور بقدر ایک چاول مسکہ یا برگ پان میں رکھ کر استعمال کریں قوت باہ کیلئے لاجواب اکسیر ہے۔

نسخہ برائے سرعت انزال

نسخہ۔ جائفل ۱½ ماشہ مصطگی ۱½ ماشہ افیون ۱½ ماشہ حرمل ۲ ماشہ جاوتری ۲ ماشہ تخم بھنگ ۲ ماشہ زعفران ۱ ماشہ عقر قرحا ۲ ماشہ کستوری ارتی تمام ادویہ باریک کرکے جوشاندہ کوکنار سے کھرل کرکے گولیاں تیار کرلیں خوراک ایک ماشہ ہمراہ دودھ۔

شریمان باوا گورکھنا تھ جی سینباسی

نسوار مرگی

مرگی کے لئے یہ نسوار نہایت مفید ہے۔
نسخہ۔ ہزار پایہ یعنی کنکھجورا ۱ عدد کرم بینی شتر ۳ عدد ڈنڈ امدار دو عدد تینوں کو سایہ میں خشک کرکے پیس لیں اور چھ ماشہ تمباکو تلخ باریک شدہ ملاکر شیشی میں بند رکھیں بوقت ضرورت مریض کو بطور نسوار سنگھائیں چند بار کے استعمال سے مرض رفع ہوگا

حبِّ فالج

فالج لقوہ تشنج اور خدر وغیرہ کے لئے یہ گولیاں بیحد مفید ہیں۔

نسخہ۔ سیم الفار ۳ ماشہ میٹھا تیلیہ مدبر کچلہ مدبر جند بیدستر ہر ایک ۶ ماشہ شنگرف مرچ سیاہ دار چینی فلفل دراز ہر ایک ا تولہ سب کو دس تولہ آب لہسن میں کھرل کر کے مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنائیں

مقدار خوراک۔ ایک ایک گولی صبح و شام بعد از غذا۔

باوا شوداس جوگی

تریاق مار گزیدہ

نسخہ۔ نیلا تھوتھا ا تولہ سنکھیا ا تولہ بیج ناگدون ا تولہ تخم مرچ سرخ ا تولہ میٹھا تیلیہ ۶ ماشہ۔ حقہ کی میل ا تولہ گھونگچی سرخ ا تولہ شیر مدار ۲ چھٹانک سب کو کھرل کر کے حبوب نخودی بنائیں۔ مقام ماؤف پر چھینے لگا کر ایک گولی لعاب دہن میں گھس کر لیپ کریں۔ اور ایک گولی کھلائیں ایک ایک گھنٹہ بعد ایک ایک گولی کھلاتے رہیں۔ جب قے ہو جائے تو بس کریں مار گزیدہ کو نیند نہ آنے دیں۔

منجن اکسیر دنداں

نسخہ۔ ریٹھہ مسلم۔ پھٹکری ہر ایک ۵ تولہ طوطیا ا تولہ سب کو

کوزہ گلی میں بند کر کے دس سیر اپلوں کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکالیں اور باریک پیس لیں اب اس میں زنجبیل ایک تولہ نمک طعام ۳ تولہ ملا کر خوب کھرل کریں اور بطور منجن دانتوں پر ملیں۔ دانتوں اور مسوڑھوں کے لئے نہایت مفید ہے۔

باوا صاحب دیال سیناسی

اگنی مکھ چورن

یہ نسخہ مرض طحال کے لئے از حد مفید ہے نیز باؤ گولہ بواسیر اور تمام بادی امراض کے لئے نہایت فائدہ مند ہے۔

نسخہ۔ ہینگ ا تولہ ورچ ۲ تولہ پیپلی ۳ تولہ سونٹھ ۴ تولہ اجوائن ۵ تولہ پوست ہلیلہ ۶ تولہ چترک ۷ تولہ کٹھ ۸ تولہ۔ ان تمام ادویات کو باریک پیس کر سفوف تیار کریں اور دو تین ماشہ ہمراہ آب گرم استعمال کریں تو امراض بادی دور ہوں گے۔ اور ہمراہ آب سرد یا لسی استعمال کرانے سے باؤ گولہ اور طحال دور ہوں گے۔

باوا مہر چند جی منڈ راجوگ راجہ جھنگ

نسخہ برائے کدو دانہ وچھونہ

گلو ہڑی (ایک قسم کی گھاس ہے۔ جسے زمیندار بڑے شوق سے گائے بھینس کو کھلاتے ہیں) کا پانی ایک پاؤ۔ کمیلہ ۶ ماشہ پھانک کر اوپر سے پانی مذکورہ بوٹی پیویں۔ کدو دانے نکل آئیں گے۔ لیکن پینے وقت ناک بند کر لیں۔

نسخہ ذات الجنب

نسخہ۔ ہڑتال طبقی ۲ تولہ میٹھا تیلیہ ۶ ماشہ لونگ چھ ماشہ ہر سہ ادویہ کو آب ادرک ۱۰ تولہ میں کھرل کریں پھر ۱ تولہ گودہ کنوار گندل میں کھرل کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں۔

خوراک نصف رتی ہتھیلی پر کھانڈ بقدر ایک تولہ رکھ کر درمیان میں دوائی مذکور رکھ کر پھانک کر اوپر خوب گرم دودھ پی لیں اور ہوا سے بچ کر سوئیں اگر ½ گھنٹہ تک درد کو آرام نہ آئے تو پھر ایک خوراک بجائے دودھ کے گرم پانی سے کھائیں۔ اور کپڑا اوڑھیں شرطیہ فائدہ ہوگا

نسخہ بواسیر خونی

جب ایک دفعہ اس دوا سے آرام آجائے تو عمر بھر بواسیر

کی شکایت نہیں ہوتی لیکن دوا تکلیف بہت دیتی ہے آج تک قریبا دس پندرہ آدمیوں پر اس کا تجربہ ہو چکا ہے اس کو خواہ کسی قدر سرخ مرچ کھلائیں تکلیف نہیں ہوگی۔

نسخہ۔ کتھہ گلابی ایک تولہ سم الفار سفید ا تولہ ہر دو ادویہ کو خشک کھرل کر کے باریک سرمہ سا کر لیں اور شیشی میں بحفاظت رکھیں بذریعہ سلائی دو سرا آب محل مریض کے مسوں پر لگائے لیکن یہ احتیاط ضروری ہے کہ دوا کسی اور جگہ نہ لگے۔ تقریباً آٹھ روز تک لگانے سے مسے خوب پھول جائیں گے پھر بھی تھوڑی تھوڑی دوا لگاتے رہیں جس وقت مسے پھول کر پھٹ جائیں گے تو ان سے زرد رنگ کا پانی جاری ہوگا پھر بھی تھوڑے دن لگاتے رہیں جتنے کہ پانی بند ہو جائے تو پھر گھی کا حلوہ جس میں ہلدی شامل کی گئی ہو بنا کر مقعد پر باندھیں اور گھی جلا کر لگایا کریں دوا استعمال کرتے وقت تا صحت آب دست لینا منع ہے۔ دودھ گھی خوب کھائیں اور بدن پر گھی کی مالش کریں عمل مذکور تکلیف بے شک بہت دیتا ہے لیکن بواسیر سے عمر بھر کے لئے نجات دلاتا ہے۔

چورن ہاضمہ

نسخہ۔ نوشادر دیسی ۴ تولہ سہاگہ بریاں ا تولہ بادیان ا تولہ الائچی کلاں ا تولہ سونٹھ چھ ماشہ پیپل ۶ ماشہ دار چینی ۶ ماشہ پودینہ خشک ۶ ماشہ نمک لاہوری ۲ تولہ باریک کر کے سفوف بنائیں۔

خوراک ۴ رتی سے ۱ ماشہ تک۔

نسخہ خون حیض کی بیماری کو بند کرتا ہے

نسخہ۔ پچھان بید ۹ ماشہ طباشیر کبود ۶ ماشہ کشتہ گئو دنتی ۴ رتی سمندر سوکھ ۶ ماشہ دانہ الائچی خورد ۳ ماشہ سرمہ سیاہ ۴ رتی کوٹ چھان کر تین پڑیاں بنائیں ایک صبح ایک دوپہر اور ایک شام کو پانی یا مصری کے شربت سے استعمال کرائیں۔ کثرت الطمث کے لئے بے نظیر دوا ہے۔

گوسوامی فریدالپوری بیٹھ گوسائیں ضلع بدایوں

حبوب بخار ہر قسم

نسخہ۔ بیخ جدوار دیسی۔ اتیس پیپل خورد ہر ایک ایک تولہ مغز کرنجوہ ۳ تولہ جملہ ادویہ کو برگ تلسی کے عرق میں کھرل کر کے گولیاں بقدر مٹر بنائیں۔

ترکیب استعمال۔ بخار آنے سے پیشتر ایک ایک گھنٹے کے وقفہ سے تین تین گولیاں کھلائیں۔ پرماتما کی مہربانی سے دورہ موقوف ہو گا۔ بخار کہنہ میں تین گولیاں صبح شام ہمراہ عرق گلو استعمال کرائیں۔

موسمی و وبائی بخار کے ایام میں انھیں گولیوں میں سے ایک گولی روزانہ استعمال کرانا بخار سے محفوظ رکھتا ہے۔

اکسیر اسہال

نسخہ۔ جائفل دکھنی ایک عدد افیون ایک ماشہ چھوارہ منقی ایک عدد پان کے عرق میں گھوٹ کر ماش برابر گولیاں بنائیں۔ بچہ کو ایک گولی ماں کے دودھ میں اور بڑے آدمی کو چار گولیاں مٹھا یا تازہ پانی کے ہمراہ دیں۔ جملہ اقسام اسہال کو مفید ہیں۔

جناب شریعت پناہ طریقت آگاہ حضرت پیر جی عبد الصمد صاحب فخری۔ فریدی۔ سلیمی سجادہ نشین رئیس دہلی

برائے ہیضہ

نسخہ۔ برگ چرچیٹہ خشک ۲ ماشہ برگ پودینہ خشک ۳ ماشہ کشنیز خشک مسلم ۱۱ عدد الائچی کلاں مسلم ایک عدد نمک بقدر ذائقہ ایک پاؤ پانی میں پیس چھان کر دو دفعہ کر کے مریض کو پلائیں۔

برائے پرانی کھانسی

نسخہ۔ گودہ گھیکوار ۵ سیر نمک شور آدھ سیر اجوائن دیسی پاؤ بھر فلفل دراز ایک تولہ سب کو ایک مٹکے میں بھر کر چولھے پر رکھ کر آگ جلائیں جب سب دوائیں جل کر خاکستر ہو جائیں تو محفوظ رکھیں رات کو سوتے وقت ایک چاول سے دو چاول تک مکھن یا بالائی میں کھائیں۔

برائے تقویت بصر

نسخہ۔ ہلدی کی گرہ کو لیموں کے بیچ میں سوراخ کر کے رکھ دیا جائے لیموں مذکورہ کو سایہ میں اتنا عرصہ رہنے دیا جائے کہ خشک ہو کر ہاتھ سے مسلا جا سکے پھر احتیاط سے ہلدی کی گرہ کو اس میں سے علیحدہ کر دیا جائے اس قدر باریک پیسا جائے کہ سرمہ کی طرح استعمال ہو سکے ضعف بصارت کے لئے عمیرہ صفت ثابت ہو گا

جناب مصور فطرت خواجہ حسن نظامی صاحب

خواہر زادہ حضرت نظام الدین اولیاء دہلی

نسخہ لو اکسیر

جو ہند و پاکستان کے اکثر عمائدین کے تجربہ کے بعد نہایت

مفید ثابت ہوا ہے۔
نسخہ:۔ بندق ہندی ۵ ماشہ (صرف پوست لیا جائے) مازو سبز ۵ ماشہ دونوں کو کوٹ کر کورے برتن میں ڈال کر ۵ سیر پانی میں بھگو دیں اور ایک ہفتہ تک اس پانی سے آبدست کریں۔

حضرت خواجہ نصیر الدین چراغ دہلی رحمۃ اللہ علیہ

کایا کلپ

نسخہ۔ فلفل دراز تخم منواڑ بیخ چنبہ ہر ایک ایک تولہ بیخ ستاور ہلیلہ کلاں۔ بلیلہ۔ منڈی موصلی سفید موصلی سیاہ ہر ایک ۳ تولہ۔ قند سیاہ ہموزن سب کو الگ الگ کوٹ چھان کر قند سیاہ کی مدد سے نخود کے برابر گولیاں تیار کریں اور ہر روز نہار منہ ایک گولی کھائیں اول ماہ میں علت بدنی دور ہو دوسرے ماہ میں درد کمر تیسرے ماہ میں جملہ امراض چوتھے ماہ میں دمہ پانچویں میں خرابی خون ششم ماہ بال سیاہ ہوں ساتویں میں عورت پر پوری قدرت اور آٹھویں میں مثل جوان ہو۔

شہزادہ بہادر شاہ بخاری بیلح درگاہ حضرت موج دریا بخاری لاہور

نسخہ قوت باہ

قوت باہ کا عدیم النظیر اور لاثانی نسخہ جس کے بعد کسی دوا کی عمر بھر کے لئے ضرورت نہیں رہتی۔

نسخہ شنگرف رومی ایک تولے کی ڈلی لے کر اس پر سُرخ ریشم لپیٹ دیں پھر دھتورہ کا تازہ پھل لے کر اس کا تھوڑا سا گودا نکال کر اس میں ڈلی رکھ دیں اور اسے کنجشک نر کے پیٹ میں رکھ کر پیٹ سی دیں بعدہٗ اُسے ایک پاؤ برگ ڈھاک سفید کے نغدے میں رکھ کر گل حکمت کر کے بھبھل کی آنچ دیں اسی طرح ایک سو ایک آنچ دیں پس تیار ہے۔

خوراک دو برنج

(نوٹ) آنچ کا خیال ہونا چاہیئے تاکہ جل نہ جائے

حضرت مولانا مولوی حاجی الحرمین الشریفین قبلۂ صوری و کعبۂ معنوی مرحوم و مغفور عمدۃ الحکما حاجی مرزا محمد عیسے بیگ صاحب کے

تریاق تربوزی

بھس - ورم جگر - عظم طحال اور خون کی کمی کے لئے نہایت اکسیر ہے
نسخہ ہے تخم کاسنی - پوست بیخ کبر - بادیان - پوست ہلیلہ زرد - مجیٹھ - نوشادر
شورہ قلمی - مرچ سیاہ - سونٹھ فلفل دراز - پوست بلیلہ - آملہ - دانہ مکو
پودینہ خشک - کشتہ فولاد - ہر ایک ایک تولہ سب کو کوٹ کر ایک بڑے اور
پختہ تربوز کا ایک طرف سے ٹکڑا کاٹ کر تمام دوائیں اسمیں ڈال دیں
اور اسکے گودہ سے خلط ملط کردیں تین روز کے بعد نکال کر چھان
لیں اور دو تولہ روزانہ مریض کو پلائیں -

اکسیر ذیابطیس

ذیابطیس یعنی پیشاب میں شکر آنے کی شکایت کا بہترین علاج
ہے نیز پیشاب کی کثرت کو روکتی ہے -
نسخہ - مغز خستہ جامن - گڑمار بوٹی - کشتہ پوست بیضۂ مرغ ہر ایک

۱ تولہ جفت بلوط مازو وے سبز کشتہ فولاد۔ کندر۔ طباشیر ہر ایک ۶ ماشہ افیون۔ کافور ہر ایک ۳ ماشہ سب کو باریک پیس کر چار چار رتی کی گولیاں بنائیں خوراک ایک ایک گولی دن میں دو تین بار۔

حضرت بابا پیر مستقیم شاہ صاحب چشتی نظامی

اکسیری سرمہ

نسخہ۔ بنفشہ ـ مار رات کو پانی میں بھگو دیں صاف کر کے میٹھا تیل نیم سیر ڈال کر جلا لیویں جب روغن باقی رہ جائے اس روغن کو چراغ میں ڈال کر روشن کریں اور اس پر چینی یا اور کوئی چیز رکھ کر دھواں حاصل کریں کاجل اتار کر میل تانبا تولہ میل چاندی تولہ مصری کوزہ تولہ نیلا تھوتھا ۱/۲ رتی ملا کر سرمہ بنا دیں اور آنکھوں میں لگا دیں۔ جملہ امراض چشم کے لئے بیحد مفید ہے۔

بندش پیشاب کا عجیب و غریب علاج

پانچ تولہ برانڈی میں ایک تولہ زنجبیل خوب کھرل کر کے عظم عانہ پر لیپ کر دیں فوراً پیشاب جاری ہو گا۔

کشتہ شنگرف اکبری

یہ نسخہ مجھے بڑی دقت اور خوشامد سے جناب محمد نصرت شیر خاں قادری سے ملا فی الحقیقت یہ نسخہ نہایت مقوی باہ ہے ناکارہ اور گئے گذرے نامرد اس کے استعمال سے ایک ہفتہ میں مرد کامل بن گئے اور اس کی جادو اثری اور سحر کاری کو مان گئے یہ نسخہ نایاب روزگار اور اپنی طرز کا واحد و نرالا ہے۔ باوجود اس حسن و خوبی کے فالج لقوہ۔ بادی۔ بلغم۔ وجع المفاصل۔ کمی خون ان امراض کو دور کرکے بھوک بڑھاتا ہے سیروں گھی مکھن دودھ ہضم ہونے لگ جاتا ہے کھانسی۔ دمہ۔ زکام جو کسی دوا سے زائل نہ ہوتا ہو وہ اس کے استعمال سے زائل ہو جاتا ہے۔

نسخہ۔ پیاز ایک من کا پانی نکال کر گلی مٹکہ میں ڈال دیویں قند سیاہ ایک سیر چھلکہ درخت سنبل ایک سیر ڈال کر پندرہ دن رکھیں۔ جب اس میں عفونت مثل شراب پیدا ہو جائے۔ قرع انبیق سے عرق کھینچ لیں اسی طرح تین بار عرق در عرق کھینچ کر ۳ تولہ سنگرف میں یہ دو بوتل عرق کھرل کرتے کرتے جذب ہو جائے تو قرص بنا کر دو چھوٹی پیالیوں میں رکھیں۔ گل حکمت کرکے ایک سبو چہ گلی میں ۵-۶ آثار پلو بہت موٹی رکھ کر درمیان میں یہ گل حکمت شدہ رکھ کر چار پہر ہلکی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیویں اور پیس کر شیشی میں محفوظ طریقہ سے کاک لگا کر رکھیں۔ خوراک ایک برنج سات روز میں اس کی سحر کاریوں کا آپ کو مشاہدہ ہو کر قدرت حق تعالٰے نظروں میں سما جائے گی۔ قوت باہ کے معاملہ

میں اس نسخہ سے بڑھ چڑھ کر شاید ہی کوئی نسخہ ہو گا۔

کشتہ چاندی

چاندی ایک تولہ کا پترہ بنا کر گرم کر کے ۲۱ دفعہ کرنڈ کے پانی میں بجھا دیں جب کشتہ ہو جاوے تو دس تولہ گندھک نیچے اوپر رکھ کر ۳ سیر کی اپلے دونی کر کے یا کلیہ میں ڈال کر گل حکمت کر کے آگ دیں۔

جناب پیر جعفر علی شاہ صاحب نقشبندی

روغن خوردنی ومالیدنی

قوت باہ امساک نعوظ وانتشار بے حد پیدا کرتا ہے جو لوگ قوت مردمی سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں وہ اس روغن کا استعمال کر کے اپنی دلی مراد کے گوہر مقصود سے اپنا دامن آرزو بھر کر حسرت وارمان نکال لیں نسخہ۔ موم سفید ڈیڑھ پاؤ سم الفار ایک تولہ سیماب ایک تولہ لوبان کوڑیہ ایک پاؤ نمک سانبھر ایک پاؤ۔

ترکیب۔ اول نمک ہندیا گلی آب نادیدہ جس کے بغل میں سوراخ کیا ہو ڈالیں بعد میں لوبان سم الفار اور سیماب ڈال کر گل حکمت مضبوط کریں۔ دیگدان پر رکھ کر نیچے بیری کی لکڑی جلائیں سوراخ میں پیتل کی نلکی کا سرا مضبوط کر کے دوسرے سرے پر جو قدرے خمدار ہو

شیشی لگا دیں شیشی میں تیل آ جائے گا۔ جو مقصود ہے۔
خوراک۔ نیم قطرہ مکھن یا حلوا یا پان وغیرہ میں کھلائیں چند
قطرے طلاء کر کے اوپر سے بھوج پتر یا پان یا برگ ارنڈ باندھ دیں

پیر عنایت شاہ صاحب

اکسیر سنگرہنی

نسخہ کشتہ خرمہرہ کشتہ سنکھ ہر ایک ۲ تولہ گندھک آملہ سار
مصفےٰ پارہ مصفےٰ مرچ سیاہ ہر ایک ایک تولہ سب کو عرق
لیموں کاغذی میں پیس کر ایک ایک رتی کی گولیاں بنائیں اور
ایک گولی چھاچھ (لسی) کے ساتھ کھلائیں سنگرہنی کے لئے اکسیر ہے

پیر گوہر علی شاہ صاحب

اکسیر قوت باہ

میں نے کیمیا کے شوق اور جستجو میں اپنی پوری عمر بسر کر دی اور
ہزاروں روپیہ برباد کیا مجھے ایک درویش کامل سے یہ نسخہ دستیاب

ہوا تھا میں نے اس کا بارہا تجربہ کیا کبھی خطا نہیں گیا۔ میں صدہا اشخاص کو یہ دوا کھلا چکا ہوں کبھی ناکامی نہیں ہوئی

نسخہ:- شنگرف ۱ تولہ گوگل جھینیا دو تولہ دونوں کو کپڑ صحرائی کے پیٹ میں رکھ کر سی دیں اس کے بعد اسے روغن گا [illegible] اس قدر بھونیں کہ سرخ ہو جائے سرخ ہونے پر نکال کر کوٹ کر کنار صحرائی کے برابر گولیاں بنالیں زعفران و مشک بھی تین تین ماشہ ملالیں روزانہ ایک گولی اسی بقیہ روغن یا شیر گاؤ سے کھلائیں سستی باہ اور بڑھاپے کے درد کمر کے لئے بہترین دوا ہے بلغمی مزاج کے کسی بوڑھے مریض ذیابیطس کو بھی کھلا کر اس کے جوہر کا امتحان کیجئے وجع المفاصل اور کمزوری گردہ کے لئے بھی ازحد مفید ہے۔

اکسیر آتشک و جذام

نسخہ:- ایک تولہ سم الفار کی ڈلی کو کڑھی میں رکھ کر اس کے اوپر سرخ رتیاں ۴ ماشہ اور آکھ کے اپلوں کا برادہ پھیلا دیں اور نیچے نرم آنچ کر دیں جب اپلہ جل جائے تو سم الفار تہ نشین ہو جائے گا اسے نکال کر بحفاظت تمام شیشی میں رکھ لیں اور ایک چاول مسکہ میں لپیٹ کر کھلائیں۔

پیرجی عبدالعزیز صاحب گنگوہی

روغن خضاب

نسخہ - پوست ہلیلہ بلیلہ - آملہ ہر ایک ۳ تولہ لوہ چون ا تولہ سب کو پیس کر آدھ سیر نخبتہ پانی میں تین یوم تر رکھیں دن میں دو تین مرتبہ ہلادیا کریں۔ پھر آب زلال لے کر دو سیر نخبتہ روغن سرشف میں پکائیں جب خالص تیل رہ جائے ایک برتن گلی میں ڈال کر اخروٹ کی جڑ میں گاڑ دیں جبکہ موسم خزاں ہو اور ایک تنا جڑ کا اس ہانڈی میں تیل کے اندر ڈوبا رہے ہانڈی کا منہ بند کردیں جب موسم بہار آئے اس ہانڈی کو بحفاظت نکال کر تیل بوتلوں میں بھر رکھیں اور بالوں پر لگائیں بیس دن تک سیاہی بدستور رہے گی پھر ہلکی ہوگی۔

پیرزادہ سید رحمت اللہ شاہ صاحب

برائے ورم طحال

نسخہ - اجوائن دیسی - اجوائن خراسانی ہلیلہ خورد - طباشیر قلمی شورہ

باؤبڑنگ جوکھار نمک ہر ایک تولہ تولہ ہموزن ان سب کو پیس کر آدھ سیر دیسی سرکہ میں بھگو دیں۔ جب خشک ہو جائے تو ۳ ماشہ روزانہ پانی سے استعمال کریں۔

تریاق اربعہ برائے امراض کبد وطحال

صرع وخفقان وغیرہ میں نہایت مفید۔

نسخہ۔ جنطیانہ رومی ۶ ماشہ حب الغار ۶ ماشہ مرمکی مصفے ۶ ماشہ زراوند طویل ۶ ماشہ شہد خالص کف گرفتہ کے ساتھ ملاکر تریاق بنائیں خوراک ۲ ماشہ۔

پیرزادہ محمد سبحان صاحب سیناسی لاہور

سرمہ برائے ککرہ وجرب چشم

نسخہ۔ زعفران خالص ۱ ماشہ افیون خالص ۱ ماشہ زنگار ۳ ماشہ سرمہ سیاہ ۳ ماشہ سمندر جھاگ ۳ ماشہ قرنفل ۳ ماشہ میل سبز ۳ ماشہ سبز کانچ ۳ ماشہ جست شگفتہ ۹ تولہ سرمہ بنالیں اور آنکھ میں لگائیں۔

سنون درد داڑھ

نسخہ۔ عقر قرحا ۲ تولہ فلفل سیاہ ۲ تولہ نوشادر ۲ تولہ کافور ۲ ماشہ

سفوف بنالیں اور عندالضرورت ملیں۔

حب زنجبیل بلغمی

نسخہ۔ مازو ہرے سبز تولہ مائیں خورد تولہ صمغ عربی ۶ ماشہ کتیرا ۶ ماشہ سب کا سفوف کر کے افیون ۳ ماشہ ملا کر حبوب نخودی بنالیں ایک حب ہمراہ عرق بادیان دیں لیکن پہلے سدہ خارج کرلیں۔

بیسد زین العابدین صاحب سیاح بھاولپور

کام دیو چورن

نسخہ۔ ست گلو اصلی الائچی خورد۔ تخم سنبھل۔ قلفل دراز ریگ ماہی ماہی شترا عرابی اصلی۔ کشتہ ابرک سفید۔ کشتہ فولاد اصلی مصری سب ہموزن یعنی تین تین تولہ کچلہ مدبرہ ۶ ماشہ مکردھج اصلی ۶ ماشہ تمام ادویہ کا سفوف بنا دیں کام دیو چورن تیار ہے۔

ترکیب استعمال۔ بقدر ایک ماشہ دوا شہد خالص کے ساتھ ملا کر صبح و شام کھلایا کریں اور اوپر سے ایک پاؤ نیم گرم شیریں دودھ پلایا کریں۔ چند دنوں کے استعمال سے تمام طاقتیں پیدا ہو کر کھنڈ (بیکار) مرد کامل مرد ہو جاتا ہے۔

شاہی امساک

نسخہ۔ ۲ تولہ سیماب۔ سیماب مصفےٰ لے کر ۶ تولہ کچی افیون پانی میں گھول کر کڑاہی میں ڈال دیں اور اس میں سیماب ڈال دیں آہستہ آہستہ پانی کو جلائیں بہت نرم آگ سے جب پانی جل جائے تو سیماب نکال لیں اسی طرح تین بار عمل جدید کریں پھر کھرل میں ڈال کر ورق سونا ۴ رتی ملا کر کہ سخت گولی بند ھ جائے پھر اس گولی پر افیون پختہ ۴ ماشہ اور آب برگ دھتورہ ۴ ماشہ ملا کر ضماد کریں۔ اور اوپر آٹا گندم ۵ تولہ جو کہ وہ بھی آب برگ دھتورہ سے گندھا ہوا ہو گولہ بنا کر اس میں گولی ضماد شدہ رکھدیں اور ایک سیر بھو بھل مینگنی بز میں دبا دیں سرد ہونے پر گولی نکالیں۔ گولی پختہ تیار ہے۔

فوائد۔ یہ گولی زبردست ممسک و مقوی باہ ہے منہ میں رکھنے سے امساک کرتی ہے اور دودھ میں ڈال کر پینے سے قوت و انتشار کا طوفان برپا کردیتی ہے۔

معجون مہابیر

نسخہ۔ دو سیر مغز بادام کو دودھ میں تر کر کے چھلکا دور کریں اور دودھ ہی میں خوب باریک پیس کر پانچ سیر دودھ میں ڈال کر خوب ملا کر پکائیں اور ساتھ ہی آدھ سیر سفوف موصلی سفید کا دودھ میں ڈال دیں اور نرم نرم آگ پر خوب پکائیں جب پک کر کھویا ہو جائے تو کھویا کو گھی خانہ ساز یا معتبر میں بھون لیں۔ اور سرخ ہونے پر اتار لیں۔

اور دو سیر شکر سفید کی چاشنی کر کے اس میں کھویا اور سفوف ادویات ذیل کا جو پہلے سے تیار کر رکھا ہو ڈال کر اچھی طرح سے ملا دیں کہ خوب حل ہو جائے - ادویہ سفوف ذیل یہ ہیں -

ستاور - جائفل - اسگندھ - گوکھرو - زیرہ - اجمود - چترک سونٹھ - مرچ سیاہ - اجوائن - آملہ - نرکچور - دھنیا - بلیلہ ناگر موتھا سمندر سوکھ - پیلا مول لونگ جاوتری - ناگ کیسر - ناگ بلا - اتی بلا تالمکھانا - کھرینٹی - تخم کونچ - ملیٹھی - سنگھاڑہ - گوند سنبھل - کنول گٹہ طباشیر کبود - کنکول - عقر قرحا - کافورخانہ الائچی خورد دار چینی زعفران ہر ایک ۶ - ۶ ماشہ - سفید تل دھوئے پاؤ سیر چندرادوے رس اتولہ کشتہ چاندی اتولہ معجون بنا دیں - معجون مہابیر تیار ہے خوراک اتولہ تک ہے ہمراہ دودھ گائے تازہ صبح و شام -

فوائد - اس کے برابر کوئی دنیا میں دوسری مقوی مغلظ اور مفرح دوا نہیں ہے اس کے استعمال سے ہزار ہاتھی کے برابر تیج ہو مور کی طرح سے آواز ہو - گھوڑے کی طرح سے پھرتی ہو چیل کے مانند نظر ہو - اسی ایسے قسم کے بلغمی امراض بدہضمی - باؤ گولہ - بواسیر - کھانسی پھوڑا پھنسی - یرقان ضعف بصارت عورتوں کے امراض متعلقہ حیض - سوزاک - احتباس البول - ذیابیطس - پتھری - اپھارہ دبلا پن - کمزوری جریان احتلام وغیرہ دور ہوتے ہیں -

یہ معجون سنی و شواامت نے ہنومان جی کو بنا کر کھلائی تھی وہی خاص نسخہ ہے - یہ ایک گپت بھید ہے جو آج تک کسی کتاب یا بیاں یا گٹکا اور آپ تک وید میں نہیں تھا خاص سینہ بسینہ پشتہا پشت کا ہے

جو ہمیں ایک پہاتما سے بڑی ہی خدمت کے بعد حاصل ہوا تھا آپ اس کی ضرور آزمائش کریں۔

فقیر حسام الدین صاحب

نسخہ امساک

اسپند ۲ تولہ زعفران ۵ ماشہ کوکنار ا عدد عقرقرحا ۶ ماشہ اسبغول ا تولہ بہمنین ۵ ماشہ نبات ۶ ماشہ سوائے اسپغول سب کو باریک پیس کر اسپغول مسلم ملائیں اور بقدر تین ماشہ دودھ کے ساتھ کھائیں۔

سائیں چپ شاہ درویش

نسخہ برص فقیرانہ

نسخہ۔ باچی۔ ہلدی۔ گیرو ہر ایک دس تولہ۔ کوٹ کر کپڑ چھان کریں۔ اور چودہ خوراک بنادیں۔ بیسن کے پکوڑے سرسوں کے تیل میں نکالے ہوئے کا چورا بنا کر اس میں ڈال دیں۔ اور ایک پڑیہ

پاؤ بھر کم نمک کانجی سے کھلائیں ایک ہفتہ برابر استعمال کر کے ایک ہفتہ ناغہ کر دیں پھر شروع کر دیں۔

غذا۔ بیسنی روٹی بے نمک یا نان گندم روغن زرد کے ہمراہ ملیدہ بنا کر دیں اور اسی دوا کو کانجی کے پانی کے ہمراہ دیں۔

جناب مولا بخش صاحب سنیاسی فقیر

سرمہ اکسیر چشم

دھند۔ غبار۔ سرخی۔ پانی بہنا۔ ناخونہ۔ ضعف بصر۔ غرضکہ جملہ امراض چشم کی لاجواب دوا ہے۔ بنائیں آزمائیں اور فائدہ اٹھائیں۔

نسخہ۔ کافور۔ طباشیر۔ دانہ الائچی خورد پہلے ہر سہ ادویات کو باریک کر کے ٹکیہ بنائیں پھر دو پیالوں میں بند کر کے جوہر اڑائیں۔ اب جوہر میں مندرجہ ذیل اشیاء کا اضافہ کر کے نہایت باریک پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں ادویہ یہ ہیں سرمہ سیاہ دو تولہ زنگار مس ۳ ماشہ پھٹکڑی ایک تولہ افیون ۳ ماشہ کف دریا سون مکھی ہر ایک چھ ماشہ سنگ بصری ۳ ماشہ صدف سوختہ ۶ ماشہ ان تمام ادویات کو عرق لیموں تازہ میں پیس کر جوہر مذکور میں ملا لیں بس جملہ امراض چشم کی اکسیری دوا تیار ہے دو تولہ قیمت

خدا کا نام لے کر تین تین سلائی ڈالا کریں اگر تندرست اصحاب بھی اس کا استعمال رکھیں تو انشاءاللہ بہت سی امراض چشم سے محفوظ رہیں گے۔

جناب شیر علی شاہ درویش

موتی منجن

یہ منجن پائیوریا کو دور کر کے ہلتے دانتوں کو مضبوط نیز درد اور پیپ کو بند کرتا ہے بدبوئے دہن کو دور کر کے دانتوں کی میل کو صاف کر کے مثل موتی چمکا دیتا ہے الغرض جملہ امراض دنداں میں مفید ہے۔

نسخہ۔ سپاری بریاں پھٹکری بریاں مازو بریاں نیلا تھوتھا بریاں کوڑی زرد سوختہ پوست ببول خشک الائچی خورد عقرقرحا کتھ نمک خوردنی کوئلہ نیم ہر ایک ۶ ماشہ کافور ۳ ماشہ تمام ادویہ کو پیس چھان کر منجن بنا کر بحفاظت رکھ لیں بوقت ضرورت تھوڑا سا منجن دانتوں پر مل کر منہ کو کچھ دیر بند کریں پھر برش سے دانتوں کو مل کر نیم گرم پانی سے کلی کریں نہایت مفید ہے۔

مرہم سرخ

گنج۔ خارش۔ خشک وتر۔ پھوڑا پھنسی زخم وغیرہ کے لئے مفید ومجرب ہے۔

نسخہ۔ رال۔ سہاگہ۔ کمیلہ۔ گندھک آملہ سار ہر ایک ۴ ماشہ لوبان کوڑیہ نیلا تھوتھا ہر ایک ۳ ماشہ مردارسنگ ہڑتال ورقی مینسل ہر ایک ۲ ماشہ پارہ ½ ۱ ماشہ سندھور ۹ ماشہ زراوند طویل ۴ ماشہ بیروزہ خام ۴ ماشہ روغن زیتون ۱ تولہ موم سفید ۳ تولہ۔

ترکیب۔ پہلے گندھک ہڑتال مردارسنگ پارہ کو کھرل کرلیں باقی دوائیں علیحدہ علیحدہ کھرل کریں اور موم کو پگھلا کر روغن زیتون میں ملادیں بعدہ تمام ادویہ کو ملا کر ڈبیہ میں محفوظ رکھیں بوقت ضرورت تھوڑی سی مرہم باریک کپڑے کے ٹکڑے پر لگا کر استعمال کریں۔

جناب احمد شاہ صاحب سینا سی لائل پور

داد وخارش کی لاثانی دوا

نسخہ۔ بابچی ۱ تولہ گندھک آملہ سار ۱ تولہ مردارسنگ ۶ ماشہ کمیلہ ۶ ماشہ نیلا تھوتھا ½ ۱ تولہ پارہ ۳ ماشہ مکھن پاؤ بھر پہلے بابچی گندھک مردارسنگ کمیلہ نیلا تھوتھا کو سفوف بنالیں بعد ازاں مکھن کو ۲۱ بار پانی میں

دھو کر اس میں ملا کر مرہم بنالیں اور پھر پارہ کو ہتھیلی پر رکھ کر تھوک یعنی لب اوپر ڈال کر انگلی سے رگڑیں جب پارہ کا رنگ سیاہ ہو جائے تو مرہم میں ملالیں اور استعمال میں لائیں۔

جناب علی محمد سیناسی

اکسیر زحیر

جس سے عموماً ایک ہی روز میں زیادہ سے زیادہ تین روز میں ہر قسم کی پیچش خونی اسہال درد مروڑ وغیرہ دفع ہو جاتے ہیں۔

نسخہ۔ سونف ایک تولہ بڑی الائچی ۶ ماشہ مرچ سیاہ ۳ ماشہ مصری کوزہ ایک تولہ ۹ ماشہ سب کو کوٹ چھان کر باہم مختلط کر کے سفوف بنالیں مقدار خوراک ۵ ماشہ ہمراہ آب سرد صبح دوپہر شام دن بھر میں تین خوراک غذا میں دودھ یا بارلے وغیرہ نرم زود ہضم اشیاء استعمال کرائیں۔

حب وجع المفاصل

جس سے چند روز میں پرانے سے پرانا جوڑوں کا درد جاتا رہتا ہے۔

نسخہ۔ سنکھیا سفید ۶ ماشہ کو کنائی خورد کے پاؤ سیر پانی میں تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کے ذریعے جذب کریں۔ جب گولی کے قابل ہو جائے تو دانہ مونگ کے برابر گولیاں تیار کرلیں
ترکیب استعمال۔ روزانہ ایک گولی مسکہ یا بالائی میں لپیٹ کر نگل لیا کریں۔ گھی کا استعمال زیادہ کریں۔ اور تیل ترشی بادی اشیاء سے پرہیز رکھیں۔

حبّ ڈبہ

بچوں کے ڈبہ یعنی پسلی چلنے اور پیٹ کے کیڑوں کے لئے بہت ہی مفید ہے
نسخہ۔ کمیلا ۸ ماشہ ہینگ اصلی ایک تولہ دونوں کو خوب باریک پیس کر دہی کے پانی میں حل کر کے دانہ ماش کے برابر گولیاں بنالیں بوقت ضرورت ایک ایک گولی صبح و شام گرم پانی میں گھول کر پلائیں۔

جناب غلام محمد سنباہی

اکسیر فالج

نسخہ۔ دانہ ہائے حرمل ۱۰ تولہ لے کر پوٹلی دو سیر گائے کے دودھ میں لٹکا کر پکائیں جب پکتے پکتے آدھ سیر باقی رہے تو اتار لیں

اور پوٹلی کو دودھ میں نچوڑ کر دودھ مذکور میں دس تولہ گائے کا گھی ملا کر دیسی کھانڈ ۵ تولہ شامل کر کے گرم گرم مریض کو پلائیں اور ہدایت کر دیں کہ مریض لحاف اوڑھ کر لیٹ رہے بہت پسینہ آئے گا اندر ہی اندر کپڑے میں پسینہ کو پونچھ کر خشک کر لیں اسی طرح چار روز تک استعمال کرائیں انشاءاللہ شرطیہ آرام ہو گا۔

جناب اللہ یار جوگی

خنازیر کا مجرب المجرب نسخہ

نسخہ۔ سنکھیا ایک ماشہ پارہ دو ماشہ عقرقرحا بیس ماشہ مصطگی رومی بیس ماشہ پہلے سنکھیا اور پارہ کو نصف عدد لیموں کے عرق میں حل کریں۔ جب پارہ کے ذرات نابود ہو جائیں اس وقت عقرقرحا اور مصطگی سفوف ملا کر اڑھائی عدد لیموں کا عرق ڈال کر سب کو ملا کر حل کریں اور نخودی گولیاں بنائیں ایک گولی سے چار گولی تک حسب عمر و برداشت مونگ کی دال سے پرہیز۔ بادی ترش اشیاء اور مٹھاس سے ضروری ہے۔ بکری کے شوربے کے ساتھ دوائی مذکور کھلائیں۔ جو لوگ گوشت نہیں کھاتے وہ ارہر کی دال کا پانی جس میں سونٹھ اور نمک ڈالا گیا ہو اس دوا کے ساتھ نوش فرمائیں اگر بعد تنقیہ یہ دوا کھلائیں تو ۷ سے ۱۲ یوم کے اندر شفا ہوتی ہے

نسخہ طاعون

نسخہ۔ برگ نیم ۴ تولہ بنفشہ ۲½ تولہ کلونجی ۱ ماشہ تمام کو گھوٹ کر ایک پاؤ پانی ملا کر چھان لیں اور مریض کو پلائیں پلیگ کا اثر باطل ہو جائے گا۔

شاہ صاحب سیاح اجمیر

اٹھرا پرسوت کے لئے اکسیر

نسخہ۔ صندلین۔ فستین رومی۔ شاہترہ۔ چراعتہ۔ کراعتہ۔ اگر۔ تگر صدف مروارید۔ منڈی۔ کتھ۔ بلکتھ۔ میناره یعنی افستین پہاڑی توآں بوٹی یعنی خار داز گونہ سرکھوکہ۔ الائچی کلاں تخم دھتورہ گل غافث گل گاؤزباں ہر ایک مساوی الوزن لے کر سفوف بنائیں رات کو سوتے وقت ۲ ماشہ کھلایا کریں۔ حمل ٹھہرنے کے بعد سے شروع کریں اور ۹ ماہ تک استعمال کریں انشاء اللہ تعالے بچہ پیدا ہو کر زندہ رہے گا۔

بخار کے لئے اکسیر

نسخہ۔ میٹھا تیلیہ ہڑتال ورقیہ سہاگہ سفید خام۔ قرنفل۔ مرچ سیاہ

ہر ایک ۴ ماشہ نیلا تھوتھا ایک رتی حسب دستور پیس کر کپڑ چھان کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں خوراک ایک رتی کھانڈ میں ملا کر گرم دودھ سے صبح دوپہر اور شام تین خوراک دن میں دیں پہلے پیٹ صاف کر لینا چاہیے تیز بخار کی حالت میں یہ دوا نہیں دی جاتی۔ بلکہ جب بخار اترا ہوا ہو یا درجہ حرارت ایک سو درجہ تھرمامیٹر کے لگ بھگ ہو تو پیٹ صاف کرنے کے بعد دینے سے بخار میں بہت فائدہ کرتی ہے۔

چھٹا باب

غیر طبیبوں اور عطائیوں کے اسراری نسخہ جات

راجہ موتی سنگھ والی پونچھ

برائے ذہاب بصر اور ابتداء نزول

نسخہ۔ گھوگا جو پانی میں ہوتا ہے معہ کرم صاف کر کے ۵ تولہ پچیس عدد لیموں کے پانی میں سحق کر کے سرمہ بنا دیں۔ ابتداء نزول بند ہو جاتا ہے اور بصارت بڑھ جاتی ہے۔

نواب حامد علی خاں صاحب بہادر والی ریاست رامپور

سیلان الرحم کا شاہی نسخہ

یہ نسخہ میں نے آل انڈیا آیورویدک اینڈ یونانی طبی کانفرنس منعقدہ رامپور کے اجلاس میں اظہار مجربات کے وقت پیش کیا تھا جسے حکیموں اور ویدوں نے بہت پسند کیا تھا سیلان الرحم کے لئے نہایت کامیاب نسخہ ہے۔

نسخہ۔ بیخ مرجاں حسب دلخواہ لے کر کوئلوں کی دہکتی ہوئی آگ میں رکھدیں ذرا دیر کے بعد راکھ ہو جائے گا پیس کر شیشی میں سنبھال رکھیں خوراک ایک ماشہ سے تین ماشہ تک ہمراہ پانی بوقت صبح دیا کریں۔ دس بارہ روز کافی ہے۔

سر ایس ایم باپنا سابق ہوم منسٹر گورنمنٹ پٹیالہ و وزیر اعظم اندور

چورن شیریں

نسخہ۔ زیرہ سیاہ۔ مگھ پیپل تخم الائچی خورد چترک ہر ایک ۶ ماشہ

سماق۔ مغز۔ کنول گٹہ۔ ست لیموں ہر ایک ایک تولہ نمک سیندھا ۴ تولہ
زیرہ سفید ۵ ماشہ سونٹھ ۳ ماشہ مرچ سیاہ ۵ پودینہ خشک انار دانہ
ہر ایک ۱½ تولہ ست پودینہ ۶ رتی مصری ۱۶ تولہ خوب باریک کر کے
محفوظ رکھیں خوراک دو تین ماشہ درد شکم کو بہت جلد دور کرتا ہے
بدہضمی کے لئے کھانے کے بعد ہمیشہ استعمال کریں۔ ہیضہ کی ابتدائی
حالت میں مفید ہے ہیضہ کے دنوں میں بطور حفظ ماتقدم اس کا
استعمال کرتے رہنا نفع مند ہے۔

مسٹر محبوب عالم خان صاحب فرسٹ کلاس مجسٹریٹ اراخ

سفوف مقوی دماغ

لنسخہ۔ سونف کے چانول۔ کشنیز کے چانول۔ دانہ الائچی کلاں۔ مغز بادام
مقشر۔ مصری تمام ادویہ برابر وزن لے کر کوٹ چھان کر ڈبہ میں بھر رکھیں
بس دوا تیار ہے۔
ترکیب استعمال۔ بقدر ایک تولہ رات کو سوتے وقت بغیر
کسی چیز کے کھا کر سو رہیں اور صبح تک اور کوئی چیز نہ کھائیں اگر اس
کی ملاومت کی جائے تو بے حد فوائد معلوم ہوں گے۔

بگڑے ہوئے نزلہ وزکام کی اکسیر الاثر ملیٹھی ٹکیاں

نسخہ۔ گوند ببول آرد ملیٹھی۔ نشاستہ مصری ہر ایک تولہ تولہ لے کر پہلے نشاستہ کو خشک ہی بریاں کرلیں تاکہ سرخ ہو جائے اور ملیٹھی کو چھیل کر باریک پیس لیں اور مصری وگوند بھی باریک پیس کر ملالیں۔ اور قطرہ قطرہ پانی ڈال کر تقریباً ماشہ ماشہ کی ٹکیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال۔ گھنٹے گھنٹے کے وقفہ سے ایک ایک ٹکیہ منہ میں رکھ کر چوستے رہیں انشاء اللہ بہت جلد نزلہ کھانسی وغیرہ سے شفا ہو جائے گی۔

روغن دردشکن

مریض ذات الجنب کے لئے اگر بیرونی طور پر مندرجہ ذیل روغن کی مالش کی جائے تو بفضلہٖ بہت ہی جلد درد سے افاقہ کی صورت پیدا ہو جاتی ہے۔

نسخہ۔ مغز حب الملوک ۱ تولہ مالکنگنی ۲ تولہ بیر بہوٹی ایک تولہ لونگ ایک تولہ میوہ سرخ (کشمش) ۱۰ تولہ علیحدہ علیحدہ کونڈے میں خوب سرمہ سا کرکے ملالیں اور بدستور روغن بادام کی طرح پانی کا چھینٹا دے کر کونڈا کو ذرا گرم کرکے ادویات کو خوب اچھی طرح ملادیں روغن علیحدہ ہو جائے گا جدا کرکے شیشی میں سنبھال رکھیں اور بوقت ضرورت ۵ تولہ روغن کنجد میں ۴۰ بوند تیل مذکور کی ملاکر درد کی جگہ مالش کریں اور اوپر روئی کا نمدہ یا ارنڈ وغیرہ کے پتے

گرم کر کے باندھ دیں۔ انشاءاللہ فی الفور درد بند ہو گا۔

مسٹر ایم پی مسرا آنریری مجسٹریٹ سنبھل

برائے تپ دق

اکسیر و نایاب زمانہ ہے۔ حتیٰ کہ دق درجہ سوئم میں بھی پہونچ گئی ہو تو بھی اپنا اثر دکھائے بغیر نہیں رہتی۔

نسخہ۔ سرطان تازہ اڑھائی پاؤ بکری دو برس کی نلیوں کے ٹکڑے کردو۔ گلاب کے پھول تازہ اڑھائی پاؤ گل ارمنی ایک چھٹانک اول گل ارمنی کو باریک پیس کر پہلے ہانڈی میں گلاب کے پھول بچھائے جائیں اس کے اوپر نلی اور سرطان صاف کئے ہوئے اوپر نیچے رکھے جائیں بعدہٗ گل ارمنی باریک پسی ہوئی چھڑک دی جائے پھر اس پر گلاب کے پھول بچھائے جائیں ہانڈی کا منہ سرپوش سے بند کر دیا جائے مٹی سے گل حکمت کر دی جائے مضبوطی سے تاکہ دھواں نہ نکلے نیچے ہانڈی کے سوراخ باریک باریک چار پانچ کر دئے جائیں بذریعہ پتال جنتر تیل نکالا جائے خوراک پانچ قطرے حسب برداشت بکری کے دودھ میں ملا کر دیا جائے دو ہفتہ میں اثر معلوم ہو گا کہ کیا ہوتا ہے حسب برداشت طبیعت قطرات کا اضافہ ہو سکتا ہے۔

مرزا احمد علی بیگ صاحب تحصیلدار

درد سر، دوران سر و درد شقیقہ

نسخہ۔ پوست انجیر افیون خالص سونٹھ جوزبویہ چاروں کو مساوی الوزن کوٹ کے پیس کے پانی میں پیسے اور گرم کرکے اوپر پیشانی کے لگاوے آرام فوراً ہو جاوے

علاج درد دنداں

نسخہ۔ سپاری مازو پھل بھلاواں مساوی الوزن پیس کے جلادے اور راکھ اس کی رکھ چھوڑے بوقت ضرورت دانتوں پر ملے اور جو پانی دہن سے نکلے اُس کو نکال دے عنایت الٰہی سے فائدہ بخشے۔

برائے اشتہا و ہاضمہ و مقوی معدہ

نسخہ۔ املبید ۲ تولہ پیپل ۵ تولہ لونگ ۱ تولہ سونف ۱ تولہ ہینگ ۶ ماشہ ہر پنج نمک ۲۰ تولہ چوک ۱۰ تولہ عرق لیموں بقدر حاجت سب دواؤں کو معہ چوک کے کوٹ پیس کے عرق لیموں سے گولیاں برابر چنے کے بناوے بعد کھانا کھانے کے ایک گولی کھالیا کرے۔

علاج درد گردہ و مثانہ

نسخہ۔ شیرہ برگ ترب ایک تولہ میں شہد ملا کے پیوے نفع بخشے

اکسیر درد گردہ و مثانہ

نسخہ۔ گل داؤدی ۲ تولہ جوش دے کے پیوے یا گل داؤدی کو کوٹ پیس کے سفوف بنا وے اور سات ماشہ گرم پانی کے ہمراہ کھاوے۔

علاج قئے

نسخہ۔ پوست ناریل کو جلا کے راکھ اس کی تھوڑے سے نمک میں ملا کے ہمراہ پانی استعمال کرے قدرت خدا سے قئے بند ہو جاوے۔

برائے اسہال

نسخہ۔ بیل کا گودہ اور زیرہ ایک تولہ ناگرموتھا ایک تولہ دھنیا ایک تولہ سب کو کوٹ پیس کے تین حصے کرے اور ایک حصے کو ایک سیر پانی میں خوب جوش دے جب آٹھواں حصہ رہ جائے تب پی لیوے نہایت فائدہ بخشے۔

برائے بواسیر خونی و بادی

نسخہ۔ مغز تخم بکائن مغز تخم نیم رسونت ہرڑ خورد ہر ایک ایک تولہ

مرچ سیاہ ۶ ماشہ پہلے ہرڑ اور مرچ سیاہ وغیرہ کو باریک پیس کے لبعد اس کے رسوت کو پانی میں حل کر کے سب دواؤں میں ملا دے اور خوب باریک پیس کے گولیاں مرچ سیاہ کے برابر بنا دے اور ہر روز صبح کو چار گولی کھاوے اور جو موافق مزاج آجائے تو چھ گولی کھاوے عرصہ دس روز تک فائدہ کمال ہووے اور بواسیر خونی و بادی جڑ و بنیاد سے نیست و نابود ہو جاوے۔

خان بہادر سردار علی صاحب ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس

موتیا بند کے لئے لاجواب دوا

یہ موتیا بند کے لئے نہایت لاجواب سرمہ ہے اس کے متواتر استعمال سے نہ صرف سفید بلکہ سیاہ موتیا بند تک دور ہو جاتا ہے جسے ڈاکٹر لوگ لاعلاج کہا کرتے ہیں اور بالکل اندھے حضرات بھی دیکھنے لگ جاتے ہیں۔

نسخہ۔ جست ۱ تولہ پارہ ۲ تولہ پہلے جست کو آگ پر پگھلائیں اس پگھلے ہوئے جست کو پارہ والے برتن میں ڈال دیں پھر ان دونوں کو نہ گھسنے والے کھرل میں دو دن کھرل کرتے رہیں کھرل کرتے کرتے سیاہ رنگ کا سفوف بن جائے گا بعد میں خالص بھیم سینی کافور ۲ ماشہ خالص نوشادر ٹھیکری ۲ ماشہ چنبیلی کی کلی ایک تولہ تخم سرس ۶ ماشہ ملا کر کئی روز تک کھرل کرتے رہیں حتیٰ کہ مثل میدہ باریک ہو جائے

شروع شروع میں ایک ایک سلائی رات کو سوتے وقت لگاتے رہیں آہستہ آہستہ بڑھا کر دو دو سلائی لگائیں دو تین ماہ کے متواتر استعمال سے موتیابند دور ہو جاتا ہے۔

چوہدری محمد اکبر صاحب انسپکٹر پولیس

ذیابطیس۔ عصبی کمزوری

دسمبر ۱۹۴۵ء کے "الطبیب" میں سنیاسی گٹکہ کے عنوان کے تحت میں سوامی سیدانند صاحب سنیاسی راولپنڈی کی طرف سے ایک نسخہ شائع ہوا تھا۔ یہ نسخہ میں نے تیار کر کے ایک ساٹھ سالہ رشتہ دار کو جو ذیابیطس آدمی ہیں کھلایا۔ ذیابطیس قوت باہ اور عصبی کمزوری کے لئے جیسا تحریر ہے ویسا ہی پایا جس کے لئے سوامی صاحب کی خدمت میں شکریہ عرض ہے۔ نسخہ یہ ہے:۔

شنگرف مدبر ایک تولہ کشتہ پوست بیضہ مرغ دو تولہ کشتہ مرجان ایک تولہ کشتہ قلعی ا تولہ کشتہ سکہ ا تولہ پھٹکری شگفتہ ۲ تولہ اذاراقی مدبر ا تولہ تخم دھتورہ ا تولہ طباشیر ۲ تولہ الائچی خورد ۲ تولہ فلفل دراز ۲ تولہ لونگ ۲ تولہ سب دواؤں کو کوٹ پیس کر کشتہ جات ملا کر آب ادرک میں کھرل کر کے نخودی گولیاں بنائیں اوپر چاندی کے ورق چڑھا کر محفوظ رکھیں۔ ایک گولی صبح ایک گولی شام بالائی میں

رکھ کر دیں اوپر سے دودھ پلائیں۔

فوائد۔ ذیابیطس کے علاوہ قوت باہ کے لئے لاجواب چیز ہے عصبی کمزوری کے لئے اکسیر کا کام کرتی ہے۔ غذا خوب مرغن کھائیں

مشترک الفوائد

الطبیب کی اشاعت خاص بابت سنہ ۱۹۴۰ء کے صفحہ نمبر ۱۳۰ پر محترم وزیر چند صاحب نندہ پنشنر ریڈر مال بسوہلی کی طرف سے مشترک الفوائد کے عنوان سے ایک نسخہ شائع ہوا تھا جس کا تجربہ کیا گیا۔ فی الحقیقت تماشہ دکھاتا ہے۔ جب برداشت ایک سے چار گولی تک میں نے استعمال کرائیں اگرچہ چار گولیوں نے عین موسم سرما میں پسینہ پر پسینہ ظاہر کیا۔ مگر امساک کے لئے یہ پورے بھروسہ کی چیز ہے۔ نسخہ یہ ہے۔

افیون۔ مصبر۔ زیرہ سفید مساوی الوزن لے کر دو پہر تک آب ادرک میں کھرل کر کے دانہ نخود کے برابر گولیاں بنائیں۔

درد حیض کے لئے ایک گولی ہمراہ ایک تولہ آب لہسن دیں اگر کچھ کسر رہے تو دوسرے وقت دوسری گولی اسی طرح سے دیں درد سینہ کے لئے ایک گولی صرف گرم پانی سے درد شکم والے کو سفوف زنجبیل ۶ ماشہ کے ہمراہ بدہضمی والے کو اجوائن دیسی ۳ ماشہ کے ہمراہ اور امساک کے لئے شیر نیم گرم مصری سے میٹھا کئے ہوئے کے ہمراہ ایک گولی دیں اور تماشہ دیکھیں۔

جناب امراؤ علی پنشنر سب انسپکٹر پولیس امراوتی

کایا کلپ

یہ نسخہ مجھے ایک سنیاسی نے استعمال کرایا تھا جس کا اثر بیس سال تک رہتا ہے چنانچہ میں نے اپنی فوٹو رسالہ "حکیم حاذق گجرات" میں چھپوائی ہیں یعنی نسخے کے استعمال کے وقت اور بیس سال بعد کی فوٹو ہیں جن کے دیکھنے سے صاف ظاہر ہے کہ استعمال نسخہ کے بیس سال بعد کی فوٹو تنومند ہے اور ضعیفی کے آثار نہیں ہیں اس کے استعمال سے بڑھاپا نزدیک نہیں آتا نسخہ واقعی لاجواب ہے۔

نسخہ۔ بروز جمعہ قبل طلوع آفتاب غسل کر کے صاف کپڑے پہن کر مغرب کی طرف منہ کر کے بھنگرہ سفید کو معہ جڑ پتے شاخ جس قدر چاہیں اکھاڑ لیں اس دوران میں کسی سے گفتگو نہ کریں مٹی وغیرہ صاف کر کے سایہ میں خشک کر کے ہاون دستے میں باریک سفوف کر لیں اور کپڑ چھان کر کے روغن گاؤ میں چرب کر کے ہانڈی گلی میں بھر کر منہ خام کر کے آٹا گندم لگا کر کہ مٹی اندر نہ آسکے کھانا پکانے والے چولھے کے بیچ میں اتنا گہرا گڑھا کھود کر ہانڈی دبا کر اوپر مٹی ڈال دیں کہ ہانڈی کے اوپر سوا بالشت مٹی رہے پھر زمین برابر کر کے لیپ کر دیں اور چالیس یوم تک چولھے میں آگ جلا دیں۔ یعنی روٹی پکانے کے بعد بھی تھوڑی آگ ہر وقت رہے پھر نکال کر کسی فراخ برتن میں ڈال دیں اور تین یوم

کھلا رہنے دیں تاکہ حدّت دور ہو جائے دوا تیار ہے دو ماہ تک ہر روز علی الصبح ۳ ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ کھایا کریں بیس دن کے بعد جسم پر خشکی نمودار ہوگی جو بعد ازاں خود بخود رفع ہو جائے گی ساٹھ یوم بعد دوا بند کر دیں غذا مرغن اور دودھ گھی کا بکثرت استعمال رکھیں اس کا اثر بیس سال تک رہے گا اگر بیس سال بعد پھر ایک دفعہ دو ماہ کھا لیویں۔ مزید بیس سال وہی حالت رہے گی۔

نوٹ بھنگرہ کے پودے اکھاڑنے سے قبل دیکھ لیں اور گھر سے چل کر اکھاڑتے وقت خدا کا نام لیتے رہیں۔

شری دیوی دیال او ور سیرا مرت

برائے آتشک

نسخہ۔ دار چکنا سلیمانی۔ رس کپور سم الفار ایک ایک تولہ لے کر ادرک کے پانی میں چار روز کھرل کریں پانچویں روز دو کورے پیالوں میں متوسط آگ پر رکھ کر جوہر اڑا لیں اور بقدر نصف رتی روزانہ مسکہ میں کھلائیں۔

غذا۔ شیر برنج نان، گندم مرغن

فوائد۔ آتشک جیسی موذی مرض کے لئے سیکڑوں مرتبہ کا جتب اکسیری نسخہ ہے۔

جناب غلام محمد سکنڈ کلاس انجینیر

سانپ کاٹے کی مجرب بوٹی

سانپ کا زہر دور کرنے کے لئے یہ بوٹی تریاق اعظم ہے۔ جو کہ مجھے ایک سنیاسی صاحب نے بتلائی تھی وہ اس بوٹی کے متعلق فرماتے تھے کہ "جس کول ارتاں سپیاں دی ڈرنا" یعنی جس کے پاس ارتاں بوٹی ہو اسے سانپ سے ڈرنے کی کیا ضرورت ہے۔ ارتاں بوٹی ساہنے کی بل میں ہوتی ہے اس کے تلاش کرنے کی آسان ترکیب یہ ہے کہ ساہنے نکلتے وقت دیکھتا رہے۔ جس ساہنے کے پیٹ پر بلتن سی ہو وہ ساہنا جس بل میں داخل ہو وہ بل کھود کر بوٹی نکال لیں اور گنڈھی سی پانی میں گھسا کر پلا دیں اور جائے نیش پر بھی لگا دیں۔ اکسیر صفت اور قابل قدر مجرب چیز ہے۔

سید بشیر حسین صاحب انجینیر رامپور

برائے بانجھ پن

نسخہ: مور شکھا بوٹی ۳ ماشہ کالی مرچ ۵ عدد ملا کر پانی میں گھوٹ کر

عورت کو بعد از طہر پلایا جائے تو بانجھ پن دور ہو جاتا ہے۔

بابو درگا پرشاد ڈپٹی اسٹیشن ماسٹر بڑودہ

یرقان کا فقیرانہ نسخہ

خواہ مریض یرقان کا تمام وجود زرد پڑ گیا ہو۔ آنکھیں ناخن پیشاب جلد کی رنگت بالکل زرد پڑ گئی ہو اس دوا کے حلق کے نیچے اترتے ہی مرض میں تخفیف ہونی شروع ہو جاتی ہے معدہ میں جاتے ہی ٹھنڈک پیدا کرتی ہے گویا کہ گھبرائے ہوئے مریض کی جان میں جان آجاتی ہے۔ اور لطف یہ کہ نسخہ بالکل معمولی ہے نسخہ۔ مولی کے سبز پتے لے کر کوٹ کر عرق نکال لیں۔ جوان آدمی کے لئے آدھ سیر عرق روزانہ کافی ہے اس میں موٹی شکر کے دانے اس قدر ملائے جائیں کہ کافی میٹھا ہو جائے اب اس کو باریک ململ کے رومال وغیرہ سے چھان کر پلائیں پس پلاتے ہی مریض کو اس قدر فرحت ہوگی کہ وہ خود کہہ اٹھے گا کہ مجھے فائدہ ہو گیا۔ بھوک خوب اچھی طرح لگے گی دست بھی آئیں گے مرض دن بدن گھٹتا جاوے گا حتے کہ سات دن میں مرض یرقان کا نام و نشان باقی نہ رہے گا۔

مسٹر عبدالعزیز کنٹرولر ریلوے لائل پور

سفوف ملیریا

نسخہ ست گلو (خانہ ساز) ۳ ماشہ کشتہ ابرک سیاہ ۱ ماشہ ان کو ملا کر محفوظ رکھیں

ترکیب استعمال۔ ایک دن میں تین مرتبہ دیں۔

فوائد۔ اس کے استعمال سے ایک ہی دن میں بخار اتر جاتا ہے اور کونین کی طرح خشکی نہیں کرتا۔

منشی احمد رضا خانصاحب ایس پی ڈبلیو انسپکٹر کیامبل پور

برائے دشواری وضع حمل

جب وضع حمل میں دشواری ہو اور عورت کسی حالت میں ہو اور ولادت کا کوئی درجہ کیوں نہ ہو سوائے ولادت غیر طبعی کے عسر ولادت میں ہمیشہ اس دوا سے کامیابی ہوئی ہے۔

اپیکا کوانا ایک انگریزی دوا ہے جو انگریزی دوا فروشوں کے یہاں ارزاں ملتی ہے۔ لیکر ایک ایک رتی کی پوڑیاں بنالیں۔

ایک پوڑیہ دو گھونٹ نیم گرم پانی سے دیں ایک یا دو خوراک میں وضع حمل ہو جائے گا۔

سردار جگت سنگھ بھاٹیہ ڈپٹی پوسٹ ماسٹر امرتسر

اکسیر دمہ

نسخہ۔ نوشادر ٹھیکری ۱۰ تولہ شورہ قلمی ۱۰ تولہ دودھ آک ایک پاؤ دونوں دواؤں کو باریک کر کے لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں نیچے تیز آنچ جلائیں۔ اور دودھ آک ڈالتے جائیں نسواری رنگ کا سفوف تیار ہو گا خوراک ایک رتی تا ۲ رتی خمیرہ گاؤزبان یا خمیرہ بنفشہ ایک تولہ میں رکھ کر دیں دمہ کے لئے نہایت مفید دوا ہے

دھاتو بند

نسخہ۔ موصلی سفید ۲ تولہ ستاور ۲ تولہ سنگجراحت ۲ تولہ مغز تمر ہندی ۲ تولہ مصری کوزہ ۶ تولہ سفوف بنائیں۔ اور بقدر ۶ ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ استعمال کریں پانی جیسی پتلی دھات کو دہی کی مانند گاڑھا کرتی ہے۔ جریان و احتلام کو ختم کر کے دھاتو کو پشٹ کرتی ہے

شری نانک چند سالوان پراپیگنڈا سکریٹری آل انڈیا پوسٹل یونین برانچ امرتسر

تیل برائے درد سر

نسخہ ۔ تیل تارپین ۲۰ تولہ صابن کا چورہ ۵ ۲½ تولہ مشک کافور ۲ تولہ سب کو خوب گھوٹ کر اس کی مقام درد پر مالش کریں اوپر روئی باندھ دیں

اکسیر معدہ

نسخہ ۔ زیرہ سفید ۔ سرکہ خانہ ساز نمک کالا ۵ ۔ ۵ تولہ تیزاب گندھک ½ تولہ سب کو بوتل میں ڈال کر چار پانچ روز تک ایک جگہ پڑا رہنے دیں اور بعد میں زیرہ نکال کر سایہ میں خشک کر لیں اور ۴ رتی گرم پانی سے کھلائیں اپھارہ درد بدہضمی بھوک نہ لگنا کے لیے مفید ہے

شری وزیر چند محرر مال تحصیل سانبہ ریاست جموں

درد ایام حیض و بندش حیض کی

لاجواب دوا

حبوب آرام جاں

نسخہ ۔ مغز اخروٹ جنگلی جس کو گون بھی کہتے ہیں حسب ضرورت لیکر باریک کوٹ لیں اور پرانا گڑ حسب ضرورت لے کر اس میں ملائیں جس سے کہ وہ گولی بنانے کے قابل ہو جائے لیکن گڑ بہت پرانا نہ ہونا چاہئے اب اس کو نخود کے برابر گولیاں بنا لیں اور محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال ۔ اگر درد شدید ہو تو دو گولی گرم دودھ کے ہمراہ دیں جس میں گھی بھی ملا ہوا ہو اور میٹھا بھی۔ گو آرام تو اسی وقت ہو جائے گا لیکن احتیاطاً تین دن تک دونوں وقت دینا چاہیئے۔

پرہیز ۔ سرد پانی پینے اور غسل کرنے سے پرہیز لازم ہے نیز سرد اشیاء سے بھی پرہیز کرنا چاہیئے۔

شری امرناتھ پٹواری مال

آشوب چشم کی مجرّب دوا

اس دوا کی بدولت میں اپنے علاقے میں بہت زیادہ شہرت رکھتا ہوں پانچ پانچ دس دس کوس سے ہمیشہ مریض دوائی لینے کے لئے آتے ہیں اور سب کو ایک ہی یوم میں آرام ہو جاتا ہے اور میں اپنے علاقے میں بطور معالج چشم مشہور ہوں یہ ہر قسم کی آشوب چشم کی مجرّب اور آزمودہ دوا ہے۔

نسخہ ۔پھٹکری بریاں ۶ ماشہ قلمی شورہ ۶ ماشہ دونوں کو باریک پیس کر برسات کے ایک بوتل پانی میں خوب حل کرلیں بس دوا تیار ہے دن میں تین مرتبہ تین تین قطرہ ڈراپر کے ساتھ ڈالنے سے ایک ہی دن میں آرام آجاتا ہے اگر کچھ کسر باقی رہے تو اگلے دن پھر تین یا ۴ دن میں دوائی ڈالیں مرض کا نام ونشان باقی نہ رہے گا۔صدہا بار کی مجرّب اور بے خطا دوا ہے مرد عورت بچے بوڑھے سب کو یکساں مفید ہے

منشی عبدالمجید اس صاحب مدرس مدرسہ ملن ضلع فیروزپور

دمہ کی بے نظیر دوا

اس دوا کا نسخہ دوران ملازمت میں مجھے ایک سنیاسی صاحب نے

تبلایا تھا جو تجربہ میں بہت مفید ثابت ہوا۔
نسخہ ملیح تونبا بقدر ضرورت گھی میں جلا کر سیاہ کرلیں اور سہ رتی علی الصبح کھلادیں مجرب ہے۔

جناب خادم حسین محرر چنگی چنیوٹ

ممسک عجیب

نسخہ۔ سفوف کچلہ مدبر فلفل دراز مساوی الوزن لے کر گولیاں بقدر نخود تیار کریں اور بوقت عصر ایک گولی ہمراہ بالائی استعمال کریں اعلےٰ درجہ کی ممسک دوا ہے نیز عصبی امراض میں بھی بہت مفید ہے

حیض
مدر

نسخہ۔ صبر۔ ڈنکال سفید۔ ڈنکال سرخ۔ سجی سفید۔ نمک سیاہ مساوی الوزن لے کر گولیاں بقدر نخود تیار کریں اور دن میں تین تین گھنٹے کے بعد ایک ایک گولی ہمراہ آب دیں انشاء اللہ تیسرے دن آرام ہوگا۔ اس دوائی کا شافہ بنا کر بھی کام میں لائیں۔

اکسیر جگر و تلی

نسخہ۔ ریوند خطائی ۱ تولہ ریوند چینی ۱ تولہ نوشادر ۲ تولہ نمک ۲ لی

۶ ماشہ شورہ قلمی ۱ تولہ جوکھار ۱ تولہ سب کو باریک کرکے باہم ملائیں خوراک ۲ رتی سے ۱ ماشہ تک بعد از غذا ہمراہ آب خالص۔

محلل اورام

ہر قسم کے ورموں کو تحلیل کرنے میں بے عدیل ہے۔

نسخہ۔ زرکبسی ۱ تولہ برگ مکوخشک ۲ تولہ کمیلہ ۱ تولہ سب کو باریک کرکے ملالیں اور سرکہ میں ملاکر مقام ورم پر لیپ کریں انشاءاللہ ورم دور ہو گا۔

جناب حیات خاں صاحب سرپنچ چک نمبر ۱۸۷

تریاق آتشک

نسخہ۔ رسکپور مدبر در مولی ۱ تولہ چولھے کی مٹی سوختہ ۴ تولہ قرنفل چھ ماشہ نیلا تھوتھا ۶ ماشہ آب لیموں حسب ضرورت پہلے رسکپور کو اس طرح مدبر کریں کہ ایک مولی لے کر اس میں سوراخ درمیان سے کرلیں اور اس میں رسکپور داخل کرکے اوپر کا واک تراشیدہ مولی دے کر گل حکمت کرلیں پھر نرم بھوبھل میں دبا دیں جب گل حکمت خوب پختہ ہو جائے تو مولی سے رسکپور نکال کر کھرل میں ڈال کر تھوڑی تھوڑی مٹی چولھے کی سوختہ ڈالتے اور کھرل کرتے جائیں

جب دونوں یک جان ہو جائیں تو آب لیموں میں لگاتار ایک پہر کھرل کریں پھر لونگ ایک ایک ڈال کر کھرل کریں ان کے بعد اسی طرح نیلا تھوتھا ڈال کر کھرل کریں۔ پھر ایک پہر آب لیموں میں کھرل کر کے گولیاں بقدر نخود تیار کر لیں اور سایہ میں خشک کریں پس تریاق آتشک تیار ہے۔

ترکیب استعمال۔ پہلے ایک مسہل لے کر ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ پانی استعمال کریں اگر کہیں زخم ہو تو گولی مذکورہ کو آب دہن میں گھس کر اوپر لیپ کر دیں۔

فوائد۔ اس کے استعمال سے نہ قے ہو گی نہ دست اور نہ ہی منہ آئے گا۔ آتشک کے زہر کا بالکل سستا تریاق ہے اور سو فیصدی مجرب ہے۔

پرہیز۔ کوئی نہیں البتہ اگر تیل والی اشیاء سے پرہیز کیا جائے تو بہتر ہے۔

شری گوربچن سنگھ وارنٹ آفیسر موضع سنگھانوالہ ضلع فیروزپور

سانپ کلے کا تریاق

غالباً ۱۹۳۵ء میں ایک گرنتھی نے میرے گھر میں گرنتھ صاحب کا

کچھ دن پاٹھ کیا۔ آدمی بہت اچھا تھا اور اپنے پاس ایک شیشی میں گولیاں رکھا کرتا تھا جن کو وہ سانپ کاٹے کا علاج کہتا تھا۔ اس وقت تو میں نے توجہ نہ دی لیکن ایک سال بعد میں اس کے گاؤں موضع چوکی مان میں ملنے گیا کیا دیکھتا ہوں کہ اس کے کمرے میں کئی مٹی کے کوزے منہ بند کر کے رکھے تھے اور دو تین چھوٹے بکس جن کے چاروں طرف باریک جالی تھی ان سب میں قسم قسم کے سانپ تھے اور ایک چھوٹے سانپ کے جسم پر بال تھے جس کو اس نے بتایا کہ بہت زہریلا ہے۔

میں سانپوں سے بہت ڈرتا ہوں بس مشکل سے اس کے گھر سے کھانا کھایا اور واپس آیا راستے میں اس نے اپنے ہاتھوں پر کئی زخموں کے چھوٹے چھوٹے نشان دکھائے اور کہا کہ پکڑتے وقت سانپوں نے اس کو کاٹ کھایا تھا لیکن ان گولیوں کے گھس کر لگانے سے زہر بھی نہیں چڑھا اور راضی بھی ہو گئے۔

ایسے بوڑھے دیہاتی سے جس کے پاس ایک ہی نسخہ ہو اور وہ بھی اس کی مشہوری کا باعث ہو حاصل کرنا بہت مشکل کام تھا آخر ایک دن اس نے کہا کہ اس کا لڑکا نوجوان ہے اس کو میں اپنے پاس بھرتی کر لوں میں فوج میں وارنٹ آفیسر تھا میں نے وہ لڑکا اپنے رسالے میں بھرتی کروا دیا وہ لڑکا بہت شریف تھا اور ہمیں اس کی کافی مدد کرتا تھا۔

۱۹۳۶ء میں ایک آدمی کو سانپ نے کاٹا وہ آدمی ہمارا واقف تھا ہم ہسپتال میں اس کو دیکھنے گئے ڈاکٹری علاج تھا لیکن اس کی

حالت خراب ہوتی جارہی تھی اس لڑکے نے ڈاکٹر سے کہا کہ اگر وہ اجازت دیں تو اس کے پاس سانپ کاٹے کا تریاق ہے وہ گولیاں گھس کر زخم پر لگانے سے فائدہ ہو جائے گا اتفاق سے ڈاکٹر نے بھی رضامندی ظاہر کی۔ چنانچہ گولیاں گھس کر دن میں تین چار دفعہ لیپ کیا اور مریض کی حالت اچھی ہو گئی اور ایک ہفتہ بعد بالکل تندرست ہو کر واپس آ گیا۔

مجھے ان گولیوں سے ازحد دلچسپی ہو گئی اور میں نے سرسری طور پر اس سپاہی سے پوچھا کہ ان گولیوں کے جز کیا ہیں اس نے کہا کہ میں تو بنی بنائی گھر سے لایا ہوں جز تو میرے باپ کو معلوم ہیں پھر مجھے ناامیدی ہو گئی۔

سپاہی کو چھٹی یعنی گھر آنے کی رخصت بہت پیاری ہوتی ہے یہ سپاہی بھی چھٹی جانے کے لئے بہت بے قرار تھا لیکن اس کا نمبر ابھی دور تھا اس نے مجھ سے چھٹی کے لئے کہا میں نے جواب دیا کہ میں قاعدے کے خلاف اس کی کیسے سفارش کر سکتا ہوں خیر پھر بھی کوئی گنجائش کی ترکیب سوچوں گا آخر کسی نہ کسی طرح اس کو رخصت دلوا دی لیکن جاتے وقت میں نے اس سے کہا کہ ہو سکے تو سانپ کا پورا نسخہ معہ ترکیب ساخت میرے لئے لکھ کر لیتے آنا وہ لڑکا میرا بڑا وفادار تھا چنانچہ ۱۹۳۹ء میں مجھے اس نے پورا نسخہ لا کر دیا۔ لیکن اس نسخہ کے بنانے میں ایک بڑا بھاری نقص ہے کہ احتیاط کی اشد ضرورت ہے میں نے ایک دوست کو نسخہ بنانے کے لئے دیا اور اس سے کہا کہ منبل اور لوٹا اس کو

ہرگز اکٹھے نہ پیسنا لیکن اس نے کوئی پرواہ نہ کی۔ نتیجے کے طور پر ایک دھماکہ ہوا اس کے ہاتھ کی تین انگلیاں اڑ گئیں اور منہ پر بھی خراشیں آئیں۔ میں ناظرین کرام سے پر زور درخواست کرتا ہوں کہ منسل اور پوٹاس کو ہرگز اکٹھا نہ پیسیں۔

سانپ کاٹے کے علاج کی گولیاں

اجزاء موہری بوٹی۔ سنکھیا۔ نیلا تھوتھا نوشادر بوٹا سجی لال رتیاں (گھونگچی) رتیوں کو ذرا کوٹ کر ان کا چھلکا علیحدہ کر دو پھر مغز کو پیسو وزن ہر ایک چھ ماشہ۔

ہر ایک چیز کو علیحدہ علیحدہ پیس کر تول کر ملاؤ پھر کھرل میں منسل باریک پیس لو وزن ۶ ماشہ درکار ہے۔ پھر کھرل کو خوب دھو کر صاف کر کے رکھو اور اگلے دن اس میں ۶ ماشہ پوٹاش کلوریٹ باریک پیس لو اور علیحدہ رکھو۔ بہتر تو یہ ہے کہ کلوریٹ پوٹاش کو لکڑی کے کھرل میں پیسو۔ پھر پہلی چھ چیزوں کو ایک پیالے میں ڈال کر بعد میں ساتویں چیز کلوریٹ آف پوٹاش ڈالو اور لکڑی یا پنسل سے خوب ملاؤ۔ پھر آٹھویں چیز پسا ہوا منسل ملا کر پنسل سے خوب ملاؤ۔ پھر اس پیالہ میں آک کا دودھ ڈال کر ملاؤ اور آٹے کی طرح سخت گوندھ لو پھر جتنی گولیاں یا چھوہارے کی گٹھلی کی طرح لمبی بتیاں بناؤ اور نہایت خشک کر کے چوڑے منہ والی شیشی میں بند رکھو۔

ترکیب استعمال سانپ کی کاٹی ہوئی جگہ پر استرے یا بلیڈ سے نہایت ہلکے پچھ لگا کر اوپر یہ گولی پتھر پر آک کے

دودھ کے ساتھ گھس کر لیپ کرو۔ دو گھنٹہ بعد یہ لیپ پونچھ کر پھر نیا لیپ کرو۔ اسی طرح ہر تین گھنٹے بعد لیپ کرتے رہو ایک ہی دن میں زہر دور ہو جائے گا۔

اگر سانپ کاٹے کو دیر ہو گئی ہو اور زخم کی جگہ سے خون نہ نکلے تو جسم کے جس حصہ سے بھی خون نکل سکتا ہو وہاں پچھ لگا کر گولی آک کے دودھ میں گھس کر لگاتے رہو۔

کھانے کو دودھ میں گھی ملا کر اور چینی سے میٹھا کر کے پلاؤ۔ بیمار کو تسلی دیتے رہو کہ یہ دوا نہایت آزمودہ و بے خطا ہے بعض دفعہ مار گزیدہ صرف وہم سے ہی کمزور دل ہو کر مر جاتا ہے جب تک تسلی نہ ہو کہ سانپ نے کاٹا ہے یہ دوا استعمال نہ کرو کیونکہ بہت زہریلی ہے۔

سانپ کاٹے کی یہ پہچان ہے کہ اس کو نیم کے پتے چبواؤ اگر اس کو کڑوے نہ لگیں تو سانپ نے کاٹا ہے اگر کڑوے لگیں تو سانپ نے نہیں کاٹا ہے۔

نوٹ (۱) جو بھائی یہ گولیاں تیار کریں پہلے کسی جانور۔ کتا۔ مرغی وغیرہ کو سانپ سے کٹوا کر آزمائش کر لیں اور اپنی تسلی و اطمینان کر لیں۔

(۲) اس دوا کی قیمت خود نہ طلب کریں برائے پرماتما دیں۔ لیکن اگر کوئی مریض بطور شکریہ کوئی تحفہ دے تو قبول کرنا واجب ہے

(۳) منسل اور پوٹاس کو اکٹھے ملا کر ہرگز نہ پیسو۔ ورنہ بارود سے اڑ جاؤ گے۔

(۴) موہری بوٹی ٹیکسیلا آیورویدک فارمیسی چندوسی (یو۔پی)
سے منگوائی جاسکتی ہے

بہترین قبض کشا گلقند

مجھے سلسلۂ ملازمت میں کئی جگہ جانا پڑا ہے اور ہر جگہ کچھ نہ کچھ نئی واقفیت ہی ہوتی رہی چنانچہ مجھے امسال ایک بڑے قصبہ میں تین ماہ کیمپ کے لئے جانا پڑا میں نے بازار میں چکر لگایا اس میں ایک پنساری کی دوکان خوب سجی ہوئی مجھے پسند آئی۔ تھا تو وہ پنساری لیکن ہر قسم کی پیٹنٹ انگریزی ادویات یونانی مرکبات اور مفرد جڑی بوٹیاں سب کا دوکان میں سٹاک رکھتا تھا گاہکوں کے بیٹھنے کے لئے بھی کرسیاں رکھی ہوئی تھیں اکثر سفر میں قبض ہو جایا کرتی ہے سو پہلے دن میں نے اس سے ہرڑ کا مربہ لیا اس کے بعد اس کی دوکان پر ہر روز جاتا چند منٹ بیٹھتا اور دو چار آنے کی برائے نام کوئی چیز مثلاً مربہ سیب آملہ وغیرہ اس سے لیا کرتا اس کی دوکان میں بکری بہت تھی ہمیشہ گاہک موجود رہتے تھے اور اس کی صندوقچی میں ریزگاری بھری رہتی تھی۔

میں نے کئی دن کے بعد یہ معلوم کیا کہ اس کی سب سے زیادہ کونسی چیز چلتی دوا ہے۔ مجھے معلوم ہوا کہ ایک شیشے کے مرتبان میں خوشنما گلقند بھری رہتی ہے اور میرے سامنے وہ کئی شخصوں کو اس میں سے تھوڑی تھوڑی گلقند برائے قبض یا جلاب دیا کرتا تھا میرا خیال ہے کہ سب سے زیادہ یہی گلقند فروخت ہوتی تھی میں

بھی یہی) گلقند تین چار دفعہ اس کی دوکان سے لے گیا۔ غضب کی قبض کشا ہے پیٹ میں کوئی مروڑ یا تکلیف نہیں کرتی تھی اور نہ ہی متلی ہوتی تھی صبح کو کھل کر قدرتی طور پر پاخانہ آجاتا تھا۔ میں نے تقریباً دو ماہ بعد اس کے اسسٹنٹ منیم سے سادہ پن سے پوچھا ارے بھائی یہ گلقند کس چیز کی ہے؟ یا اس گلقند میں کچھ . . . . . سقمونیا وغیرہ ملا ہوا ہے۔ بڑی اچھی قبض کشا ہے۔ کہا بابو جی اسمیں کئی چیزیں ہیں اور خاص کر ہرڑ کا ست بھی ملایا ہوا ہے۔ جس کی وجہ سے ہی یہ قبض کشا ہے ہماری یہ گلقند پاؤ ڈیڑھ پاؤ روزانہ بک جاتی ہے حالانکہ ایک شخص کے لئے ۳ ماشہ سے چھ ماشہ تک ایک خوراک ہے۔

اب میں نے اس نسخہ کو حاصل کرنے کے لئے بہت سی سکیمیں بنانا شروع کیں رات کو کبھی کچھ سوچتا کبھی کچھ۔ آخر میں تین ماہ کے بعد اپنے ہیڈ کوارٹر کو واپس آنے والی شام کو میں اس پنساری صاحب کو ملنے گیا میں نے کہا آج میں آپ سے جدا ہو رہا ہوں آپ سے اچھی اچھی دوائیں لیں اور مفید باتیں اس کے لئے بطور شکریہ یہ حقیر سا نذرانہ قبول فرمائیے گا اور ایک پانچ روپیہ کا نوٹ پیش کیا۔ خیر وہ ایسے کب لینے والا تھا۔ یہ تکلف کی باتیں کرنے کے بعد میں نے سادہ طور سے ہی پوچھ لیا کہ آپ کی گلقند قبض کشا میرے بہت ہی پسند اور موافق آئی ہے اگر آپ مجھے نسخہ بتا دیں تو بدرجہ غایت احسان مند رہوں گا۔ آپ جانتے ہیں کہ میں نے دوکان تو کرنی ہی نہیں ویسے گھر میں بنا کر رکھ لوں گا اور گاہے گاہے استعمال کرتا رہوں گا۔ اگر بالفرض آپ کو تجارتی نقصان کا

اندلیشہ ہو تو نہ بتاویں۔ میں کسی قسم کی ناگواری محسوس نہ کروں گا لیکن شاباش اس نیک شخص کے کہ اس نے بلا کم و کاست مجھے نسخہ بتادیا۔ نسخہ یہ ہے۔

نسخہ۔ گلقند خالص گلاب کے پھولوں کی عمدہ ایک پاؤ جلابہ ہرڑ ۴ تولہ عرق گلاب حسب ضرورت۔ کھلے منہ کا مرتبان شیشے کے ڈھکنے والا ایک عدد۔

ترکیب ساخت۔ جلابہ ہرڑ کو کھرل میں نہایت باریک پیس لیں۔ سرمہ کی طرح پھر اس کو چمچ سے گلقند میں خوب ملالیں اور کانچ کے مرتبان میں رکھیں۔

مقدار خوراک قبض کشائی کے لئے ½۱ ماشہ سے ۴ ماشہ تک حسب طبیعت رات کو سوتے وقت نیم گرم پانی سے اگر طبیعت چاہے تو نیم گرم دودھ سے بھی کھا سکتے ہیں لیکن دوا کھانے کے بعد پھر ہرگز کچھ نہ کھانا چاہیئے۔ صبح ایک دو دست قدرتی طور پر بڑے آرام سے ہوں گے۔

نوٹ۔ عرق گلاب میں جلابہ ہرڑ اس لیے گھوٹی جاتی ہے کہ محض سفوف ہی گلقند میں ملادیں تو گلقند خشک سی ہو جاتی ہے دیکھنے اور کھانے میں اتنی خوشنما اور اچھی نہیں لگتی اگر بالفرض عرق گلاب نہ ملے تو گلقند کے شیرہ میں بھی جلابہ ہرڑ گھول سکتے ہیں اگر عرق گلاب عمدہ نہ ہوگا یا پانی ہوگا تو گلقند میں جالا پڑ کر خراب ہو جائے گی۔ یہ گلقند چھوٹے بچے عورت حاملہ اور بوڑھے کو یکساں مفید ہے ہرگز نقصان دہ نہیں ہے میرا خیال ہے کہ اس سے بہتر کوئی اور قبض کش

خوش ذائقہ دوا نہ ہوگی۔

صوبیدار سُندر سنگھ

لڑکی کی بجائے شرطیہ لڑکا پیدا کرنے کا نسخہ

جسے معلوم کرنے کے لئے ایک سو روپیہ نقد بطور معاوضہ دیا گیا جس کی ابتک پانچ جگہ آزمائش ہو چکی ہے

اور میں نے خود اس نسخہ کی اب تک پانچ جگہ آزمائش کی ہے۔
نسخہ۔ نر گدھے کی دم کے آخری سرے کا بال اکھاڑ لیں اور گڑ میں رکھ کر گولی بنا لیں جس عورت کو کھلانا ہو اس کو اس کا بھید بالکل نہ دیں کہ کیا چیز کھلائی جا رہی ہے۔ پھر علی الصبح اٹھیں نہا دھو کر پاکیزہ لباس پہنیں اور اپنے مذہب کے حکم کے مطابق نماز یا پوجا یا پاٹھ کریں اور اکال پُرکھ کی حضوری میں التماس کریں کہ وہ اپنی قدرت سے اس دوائی میں برکت ڈالے۔ تاکہ جس کام کے واسطے یہ استعمال کی جا رہی ہے وہ کام پورا ہو پھر وہ گولی پوتر جل کے ساتھ جو پہلے سے مہیا کر لیا گیا ہو سورج چڑھنے سے پہلے ہی کھلائیں۔ امید ہے کہ اکال پُرکھ مراد پوری کرے گا۔ یہ دوا پہلے ماہ یا دوسرے ماہ کے پہلے نصف حصے میں

کھلائیں جس شخص سے میں نے یہ نسخہ لیا تھا اس کو میں نے یک صد روپیہ نقد ادا کیا تھا۔ دو دفعہ اس نسخہ کو میرے سسر صاحب نے آزمایا اور درست پایا۔ تین دفعہ اس نسخہ کو میں نے آزمایا دو دفعہ کامیابی ہوئی اور تیسری دفعہ ناکامیابی۔ اس ناکامیابی کی وجہ غالباً صرف یہ معلوم ہوتی ہے کہ یہ دوائی میں نے تیسرے مہینے کے آخر میں کھلائی جبکہ بچہ کا بُت بن چکا ہوتا ہے۔

گردہ و مثانہ کی پتھری کا بغیر اپریشن علاج

۱۹۳۰ء کے شروع کا ذکر ہے کہ میں اپنے کوارٹر میں رات کو سویا پڑا تھا بارش ہو رہی تھی ایک چھاپہ خانے کے ایجنٹ صاحب نوشہرہ سے مردان میرے پاس کام کی تلاش میں آئے تھے لیکن بارش کی وجہ سے واپس نہ جا سکے تھے رات کو میرے ہاں بطور مہمان ٹھہرے ہوئے تھے آدھی رات کے وقت ایک سپاہی میرے اردلی کے ہمراہ میرے پاس آیا اور مجھے جگا کر اس نے رو رو کر بتلایا کہ چار روز سے اس کا پیشاب بند ہے اور سخت تکلیف میں ہے میں نے اس کو کہا تم فوراً ہسپتال چلے جاؤ اگر پتھری ہوئی تو اپریشن ہوگا اس نے کہا کہ ہسپتال والے جب سلاخ کو آلۂ تناسل میں ڈالتے ہیں تو پیشاب آجاتا ہے لیکن جب وہ نکال لیتے ہیں تو پھر بند ہو جاتا ہے۔ اب تک میرے پاس ٹھہرے ہوئے مہمان بھی جاگ اٹھے تھے انھوں نے کہا اگلے دن صبح کو وہ نسخہ تیار کر کے دے دیں گے۔ چنانچہ اگلے دن صبح کو وہ بازار گئے اور کسی دوا کی ساتھ

پڑیہ بنا کر لے آئے اور اس مریض کو دے دیں ساڑھے نو بجے صبح جب میں دفتر جارہا تھا تو وہ سپاہی مجھ کو ملا اور اس نے کہا کہ اس کو پیشاب کھل کر آگیا ہے لیکن پیشاب کے ساتھ بہت سی ریت بھی خارج ہوتی ہے میرے دوست نے اس کو بتلایا کہ وہ ایسی پڑیہ دوائی ایک ہفتہ میں ختم کرے یعنی ہر روز تین دفعہ دوائی کھالے تو اس کو عمر بھر یہ بیماری نہ ہوگی۔ میری درخواست پر میرے مہمان دوست نے دوائی کا نسخہ مجھے بتلادیا جو میں نے نوٹ کر لیا۔ ایک سال کے عرصے میں اپنی پلٹن کے چار سپاہیوں پر اس نسخہ کا تجربہ کیا اور چاروں تندرست ہوگئے نسخہ یہ ہے

نسخہ۔ جوکھار۔ سہاگہ۔ قلمی شورہ تینوں ہموزن لے کر ایک ایک ماشہ کی پڑیہ بنالیں چھ ماشہ کلتھی کے جوشاندہ کے ساتھ ایک پڑیہ صبح اور ایک شام ایں۔ ایک دفعہ مجھے کلتھی نہ مل سکی اس واسطے میں نے ایک پڑیہ سادہ نیم گرم پانی کے ہمراہ دے دی۔ اس کا بھی یہی اثر ہوا اور پیشاب کھل کر آگیا مہوکی ہی پڑیہ سے پتھری ریت کی طرح خارج ہونے لگتی ہے دوا کا استعمال کم از کم تین دن ضرور کرنا چاہیئے۔

صوبیدار میجر جگت سنگھ پنشنر

داد چنبل کی آزمودہ دوا

نسخہ۔ اجوائن دیسی ۱۰ تولہ آک کا دودھ ۲۰ تولہ اجوائن کو کوٹ

پیس کر اور اس میں آک کا دودھ ملا کر چھوٹی چھوٹی ٹکیاں بنائیں اڈھ
دس تولہ تلوں کے تیل میں ڈال کر پکائیں جب تیل جل کر سیاہ رنگ
کا ہو جائے تو ٹکیہ نکال کر پھینک دیں اور تیل کو محفوظ رکھیں بوقت
ضرورت داد و چنبل پر اس تیل کی خوب مالش کریں دو گھنٹے بعد چنے کا
آٹا پانی میں گوندھ کر مثل ابٹن ملیں تین چار دن میں آرام آجاتا ہے۔

خان بہادر سید مظفر علی خاں رئیس اعظم

تریاق الاثر سرمہ برائے مار گزیدہ

یہ نسخہ میرے خاص دوست کا عطیہ ہے جن کا شب و روز کا
معمول ہے میں نے ان سے بمشکل حاصل کیا ہے بلا کم و کاست پیش
کرتا ہوں۔

نسخہ۔ سرخ مرچ لے کر کھرل میں ڈال کر خوب اچھی طرح پیس لیں
یہاں تک کہ سرمہ کی طرح باریک ہو جائے۔ پس جانے پر شیشی میں
سنبھال رکھیں اور بوقت ضرورت مریض کی آنکھوں میں ایک ایک
سلائی ڈالیں زہر کے اثر سے مریض کو مرچوں کی تیزی محسوس نہ ہوگی

ہری رام پرچون والا لدھیانہ

سوزاک کا نہایت عمدہ نسخہ

ہمارے پاس سوزاک کا ایک نہایت ہی عمدہ نسخہ ہے جو کہ پبلک کی بھلائی کے لئے شائع کرا رہے ہیں یہ نسخہ ہم نے تقریباً پچاس ساٹھ مریضوں پر آزمایا جن کو دو یا تین خوراکیں کھانے ہی سے بالکل فائدہ ہوگیا۔ یہ نسخہ دس سے پندرہ سال کے مرض کو جڑ سے اکھاڑ دیتا ہے اور صرف سات خوراکیں کھانی پڑتی ہیں۔

نسخہ۔ ممولی بکائن لے کر سایہ میں خشک کر کے گٹھلی سمیت باریک پیسیں اور بقدر ۶ ماشہ صبح و چھ ماشہ شام ہمراہ دودھ بکری یا گائے استعمال کریں آپ جانتے ہیں کہ سوزاک والے کو سرخ مرچ اور گرم مصالحہ کی کتنی ممانعت ہے لیکن اس دوا کے دوران استعمال میں مریض جتنی سرخ مرچ اور گرم مصالحہ استعمال کرے گا اتنا ہی جلدی فائدہ ہوگا۔ گوشت کھانے والے کو گوشت کے ہمراہ سرخ مرچ زیادہ استعمال کرنی چاہیئے صرف تیل کی اشیاء کھٹائی گڑ وغیرہ سے پرہیز کریں۔

حب مقوی باہ

نسخہ۔ شنگرف ۱ تولہ زردی بیضہ مرغ ۱۶ عدد مشک ½ ۱ ماشہ افیون ۶ ماشہ زعفران ۳ ماشہ عنبر ۵ رتی ورق نقرہ ½ ۱ ماشہ ورق طلاء ۵ رتی شنگرف کو کھرل میں ڈال کر ایک زردی بیضہ مرغ کے ساتھ کھرل کریں جب قوام غلیظ ہو جائے تو دوسری زردی ڈال کر کھرل کریں۔ اسی طرح ۱۶ زردیاں شنگرف کے ساتھ کھرل کریں اس کے بعد باقی سب ادویات شامل کرکے صبح سے شام تک بارہ گھنٹے خوب کھرل کریں جب قوام گولی باندھنے کے قابل ہو جائے تو چھوٹی چھوٹی گولیاں بنالیں۔

اب ایک چڑے کو ذبح کر کے اس کی اندرونی آلائش علیحدہ کریں وہ گولیاں اس چڑے میں بھر دیں۔ چڑے کا مغز بھی اس کے پیٹ میں رکھ کر پیٹ کو اچھی طرح سے سی دیں پھر اس چڑے کو گھی میں بھونیں جب بھنتے بھنتے سرخ ہو جائے تب گھی سے نکال کر کوٹ لیں اور خوب باریک کر کے چنے کے برابر گولیاں بنا دیں اور ایک گولی مکھن میں لپیٹ کر کھائیں۔ تھوڑی دیر بعد میٹھا دودھ پی لیں۔

فوائد۔ تقویت باہ کے لئے بے حد مفید ہے۔

شری شیورام زرگر گھڑی ساز سرسہ

درد داڑھ کا اکسیر علاج

یہ نسخہ مجھے ایک سادھو مہاتما نے عطا فرمایا تھا جو کہ تجربہ میں نہایت مفید اور فوری اثر ثابت ہوا۔ ناظرین کرام اس کی ضرور آزمائش کریں۔

نسخہ۔ روغن سرسوں ۲ تولہ لے کر اس میں ایک مرچ سرخ لیکر خوب جلا ڈالیں اور پھر مرچ مذکور نکال کر پھینک دیں جس طرف کی داڑھ درد کرتی ہو۔ اس کے مخالف طرف کے کان میں ایک قطرہ اس تیل کا ڈال دیں۔ پرماتما کی کرپا سے فوراً درد بند ہو جائے گا بعض اوقات اس طرح کرنے سے جلن سی محسوس ہوتی ہے۔ تو ذرا سینک دے لیں یا یا دام روغن نیم گرم کان میں ڈال دیں اس سے بھی افاقہ ہو جائے گا۔

شری لبھا بارام خوشنو بس چوک نکلی امرتسر

برائے نسوانی شہوت

بعض عورتوں میں بے پناہ جوش شہوت ہوتا ہے جس کے باعث

کمزور مرد نہایت شرمسار ہوتے رہتے ہیں اور لہٰذا اوقات ایسی عورتیں بدچلن ہو جاتی ہیں اور اپنے شوہر کو ترک کر کے غیر مردوں سے قربت کرنا پسند کرتی ہیں اس جوش کی روک تھام اور آتشِ شہوت کو فرو کرنے کے لئے ایک مفید اثر نسخہ حاضر ہے۔

نسخہ۔ کافور ۲ ماشہ۔ سہاگہ سفید ۳ ماشہ۔ مولی کے پتے ۶ ماشہ پانی کی مدد سے سب کو پیس لیں اور اسے عورت کو کھلا دیں۔ ہفتہ بھر یہ دوا دینے سے عورت کی آگ کم ہو جائے گی یہ ایک خوراک کا نسخہ ہے۔

رام چرن حجام

بواسیر کی اکسیری گولی

نسخہ۔ رسونت اور سہاگہ دونوں مساوی الوزن لے کر پانی کی مدد سے ریٹھ کی برابر گولیاں بنا کر رکھیں اور گھس کر مسوں پر لگوایا کریں بواسیر کے لئے نہایت مفید دوا ہے۔

منشی دولت علی صاحب

اکسیر آتشک

نسخہ۔ بندق ہندی (ریٹھ) بریاں ۱۲ عدد (بھوبھل گرم میں بریاں)

کریں) چھلکوں کو باریک پیس کر ایک تولہ طوطیا سبز اور ۴ تولہ قند سیاہ کہنہ اس میں آمیز کر کے کوٹ لیں اور کنار صحرائی کے برابر گولیاں بنا لیں۔ صبح کو ایک گولی باسی پانی کے ساتھ کھلائیں زخموں پر بھی اسی کو تھوک میں حل کر کے ضماد کریں ایک ہفتہ میں آرام ہو گا سریع التاثیر ہے۔

میاں عبدالرحمٰن امام مسجد

اکسیری نسوار

نسخہ۔ پھل بھٹ کٹائی (جس کو پنجابی میں چھمک مولی) کہتے ہیں زرد شدہ لیں اور سایہ میں خشک کر کے باریک پیس کر سنبھال رکھیں اور نہایت قلیل مقدار میں بطور نسوار سونگھا دیں۔

فوائد۔ درد شقیقہ درد سر نزلہ زکام کے لئے بے حد مفید ہے دماغ کی رگوں میں رکا ہوا مواد چند چھینکوں سے خارج ہو کر سر ہلکا ہو جاتا ہے۔

سردار دیال سنگھ گرنتھی

پیچش کی بے نظیر دوا

نسخہ۔ موچرس کوٹ کر چھان کر ۲ ماشہ بوقت صبح اور ۲ ماشہ

بوقت شام پاؤ بھر دہی میں ملا کر کھلایا کریں دو تین دن کے استعمال سے پیچش کو یقینی طور پر آرام ہو گا۔ خواہ کتنی ہی سخت پیچش ہو۔

بابا شنکر داس سپیرہ

سانپ کاٹے کی لاجواب دوا

جس کسی شخص کو سانپ کاٹے تو فوراً مریض کے زخم پر دو چار چھُر لگا کر مغز تخم املی (جس پر ذرا سا پانی ڈال کر پتھر پر گھس لیا ہو) اوپر رکھدیں فوراً زخم پر چپک جائیگا اور زہر کو چوسنا شروع کردے گا۔ جب خود بخود زہر کو جذب کر کے گر پڑے تو دوسرا بدل دیں اور پہلے کو چمٹے سے اٹھا کر دبا دیں۔ اگر زہر بہت زیادہ ہو تو کئی بیج بدلنے پڑیں گے۔ جب زخم پر بیج نہ ٹھہرے تو سمجھ لو کہ زہر خارج ہو چکا ہے۔ پرماتما کی کرپا سے مارگزیدہ یقیناً بچ جائے گا۔

سید علی شاہ کیمیاگر

قوت باہ کے لئے بٹی

نسخہ:۔ مغز حب الملوک مغز تخم ارنڈ کلاں کچلہ ہر سہ کو شراب

برانڈی میں چھ گھنٹہ کھرل کر کے محفوظ رکھیں اور بقدر نصف ماشہ تا ایک ماشہ عضو پر ملیں خاص صدری و اسراری نسخہ ہے جو بڑی مشکل سے حاصل ہوا لہٰذا آزمائیں اور فائدہ اٹھائیں۔
فوائد۔ قوت باہ کے لئے لاجواب دوا ہے۔

موڈو سنگھ پہلوان

سوزاک کی مجرب دوا

نسخہ۔ گوکھرو ۱ تولہ تخم الائچی خورد ۱ تولہ طباشیر ۱ تولہ جو کھار اصلی ۱ تولہ سمندر جھاگ ۱ تولہ مصری ۱ تولہ قلمی شورہ ۱ تولہ سب کو باریک پیس کر سات پڑیہ بنائیں اور ہر روز ایک پڑیہ دودھ کی لسّی کے ساتھ دیں سات روز میں صحت ہو جائے گی۔

جندن بائی طوائف

اکسیر سوزاک

یہ نسخہ میرا سینکڑوں بار کا تجربہ شدہ ہے صرف تین چار بار کے

استعمال سے بفضلہ شفا ہو جاتی ہے خواہ درد اور پیپ کتنی زیادہ کیوں نہ ہو یہ نسخہ سوزاک جیسی موذی مرض کے دفعیہ کے لئے اکسیر اعظم کا حکم رکھتا ہے۔

نسخہ۔ رال چھ ماشہ ۲ سیر گائے کے دودھ میں ملا دیں اور بدستور معروف جمائیں۔ اور بلو کر مکھن نکالیں۔

یہ مکھن مریض کو دو دن میں کھلا کر چھاچھ بھی اوپر سے پلا دیں اسی طرح ایک بار پھر کریں انشاء اللہ یقیناً صحت ہو جائے گی۔

کندن بائی طوائف

اکسیر آتشک

نسخہ سم الفار ۲ تولہ لونگ ۴ تولہ لیموں ۱۰۱ عدد۔ لیموں کے عرق میں کھرل کر کے جوار کے دانے کے برابر گولیاں بنالیں اور ایک گولی لیموں کے اچار ہی میں رکھ کر کھلائیں۔

فوائد۔ آتشک جیسے نامراد مرض کے لئے سینکڑوں بار کی تجربہ شدہ دوا ہے۔

الٰہی بخش عباس کوہاٹ

اکسیر سوزاک

نسخہ۔ شورہ قلمی ۱۰ تولہ مرچ سیاہ ۵ تولہ باریک پسے ہوئے شورہ مذکور کو توے آہنی پر رکھ کر نیچے آگ جلادیں۔ جب شورہ پگھل جائے سفوف کالی مرچ ڈال دیں۔ شورہ مذکور جگر کھا کر بیٹھ جائے گا باریک پیس کر بقدر ۲ تولہ اس میں صابن دیسی شامل کر کے قند سیاہ کے ہمراہ گولیاں بقدر کنار دشتی بنا دیں ایک گولی ہمراہ لسی شیر خام کھلاویں اندری جلاب ہو کر طبیعت صاف ہو جائے گی بعدہٗ ایک ماشہ ہر روز اس سفوف شورہ کا استعمال کریں غذا شیر برنج دیں ہزاروں مریضوں پر تجربہ شدہ اکسیر نسخہ ہے۔

غیر طبیوں اور عطائیوں کے لاجواب نسخہ جات

بواسیر کا عجیب و غریب نسخہ

عالیجناب حکیم محمد عبداللہ روڑی اپنی مشہور عالم کتاب "کنز الاطبا" میں فرماتے ہیں کہ :-

دفتر العلاج کے بالکل متصل ایک شخص پوہلا سنگھ نامی رہتا ہے زمیندارہ اس کا پیشہ ہے اور باقی وقت میں اپنا اونٹ کرایہ پر چلاتا ہے مدت ہوئی اس کو ایک سادھو مہاتما بواسیر کا نسخہ بتا گئے جو کہ تجربہ کرنے پر نہایت مفید ثابت ہوا۔

مسٹر بھاگ سنگھ جو کہ انہی کا رشتہ دار ہے اُسے بچپن میں جبکہ وہ چوتھی یا پانچویں جماعت میں تعلیم پاتا تھا مرض بواسیر میں مبتلا ہوگیا خون بھی آتا تھا مسے بھی ہوگئے تھے پوہلا سنگھ سے طالب علاج ہوا اُس نے محض لاگت کے پیسے لے کر چودہ ٹکیاں بنادیں اور کہہ دیا کہ اسے بند مکان کے اندر بیٹھ کر چلم کے اندر بطور تمباکو ڈال کر اور آگ رکھ کر صبح و شام پی لیا کرو چنانچہ اس کے استعمال سے اسے بالکل صحت ہوگئی مسے وغیرہ سب ختم گویا کہ بواسیر کبھی ہوئی ہی نہیں تھی بعد ازاں اور لوگوں کا بھی حال معلوم ہوا جو کہ صحت یاب ہوئے مگر پوہلا سنگھ مذکور نسخہ کو نہایت خفیہ طریق پر اور احتیاط سے خریدا کرتا تھا تاکہ کسی کو بھید معلوم نہ ہوسکے۔

مجھے نسخہ معلوم کرنے کا شوق ہوا۔ گو دل میں امید تھی کہ میرے دریافت کرنے پر غالباً نسخہ بتا دے گا مگر اس خیال سے کہ ممکن ہے نہ بتائے اور شرمندگی اٹھانی پڑے بھاگ سنگھ مذکور کو پھر کہا کہ وہ ایک مرتبہ نسخہ پھر بنوائے اور حتی الوسع یہ معلوم کرے کہ نسخہ کے اجزاء کس دوکان سے خریدتا ہے چنانچہ بھاگ سنگھ نے دواؤں کے لئے پیسے دے دئے اور خفیہ طریقے پر اس کا تعاقب کیا تین اجزاء تو معلوم ہوگئے جن میں سے ایک جنگلی بوٹی تھی۔ باقی ایک جزو کا علم نہ ہوسکا اس کو معلوم کرنے

کے لئے طرح طرح کی اسکیمیں بنانی شروع کیں مگر ابھی تک ان پر عمل کرنے کا موقع نہیں ملا تھا کہ ایک دن پوہلا سنگھ کے لئے وزٹ پر مجھے اپنے اسٹیشن تک جانے کا موقع ملا راہ میں نسخہ کا ذکر ہوا میں نے اس کے حصول کی کوششوں کا ذکر کیا اور آئندہ کی اسکیموں کو بھی بیان کر دیا وہ سن کر ہنس پڑا اور کہنے لگا آپ کو ان جھمیلوں میں پڑنے کی کیا حاجت تھی جب دل چاہے نسخہ دریافت کر لیجئے چنانچہ اسی وقت نسخہ دریافت کیا اور اس نے صاف صاف بتا دیا جو کہ ذیل میں درج ہے۔

نسخہ۔ مائیں۔ مازو۔ شنگرف۔ دودھی بوٹی خورد۔ سایہ میں خشک کی ہوئی ہر ایک ۳ ماشہ پیس کر پانی کی مدد سے ۱۲ ٹکیاں بنالیں اور چلم میں تماکو کی طرح رکھ کر بیری کی چھال کی آگ رکھیں اور مریض بواسیر کو اس مکان میں جہاں پر ہوا نہ لگتی ہو کش لگوائیں۔ صبح و شام اسی طرح کریں کھانے کو صرف دلیا گندم ہمراہ دودھ سات روز کے بعد ایک ہفتہ تک محض بیسنی روٹی ہمراہ گھی خالص پھر جو دل چاہے کھائیں۔

نوٹ۔ اس میں سنگرف چونکہ زہریلی شئے ہے لہٰذا بہتر یہ ہے کہ گرمی کے موسم میں نیز صفراوی مزاج کے مریضوں کو یہ دوا نہ دی جائے دورانِ استعمال میں سردیا کی سے پرہیز۔

آشوب چشم کا عجیب چٹکلہ

عالیجناب حکیم محمد رحمت اللہ صاحب قصبہ سردولگڈھ اپنی

مشہور عالم کتاب "پیسے پیسے کے طبی چٹکلے" میں فرماتے ہیں کہ:-
یہ نسخہ کسی زمانے میں اخبار دیش اپکارک جو کہ زیر سرپرستی جناب پنڈت ٹھاکر دت صاحب موجد امرت دھارا لاہور سے جاری ہوتا رہا ہے اس میں نکلا تھا جو کہ تجربہ کرنے پر مثل اکسیر ثابت ہوا صاحب نسخہ کا یہ فرمان تھا کہ ایک دن ہمارے گھر ایک بوڑھی عورت آنکلی اتفاق سے میرے بچے کی آنکھ بہت دُکھ رہی تھی۔ درد کے مارے کافی سے زیادہ بے چین تھا اُس بڑھیا نے جو بچہ کی آنکھ دیکھی تو جھٹ ایک دوائی اپنے پاس سے بقدر ایک رتی آنکھ میں ڈال دی۔ خدا کی حکمت کہ بچہ پانچ سات منٹ میں راضی ہو گیا۔ اسی طرح دن میں تین دفعہ دوائی ڈالنے سے بالکل شفا ہو گئی بعد بمشکل نسخہ حاصل کیا بعد میں مدت تک اس کا تجربہ کرتا رہا اور ہر جگہ مجرب ہی پاتا رہا اور ہم نے بھی کم از کم اس کا تجربہ ایک ہزار مریضوں پر کیا ہو گا۔ خدا کے فضل سے ہر جگہ کامیابی ہوتی رہی اور عرصہ تین چار سال سے ہمارا معمول مطب ہے۔ جس روز سے یہ نسخہ ملا تھا اُس روز سے دیگر نسخہ جات اکثر ترک کر دیئے ہیں اس میں ایک تو یہ خوبی ہے کہ ایک پیسہ سے بیسوں مریض شفایاب ہو جاتے ہیں اور مدت خراب نہیں ہوتا۔ نسخہ مبارک ملاحظہ ہو۔

نسخہ:- رنگ قرمزی کچا جو کہ ویسے تو سبز رنگ کا ہوتا ہے اور پانی میں حل کرنے سے سُرخ ہو جاتا ہے صرف ایک پیسہ کا بازار سے لا کر یا تو باریک پیس کر سرمہ کی طرح سلائی سے لگایا کریں اگر ایسے نہ ہو تو ایک پیسہ کا رنگ نصف پانی کی بوتل میں حل کر لیں بس اکسیری لوشن

تیار رہے۔ ڈراپر وغیرہ سے دو دو قطرے آنکھوں میں ڈالا کریں ہم تو لوشن کی صورت میں تیار کرتے ہیں اگر عرق گلاب میں حل کر لیں تو نور علیٰ نور ہے بنا کر دیکھیں پھر پتہ چلے گا کہ کس قدر مجرب ہے۔

ایک پیسہ میں مار گزیدہ کا علاج

عالیجناب حکیم محمد عبداللہ روڑوی اپنی مشہور عالم کتاب "کنز المفردات" میں فرماتے ہیں کہ مدت ہوئی اخبار دیش اپکارک جاری کردہ جناب پنڈت ٹھاکر دت شرما موجد امرت دھارا لاہور میں ایک انسپکٹر صاحب نے بغرض افادۂ عام ایک نسخہ تریاق مارگزیدہ درج فرمایا تھا جس کے مفید الاثر ہونے کا یہاں تک یقین دلایا گیا تھا کہ میں نے صدہا مریضوں پر استعمال کیا جس شخص کے حلق کے نیچے دوا اتر گئی بفضلہ وہ ایک بھی نہیں مرا۔ آپ فرماتے ہیں کہ میں نے عام اجازت دی ہوئی تھی کہ خواہ کوئی موقع ہو مار گزیدہ کے علاج کے لئے میں حاضر ہوں بلکہ دوا تیار کر کے اپنے حلقہ کے نمبرداروں وغیرہ کو بھی دے دیا کرتا تھا چونکہ نسخہ قابل اندراج تھا لہٰذا یہاں بھی لکھا جاتا ہے۔

نسخہ۔ ماہ جیٹھ میں درخت جامن کی چھال جتنی ضرورت سمجھیں جمع کر کے سایہ میں خشک کریں اور کوٹ کر ڈبے میں بھر لیں اور بوقت ضرورت جب کوئی شخص دوا کا مطالبہ کرے تو اس میں سے ۵ تولہ اور ایک تولہ مرچ سیاہ کوٹ کر ملا دیں اور تازہ پانی میں گھول کر پلا دیں بفضلہ فوراً زہر دور ہو جائے گا

آتشک کا لاجواب نسخہ

فخر الاطبا، حاجی حکیم غلام جیلانی امرتسری اپنی مشہور عالم کتاب مجربات جیلانی جلد اول میں فرماتے ہیں کہ نسخہ ذیل رحیم بخش کلال سکنہ بٹالہ کا تجربہ شدہ ہے۔ جس کے لئے اُسے خاص شہرت تھی اس کے باپ دادا نے قریباً ایک لاکھ روپیہ مہوسی میں برباد کر کے صرف یہ نسخہ حاصل کیا تھا جو اپنی تاثیر اور سحر کاری کے لحاظ سے یقیناً طلاسازی سے افضل ہے اور آتشک کو حکمی طور پر دور کر دیتا ہے بڑی جستجو اور سعی و جد و جہد کے بعد یہ نایاب و گراں بہا چیز دستیاب ہو سکی تھی مگر اب بغرض رفاہ عام پوری کشادہ دلی سے کام لے کر اُسے ظاہر کیا جاتا ہے اس کے محاسن کا اعتراف کچھ وہی اصحاب کر سکتے ہیں جنہوں نے اِسے استعمال کیا یا کرایا ہے نسخہ۔ اجوائن ہر سہ قسم (خراسانی۔ دیسی اور دل) تین تولہ قرنفل ایک تولہ رس کپور ایک تولہ مسکہ گاؤ یا بھینس بقدر ضرورت۔ اول الذکر ہر سہ ادویہ کو باریک پیس کر مسکہ میں ملائیں اور اس کی ایک ایک ماشہ کے برابر گولیاں بنا کر مریض آتشک کو ایک گولی علے الصبح تازہ پانی سے کھلا دیا کریں۔ پانچ روز میں حکمی فائدہ ہو گا۔ دوا کے استعمال کی مدت میں صرف مونگ کی کھچڑی کھلائیں جس میں نمک تو کم ڈالا جائے مگر گھی کسی قدر زیادہ ہو

سنگرہنی کا علاج

عالیجناب حکیم محمد عبداللہ روڑوی "کنز الاطبا" میں فرماتے ہیں۔ کہ ہمارے قصبے کے قریب ہی ایک چھوٹا سا گاؤں ہے۔ وہاں ایک سکھ نمبردار سنگرہنی کا علاج کرتا ہے اس کا نسخہ ہمیں چوہدری حکیم محمد یوسف کی وساطت سے مل گیا ہے جو درج ذیل ہے۔

پہلے سنا اور گلقند ہر دو دو تولہ الائچی خورد۔ گل دھاوا ہر دو دو تولہ مغز بادام گیارہ عدد۔ ان کو پانی میں رگڑ کر شیرہ نکال کر پلا دیں اس کے ایک دو بار کے استعمال سے انتڑیاں صاف ہو جائینگی پھر بند کرنے کے لئے مندرجہ ذیل سفوف دیتا ہے جس سے بفضلہ مریض کی جان اس لاعلاج سمجھی جانے والی بیماری سے چھوٹ جاتی ہے

نسخہ بلال خام گل دھاوا الائچی خورد گلقند ہر ایک ۲ تولہ مغز بادام ۲۱ عدد ڈوڈہ پوست ۳ عدد سب کو باریک پیس کر سات پوڑیہ بنائیں بس مکمل علاج کے لئے دوائی تیار ہے تین روز صبح و شام دونوں وقت ایک ایک پوڑیہ اور چوتھے روز صرف ایک پوڑیہ بوقت صبح کھلائیں دوران استعمال میں غذا صرف چاول دہی دیں۔ دوسری سب چیزوں سے پرہیز لازم ہے اس کے بعد بیسنی روٹی سات روز تک کھلائیں پھر سات روز تک کھلائیں پھر سات روز تک میدے کی سیویاں دیں پھر جو چاہے کھاتا پھرے۔

نسخہ آتشک

عالیجناب حکیم خواجہ غلام جیلانی امرتسری اپنی مشہور عالم کتاب مجربات جیلانی جلد دوم میں فرماتے ہیں کہ:-

جناب میاں جھنڈے خاں صاحب رنگریز لاہوری اس مرض کے خاص حکیم تھے اور اس نسخہ کے بتلانے میں نہایت بخل روا رکھتے تھے ہزارہا بندگان خدا مبتلائے مرض ان کے پاس آتے اور بعد صحت دعائیں دے کر رخصت ہو جاتے قضا را جناب مذکور ۱۸۸۷ء میں بیمار ہو کر بغرض معالجہ مقام جالندھر حضور قبلہ و کعبہ جناب حکیم محمد ابراہیم صاحب مرحوم موجد سرمہ عینک گداز کے پاس تشریف لائے۔ بعد چند روز دوا کھلانے اور حسن تدبیر قبلہ سے اس مرض سے صحت ہو گئی حق الخدمت میں شکرانہ کے طور پر آپ نے صرف یہی نسخہ بتایا اور فرمایا کہ مجھ کو جان سے عزیز ہے کسی غیر کو نسخہ نہ بتانا اور دوائی دے دیا کرنا۔ قبلہ گاہی صاحب نے صدہا مریضوں پر اور بندہ نے ہزارہا بندگان خدا پر اس کا تجربہ کیا نسخہ فی الحقیقت بے بدل اور لاثانی ہے اور اس کے مجرب اور زود اثر ہونے میں کوئی کلام نہیں ہے لاکھوں میں نہیں تو ہزاروں میں ایک ضرور ہے بغرض رفاہ عام و بہبودی خلائق اس کتاب میں درج کیا گیا ہے

اجزا نسخہ یہ ہیں۔ چاروں اجوائن کوٹ کر چاول نکال لیں اور وزن میں دو تولہ چار ماشہ ہوں۔ شنجرف رومی ایک تولہ حب الملوک مدبر ایک تولہ نخود بریاں مقشر ایک تولہ بلادر کلاہ دور کردہ

چھ ماشہ زیرہ غنچہ گل مدار ۶ ماشہ طوطیا ٹے ہندی ۱½ ماشہ شہد ۵ تولہ

ترکیب ساخت۔ تمام ادویہ ہاون دستے میں ڈال کر اس قدر کوٹیں کہ تیل نمایاں ہو جاوے پھر قدرے قدرے شہد ڈال کر کوٹیں یہانتک کہ روغن جذب ہو کر موم بن جائے بعد ازاں بقدر جنگلی بیر گولیاں بنائیں

ترکیب استعمال۔ پہلے روز گرم پانی سے ایک گولی کھلا دیں۔ اگر دست آئیں تو بہتر ورنہ دوسرے روز دو گولی دیں اسی طرح سات یوم استعمال کرائیں۔ ہر وقت گرم پانی پینا چاہیئے۔ غذا میں دودھ چاول ہوں۔ ٹھنڈا پانی پینے کی اجازت ہے آخری دست گولی کے رنگ کا سرخ ہو جاتا ہے اس کے بعد دوا کھلانے کی ضرورت نہیں زخموں پر یہی گولی ایک عدد لعاب دہن میں گھس کر لگا دیں فوراً زخم آتشک دور ہو جاتا ہے۔

سرون سنگھ کا آنکھ کا عجیب دارو

سرون سنگھ ہمارا پڑوسی اور ہر وقت ہمارے ہی پاس بھائیوں کی طرح رہنے والا جوان ہے پڑھا ہوا کچھ نہیں دو ایک نسخے بناتا ہے اور مفت دیتا ہے ان میں سے ایک آنکھ کی دوا بنایا کرتا ہے فی الحقیقت دکھتی ہوئی آنکھوں اور دھندجالا وغیرہ کے لیے عجیب و غریب شئے ہے لوگ آتے ہیں اور آنکھوں میں ڈلواتے رہتے ہیں بلکہ بعض لوگ تو شیشیوں میں ڈلوا کر بھی لے جاتے ہیں نسخہ یہ ہے۔

پتہ گھیکوار ایک عدد لے کر اس کے درمیان میں سے پیسے کے

برابر سو رلخ کر کے پیالہ سا بنالیں اس میں افیون بہ رنی رسونت ۳ ماشہ پھٹکری سفید ۳ ماشہ ڈال دیں اور اسی پتے میں پر نلے کی طرح لائن سی بنا کر انگاروں پر رکھ دیں اور پتے کے اخیر پر ایک پیالی رکھدیں تاکہ صرف عرق نکلے وہ اس چینی کی پیالی میں آتا رہے اس کو شیشی میں رکھیں اور سلائی سے آنکھوں میں ڈالیں۔

(کنز الاطبار مؤلفہ حکیم محمد عبداللہ روڑوی)

حاجی کاکا صاحب کے خاص الخاص اسراری نسخے

عالیجناب حکیم مولوی محمد عبداللہ روڑوی کنز الاطبار میں فرماتے ہیں کہ:-
حاجی صاحب قوم کے نائی ہیں جب سے طب یونانی کے نام لیواؤں نے جراحی کے کام سے کنارہ کشی اختیار کی ہے اور یہ کام بس ڈاکٹروں کا سمجھ لیا گیا ہے اسی وقت سے یہ کام نائیوں میں تھوڑا بہت چلا آتا ہے چنانچہ حاجی صاحب موصوف پھوڑے پھنسی وغیرہ کے علاج میں اپنے علاقے کے اندر خاص شہرت رکھتے ہیں۔
ان کے تین نسخے حاصل کر کے درج ذیل کئے جاتے ہیں۔

مرہم ناسور

نسخہ۔ رسکپور اتولہ کافور ۲ تولہ شنگرف ۲ تولہ اسفیدہ کاشغری ۲ تولہ کتھ ۳ تولہ مردار سنگ ۲ تولہ بورک الیسڈ ۲ تولہ بیخ مدار کی چھال آدھ پاؤ شگفتہ ہڑتال گئو دنتی ۵ تولہ۔
جملہ آدویہ کو باریک پیس کر مناسب مقدار میں ویزلین یا گائے کا

مکھن ملا کر بدستور مرہم بنالیں اور چینی شیشے یا مٹی کے برتن میں محفوظ رکھیں

فوائد۔ اس مرہم سے بڑھ کر مفید و مؤثر میرے تجربے میں نہیں آئی یہ مرہم ہر قسم کے ہٹیلے اور مندمل نہ ہونے والے پھوڑے پھنسیوں جڑ دار پھوڑے گوشت خورے اور گندے زخموں کے لئے اکسیر ہے جو مدت مدید سے میرے معمولات میں سے ہے اور میں نے اس مرہم سے بے شمار مایوس العلاج مریضوں کے زخموں کا علاج کیا ہے بنائیے اور مطب میں ہر وقت تیار رکھیئے۔

ترکیب استعمال بطور مرہم استعمال کیجئے۔

خنازیر کی خوردنی اکسیر دوا

نسخہ ایک جنگلی چوہے کر اس کی کھال اور پیٹ کی آلائش وغیرہ دور کر کے اسے احتیاط سے سایہ میں خشک کر لیں اور باریک پیس کر محفوظ رکھیں

ترکیب استعمال چھ ماشہ یہ اکسیری دوا لے کر اس میں مغز بکائن ۳ ماشہ شامل کریں یہ ایک خوراک ہے مریض خنازیر کو ایسی ایک خوراک صبح نہار منہ اور دوسری ایسی خوراک شام کو بعد از غذا دیا کریں۔

فوائد۔ ایسی خنازیری گلٹیوں کے لئے جو ابھی پھوٹی اور بہتی نہ ہوں ان کے لئے یہ ایک خوردنی اکسیری دوا ہے جس سے بے شمار مریض تندرست ہو چکے ہیں اور میرے پاس ہر وقت تیار رہتی ہے

روغن اکسیری

نسخہ۔ روغن سرشف یعنی سرسوں کا تیل ایک چھٹانک کاربالک ایسڈ ۱ تولہ ٹنکچر آیوڈین ۶ ماشہ ایکری فلیوین ۱ رتی تینوں ادویہ کو تیل میں اچھی طرح سے حل کر لیں روغن اکسیری تیار ہے
ترکیب استعمال۔ زخم کو صاف کر کے روئی کی پھریری سے لگایا کریں تمام قسم کے گندے اور کبھی نہ مندمل ہونے والے زخموں کے لئے یہ روغن بس روغن اکسیری ہے۔ اس روغن سے میں نے ایسے بہت سے مریضوں کے زخموں کا علاج کیا ہے جنھیں بڑے بڑے سرجن لاعلاج قرار دے چکے تھے ایسے زخم جن میں کیڑے پڑے ہوئے ہوں ان کے لئے بھی اکسیر ہے۔

تریاق مارگزیدہ

موضع آدم کے میں انوکھا سنگھ ایک زمیندار ہیں آپ سانپ کاٹے کے علاج میں مشہور ہیں دور دور سے لوگ آکر آپ سے علاج کراتے ہیں ناظرین کے لئے ہم یہ نسخہ معلوم کر کے درج کرتے ہیں۔
نسخہ۔ سم الفار ۱ تولہ نیلا تھوتھا ۱ تولہ رتی سرخ ۱ تولہ حقہ کا گل ۱ تولہ لہسن ۱ تولہ جملہ ادویہ کو خوب باریک پیس لیں اور اس پسی ہوئی دوا میں شیر مدار اتنی مقدار میں ملائیں کہ دوا کی

گولیاں باندھی جاسکیں پھر نخودی گولیاں بنالیں اور محفوظ رکھیں تریاق مارگزیدہ تیار ہے۔

ترکیب استعمال جس جگہ سانپ نے کاٹا ہو وہاں ذرا اچھ لگادیں تب بقدر ضرورت گولیاں پیس کر اوپر مل دیں چند منٹ کے بعد ایک چٹکی بھر اوپر بُرک دیں انشاءاللہ دو تین مرتبہ کے عمل سے صحت ہوگی (نوٹ) اگر مارگزیدہ کی حالت زیادہ خراب ہو تو خوراکی طور پر بھی ایک گولی پانی سے دیں۔ (کنزالاطبا مؤلفہ حکیم محمد عبداللہ روڑوی)

سفوف پیچش

عالیجناب حکیم محمد حسین قصبہ سردولگڈھ اپنی مشہور عالم کتاب مسیحائی گوہر طب المعروف مسیحائی ارزاں علاج میں فرماتے ہیں کہ:-

یہ نسخہ منشی دین محمد صاحب سکنہ مہراج پور کو ایک زمیندار نے جبکہ منشی صاحب ٹھیکداری کا کام کرتے تھے بتلایا تھا جو کہ تجربہ میں نہایت مفید ثابت ہوا ہے اور سینکڑوں ہزاروں بندگان خدا کو اس سے فائدہ پہونچا ہے لہٰذا ناظرین کی خدمت میں عرض ہے۔

نسخہ۔ ہرڑ سیاہ یعنی چھوٹی ہرڑ ایک حصہ روغن گاؤ میں بریاں کریں اور سونف دو حصہ لے کر ہر دو کو ملا کر سفوف بنادیں اور دونوں میں ہموزن کھانڈ ملا کر رکھ لیں خوراک ۶ ماشہ سے ۱ تولہ تک ہمراہ سرد پانی دن میں تین دفعہ استعمال کریں۔

نمبردار کا جگرپارہ

عالیجناب حکیم محمد عبداللہ صاحب روڑی والے اپنی مشہور عالم کتاب "کنز المفردات" میں فرماتے ہیں کہ :- علاقہ ہریانہ کا ایک نمبردار خنازیر کے علاج میں خاص دسترس رکھتا ہے دور دور سے مریضان خنازیر آتے اور بفضلہٖ تندرست ہو جاتے ہیں ان کے پاس کسی سنیاسی بزرگ کا عطیہ ایک ہی نسخہ ہے جو تقریباً ہر بگڑے سے بگڑے مریض کو موافق آجاتا ہے لیکن نمبردار مذکور اس کو بڑی سختی سے اپنے سینے میں چھپائے ہوئے ہیں طالبین خواہ کتنی ہی سر پھوڑی کریں مگر آپ کا دل نہیں پسیجتا لیکن سرغنہ اطباء کی وہ اسامی جو ہر اسامی کے نام سے بے خبر ہو کب خاموش رہ سکتی تھی چنانچہ ہمارے ایک مہربان نے نسخہ حاصل کر ہی لیا اور ہمارے پاس آ بیان کیا جو کہ کچھ مدت ہمارے سینہ کی چاردیواری میں بند رہ کر آج "کنز المفردات" کے آزاد اوراق پر نمودار ہو رہا ہے امید ہے کہ ارباب بصیرت اور اہل فن حضرات اس جواہر ریزے کی قدر کریں گے

نسخہ۔ گرگٹ اعدد پکڑ کر پاؤ بھر سرسوں کے تیل میں جلائیں اور بالکل جل جانے پر گھوٹ کر بطور مرہم بنا کیں اور روزانہ خنازیر پر لگایا کریں۔ انشاء اللہ ایک ہفتہ کے اندر اندر خنازیر کا نام و نشان باقی نہ رہے گا۔

ختم شد

مشرقی فارماکوپیا

مؤلفہ ڈاکٹر حکیم بھگت رادھے شیام مؤلف کتاب ہذا

گذشتہ جنگ عظیم میں جب ڈاکٹری ادویات ولایت سے آنی بند ہو گئیں تو ڈاکٹر جی ٹی برڈ وڈ ایم ڈی ایف آر سی ایس (لندن) آئی ایم ایس سابق سول سرجن لکھنؤ نے دیسی ادویات کا فارماکوپیا تیار کیا جسے مختلف صوبائی حکومتوں نے اپنے ہسپتالوں میں مروج کر دیا تھا اس فارماکوپیا کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ یہ مختصر سہل الحصول ارزاں اور مؤثر نسخوں پر مشتمل ہے اس کتاب میں نہ صرف یہ فارماکوپیا درج کیا گیا ہے بلکہ مندرجہ ذیل فارماکوپیاجات بھی پیش کئے گئے ہیں۔

(۱) کرنل ڈاکٹر ای جی اومیرا ایف آر سی ایس لندن ڈی پی ایچ (کیمرج) سابق سول سرجن و پرنسپل میڈیکل سکول آگرہ کا دیسی فارماکوپیا (۲) شفاءالملک حکیم محمد حسن خاں بھٹی صدر آل انڈیا یونانی طبی کانفرنس دہلی کا مجوزہ یونانی فارماکوپیا (۳) پنجاب پراونشل آیورویدک اینڈ یونانی طبی کانفرنس امرتسر کا طبی چارٹ (۴) ڈاکٹر امرداس بھاٹیہ ایڈیٹر فارمیسی تیوز ممبر پنجاب فارمیسی کونسل لدھیانہ کا مجوزہ جدید یونانی فارماکوپیا (۵) یونانی شفاخانہ جات کا ڈیویژن لاہور کا یونانی طبی فارماکوپیا (۶) پنجاب پراونشل طبی کانفرنس لاہور کا دستورالعمل اور طبی فارماکوپیا (۷) آل پاکستان طبی مجلس لاہور کا پاک طبی فارماکوپیا وغیرہ وغیرہ ان فارماکوپیاجات کے نسخہ جات نہایت فوری اثر ہیں پھر لطف یہ کہ مہنگے سے مہنگا نسخہ بھی چند پیسوں میں تیار ہو جاتا ہے۔ قیمت صرف چار روپے پچاس پیسے علاوہ محصول ڈاک

پتہ۔ پنجاب کمرشل سروس پلول ضلع گوڑگاؤں ہریانہ پرانت